بتائید کریم آل پاکش که حق عالین گفتش در کتابش
بسعی عالم علام یکتا کلیم طور معنی مرد دانا
جبینش روشن از نور شریعت روانش پر ز اسرار حقیقت
زبانش ترجمان سر وحدت قلم صورت نگار حسن فطرت
ز کلکش ریخته انوار رحمت تجلیات و اثبات الامامت
وهم احسن پئی شرح عقائد کتابی از تصانیف فوائد
سعادت نیز در مقتل کتابی کتابی مستطابی لا جوابی
و هم تنزیهه و اصلاح مبانی اصول اعتقادات امامی
خرام ناز کلك زر نگارش کنوں با یاری طبع روانش
پدید آورد با خوبی وجودت بشکل هادی راه حقیقت
و دستور شریعت این صحیفه بعنوان قوانین الشریعة
زهی آئینه حسن شریعت خوشا عکس جمیل دین فطرت
زهی گنج فرامین نبوت خوشا گلدسته از هار رحمت
خدا زور قلم را بر فزاید همیشه این صدف دُرها بزاید
چو پرسیدم ز هاتف چون بگویم و از تاریخ تالیفش چگویم
«بگو» گفتا ز علامی فهیمی صریر خامه مشکیں شمیمی
هم از تاریخ هجری مُطمئن شو هزار و سه صد و هفت و نود گو (۱۳۹۷ھ)

(۵۱۶) قوانین الشریعة فی فقه الجعفریه جلد دوم : مولانا محمّد حسین نجفی
کتاب التجاره تا کتاب الدیات
۴۲۲ ص ، مکتبة السبطین سرگودها ، ۱۹۸۰م،
ثنائی برقی پریس سرگودها .

(۵۱۷) کتاب الایمان فی الاعمال و الارکان : حکیم سید بنده رضا آرزو بلگرامی
اصول و فروع
۱۱۶ ص ، ۱۳۲۵ ھ/ ۱۹۰۷م ، مطبع اثنا عشری لکھنو ،
مولانا سیّد مظهر علی بلگرامی نے تاریخ طبع کہی :

واہ کیا خوب آرزو تألیف کی نادر کتاب ہو گئے جس سے خفی اعمال عالم پر جلی
سال تألیف اس بکار آمد کتاب پاک کا «چشمہ فیض امل» ہے لکھدو اے مظہر علی
(۱۳۴۴ ھ)

آغاز: بسملہ و خطبہ معزز ناظرین اس تألیف کو دیکھتے ہی آپ کہدیں گے کہ تحفۃ العوام جیسی کتاب کے مقابل میں یہ تألیف بالکل غیر ضروری ہے ......

* ذخیرۃ العباد لیوم المعاد (فارسی):آیۃ اللہ سید ابو الحسن اصفہانی (م۱۳۶۵ھ).

(۵۱۸) لآلی النقاد : مولانا سیّد شاکر حسین نوگانوی،

سوالا جوابا ،

۲۲۴ ص، مطبع یوسفی دھلی ، کاتب : محمّد اعلی .

آغاز : بسملہ و خطبہ اما بعد بندہ گنہگار امیدوار رحمت غفار اذل عباد ربّ مشرقین سیّد شاکر حسین ابن سیّد غلام حسنین .... بخدمت طالبان راہ ھدایت و سالکان مسلک عبادت و ریاضت عرض پرداز ہے ....

(۵۱۹) مختصر الاحکام :

۱۹۲ ص ، دارالتبلیغ الاسلامی قم (ایران).

* منتخب الرسائل (فارسی) : سیّد محمّد کاظم یزدی (م ۱۳۳۷ھ).

(۵۲۰) مختار المسائل : مولانا سیّد مسرور حسین (م ۱۳۷۶ ھ) ،

تین حصے :احکام عبادات ، احکام معاملات تا باب الوقف باب الوصیۃ باب الارث

۱۶۴ ص ، دو روپے ، نظامی پریس لکھنو .

* مختصر الاحکام (فارسی) : آیۃ اللہ سیّد حسین بروجردی .

(۵۲۱) مختصر الاحکام : مولانا سیّد نذر محمّد (م ۱۳۸۸ ھ)

۲۴ ص، ۱۹۵۱م ، نذیر پرنٹنگ پریس لاھور .

(۵۲۲) مختصر تحفۃ العوام : مولانا مقبول احمد (م ۱۳۴۰ ھ)

اس کتاب کا دوسرا نام «مقبول پرائمر حصہ چہارم» بھی ہے

۱۲۸ ص، ۷۵ پیسے افتخار بکڈپو لاھور ، ۱۹۶۹م ، نامی پریس لاھور .

* منتخب الرسائل (فارسی):آیۃ اللہ سیّد محمّد کاظم طباطبائی یزدی(م۱۳۳۷ھ).

(۵۲۳) مخزن المسائل : مولانا سیّد خورشید حسین شیرازی (م ۱۹۸۲ ھ)

مع حاشیہ آیۃ اللہ محسن الحکیم (رح)

۱۶۸ ص ، ۱۹۵۵ م ، ثنائی برقی پریس سرگودھا ، کاتب : سیّد عباس علی.

(۵۲۴) مسائل اثنا عشری : مولانا محمّد حسن خان ،

چھ آنہ ، نظامی بك ایجنسی لکھنو .

(۵۲۵) مسائل جعفریہ : مولانا سیّد علی انصر ،

۲۸۸ ص ، چودہ روپے ، مکتبہ معراج ادب کراچی ، چھٹا ایڈیشن ۱۹۸۵م ،

سندھ آفسٹ پریس کراچی، پہلا ایڈیشن ۱۹۱۳م کو چھپا کسی نے تاریخ کہی:

بہر اعمال این رسالہ هر آئینہ معتبر ذریعہ
تألیف نمود سیّد انصر ذیجاہ جلالت و رفیعہ
شد طالب سال طبع طالب دل گفت کہ نسخۃ الشریعہ (۱۳۳۱ھ)

(۵۲۶) مستند تحفۃ العوام : مولانا سیّد منظور حسین نقوی ،
۴۷۱ ص ، پندرہ روپے ، مکتبہ تعمیر ادب لاہور .

(۵۲۷) معلّم الاسلام : علامہ ابو الارشاد مشھدی ،
سوالا جوابا ، ۳۲ ص، حجازی پرنٹنگ پریس لاہور، کاتب:سیّد عباس علی شاہ.

(۵۲۸) مفاتیح الجنان : مولانا غلام علی بھاونگری (م ۱۳۶۳ ھ)
آیۃ اللہ شیخ زین العابدین (رح) کے فتوؤں کا مجموعہ
۱۳۱۶ ھ. (ذریعہ : ۲۱).
۱۰۰ ص ، سوالا جوابا .

* منتخب الرسائل (فارسی) :آیۃ اللہ سیّد حسین بروجردی (م ۱۳۸۰ھ/ ۱۹۶۰م).

(۵۲۹) مفتاح المسائل : مولانا سیّد خورشید حسن (م ۱۳۸۷ ھ)
۹۰ ص ، ایک روپیہ ، ۱۳۶۸ ھ ، مطبع حیدری ، حیدرآباد دکن .

(۵۳۰) مفتاح الهدایۃ : سیّد شبیر حسین بن مولانا سیّد محمّد مجتبی جونپوری (م ۱۳۶۶ھ) ناصر الملت (رح) کے فتوؤں کا مجموعہ ، لکھنو
۵۸ ص .

* منتخب الرسائل(فارسی) :آیۃ اللہ سید محسن الحکیم (رح)(م ۱۳۹۱ھ/ ۱۹۷۱م).

(۵۳۱) منتخب الرسائل : مولانا مفتی طیب آغا جزائری ،
۱۵۴ ص، ساڑھے تین روپے ، ادارہ علوم آل محمّد لاہور ، نقوش پریس لاہور .

* نخبۃ (فارسی) : آیۃ اللہ مرزا محمّد حسن شیرازی (م ۱۳۱۲ ھ)

(۵۳۲) ترجمہ اردو نخبہ :
کتاب الطھارۃ تا کتاب الصوم
۹۲ ص ، مطبع جعفری لکھنو .

* نخبۃ العباد (فارسی) : آیۃ اللہ میرزا ابوالحسن اصفھانی (م ۱۳۶۵ھ/ ۱۹۴۶م).

(۵۳۳) منتخب الاحکام : مولانا سیّد حامد حسین ،
۱۰۴ ص ، چار آنہ ، مطبع اعجاز محمّدی لکھنو .

* منھاج الصالحین (عربی) : آیۃ اللہ سیّد محسن الحکیم (رح) (م ۱۳۹۱ ھ)

(۵۳۴) منهاج العالمین : مولانا شیخ اختر عباس
۱۷۲ ص ، مفت ، لاهور.

(۵۳۵) منهج المعاد : مولانا عبدالخالق یزدی
علامه علی الحائری (رح) کے فتوؤں کے مطابق ، مقدمه دو باب اور خاتمه :تقلیدکا بیان ، اصول دین کا ، فروع دین، اس میں ستائیس فصلیں ہیں ، داڑھی رکھنے کا حکم .
۶۴ ص ، چھ آنے ، ۱۳۲۸ھ ، اسلامیه سٹیم پریس لاهور ، سید سجاد حسین نقوی نے قطعه تاریخ کہا :

عبد خالق که عالم دیں ہیں — اسکی توصیف جو لکھے ہے بجا
مومنوں کی هدایتوں کے لئے — ابھی تألیف اک رساله کیا
مختصر ہے مطولات کا فیض — ایک کوزه میں بھر لیا دریا
سال تاریخ و نام اے سجاد — غور اور خوض سے بہت ڈھونڈا
گه عطیات کو مؤلف نے — نام کی سمت کو مضاف کیا
گه بتایا « چراغ عدن » اُسے (۱۳۲۸ھ) — گوهر شب چراغ اسے سمجھا
گاه لکھا « مفاوضات » اُسے (۱۳۲۸ھ) — گه « ثبوت هدایت » اسکو کہا (۱۳۲۸ھ)
نام اُسکا مگر مؤلف نے — شوق سے منهج المعاد رکھا

(۵۳۶) نفحات جعفری : سیّد غلام حیدر خان ،
۸۲ ص ، ڈهائی آنه ، مطبع نولکشور لکھنو .

(۵۳۷) نکاح بیوگان : مولانا محمّد رضی بهادر (م ۱۲۸۱ ھ).

(۵۳۸) وجیزة الاحکام : علامه سیّد علی نقی نقوی (م ۱۹۸۸م)
عملیه مرحوم ، کتاب الطهارة تا کتاب التجاره ،
۱۲۰ص ، چار آنه ، ربیع الثانی ۱۳۵۲ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۵۳۹) هدایت العوام : مولانا محمّد مصطفی میر آغا (م ۱۳۲۳ھ).

(۵۴۰) وسیلة النجاة : مولانا سیّد عطا حسین (ذریعه : ۲۵).

(۵۴۱) وسائل الشریعة : مولانا سیّد محمّد امروهی (م ۱۳۹۶ ھ / ۱۹۷۶م)
۵۸۴ ص ، چار روپے ، ربیع الاول ۱۳۷۵ ھ ، جید برقی پریس دهلی .
مولانا سیّد شفقت حسین شفق بکنالوی نے تاریخ کہی :

کرد همنام نبی تألیف احکام خدا — پیرو آن را تعجب چیست گر حق بیں بود
هادی دین خدا زیب سریر اجتهاد — آنکه هر یک حرف تحریرش دل تمکیں بود
رهبر راه هدایت شد چو هر نقش قدم — خاک پایش سرمه بهر چشم حور عین بود

گفت تاریخش شفق در سال هجری بے‌خطر　　طبع ثانی آفتاب　آسمان دین بود
(۱۳۵۴ ھ)

(۵۴۲) هدایت العوام : مولانا سیّد آغا حسن (م ۱۳۴۸ ھ)
مسائل حلال و حرام
۱۶۶ ص ، مطبع عماد الاسلام لکھنو ، ۱۹۲۴م .
آغاز : بعد حمد خدای واحد پاک　　خالق و عرش و کرسی و افلاک
عالم و قادر و قدیر و احد　　صمد و لم یلد و لم یولد

* هدایت المومنین (فارسی) : شیخ مرتضی انصاری (م ۱۲۸۱ ھ)

(۵۴۳) هدایت المومنین : سیّد غلام علی خان
۱۲۰ ص ، ۱۹۷۹ ھ ، احمدی پریس .

* تبصرة المتعلمین (عربی) : علامه حلی

(۵۴۴) هدیة المومنین / شریعت الرسول : مولانا سیّد فیض حسین ،
۳۴۴ ص، دس روپے ، پیر محمّد ابراهیم ٹرسٹ کراچی،ایجوکیشنل پریس کراچی.
اشاعت اول : ۱۳۲۰ ھ ، سیّد غلام عباس عاقل نے تاریخ طبع کهی :
تبصره با ترجمه چوں طبع شد با زیب و زیں　　فیض عالم اکنوں شد از فکر اخی ذی همم
بهر تاریخش چوں کردم فکر عاقل دل بگفت　　طبع گشته در رجب شرع نبی محترم
(۱۳۲۰ھ)
آغاز : بسمله بعد حمد خدا و نعت محمّد مصطفی و ثنائے اهلبیت طاهرین صلوات الله علیهم اجمعین سیّد فیض حسین بن میر سیّد قائم حسین ....مومنین کی خدمت میں عرض کرتا ہے که همارے زمانے میں .....

* الفیه (عربی) : شهید .

(۵۴۵) هزار مسئله : تاج العلماء مولانا سیّد علی محمّد (م ۱۳۱۲ ھ) (ذریعه :۲۵).

احکام اموات

(۵۴۶) احکام اموات : مولانا سیّد محمّد رضی
غسل ، کفن و دفن کے مسائل
۷۶ ص، جولائی۱۹۷۶م، ادارہ نشر علوم دینیہ کراچی،انٹرنیشنل پریس کراچی.
(۵۴۷) احکام اموات : مولانا سیّد حسن بن غفرانمآب (م ۱۲۶۰ھ/۱۸۴۴م).
(۵۴۸) احکام میت مطابق فتاوی ، آیۃ اللہ محسن الحکیم : مولانا سیّد محمّد مہدی
۸۴ ص ، محرم ۱۳۹۱ ھ/مارچ ۱۹۷۰ م ، پیر محمّد ابراهیم ٹرسٹ کراچی ،
ضیاء برقی پریس کراچی .
(۵۴۹) تجہیز اموات : مولانا باقر مہدی (مطلع).
* ذخیرۃ المعاد (فارسی) :
(۵۵۰) تحفۃ المومنین : مولانا بهبود علی میرزا
فقط احکام الجنائز کا ترجمہ، حیدرآباد دکن .
(۵۵۱)حقوق اموات : شیخ شریف حسین
زندہ افراد پر مرنے والوں کے کیا حقوق ہیں
۳۲ ص ، رشید آرٹ پریس لاهور .
(۵۵۲) حقوق اموات : مولانا سیّد مرتضی حسین فاضل (م ۱۹۸۷م /۱۴۰۷ ھ)
مرنے والوں کیلئے انکی موت کے بعد ہمیں کیا کرنا چاہیے
۳۸ ص ، علی پرنٹرز پیسہ اخبار لاهور .
(۵۵۳) حیات بعد الموت : مولانا سید ظفر حسن امروهی (م۱۴۰۹ ھ/ ۱۹۸۹م)
۳۲ ص ، چار آنے ، فیروز سنز کراچی .
(۵۵۴) دلیل الحقیقۃ فی اثبات الوصیۃ : سید حامد علی رضوی زید پوری
مرنے والے کی وصیت پر عمل کیا جائے
۱۶ ص ، مفت ، ۱۹۲۴م .
(۵۵۵) رسالہ تجہیز الموتی : مولانا سیّد عمار علی سونی پتی(م۱۳۰۴ھ/۱۸۸۷م)
۳۳ ص ، ۱۳۱۵ ھ ، مطبع یوسفی دهلی .
آغاز :بسملہ و خطبہ بعد حمد اور صلواۃ کے گزارش کرتا ہے خدمت میں مومنین کے بندہ گنہگار امیدوار مغفرت پروردگار عمار علی متوطن سونی پت کہ یہ

رسالہ میت کے غسل و کفن وغیرہ کے بیان میں .... اس رسالے میں ایک مقدمہ ہے اور چار باب اور ایک خاتمہ .

(۵۵۶) طریقہ غسل میت و نماز جنازہ اثنا عشری : مولانا میرزا صفدر حسین (م۱۴۰۰ھ/ ۱۹۸۰م)

۱۶ ص ، ۱۳۶۱ ھ ، حمیدیہ پریس پشاور .

(۵۵۷) نماز میت و تلقین : مولانا سیّد ناصر حسین رضوی .

۱۹ ص، ۲۴ پیسے ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۸۴ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۵۵۸) وسیلۂ جنت : سید مظہر حسن فتح پوری (ذریعہ).

* توضیح المسائل : آیۃ اللہ سید علی سیستانی.

(۵۵۹) توضیح المسائل

۴۳۲ ص ، قم ، ۱۴۱۶ ھ /۱۹۹۵ م.

سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم

(۵۶۰) آندھی میں چراغ : خواجہ غلام السیدین (م ۱۳۹۱ ھ/ ۱۹۷۱م)
حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی انسانیت، گوتم بُدھ کا پیغام ، حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت اور گرو نانک کی تعلیم پیش کی گئی ہے۔
نو روپے ، انڈین اکیڈمی دھلی ، مارچ ۱۹۶۲م ، پاکستان میں یہ کتاب آئینہ ادب چوک مینار لاھور نے شائع کی۔
{ خواجہ غلام السیدین ابن خواجہ غلام الثقلین ۱۳۲۱ ھ کو پانی پت میں پیدا ہوئے آپ مولانا الطاف حسین حالی (م ۱۹۱۴م) کے نواسے تھے ۱۹۲۳م کو انگلستان سے ایم ایڈ کیا مولانا ابوالکلام آزاد کے دور حکومت میں سیکرٹری تعلیمات بنائے گئے ذی قعدہ ۱۳۹۱ھ/ ۱۹ دسمبر ۱۹۷۱ م کو واصل بحق ہوئے آپ کی بعض تصانیف حسب ذیل ہیں :مغرب میں تعلیم جدید کے رجحانات قومی سیرت کی تشکیل ، علی گڑھ کی تعلیمی تحریک ، تہذیب کا حقیقی مفہوم ، اصول تعلیم ، ھندوستان میں تعلیمی درسگاہ ، درسگاہِ مستقل ، ایک مرد درویش ، تعلیم کی نئی بنیادیں }

(۵۶۱) الاثنا عشریہ فی بشارات الاحمدیہ : تاج العلماء مولانا سید علی محمدؒ (م۱۳۱۲ ھ)
بائبل سے اُن بشارات کو اکٹھا کیا گیا ہے جو حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے متعلق ہیں۔
(ذریعہ : ۱).

(۵۶۲) احمد مختار : میر سجاد علی بی اے ؛ ایم . ایڈ
عنوانات : رسول خدا (ص) سے پہلے عرب کی حالت ، رسول خدا (ص) کی پیدائش، حضور کا نام اور خاندان ، حضور کی حضرت خدیجہ(ع) سے شادی ، مسلمانوں پر کافروں کا ظلم ، حضرت ابوطالب (ع) اور حضرت خدیجہ (ع) کا انتقال ، دوسرے ملکوں میں اسلام کا پھیلنا ، قرآن اور اھلبیت .
۶۴ ص ، رشید آرٹ پریس کراچی.

(۵۶۳) اخلاق عالیہ : علی حسن سبزواری.
حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اخلاق عالیہ مختلف عنوانات کے تحت ،
۲۱۵ ص ، دو روپے چار آنے ، دین محمدی پریس لاھور .

(۵۶۴) آخری رسول : سیّد حسین مہدی حسینی
سید مجتبی موسوی کی فارسی کتاب کا ترجمہ
۲۴۴ ص، ۱۰۰ ریال ، مارچ ۱۹۸۶م چاپخانہ دفتر نشر فرہنگ اسلامی ،
کاتب : سید رضی حیدر رضوی ، رضی الحسن حیدری .

(۵۶۵) اسلام اور اسکے شارع مقدس کی بعض خصوصیات حصہ اول : سید ریاض علی بنارسی صرف اُن خصوصیات کا ذکر جو دنیا کے کسی اور مذہب یا بانی مذہب میں نہیں .
۸۴ ص ، آٹھ آنے ، ۱۹۲۳م ، سلیمانی پریس بنارس .

(۵۶۶) اسلام اور اسکے شارع مقدس کی بعض خصوصیات حصہ دوم : سیّد ریاض علی بنارسی (م ۱۳۶۱ھ/ ۱۹۴۲م).
آٹھ آنے ، سلیمانی پریس بنارس.

(۵۶۷) اسلام اور اسکے شارع مقدس کی بعض خصوصیات حصہ سوم : سید ریاض علی بنارسی توحید کی تاریخ اور توحید خالص کا ذکر ، آٹھ آنے ، سلیمانی پریس بنارس.

(۵۶۸) اسلام اور اسکے شارع مقدس کی بعض خصوصیات حصہ چہارم : سید ریاض علی بنارسی.
انبیائے ما سبق علیہم السلام نے جو تعلیمات پیش فرمائی تھیں اُنکی تکمیل کے لئے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا مبعوث ہونا ضروری تھا .
آٹھ آنے ، سلیمانی پریس بنارس.

(۵۶۹) اسلام کی کہانی - شبلی نعمانی کی زبان : سیّد عطائے مہدی
سیرة النبی شبلی نعمانی کی تلخیص
۱۶ ص ، دو روپے ، پاک کتب خانہ اردو بازار راولپنڈی ، مرکزی انٹرپرائزر راولپنڈی .

(۵۷۰) اشاریہ نقوش رسول نمبر : سید جمیل احمد رضوی
بارہ مجلدات کا اشاریہ
۳۲۷ ص ، ادارہ فروغ اردو لاہور ، جنوری ۱۹۸۵م .

(۵۷۱) اعجاز التنزیل : خلیفہ سیّد محمّد حسن
۵۰۳ ص، مطبع نیّر اعظم مراد آباد ، نومبر ۱۸۸۹م / ۱۳۰۶ھ ، کاتب : محمّد حسین، محمّد محسن متین نے تاریخ کہی :

ہوئی جب ختم افضال خدا سے کتاب مستطاب اعجاز تنزیل
مدلل جسمیں ہے ہر ایک مضمون عجب خوبی ہے ہے اعجاز و تطویل
تو میں نے اے متین ہاتف سے پوچھا پکارا وہ بحسب رائے جبریل
لکھ اسکا سال ھجری بے کم و کاست مدلل خوب ہے اعجاز تنزیل
(۱۳۰۶ھ)

شیخ ملک محمّد منصرم اسٹامپ ریاست پٹیالہ نے تاریخ کہی :

چوں اعجاز تنزیل مطبوع شد بصد حسن از لطف رب مجید
بتاریخ فرخندہ و سال نیک بماہ همایوں و روز سعید
ز تاریخ هجریش خوش مطلعی بگوش من از غیب گویا رسید
براهین حقہ بطرز جدید ازیں بہ نیابد بسمع شنید (۱۳۰۶ھ)

محمّد حسین مراد آبادی کاتب کتاب نے تاریخ کہی :

محمّد حسن خان عالیجناب رفیع المکان قدردان هنر
وہ ہیں مالك دولت علم و فضل سپهر فراست کے روشن قمر
مدلل یہ ایسی لکھی ہے کتاب کہ مداّح جس کے ہیں اهل نظر
ہوا جب خیال اسکی تاریخ کا تو ہاتف نے مجھ سے کہا آن کر
یہ لکھ بے تکلف اُٹھا کر قلم کہ اعجاز تنزیل ہے معتبر(۱۳۰۶ھ)

اب یہ کتاب امامیہ مشن لاهور نے بھی شائع کی ہے۔

(۵۷۲) انسان کامل : خواجہ غلام السیدین (م ۱۹۷۱م)
۴۰ ص ، پانچ روپیہ چالیس پیسے ، ۱۳۸۹ ھ ، مکتبہ ملی کراچی ۔

(۵۷۳) انسان کامل المعروف اخلاق محمّدی ، حصہ سوم : سیّد مجاور حسین رضوی ،
۵۴۴ ص ، سولہ روپے ، کراچی ۔

(۵۷۴) اوصاف ختم المرسلین : جمیل حسین رضوی ،
۲۹۶ ص ، دس روپے ، ۱۹۷۸ م ، افریشیا پرنٹنگ پریس کراچی ۔

(۵۷۵) براق نبوی : مولانا سید آغا مهدی (م ۱۴۰۷ ھ)
۱۴ ص ، دو آنے ، ادارہ تعلیمات الهیہ کراچی ، ایجوکیشنل پریس کراچی ۔

(۵۷۶) براهین قطعیہ فی مولد خیر البریہ : مولانا کرامت علی جونپوری (م ۱۲۸۵ھ/ ۱۸۶۸م) ۔
۸۰ ص ، اعظم المطابع جونپور ۔

(۵۷۷) البرهان فی عقد رسول آخر الزمان : مرزا زین العباء قزلباش مراد آبادی ،

ساڑھے چار آنے ، اتحاد بك ایجنسی امروھہ (ھند).

(۵۷۸) بشریت رسول : مولانا سیّد امداد حسین کاظمی (م ۱۹۷۵م/۱۳۹۵ ھ)

۶۴ ص ، پچاس پیسے ، ادارہ معارف اسلام لاھور ، تعلیمی پریس لاھور .

(۵۷۹) بعد از خدا بزرگ : سیّد انوار احمد بلگرامی.

۳۲ ص ، بنیاد علم و آگھی لاھور ، ۱۹۷۸م ، کاتب : محمّد باقر .

(۵۸۰) پیغمبر اسلام غیر مسلموں کی نظر میں : ظل عباس عباسی ،

۱۰۳ ص ، ادارہ نئی راہ بمبئی ، ۱۹۵۶م .

(۵۸۱) پیغمبر اعظم نے فرمایا : شوکت علی عابد ،

۱۳۵ ص ، مصطفی پبلی کیشنز ، حیدرآباد ، ۱۹۸۳م.

(۵۸۲) تاریخ اسلام یا خلاصة الکلام فی تاریخ الاسلام : ایس ذاکر حسین جعفر

عرب کا جغرافیہ ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے حالات : قضیہ فدك کا حل

۱۹۶ ص ، ایك روپیہ چار آنے ، ۱۳۳۱ھ /۱۹۱۳م ، مقبول پریس دھلی .

(۵۸۳) تاریخ سید الانبیاء : ساحل بلگرامی ،

۳۱ ص ، ندائے اسلام پریس کراچی .

(۵۸۴) تحفہ سجادیہ : مولانا سیّد سجاد المعروف بہ سیّد محمّد رضوی ابن سید حسین جارچوی .

چھ ابواب : ابتداء نور نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ، ولادت ، معراج ، وفات ۱۳۲۸ ھ (ذریعہ : ۳).

* حیات القلوب : محمّد باقر مجلسی (م ۱۱۱۰ ھ)

(۵۸۵) ترجمہ حیات القلوب جلد دوم : مولانا سید بشارت حسین کامل ،

۱۰۳۲ ص، امامیہ کتب خانہ لاھور.

(۵۸۶) تنقید جدید : تاج العلماء مولانا سید علی محمّد(م۱۳۱۲ھ/۱۸۹۴م)

اس سوال کا جواب کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم خلق عظیم کی منزل پر فائز تھے پھر آپ نے زوجہ زید (رض) کی خواستگاری کیوں کی

۸ ص ، ۱۳۱۶ ھ/ ۱۸۹۸م ، مطبع یوسفی دھلی .

(۵۸۷) تنقید الکلام : مولانا سیّد امیر علی

لکھنو . (ذریعہ : ۴).

(۵۸۸) تنقید الکلام فی احوال شارع الاسلام : سیّد ابوالحسن

۳۰۴ ص ، جعفری پریس لکھنو ۔

(۵۸۹) جلوہ نبی (ص) : شاہ عابد حسین
۴۹۲ ص ، دو روپے ، ۱۳۴۳ ھ ۔

(۵۹۰) ثمرۃ المکاشفہ : سید حمزہ علی امروھی
اناجیل کی رو سے ثابت کیا گیا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے جس آنے والے نبی کی بشارت دی تھی وہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہیں ۔
۳۰۸ ص ۔

(۵۹۱) جواہر زواہر : احمد حسین ،
۱۶۸ ص ، رئیس المطابع ۔
آغاز : مصرعہ برجستہ بسم اللہ ہے ہے یہ لاثانی خدا آگاہ ہے
جسنے بسم اللہ سے کی ابتدا ہے یقینی اسکو حاصل ابتدا
اللہ اللہ کیا نام ہے جسکے ورد زبان کا کام دل کا آرام ہے ۔

(۵۹۲) حدیقۃ الاسلام : مولانا سیّد محمّد حسین مجتہد (م۱۳۳۷ھ/۱۹۱۹م)
حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی نبوت کا ثبوت عقلی و نقلی دلائل سے
چھ آنے ، مطبع اثنا عشری دھلی ۔
[مولانا محمّد حسین ابن مولانا سیّد حسین زیدی البارھوی ۱۳ رجب المرجب ۱۲۷۶ ھ کو لکھنو میں پیدا ہوئے علوم دینیہ اپنے والد ، مولانا سید ابراھیم اور تاج العلما ، مولانا سیّد علی محمّد سے حاصل کئے بعد ازاں نجف اشرف تشریف لے گئے جہاں آیۃ اللہ شیخ زین العابدین مازندرانی (م ۱۳۰۹ ھ)سے اجازہ روایت حاصل کیا ۔ ۲۸ ربیع الاول ۱۳۳۷ ھ کو وفات پائی حکیم سیّد محمّد جواد ، حکیم سیّد مظفر حسین ، مولانا سیّد مظفر حسین محدث ، مولانا علی مرزا اور مولانا سید محمّد حسین صاحب تذکرہ بے بہا (م۱۳۶۲ھ) آپ کے شاگردوں میں سے ہیں آپکی بعض تألیفات حسب ذیل ہیں ۔ تفسیر البرھان در بحث معراج (فارسی اردو) ، حواشی ذخیرۃ المعاد ، یوسفیہ ، القول المفیدفی مسائل الاجتہاد و التقلید (عربی) ، الجمعہ (عربی) ، اصالۃ الطہارۃ (عربی) ، دفع المغالطات فی اسرار الشہادات (عربی) ، آفتاب ھدایت ، ترجمہ نہج البلاغۃ ، ترجمہ صحیفہ کاملہ ، حواشی قوانین الاصول عربی]مطلع انوار

(۵۹۲ الف) حضرت رسول مقبول (ص) : حاجی نور حسین صابر (م ۱۹۴۵م/۱۳۶۴ھ)
چھ ابواب ، ۳۵۲ ص ، ڈھائی روپے ، کتب خانہ اثنا عشری لاہور ، گیلانی

الیکٹرک پریس لاہور .

(۵۹۳) حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی کثیر الاذدواجی کا فلسفہ : اشفاق احمد

۱۶ص ، تحریک تحفظ تعلیمات آل محمدؐ سرگودھا ، ۱۹۷۹م ، مرتضی حسین پرنٹنگ پریس سرگودھا .

(۵۹۴) حلیہ مبارک مع مقدمہ اخلاق معصومین : خواجہ غلام الحسنین (م۱۳۵۶ ھ)

کتاب کی ابتدا خواجہ کرمانی خواجو کی نعت سے ہے ، خواجو نے خواجہ حافظ شیرازی کی طرز کو پسند کیا ہے .

اُستاد غزل سعدی ست پیش همه کس اما　　دارد سخن حافظ طرز سخن خواجو

آغاز:ای صبح صادقان رخ زیبای مصطفی　　وی سرو راستان قد رعنای مصطفی

آئینه سکندر و آب حیات خضر　　نور جبین و لعل شکرخائی مصطفی

خواجو گدای درگه او شو که جبرئیل　　شد با کمال مرتبه مولای مصطفی

(۵۹۵) حیاتِ مقدسہ جلد اول : آغا سیدؐ واصف حسین نقوی (م ۱۹۸۹م)

۲۹۰ عنوانات

۴۵۴ ص ،۷۵ روپے ،مکتبہ السادات جہلم،۱۹۸۴م ، لاہورآرٹ پریس لاہور .

* حیات رسول (ص) (فارسی) : ع . ب . شیرازی .

(۵۹۶) حیات رسول (ص) : سید غضنفر حسین بخاری

صرف ایک جزو کا ترجمہ ، بچوں کیلئے ،۲۰ ص ، خانہ فرہنگ جمہوری اسلامی ایران کراچی ، جون ۱۹۸۵ م ، کاتب : سیدؐ تہذیب حسین نقوی امروھی .

(۵۹۷) حیات رسول (ص) : سیدؐ عباس علی سبزواری

۲۰ ص ، نونہال بکڈپو دھلی، ۱۹۳۰م .

(۵۹۸) خطیب قرآن (نبی آخر الزمان) : مولانا سیدؐ مرتضی حسین (م ۱۹۸۷م)

۴۷۹ ص ، ۲۵ روپے ، شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور ، علمی پرنٹنگ پریس لاہور.

(۵۹۹) ذکر محمدؐ - زبان علی (ع) : سید مظفر حسن زیدی،

۶۰ ص، دو روپے پچیس پیسے ادارہ باب مدینة العلم کراچی ، رجب ۱۳۹۷ ھ / جون ۱۹۷۷م ، کاتب : سید محمدؐ حسن عسکری.

(۶۰۰) ریاض نور :

۴ آنے ، عبدالحسین تاجر کتب خانہ لکھنو .

(۶۰۱) رحمۃ للعالمین : مرزا احمد علی ،
۱۶ ص ، مفت ، ادارہ معارف اسلام لاہور ، پنجاب پریس لاہور .

(۶۰۲) رحمۃ للعالمین : سیّد اظہر حسنین کاظمی
۲۲ ص ، انجمن حسینیہ ملکوال ضلع گجرات ، مارچ ۱۹۸۰م.

(۶۰۳) رحمۃ للعالمین : قائداعظم محمّد علی جناح (م ۱۹۴۸م).
ایک تقریر
۱۶ ص ، تنظیم مساجد مصری شاہ لاہور .

(۶۰۴) رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم : علامہ سیّد علی نقی نقوی (م ۱۹۸۸م)
۱۶ ص ، دو آنے ، امامیہ مشن لاہور ، تعلیمی پریس لاہور ، ۱۹۶۱م .

(۶۰۵) روضۃ الصادقین / سیرۃ المتقین ، جلد دوم : مولانا سیّد ظفر مہدی اثیم
عنوانات : احادیث نور ، جدول علمائی اہلسنت ناقلین حدیث نور ، کیفیت خلقت انوار طاہرہ ، روایات کتب شیعہ ، راویان اہلسنت ، خلقت حضرت آدم(ع) ہبوط آدم (ع) ، حالات حضرت عبدالمطلب ، تحقیق تاریخ ولادت حضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ، حالات رضاعت رسول خدا ، معنی تعریف نبی ، کیفیت معراج ،
ایک روپیہ چار آنے ، منیجر اخبار سرفراز لکھنو .

* حیات القلوب(فارسی) : محمّد باقر مجلسی (م ۱۱۱۰ ھ)

(۶۰۶) ریاض القلوب : محمّد واجد علی شاہ اختر (م ۱۸۸۷ م)
۲۲۳ ص ، شوال ۱۳۰۲ ھ ، مطبع سلطانی کلکتہ .

آغاز: بنام خداوند ہر انس و جاں — بیاں میں کروں نئی داستاں
باحسان ختم الرسل مصطفا — زمانے میں رہ جائیگا تذکرہ
بلطف علی شاہ دلدل سوار — یہ قصہ رہے گا بہت یادگار
حمایت پہ میرے ہیں بارہ امام — بفضل خدا ہوگا قصہ تمام
وہ قصہ جو تفسیر قرآں بھی ہے — عبادت ہے وحدت ہے ایماں بھی ہے
احادیث و تفسیر قرآں ہے صاف — اگرجسم فرقاں یہ قصہ ہے ناف
مرے دل میں اک روز یہ آگیا — کہ ہو فائدہ عام کا رہنما
جو ہے فارسی میں حیات القلوب — جو اردو میں ہو تو نہایت ہو خوب
وہیں ترجمہ اس کا کرنے لگا — مئے نیک پیالوں میں بھرنے لگا
رکھا نام اس کا ریاض القلوب — نہ ہو جس سے اختر کا طالع قلوب

جواب بارہ سو پربیں اٹھانوے سن هجری اے خوش سیر جان لے
اسی سن میں کی ابتدا نثر کی خدا مشعل دل میں دے روشنی
ہوں شاہ اودھ نام واجد علی مگر ملك تعبیر ہے خواب کی
خدا یا ہو انجام اس کا بخیر کروں ہفت کشور کی میں خوب سیر

(۶۰۷) ساغر محبوبی : سید اولاد حسین سجاد

تین باب : نماز کی برکتیں ، ولادت نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا بیان ، مختلف انبیاء علیهم السلام کے معجزات کا بیان ،

ایک روپیہ دو آنے ، مطبع اثنا عشری دهلی .

(۶۰۸) سرور انبیاء : شیخ مهدی حسین ناصری ،

مسٹر طامس کارلائل نے ۱۸۵۰م کو لندن میں دنیا کے جلیل القدر انسانوں کے بارے میں چھ تقاریر کی تھیں زیر نظر کتاب اس تقریر کا ترجمہ ہے جو حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے بارے میں ہے مترجم نے اس سلسلے میں کی گئی اغلاط کی بھی نشاندھی حاشیے میں کی ہے .

۹۶ ص ، چار آنے ، آل انڈیا شیعہ کانفرنس لکھنو ، ۱۳۳۰ ھ / ۱۹۱۲م ، معیار پریس رستم نگر لکھنو ، اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن جو ۱۲۶ صفحات پر مشتمل تھا . ۱۳۳۵ ھ/ ۱۹۱۷م کو نیشنل پریس الہ آباد میں چھپا.

(۶۰۹) سرور کائنات (ص) : سیّد اعظم حسین اعظم

۶۴ ص ، آٹھ آنے ، امامیہ مشن پاکستان لاهور، اکتوبر ۱۹۵۸م، خورشید عالم پریس لاهور .

(۶۱۰) سلطان العرب و العجم : سیّد مظفر حسن زیدی

۲۴ ص ، ادارہ باب مدینة العلم کراچی.

(۶۱۱) سوانح رسول کریم (ص) :

دو روپے پچاس پیسے ، شیعہ جنرل بك ایجنسی لاهور .

(۶۱۲) شواهد الاسلام : سیّد موسی رضا رضا جلالوی بن سیّد اکرام علی

۱۶ ص (ناقص الآخر) ، ڈسٹرکٹ گزٹ پریس علی گڑھ.

(۶۱۳) سیرة الرسول (ص) و حقائق معارف اسلام : مولانا ظفر حسن امروهی (م۱۹۸۹م)

چار حصے :سیرة طیبہ، صرف اور صرف اسلام ہی دین فطرت ہے ، حقیقت انسانیہ ، حیات بعد الموت

۳۹۸ ص ، ۱۹۶۷م ، مشهور پریس کراچی .

(۶۱۴) سیرة النبی (ص) : خواجہ غلام الحسنین (م ۱۳۵۶ ھ /۱۹۳۷م)
حالات قبل از ہجرت
چار آنے ، منیجر عصر جدید گولہ گنج لکھنو .

(۶۱۵) مرقع اسلام در حالات خیر الانام (ص) :مولانا سیّد انصار حسین ذکی نقوی امروھی
۹۲۹ ص ، برقی پریس دھلی .

(۶۱۶) مشارق الانوار / فوائد الاخبار : حکیم مرزا جعفر خان
آٹھ آنے .

(۶۱۷) المصطفی صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم:مولانا میرزا احمد علی امرتسری(م۱۳۹۰ھ)
۸۴ ص، شیعہ ینگ مین سوسائٹی لاھور ، ۱۳۳۲ ھ/۱۹۱۴ م ، پنجاب نیشنل سٹیم پریس لاھور .

(۶۱۸) معجزات نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم : ڈاکٹر سیّد حیدر مھدی
۸۰ ص ، ۱۹۸۴ م ، مکتبہ طوسی حیدرآباد .

(۶۱۹) معراج انسانیت : علامہ سیّد علی نقی (م ۱۹۸۸م)
۱۰۰ ص ، مکتبہ امامیہ مشن پاکستان لاھور ، ۱۹۶۸م .

(۶۲۰) معراجیہ : مولانا سیّد ابوالحسن کشمیری
معراج جسمانی کا بیان (مطلع انوار).

(۶۲۱) النبی صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم : علامہ محمّد ھارون زنگی پوری(م۱۳۳۹ ھ/ ۱۹۲۰م)
۲۴ ص ، تین آنے ، ادارہ تعلیمات الھیہ کراچی ، ایجوکیشنل پریس کراچی .

(۶۲۲) النبی الخاتم (ص) : مولانا سیّد آغا مھدی (م ۱۴۰۷ ھ)
۱۶۱ ص، مفت ، مشھور آفسٹ پریس کراچی.

(۶۲۳) نبی معصوم (ص) : مولانا غلام نبی جعفری
۱۶ ص ، مسجد اثنا عشری محمدی ڈیرہ کراچی ، باب الاسلام پرنٹنگ پریس کراچی.

(۶۲۴) محسن انسانیت - رحمة اللعالمین : سیّد شبیر حسین رضوی
۱۶ ص ، انجمن فدایان حسین وزیر آباد ، ستار پریس وزیرآباد ، کاتب : محمّد طارق .

(۶۲۵) امتزاج نور وطین - تخلیق محمّد و آل محمّد : سیّد ظلّ حسنین زیدی سرسوی
دو حصے ، (۷۹+ ۱۰۲)ص ، ۷۵ روپے ، لاھور ، ۱۹۹۴م .

(۶۲۶) دعائے خلیل و نوید مسیحا : عابدہ نرجس
۵۰۳ ص ، جامعہ تعلیمات اسلامی پاکستان کراچی، عباسی لیتھو آرٹ پریس کراچی، کاتب : شیخ اشرف راحت .

* فروغ ابدیت (فارسی) : آقای جعفر سبحانی.

(۶۲۷) فروغ ابدیت – سیرة النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم : مولانا سیّد نصیر حسین (م ۱۹۸۹)
۷۱۲ ص ، ۱۳۰ روپے ، امامیہ پبلی کیشنز لاہور ، ناصر پریس .

(۶۲۸) نظم حلیہ مبارک : مولانا ابوالقاسم مقرّب علی خان زائر (م ۱۳۴۵ھ)
۲۰ ص ، مطبع مجمع البحرین ، ۱۸۸۷م.
آغاز: ثنا و حمد سب اس کو روا ہے جو مالک خالق ارض و سما ہے
بیاں کب ہو وے نعمای الٰہی نہیں ممکن کبھی حصر و تناہی
بنی آدم کو دی تکریم اسنے کیا نیک اور بد تفہیم اُسنے

* حملہ حیدری (فارسی) : مرزا محمّد رفیع باذل

(۶۲۹) نظم جعفری حصہ اول : محمّد جعفر خان جعفر .
حملہ حیدری ، معارج النبوة کاشفی کی منظوم صورت ہے ، زیر نظر کتاب حملہ حیدری کا منظوم ترجمہ ہے ،
۲۸۴ ص ، ڈیرھ روپیہ ، کاظمی پریس جونپور.
آغاز : ہے نام خدا ابتدائے کلام زباں جسنے بخشی برائے کلام
زباں کیا ہے وہ ارحم الراحمین ہے بخشندہ عقل و دینار و دین

(۶۳۰) نفحات الریاحین فی احوال سیّدنا خاتم النبین : مولانا سیّد مقرب علی زائر (م۱۳۴۵ ھ)
چار فصل ، خاتمہ اور ایک ایقاظ ، ایقاظ ۴۱۶ تا ۴۲۸ صفحات پر مشتمل ہے جسمیں شاہ عبدالعزیز دھلوی کی کتاب « تحفہ اثنا عشریہ » کے طعن فدک کا جواب ہے .
فصل اول :ابتدائے نور جناب رسول خدا (ص) تا زمانہ بعثت اور اسی میں اجداد طاھرہ کا حال .
فصل دوم : ذکر بعثت تا زمان ھجرت .
فصل سوم : احوال حضرت کے ابتدائےھجرت سے انتقال تک .
فصل چہارم : احوال انتقال جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے

داردنیا سے مع بعض وصایا و طعن تخلف جیش .
آغاز : بسملہ و خطبہ اما بعد ..... اموج الناس مقرب علی بن مرحوم شیر علی النقوی
۴۲۸ ص، ۱۲۸۰ھ ، مطبع مجمع البحرین لدھیانہ ، سیّد علی نقی بن سیّد ابراھیم نے کتابت کی، نواب تصدیق علی خان ابن معظم نے تاریخ کہی :
ایں نسخہ کہ ہست چوں گلستان   ہر لفظ چو گل دروست خندان
معنیش عیاں بسان خوشبو   کز ہر گل لفظ اوست پرناں
ای ابن معظم سخن سنج   بر گوئی سنش ریاض ریحان(۱۲۸۰ھ)
مصنف نے صفحہ ۴۱۲ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی چار بیٹیوں کا ذکر کیا ہے .

(۶۳۱) نور الاخبار فی تاریخ النبی و آلہ الاطہار : مولانا علی نقی حائری ، بمبئی .

(۶۳۲) نذرانہ عقیدت : پروفیسر سیّد زین العابدین
۲۲ ص ، ضیا برقی پریس کراچی .

(۶۳۳) نور اول یعنی المصطفی : سیّد کرار حسین رضوی ، ۳۲ ص .

* ضیاء العیون (فارسی) : میرزا اسدی خان تہرانی.

(۶۳۴) نور العیون : سیّد جواد علی رضوی
مہر نبوت اور نقوش و اشکال
۴۸ ص، ۱۳۱۳ھ ، مطبع اثنا عشری لکھنو ، کاتب : محمّد علی.

(۶۳۵) نور العینین فی معراج سیّد الکونین (ص) :سیّد مقرّب علی خان زائر(م۱۳۴۵ھ)
حدیث معراج منظوم ، ۱۳۱۳ھ ، مطبع یوسفی دھلی .
آغاز :
لکھ اے قلم وہ حمد خداوند دو جہاں   جس حمد کا اھل ہے خلاّق دو جہاں
وہ حمد کر کہ جس سے ہو خوشنود کبریا   ہو وے نہ انقطاع کبھی اسکو مطلقا

(۶۳۶) نور محمّد (ذرۂ نور) : ڈاکٹر کاظم علی رسا
۱۶۴ ص ، دو روپے .

(۶۳۷) ھادی اسلام : سیّد امجد علی اشھری ، ۱۹۱۳م ، بمبئی .

(۶۳۸) ہمارے رسول (ص) : اعجاز حسین جارچوی
۸۰ ص ، تین آنے ، شیعہ سوسائٹی جوھری محلہ لکھنو .

(۶۳۹) ہمارے رسول :
۱۷۴ ص .

(۶۴۰) ہمارے نبی خاتم الانبیاء کی سوانح عمری : مولانا سیّد ظفر حسن امروھی (م ۱۹۸۹ م)
۱۵۰ ص ، نظامی پریس لکھنو .

(۶۴۱) ہمارے نبی (ص) کی تبلیغ اور اسکا مقصد : سیّد اکبر علی
۲۴ ص، انجمن پریس کراچی.

* حملہ حیدری: میرزا محمّد رفیع باذل (م ۱۱۲۳ ھ /۱۷۱۱م)

(۶۴۲) ھیبت حیدری : سیّد واجد علی شاہ بادشاہ اختر
منظوم ترجمہ
۲۹۷ ص ، رمضان المبارک ۱۲۹۲ ھ / ۱۸۷۵م ، مطبع سلطانی کلکتہ ، مترجم ترجمہ کرنے کی وجہ بتاتے ہیں :

لگاتا ہوں میں نظم میں اپنا دل — کہ یہ ہو نجائے کہیں مضمحل
اسی فکر میں اور بجان طپاں — خیال آگیا دل میں یہ ناگہاں
کہ وہ کر جو ہو بعد نام آوری — لگا دیکھنے حملہ حیدری
ز بس فارسی نظم تھی بے شمار — دکھاتا تھا باغ امامت بہار
مرے دل میں تجویز یہ آگئی — الم سے طبیعت جو گھبرا گئی
مضامین خوش چنکے بھر لیجئے — اسے نظم اردو میں کر لیجئے

تعیش الدولہ عیش نے تاریخ کہی :

بدہ ساقیا ساغر جم وقار — کہ دل تنگم از دور دورِ خمار
ز فرط ھجوم ھموم و ملال — بشد کند طبع و زباں گشت لال
پی طبع ایں نسخہ لاجواب — چو شد حکم سلطان عالیجناب
بتائید استاد روح الامین — نمودم بدل فکر ھجری سنین
درآمد در سال از موج فکر — خہی جوھر سیف باوج فکر(۱۲۹۲ھ)
دگر دم زدم با مسیحی سنین — ز سلطان باذل فضائل مبین(۱۸۷۵م)

آغاز : نگارنـــــــــدہ داستان کہن — خوش انداز و خوش خلق شیرین دھن

(۶۴۳) ید بیضا : نواب احمد حسین خان پریانوی (م۱۳۶۴ھ)
نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا اپنی امت کو امت موسوی سے تشبیہہ دینا ، وزارت ھارون و وزارت علی،حق وصایت یوشع بن نون، حضرت علی

۳۶ ص ، مطبع قومی چوک لکھنو ۔

(۶۴۴) ہمارے نبی (ص) :

۵ روپے ، جامعہ تعلیمات اسلامی کراچی۔

(۶۴۵) وصایا نبی صلعم بنام علی علیہ السلام : مولانا عباس علی شریف بن زمان علی شریف ۔

۸۰ ص ، الازہر کواپریٹو سوسائٹی کراچی، ۱۳۸۳ ھ/ ۱۹۸۳م ، اس کتاب کی اشاعت اول ۱۳۳۲ھ کو حیدرآباد دکن سے ہوئی مولانا سیّد اصغر حسین ناجی نے تاریخ کہی :

جو وصیت حیدر کرار کو | کر گئے ہنگام رحلت مصطفی
اسکا اردو میں کیا ہے ترجمہ | دے مترجم کو خدا اسکی جزا
ہو گیا مطبوع طبع خاص و عام | طبع جسدم یہ رسالہ ہو گیا
ہیں مترجم طالب تاریخ طبع | آ کے جب نصرت علی نے یہ کہا
کہدیا ناجی نے یہ مصراع سال | ترجمہ بہتر کیا ہے واہ واہ(۱۳۳۲ھ)

(۶۴۶) تصدیق رسالت : مولانا سیّد احمد علی موہانی

اُن پیشین گوئیوں کا تذکرہ جو گوتم بُدھ نے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بارے میں کیں تھیں ،

۳ آنے ، انجمن موید الاسلام مدرسۃ الواعظین لکھنو ۔

(۶۴۷)دیوان ابیات الجنان فی مدح سیّد الانس و الجان ،حصہ اوّل : سیّد مقرّب علی خان زائر ۔

شیخ مصلح الدّین سعدی شیرازی کے قطعہ پر تضمین بھی ہے ۔

قوسین کا رتبہ ملا بلغ العلی بکمالہ عرش اُن سے ہے روشن ہوا کشف الدجی بجمالہ
شہرہ ہے خلق مصطفی- حسنت جمیع خصالہ زائر ہمیشہ اّما - صلوا علیہ و آلہ
آغاز: ہے بسم اللہ مطلع حضرت باری کے دیوانکا یہ ہے لاریب دیباچہ کتاب دین و ایمان کا

۷۸ ص ، ۱۳۱۴ ھ، مطبع العلوم علی گڑھ ، کاتب : محمّد یحیی کولوی۔

(۶۴۸) سیرت النبی جلد اوّل - انجیل مقدس کی روشنی میں : مولانا طالب حسین کرپالوی ۔

۲۴۰ ص ، ستّر روپے ، جعفریہ دارالتبلیغ لاہور ، دسمبر ۱۹۹۰م ، معراجدین پرنٹرز لاہور ۔

(۶۴۹) سیرت النبی جلد دوم- مغربی مفکّرین کی نظر میں: مولانا طالب حسین کرپالوی

۲۴۸ ص ، جعفریہ دارالتبلیغ لاہور، جنوری ۱۹۹۱م ، ستر روپے ، معراجدین پرنٹرز لاہور .

(۶۵۰) سیرۃ النبی(جلد سوم) زبور و تورات کی روشنی میں:مولانا طالب حسین کرپالوی
۲۶۴ ص ، ۷۰ روپے ، اسلامیہ دارالتبلیغ لاہور ، ۱۹۹۱م .

(۶۵۱) سیرۃ النبی (جلد چہارم) - ہندوؤں اور سکھوں کی نظر میں : مولانا طالب حسین کرپالوی
۲۶۴ ص ، ۷۰ روپے ، اسلامیہ دارالتبلیغ لاہور ، ۱۹۹۱م.

(۶۵۲) سیرۃ النبی ، جلد پنجم - قرآن مجید کی روشنی میں : مولانا طالب حسین کرپالوی
۲۶۴ ص ، ستّر روپے ، جعفریہ دارالتبلیغ لاہور ، فروری ۱۹۹۱م،
معراجدین پرنٹرز لاہور، کاتب : عبدالعزیز قریشی .

(۶۵۳) سیرۃ النبی ، جلد ششم - نور حضرت محمّد مصطفی : مولانا طالب حسین کرپالوی ،
۲۲۸ ص ، ستّر روپے ، جعفریہ دارالتبلیغ لاہور ، فروری ۱۹۹۱م ، کاتب : عبدالعزیز قریشی.

(۶۵۴) سیرۃ النبی ، جلد ہفتم - عالم الغیب : مولانا طالب حسین کرپالوی
۲۷۲ ص ، ستّر روپے ، جعفریہ دارالتبلیغ لاہور .

* حیات القلوب (فارسی) : علامہ محمّد باقر مجلسی (رح) (م ۱۱۱۰ ھ)

(۶۵۵) شفاء الصدور و الکروب : مولانا سیّد مجتبی حسین
جلد دوم کا ترجمہ جو سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے متعلق ہے ،
۱۱۰۰ ص، سیّد عبدالحسین تاجر کتب اثنا عشری لکھنو، ۱۳۲۳ھ/ ۱۹۰۵م،
مطبع دبدبہ احمدی لکھنو .
آغاز :بسملہ و خطبہ اما بعد عبد مسکین بائس سید مجتبی حسین بن سیّد مقبول حسین بن سید تفضل حسین غفراللہ ھما برادران میں التماس کرتاہے کہ جب ترجمہ جلد اول حیات القلوب .

(۶۵۶) الشفیع : مولانا سیّد احمد علامہ ہندی (م ۱۳۶۶ھ/ ۱۹۴۷م)
حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی شفاعت کا ذکر
۲۰ ص، مطبع تصویر عالم لکھنو .

(۶۵۷) شق القمر : مولانا سیّد احمد علامہ ہندی (م ۱۳۶۶ ھ/۱۹۴۷م)

شق القمر کے بارے میں جو اعتراضات کئے جاتے ہیں اُنکے جوابات
۵۲ ص ، تین آنے ، دارالتبلیغ لکھنو ، نظامی پریس لکھنو.

(۶۵۸) طلاقت حسینیہ : مولانا حکیم سیّد غلام حسنین کنتوری(م۱۳۳۷ ھ/۱۹۱۸م)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی « کثرت ازدواج » اور حضرت امام حسن علیہ السلام کی « کثرت طلاق » جیسے مسائل کا حل
۴۸ ص ، گلزار محمدّی سٹیم پریس ، لاہور .

(۶۵۹) طریقۃ النجاۃ : مولانا سید کلب باقر بن سیّد کلب حسین نقوی (م ۱۳۲۹ ھ)
منظوم ، (ذریعہ : ۱۵).

(۶۶۰) العرفان : مولانا سیّد محمّد داؤد زنگی پوری
مسائل توحید و نبوت کا بیان، سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا تفصیلی بیان ، ۱۱۲ ص ، الجواد بکڈپو بنارس ، علمی الیکٹرک مشین پریس بنارس .

* حملہ حیدری (فارسی) : میرزا محمّد رفیع باذل (م ۱۱۲۳ ھ)

(۶۶۱)غزوات حیدری : سیّد محسن علی اسیر بن سید میر علی
عنوانات : بیان ولادت با سعادت حضرت آدم و حوا ، ایام بعثت رسول یزداں ، ہجرت سیّد انبیاء اور اصحاب با وفا بطحا سے طرف یثرب ، ابتدائے جہاد بحکم خالق العباد ، غزوہ احد ، ......
۷۴۸ ص ، شعبان ۱۳۳۲ ھ/ جولائی ۱۹۱۴م ، مطبع نولکشور لکھنو .

(۶۶۲) قصیدہ نبویہ : مفتی میر محمّد عباس (رح) (م ۱۳۰۶ ھ/۱۸۸۹م)
مفتی صاحب کی کہی ہوئی عربی نعت مع ترجمہ
تین آنے ، مطبع اثنا عشری دھلی .

(۶۶۳) مرقع اسلام :
ڈھائی روپے ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۶۶۴) مرقع اسلام در حالات خیر الانام : سید انصار حسین ذکی نقوی امروھی
انتیس عنوانات،
۲۶۸ ص، ڈیرہ روپے ، جنوری ۱۹۲۹م، جیّد برقی پریس دھلی ، کاتب : انتظار احمد امروھی.

(۶۶۵) المصطفی : ایم اے شاھد
۱۱۲ ص ، دو آنے .

(۶۶۶) المصطفی : مولانا سیّد تبارک حسن امروھی

۱۳۲ ص ، ۱۹۲۶ م ، احسن المطابع میرٹھ.
آغاز : بسملہ و خطبہ اما بعد احقر الزمن سیّد تبارک حسن بن سیّد مبارک حسن ساکن بلدہ امروھہ محلہ حقانی اپنے برادر ایمانی و اخلائے روحانی کی خدمت میں عرض کرتا ہے .....

(۶۶۷) مظہر قدس : مولانا سیّد احمد لکھنوی
دو آنے ، مطبع اثنا عشری دھلی.

(۶۶۸) المعراج : مولانا سیّد محمّد هارون زنگی پوری (م ۱۳۳۹ ھ)
معراج جسمانی کا بیان (ذریعہ : ۲۱).

(۶۶۹) معراج النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم : مولانا سیّد ظلّ حسنین زیدی
معراج و معراج جسمانی کا بیان
۱۰۴ص، ادارہ زید شهید اسلام پورہ لاهور ، ۱۳۹۸ھ ، نامی پریس لاهور ، کاتب : محمّد صادق.

(۶۷۰) معجزات : سلطان محمّد بن تاج الدین حسن
۴۴ ص ، مطبع یوسفی دھلی .

(۶۷۱) معجزات رسول (ص) : سیّد بشارت حسین کامل مرزا پوری
پچاس معجزات
۷۶ ص، درسگاہ هاشمیہ کاظمین ٹرسٹ سادات کالونی کراچی، شیخ شوکت علی پرنٹرز کراچی.

(۶۷۲) مولود جناب سرور کائنات (ص) : مولانا محمّد بشیر سلیس
چھ روپے ، منظوم .

(۶۷۳) مهامت اور آلی ، حصہ سوم : مولانا حکیم سیّد محمود گیلانی
ویدوں اور شاستروں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم اور امیر المؤمنین علی بن ابیطالب علیهما السلام کے فضائل و محامد
۷۴ ص ، ۷۵ پیسے ، ادارہ تحقیقات حیدری بکھو بھٹی سیالکوٹ ، اپریل ۱۹۶۵م ، اعجاز پریس سیالکوٹ .

(۶۷۴) میلاد النبی : مولانا سیّد حسن جعفر محدّث لکھنوی
۱۷ ص ، جعفری بکڈپو سیتا پور ، الواعظ صفدر پریس لکھنو .

(۶۷۵) سیرۃ النبی جلد (هشتم) - نور احمد مجتبی : مولانا طالب حسین کرپالوی
۳۰۴ ص ، ۱۰۰ روپے ، اسلامیہ دارالتبلیغ لاهور ، ۱۹۹۱م .

(۶۷۶) سیرۃ النبی (جلد نہم) - فرقان حمید کی روشنی میں : مولانا طالب حسین کرپالوی .
۳۰۴ ص ، ۱۰۰روپے ، اسلامیہ دارالتبلیغ لاہور، ۱۹۹۱م ، معراج دین پرنٹرز .

(۶۷۷) سیرۃ النبی (جلد دھم) - کتاب مبین کی روشنی میں : مولانا طالب حسین کرپالوی
۳۱۲ ص ، ۱۰۰ روپے ، اسلامیہ دارالتبلیغ لاہور ، ۱۹۹۱ ، معراج دین پرنٹرز لاہور .

(۶۷۸) سیرۃ النبی (جلد یازدھم) - انبیاء کرام کی نظر میں : مولانا طالب حسین کرپالوی
۳۴۴ ص ، ۱۰۰ روپے ، اسلامیہ دارالتبلیغ لاہور،۱۹۹۲ م، معراج دین پرنٹرز لاہور .

(۶۷۹) سیرۃ النبی(جلد دوازدھم)- اجداد مصطفی(ص) : مولانا طالب حسین کرپالوی
۲۴۸ ص ، ۱۰۰ روپے ، اسلامیہ دارالتبلیغ لاہور ، ۱۹۹۲م.

(۶۸۰) سیرۃ النبی (جلد سیزدھم) والدین مصطفی : مولانا طالب حسین کرپالوی
۲۴۸ ص ، ۱۰۰ روپے ، اسلامیہ دارالتبلیغ لاہور ، ۱۹۹۲م .

(۶۸۱) سیرۃ النبی (جلد چھاردھم)- نزول رحمت مصطفی: مولانا طالب حسین کرپالوی
۳۰۴ ص ، ۱۰۰ روپے ، اسلامیہ دارالتبلیغ لاہور، ۱۹۹۲م.

(۶۸۲) سیرۃ االنبی (جلد پانزدھم) - ظہور قدسی : مولانا طالب حسین کرپالوی
۳۰۲ ص ، ۱۰۰ روپے ، اسلامیہ دارالتبلیغ لاہور .

(۶۸۳) سیرۃ النبی (جلد شانزدھم) - عالم شباب محمّد : مولانا طالب حسین کرپالوی
۳۰۴ ص ، ۱۰۰ روپے ، اسلامیہ دارالتبلیغ لاہور ، ۱۹۹۳م .

(۶۸۴) سیرۃ النبی (جلد ھفدھم) - اعلان نبوّت : مولانا طالب حسین کرپالوی .
۳۰۴ ص ، ۱۰۰ روپے ، اسلامیہ دارالتبلیغ لاہور ، ۱۹۹۳م .

(۶۸۵) سیرۃ النبی (جلد ھیجدھم) مکّی زندگی : مولانا طالب حسین کرپالوی
۳۲۰ ص ، ۱۰۰ روپے ، اسلامیہ دارالتبلیغ لاہور ، ۱۹۹۳م .

(۶۸۶) سیرۃ النبی (جلد نوزدھم) - مدنی زندگی : مولانا طالب حسین کرپالوی
۳۲۸ ص ، ۱۰۰ روپے ، اسلامیہ دارالتبلیغ لاہور ، ۱۹۹۳م .

حضرت علی علیہ السلام

(۶۸۷) آثار باقیہ : مولانا سیّد اوّلاد حیدر بلگرامی
مولانا سیّد سبط الحسن ہنسوی کا ایک مضمون جو اخبار « اسد » میں چھپا تھا جسمیں حضرت علی علیہ السلام کے خطبات ، ارشادات ، مقالات ، حکمت ، عقلیات، انکے مختلف ممالک اور متفرق زبانوں میں ترجمے اور انکی شرحیں انکے انتخابات اور انکی اشاعت کے مقامات کی نشاندھی کی گئی تھی .
۳۲ ص ، ایک آنہ ، امامیہ مشن لکھنو ،۱۳۵۸ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۶۸۸) آثار علویہ : مولانا سیّد سبط الحسن ہنسوی
حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں کیا گیا کام ، ۴۰ ص ، دو آنے کاشانہ ادب بك ایجنسی گولہ گنج لکھنو .

(۶۸۹) ابو الآئمہ کے تعلیمات : علامہ سیّد علی نقی
۱۱۶ ص ، چھ آنے ، امامیہ مشن لکھنو، ۱۳۵۷ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۶۹۰) ابو تراب بر مسند قضا و فصل الخطاب ج۱ : مفتی سیّد طیب آغا موسوی
حضرت علی علیہ السلام کے بے نظیر فیصلوں کا مجموعہ ، ادارہ علوم آل محمّد لاہور.

(۶۹۱) ابوتراب بر مسند قضا و فصل الخطاب ج ۲ : مفتی سیّد طیب آغا موسوی
۳۴۷ ص ، تین روپے ، ادارہ علوم آل محمّد لاہور .

(۶۹۲) ابو تراب در نظر اُمّ المومنین و اصحاب : مفتی سیّد طیب آغا
اُن فضائل علی علیہ السلام کا بیان جو خلفای ثلاثہ، امیر شام اور حضرت عائشہ سے مروی ہیں ،
۲۸۷ ص ، ساڑھے تین روپے ، ادارہ علوم آل محمّد لاہور ، ۱۹۶۴ م ، تعلیمی پریس لاہور ، مقدمہ از آغا محمّد سلطان مرزا .

(۶۹۳) اخساء معروف بہ الجواب : مرزا عبدالتقی قزلباش
مولانا شاہ ولایت حسین ساکن گیا (سنی) نے علمای شیعہ سے سوال کیا تھا کہ وہ حضرت علی علیہ السلام کا ایمان ثابت کریں یہ رسالہ اسی کے جواب پر مشتمل ہے ،
آٹھ آنے ، دفتر رسالہ روشنی لکھنو ، اودھ پریس لکھنو .

* The Two Pillars of Islam: سید علی حیدر نقوی

(۶۹۴) اسلام کے دو اہم ستون : سید علی حیدر نقوی
دو حصوں پر منقسم ہے : محمّد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے بعد دنیا کا سب سے بڑا انسان یعنی حضرت علی علیہ السلام ، دنیا کی سب سے بڑی قربانی یعنی حضرت امام حسین علیہ السلام .
۶۴ ص ، تین روپے ، رحمت اللہ بك ایجنسی کراچی.

(۶۹۵) اسم اعظم : مولانا سیّد کاظم علی
۱۸۸ ص ، نظامی پریس لکھنو.

(۶۹۶) الا کمال / تذکرہ وھبی : مرتضی حسین بن حکیم سیّد بدر علی
۱۷۵ ص ، ۱۳۵۸ ھ ، نظامی پریس لکھنو (قا ۱)

(۶۹۷) امراء القیس کی لڑکیاں : مولانا سیّد آغا جعفر
روزنامہ ھلال بمبئی میں امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام کے متعلق بعض نازیبا جملے لکھے گئے یہ رسالہ اسی کے رد میں ہے
۱۶ ص ، دو آنے ، جنوری ۱۹۵۴ م ، مطبع اصلاح کھجوا ضلع سارن (بہار).

(۶۹۸) انسان اعظم : مولانا سیّد احمد
حضرت علی علیہ السلام کی زندگی کے متعلق ۲۹۳ نکات
۲۴۸ ص ، دارالتبلیغ لکھنو ، شوال ۱۳۵۴ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۶۹۹) ایمان اور علی: مولانا سیّد اعجاز حسین نقوی
فضائل علی علیہ السلام ،
۱۹ ص ، ۲۵ پیسے ، انجمن تنظیم المومنین اثنا عشری سیالکوٹ ، عامر شفیق پرنٹرز سیالکوٹ .

(۷۰۰) بانی اسلام کے نقش قدم پر : ڈاکٹر سیّد علی مومن
۱۶ ص ، مجلس امامیہ کراچی .

(۷۰۱) بدر اور علی : ڈاکٹر سیّد محمود بخاری
گذشتہ کئی سالوں سے یوم بدر منایا جا رہا ہے مگر فاتح کا تذکرہ نہیں کیا جاتا ،
ادارہ معارف اسلام لاھور ، یکم شوال ۱۳۸۱ ھ ، تعلیمی پریس لاھور .

(۷۰۲) براھین بینہ :
حضرت علی کے فضائل ،
۱۱۶ ص ، چار آنے ، ۲۲ شوال ۱۳۰۵ ھ ، مطبع اثنا عشری لکھنو .

(۷۰۳) بہترین قاضی : گل محمدّ مرزا
حضرت علی کے اکیس فیصلے ، ۱۶ ص ، آل پاکستان شیعہ مسلم لیگ لاہور .

(۷۰۴) ۷۵ فیصلے : پروفیسر ایس اے عابد
حضرت علی کے ۷۵ عادلانہ ، عالمانہ اور تاریخ ساز فیصلوں کا بیان ، ۱۲۸ص، آٹھ روپے ، مصطفی پبلی کیشنز حیدرآباد ، جولائی ۱۹۸۴ م ، کاتب : عبدالحفیظ خان .

(۷۰۵) پہلے امام حضرت علی علیہ السلام کی مختصر سوانح : مولانا سیدّ ظفر حسن امروھی(م ۱۹۸۹ م)
۱۶۰ ص ، نظامی پریس لکھنو.

(۷۰۶) تاجدار کعبہ :
تین مضامین :۱- سرور کائنات کے آغوش پروردہ کی حکیمانہ رفعتیں : مولانا سید اختر علی تلھری .
۲- ایک فرانسیسی عالم کے انکشافات سے حضرت علی علیہ السلام کے عالم لدنی ہونے کا ثبوت : شیخ ممتاز حسین جونپوری .
۳- علی اور علم حقیقت : علامہ عینی شاہ نظامی
۳۲ ص ، دو آنے ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۵۵ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۷۰۷) تاریخ الانبیاء و الاوصیاء جلد سوم حصہ اول : مولانا شیخ احمد دیوبندی متعلق بہ حضرت علی ، ۷۴۸ ص ، چار روپے ، ۱۵ ذی قعدہ ۱۳۱۷ ھ /۱۷مارچ ۱۹۰۰م ، مطبع اثنا عشری لکھنو ، کاتب : شیخ علی حسین ، انہوں نے تاریخ کہی :

واہ کیا بے بہا ہے یہ تاریخ ختم تک ابتدا سے ہے بے عیب
مصرعہ سال طبع یوں لکھا چھپی تاریخ انبیاء با زیب(۱۳۱۷ھ)

آغاز: بسملہ و خطبہ بعد حمد و نعت کے کہتا ہے بندہ حقیر و مسکین شیخ احمد بن مولانا مولوی وجیہہ الدین عثمانی دیو بندی کے یہ جلد تیسری ہے جلدوں تاریخ انبیاء سے اور یہ مخصوص بہ ذکر دوازدہ امام علیھم السلام ہے اور شامل ہے اوپر ایک مقدمہ بارہ باب اور خاتمہ .

{ مولانا حکیم شیخ احمد اپنی تحقیق سے شیعہ ہوگئے تھے آپ نے تمام تر کتابیں اھلسنت کی رد میں لکھیں جن میں سے بعض یہ ہیں : اسرار الھدی بجواب

انوار الھدی ، بدر الدجی، شمس الضحی ، دلیل الحسنات علی طریقة الصلواة ، تشریف الانوار ، شرح موجز القانون ، ۱۳۱۵ھ کے لگ بھگ واصل بحق ہوئے }

(۷۰۸) تحریم الخمر فی الاسلام : مولانا سیّد احمد علامه هندی (م ۱۹۴۶م)
مولانا شبلی نعمانی (م ۱۹۱۴م) کی کتاب سیرۃ النبی کے اس قول کا رد کہ حضرت علی علیہ السلام نے شراب پی کر نماز پڑھائی
۳۷ ص ، تین آنے ، مطبع نادری جبل پور (ھند)

(۷۰۹) تدوین کلام علی بن ابیطالب : محمود حسن امروھی ،
۴۶ ص ، جون ۱۹۶۳ م ، علی گڑھ .

* کوکب دُرّی (فارسی) : سیّد محمّد صالح کشفی .

(۷۱۰) ترجمه کوکب دری فی فضائل علی:مولانا سیّد شریف حسین سبزواری (م۱۹۴۲م)
مقدمه از مولانا سیّد محمّد سبطین سرسوی (م ۱۹۴۷م) ، ۵۷۴ ص ، امامیه کتب خانه لاهور .

* ارشاد القلوب (عربی) : ابو حسن محمّد ویلمی.

(۷۱۱)تذکرۃ الیعسوب : مفتی سیّد عنائت علی
فضائل علی کتب اھلسنت سے
۳۳۱ ص ، ساڑھے پانچ روپے ، مکتبه المبلغ سرگودھا ، ثنائی پریس سرگودھا .

* مناقب امیر المومنین (عربی) : علامه سیّد هاشم بحرانی (م ۱۱۰۷ ھ).

(۷۱۲) علی - رسول اللہ کی نگاہ میں : مولانا ملک محمّد شریف
۱۷۶ ص ، چھ روپے ، مکتبة الساجد ملتان ، شوال ۱۳۹۵ ھ/نومبر ۱۹۷۵م، امروز پریس ملتان.

(۷۱۳) تفریح الشیعه ، حصه اول : سیّد محمّد صغیر حسن قتیل نهٹوری
اس کتاب میں ظریفوں کی ظرافتیں،علماء کے دلچسپ مناظرے ،لطیف روایتیں، دلپذیر حکایتیں اور حضرت علی علیہ السلام کے علم لدنی کے کرشمے اکھٹے کئے گئے ہیں ،
۸۸ ص ، چھ آنے ، امامیه کتب خانه لاهور ، واشنگٹن پریس لاهور ، خود مؤلف نے تاریخ کہی :

ہوں مستفیذ اس سے ارباب فہم و دانش — مقصود دل یہی ہے مطلوب دل یہی ہے
تاریخ سوچتے تھے تم اے قتیل جسدم — آئی ندائے ہاتف مرغوب دل یہی ہے
(۱۳۲۲ ھ)

(۷۱۴) تقویۃ المومنین فی حالات المعصومین،جلد اول :مولانا سید احمد شاہ (م ۱۹۵۱م)
سوانح حضرت علی علیہ السلام
۱۳۸ ص ، ۱۲ آنے ، راولپنڈی پریس .
آغاز : بسملہ و خطبہ اما بعد لوائح ارواح زاکیہ و صفائح اذہان قدسیہ پر کمینہ منبع الجرائم و الخطا سید احمد شاہ موسوی تلمیذ ابوالفضائل سید نجم الحسن صاحب قبلہ لکھنوی روشنائی عجز سے نقش کرتا ہے کہ جز و اعظم ایمان بعد معرفت خداوند جہان و پیغمبر معرفت ائمہ معصومین علیہم الصلواۃ ہے .

(۷۱۵) تہذیب المتین فی تاریخ امیر المومنین ، جلد اول : مولانا سید مظہر حسن (م ۱۳۵۰ ھ)
۵۲۴ ص ، پانچ روپے چار آنے ، ۱۳۴۹ ھ ، مطبع یوسفی دھلی سید جمعیت علی نے تاریخ تصنیف کہی :

خوشا سیّد جید ابن رسول — گل بوستان علی و بتول
بود نام نامیش مظہر حسن — فرید الزمن چشمہ علم و فن
نوشتہ بفضل خدای قدیر — کتابی بحال جناب امیر
کہ علم التواریخ را آبروست — محیط التواریخ تاریخ اوست
۱۳۱۵ ھ
دگر احترام التواریخ نیز — بود عیسوی سال ای با تمیز
۱۸۹۸م

سید زاھد حسین نے بھی تاریخ تصنیف کہی :

الاساقی شوخ و سر مست ناز — کجای سرت گردم ای نازنین
بیا ای رخت روکش صد بہار — بہاران رسید و مہ فرودین
در آخر پی سال تألیف وی — رقم زد چنان زاھد دلحزین
کہ ای شیعیان علی بشنوید — الا انّ ھذا کتاب مبین (۱۳۱۵ھ)

(۷۱۶) تہذیب المتین فی تاریخ امیر المومنین جلد دوم :مولانا سیّد مظہر حسن(م ۱۳۵۰ھ)
۳۵۳ ص ، تین روپے بارہ آنے ، ۱۳۴۹ ھ ، مطبع یوسفی دھلی.
سید زاھد حسین زاھد نے تاریخ تصنیف کہی :

دگر وقت عیش و طرب رو نمود — بافضال و الطاف ربّ مجید
کہ این جزو ثانی بحسن تمام — ز سعی مولف بپایاں رسید
سنینش چناں کلک زاھد بدیہ — نوشت انّ ھذا کتاب مفید (۱۳۱۵ھ)

آغاز:بسمله و خطبه اما بعد بنده عاصی اقل الخلق عملا و اکثر هم خطاءً مظهر حسن بن سید صادق حسن بن سید شهامت علی الموسوی الاثنا عشری السهارنپوری عفا الله عنهم اجمعین ....

(۷۱۷) التهذیب المتین فی احوال امیر المؤمنین علیه السلام :مولانا سید محمّد مرتضی بن حسن علی جونپوری (م ۱۳۳۳ ھ) (الذریعه : ۴).

(۷۱۸) ثقل اکبر ، جلد سوم : علامه سیّد علی حیدر (م ۱۳۸۰ھ/ ۱۹۶۱م)
مع نظرثانی سیّد اعجاز محمّد فاضل ، پانچ باب اور تتمه
احادیث اهلسنت اور فضائل اهلبیت طاهرین ، صحاح سته میں امیر المؤمنین و اهلبیت طاهرین کے فضائل کی حدیثیں، صحیح بخاری کی حدیثیں ، صحیح مسلم کی حدیثیں ، جامع ترمذی ، سنن ابی داؤد - سنن نسائی ، سنن ابن ماجه کی حدیثیں ، مشکواة - موطا امام مالك، مستدرك امام حاکم، مسند امام احمد بن حنبل ، جامع صغیر اور کنوز الحقائق کی حدیثیں ، منتخب کنز العمال کی حدیثیں ، استیعاب - اصابه ، أسد الغابه ، ازالة الخفا - طبقات ابن سعد ، ریاض النضره کی حدیثیں ،
۳۴۹ ص ، کتب خانه شاه نجف لاهور ، ۱۹۷۷م ، نامی پریس لاهور .

(۷۱۹) جناب امیر :
مولانا سیّد نجم الحسن اور مولانا سبط حسن کی تقاریظ کے ساتھ.
(ذریعه : ۵).

(۷۲۰) جنگ خیبر : مولانا سیّد فدا علی (ذریعه : ۵).

(۷۲۱) جنگ صفین : محمّد صادق حسین
جنگ صفین کے اسباب و علل
۷۲ ص ، تین آنے ، امامیه مشن لکھنو ،۱۳۵۳ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۷۲۲) حضرت امیر المؤمنین کے بارے میں عیسائی محققین کی رائے : سیّد اختر حسین
مندرجه ذیل غیر مسلم علماء کی آرا کا اندراج : کار لائل ، ڈیون پورٹ ، واشنگٹن ایرونگ ، گبن ، طامس لائل ، فلپ ، جرجی زیدان ، اوکلی ، آرنو ،
۳۲ ص، ۱۳۵۳ ھ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۷۲۳) حضرت علی اور ان کے سیاسی حریف : سید شاهد زعیم فاطمی
حضرت علی علیه السلام کی مختصر سوانح کے ساتھ ساتھ سقیفه ، فدك ، مانعین زکواة ، خلافت کے لئے حضرت عمر کی نامزدگی ، ملوکیت و خلافت کی

کشمکش پر بے لاگ تبصرہ اس کتاب میں یہ شعر بھی درج کیا گیا ہے۔
اہل عالم کی نظر میں جو گدھا ہوتا ہے دور انگریز میں شمس العلماء ہوتا ہے
[مولانا سیّد عبدالمنان شاہد زعیم فاطمی فاضل دیو بند تھے مولانا سیّد عطاء اللہ شاہ بخاری کے قریب ترین عزیزوں میں سے تھے ۱۹۸۰م کو اپنی تحقیق سے شیعہ ہونے دیگر کتاب اور مقالات کے علاوہ «پردہ اٹھتا ہے» نامی کتاب دو جلدوں میں لکھیں ۱۹۸۹ کو واصل بحق ہوئے]
۲۲۰ ص، دس روپے، ۱۹۷۵م، پرنٹ آرٹس لاہور۔

(۷۲۴) حضرت علی اور فلسفہ جدلیت : مولانا سیّد اختر علی تلہری
جدلیت کے مادی نظریے پر اشتراکیت کی بنیاد رکھی گئی ہے مولانا مرحوم نے امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کے ایک فصیح و بلیغ قول کی روشنی میں اس مادّی نظریے کی بعض کمزوریوں کی طرف اشارہ کیا ہے۔
۱۶ ص، ۱۳ پیسے، امامیہ مشن لکھنو ۱۳۷۸ ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو۔

(۷۲۵) حضرت علی کا طرز جہانبانی :علامہ سیّد ابن حسن جارچوی (م ۱۹۷۳م)
۵۲ ص، آٹھ آنے، زیدی برادرس کراچی، عباسی لیتھو آرٹ پریس کراچی۔
* راہ علی (فارسی) : آیت اللہ سیّد رضا حیدر۔

(۷۲۶) حضرت علی علیہ السلام کا راستہ : مولانا محمّد حسین اکبر قمی
عنوانات : حضرت علی علیہ السلام کی تجارت، حضرت علی علیہ السلام کی عدالت، جوانمردی، حکومت، روش اور طریقہ کار
۱۰۴ ص، بارہ روپے، مدرسہ باقر العلوم مکھنا والی گجرات۔

(۷۲۷) حضرت علی کی نظر میں دنیا کا تصوّر : علامہ سیّد مجتبی حسن کامونپوری (م ۱۳۹۴ ھ)
۱۶ ص، مجلس علمی لکھنو، سرفراز قومی پریس لکھنو۔

(۷۲۸) حضرت علی علیہ السلام کی حیات پاک : حیدر علی مولجی طه
۷۷ ص، مفت، حسنین لائبریری کراچی، جنوری ۱۹۸۰ م، ڈیسنٹ پرنٹنگ پریس کراچی، کاتب : فضل احمد۔

(۷۲۹) حضرت علی کے خطوط کا سرسری جائزہ : سیدہ رضیہ جعفری
نو عنوانات پر مشتمل ہے
۷۲ ص، بارہ آنے، ادارہ تعلیمات الٰہیہ کراچی۔

(۷۳۰) الحق مع علی علیہ السلام : مولانا سیّد عنائت علی شاہ (م ۱۳۸۸ ھ/۱۹۶۸م)

ہفت روزہ در نجف سیالکوٹ کا پچاس سالہ یادگار نمبر، اس نمبر میں حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں آیات قرآنی، احادیث النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم، آثار صحابہ، اقوال صوفیا و مشائخ علماء و ادبا کو اکٹھا کرنے کی کوشش کی گئی ہے، کل ۱۹۰عنوانات ہیں،

۳۲۸ص، مکتبہ در نجف سیالکوٹ، شعبان ۱۳۷۹ ھ / ۱۵ فروری ۱۹۶۰م، حجازی پریس لاہور، کاتب: محمّد شفیع نسیم.

(۷۳۱) حکیم الٰہی- علی ابن ابیطالب:علامہ سیّد مجتبی حسن کاموںپوری(م۱۳۹۴ھ)
۱۰۳ ص، بارہ آنے، پاکستان حسینی مشن راولپنڈی، ۱۹۵۳م، ہمدرد پریس راولپنڈی.

(۷۳۲) حلیۃ الصالحین: مولانا سیّد حیدر علی ابن محمّد علی حیدر آبادی
حضرت علی علیہ السلام کے بعض کلمات طیبات کی تشریح، ۱۲۹۳ھ، حیدرآباد دکن. (ذریعہ: ۷)

(۷۳۳) حیات المسلمین فی مولود امیر المومنین: سید محمّد قاسم سونی پتی
۱۴۴ ص، آٹھ آنے، ۱۳۳۱ ھ، مطبع یوسفی دھلی.

(۷۳۴) حیدر کرار: سیّد نذر حسین شاہ مشھدی
۴۱۶ ص، مجلس ملی پاکستان، صفر المظفر ۱۳۸۷ ھ.

(۷۳۵) خصائص علویہ: مولانا آغا نعمت اللہ جان احقر امرتسری
۴۰ ص، پچاس پیسے، ادارہ معارف اسلام لاہور، ۱۹۶۶م، نقوش پریس اردو بازار لاہور.
اس کتاب کی تألیف میں جناب عباس محمود العقاد حصری کی کتاب «عبقریۃ الامام» (عربی) سے فائدہ اٹھایا گیا ہے.

(۷۳۶) درّ بے بہا: مولانا سیّد سجاد حسین
اسلام میں مومن اوّل حضرت علی علیہ السلام ہیں،
۲۰۸ ص (ذریعہ :۸).

(۷۳۷) درّ شاہوار یعنی خلاصہ ترجمہ بعض حصہ دیوان حضرت امیر :مولانا سید امجد علی اشھری
۱۹۱۰ م، حیدر آباد دکن (آصفیہ).

(۷۳۸) دنیائے اسلام کا سپہ سالار اعظم فیلڈ مارشل - علی بن ابیطالب :مرزا مصطفی حسین

۱۶ ص ، انجمن فدایان حسین وزیر آباد ، ستار پریس وزیر آباد .

(۷۳۹) راہ علی :

۸ ص ، مسجد الامام الصادق جی ۹/۲ اسلام آباد .

(۷۴۰) رسالہ فی ابطال المساواۃ : مولانا سیّد نثار حسین عظیم آبادی (م ۱۳۳۸ ھ)

حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام مرتبہ میں برابر نہیں ہیں . (ذریعہ : ۱۱).

{ مولانا سید نثار حسین بن سیّد اکبر حسین شوال المکرم ۱۲۶۸ھ کو علی نگر ضلع گیا (ہند)میں پیدا ہوئے آپ کے اساتذہ میں مولانا وزیر علی، مولانا سیّد ذکی حسن زنگی پوری ، مولانا سیّد علی حسین ، مولانا سیّد محمّد عسکری ، مولانا سیّد حیدر علی ، مولانا علی نقی ، مولانا حبیب حیدر اور مولانا سیّد احمد علی محمّد آبادی شامل ہیں۔سفر عراق کے دوران آیۃ اللہ میرزا محمّد حسن شیرازی (م ۱۳۰۲ ھ)، آیۃ اللہ الشیخ زین العابدین مازندرانی (م ۱۳۰۹ ھ)، آیۃ اللہ میرزا حبیب اللہ سے استفادہ کیا ،۱۳۳۸ ھ کو حیدرآباد دکن میں رحلت فرمائی آپ کی مشہور تالیفات حسب ذیل ہیں :

ترجمہ شافیہ (فارسی)، حاشیہ بر میزان الافکار (فارسی)، شرح معیار الاشعار (فارسی)، حاشیہ بر شرح جامی (عربی) ، ردّ الاجابۃ الشیخیہ ، ایقاظ الغافلین ہدایۃ المومنین ، نہاریہ بہرامیہ ، ساعتیہ علویہ ، تعلیق المجال بالمحال ، الف رقعۃ ، حاشیہ ملا حمد اللہ، حاشیہ قطبی ، حاشیہ شرح تجرید ، عمدۃ المعارف، دیوان (اردو ، فارسی ، عربی) ، حاشیہ نفیسی ، حاشیہ شرح زبدۃ الاصول ، حاشیہ معالم ، قواعد فارسی، مسائل اعتقادیہ ضروریہ } (مطلع).

(۷۴۱) روض الصادقین فی احوال النبی و امیر المومنین جلد دوم :مولانا حکیم ظفر مہدی جرولی (ذریعہ : ۱۱).

{ مولانا سید ظفر مہدی کاظمی جرولی ضلع بارہ بنکی (ہند) میں ۱۰ رجب المرجب ۱۲۳۹ ھ / ۱۲ مارچ ۱۸۲۴ م کو پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد مدرسہ سلطانیہ لکھنو تشریف لے گئے جہاں مولانا مفتی محمّد علی ، مولانا محمّد حسین جائسی اور سلطان العلماء مولانا سیّد محمّد (م ۱۲۸۴ھ) سے اخذ فیض کیا مرثیہ بھی کہتے تھے اثیم تخلص تھا طب سے شغف تھا ۱۷ صفر ۱۳۲۰ ھ / مئی ۱۹۰۲م کو واصل بحق ہوئے آپ کی تصانیف حسب ذیل ہیں :

نخبة الاخبار ، تاریخ ائمہ ، تہذیب الخصائل ، معیار المحبت ، عقائد حیدریہ ، ھدایت الانشاء ، موتیوں کا ھار ، جواھر منتشرہ ، اشک مسلسل}.

(۷۴۲) رھبر کامل : علامہ سیّد علی نقی نقوی (م ۱۹۸۸م)
۱۶ ص ، دو آنے ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۹۴۵ م ، یوسفی پریس لکھنو .

(۷۴۳) سراج المبین فی تاریخ امیر المؤمنین جلد اوّل : مولانا سیّد اولاد حیدر بلگرامی، (م ۱۳۶۱ ھ۱۹۴۲م).
۴۷۸ ص ، مکتبہ رضویہ شاہ عالم مارکیٹ لاھور .

(۷۴۴) سرور البشر : مولانا منور حسن خان
مناقب علی علیہ السلام ، نولکشور لکھنو (ذریعہ : ۱۲).

(۷۴۵) سوانح حضرت علی : سیّد منظور علی رضوی
فرمانروائے رامپور سر سیّد محمّد حامد علی خان کے نام معنون ،
۱۴۷ ص ، دسمبر ۱۹۲۸م.

(۷۴۶) سیاست علویہ : مولانا سیّد محمّد رضی زنگی پوری (۱۳۷۰ ھ/۱۹۵۱م)
حضرت علی علیہ السلام سیاست الھیہ پر عمل پیرا تھے .

(۷۴۷) سراج المبین فی تاریخ امیر المومنین ، جلد دوم : مولانا سید اولاد حیدر بلگرامی (م ۱۹۴۲م)
۲۲۸ ص، ۱۳۴۰ ھ ، مطبع یوسفی دھلی .

(۷۴۸) سیرت علی علیہ السلام و حقائق و معارف اسلام : مولانا سید ظفر حسن امروھی (م ۱۹۸۹م)
دو عنوان : حقائق و معارف اسلام ، قرآن و اھلبیت ، ۳۴۴ ص ، کراچی .

(۷۴۹) سید الاوصیاء : مولانا عارف حسین (م ۱۹۸۴م/۱۴۰۵ ھ)
چار باب ،
۳۲۰ ص ، ساڑھے تین روپے ، کتب خانہ اثنا عشری لاھور .

* علی بن ابیطالب - المفتی و القاضی (عربی) : عبدالستار آدم .

(۷۵۰) سیدنا علی- اپنے فیصلوں اور فتووں کی روشنی میں:مولانا محمّد ناصر قاسمی
۱۰۴ ص، دس روپے ، شیعہ جنرل بک ایجنسی لاھور ، ذی قعدہ ۱۴۰۲ ھ
حیدری پریس لاھور .

(۷۵۱) شان علی : شوکت علی عابد
تیرہ ابواب : عظمت خاندان، ولادت حضرت علی ، حجة الوداع اور اھم اعلان ،

علی اور علم ، علی اور عدل، علی اور کردار ، شان علی بزبان علی ، علی اور معجزات ، علی اور اقوال ،
۳۷۶ ص، ۲۸روپے ، المصطفی کتاب گھر حیدرآباد سندھ ، اکتوبر۱۹۸۱م ، نیازی پرنٹنگ پریس لاہور .

(۷۵۲) شان علی علیہ السلام : مولانا سیّد محمّد الیاس رضوی جارچوی
۱۶ ص ، مفت ، امیر بک ایجنسی کوچہ روح اللہ خان دھلی ، فوٹو لیتھو پریس دھلی.

(۷۵۳) شرح خاتمۃ المناقب : میرزا کلب حسین نادر
ملا حسن کاشی کے ہفت بند کی طرز پر چالیس بند جن میں حضرت علی علیہ السلام کے مناقب و معجزات کا بیان ہے اسکی شرح بھی خود کی ہے حاشیہ پر اُن کتابوں کا تذکرہ بھی کر دیا گیا ہے جن سے یہ مطالب اخذ کئے گئے ہیں، ۱۲۷۲ھ مطبع حسینی اکبر آباد .

* ہفت بند ملا کاشی : حسن کاشانی آملی.

(۷۵۴) شرح ہفت بند ملا کاشی : سید بنیاد علی خلف اصغر سیّد عابد علی
۳۸ ص ، ۱۳ رجب المرجب ۱۳۱۷ ھ ، مطبع اثنا عشری لکھنو
سید کاظم حسین سرور شاگرد مهدی حسین خان نے قطعہ تاریخ کہا :

شکر صد شکر خداوند جہاں کہ نظر آیا خوشی کا نقشا
سعی سے جن کے یہ جاری ہوا فیض لقب پاک ہے حیدر میرزا
منبع علم و کمالات ہیں یہ شرح کیا خوب لکھی سر تا پا
سال تصنیف کی جب فکر ہوئی اُس گھڑی مجھ سے یہ رضواں نے کہا
سونچتا کیا ہے بھی لکھ دے سرور منقبت رشک جہاں ہے کیا کیا

(۷۵۵) شہادۃ الفضل : مولانا سیّد محمّد افضل شاہ جہلمی
حضرت علی علیہ السلام کے علم و تقوی کا تذکرہ ،
۲۴ ص، مفت ، مدرسہ اثنا عشریہ پشاور ،فرنٹیر پریس پشاور .

(۷۵۶) شہید مسجد : مولانا غلام باقر اعوان ،
۲۴ ص ، اراکین تحریک تحفظ تعلیمات آل محمّد سرگودھا ، ۱۹۷۹م.

(۷۵۷) صدیق الاکبر : سیّد امیر علی شاہ جعفری جاگیردار پونچھ (کشمیر)
حضرت علی علیہ السلام کا سب سے پہلے مشرف بہ اسلام ہونا
۲۶ ص ، ۱۹۲۰ م ، پرکاش سٹیم پریس لاہور .

(۷۵۸) صدیق اکبر اور فاروق اعظم : عبدالکریم مشتاق
(۹۶۴) صلح امام حسن علیہ السلام : مولانا سید مرتضی حسین فاضل (م ۱۹۸۷م)

عنوانات : سیرۃ النبی، پس منظر ، امام حسن ، تاریخ کا ایک جائزہ (عہد خلفاء میں امام حسن) ، تاریخ شہادت امیر المؤمنین ، و الصلح خیر ، فوائد صلح،

۴۴ ص ، چھ آنے ، ادارہ تعلیمات الہیہ کراچی ، ادبی پرنٹنگ پریس کراچی.

(۹۶۵) صلح امام حسن : شبیر حسین

شرائط صلح کا بیان ، ۱۵ ص ، مفت ، پاکستان شیعہ فیڈریشن ، گوجرانوالہ .

(۹۶۶) صلح امام حسن علیہ السلام : مولانا محمّد اعجاز

۸۰ ص ، تین روپے ، عشرت آرٹ پریس ڈیرہ اسماعیل خان .

(۹۶۷) صلح اور جنگ - حسنی سیاست کی روشنی میں : پروفیسر سید احتشام حسین رضوی ، ۱۶ ص ، تیرہ پیسے ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۷۹ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۹۶۸) صلح حسن : پروفیسر سید احتشام حسین رضوی

شرائط صلح پر بحث ، ۱۶ ص ، امامیہ مشن لاھور .

(۹۶۹) صلح حسن : سید مظفر حسین زیدی

۲۴ ص ، ادارہ باب مدینۃ العلم کراچی ، سپر آرٹ پریس کراچی .

(۹۷۰) عین حق نما : مولانا میرزا رضا علی (م ۱۳۳۴ ھ /۱۹۱۵م)

صلح حسن کے بارے میں شبہات کا رد ، ۱۶ ص ، ۲۰ شوال ۱۳۱۳ ھ/ ۱۷ اپریل ۱۸۹۶ م ، مطبع اثنا عشری لکھنو ، کسی نے قطعہ تاریخ کہا :

زفضل خالق کامل رسالہ چون مرتب شد | کہ تحریرش پی عالم ہمیشہ شافی و کافی
سروش غیب بہر یسال ہجری گفت ای ذرہ | ز عین حق نما بنگر بہار گلشن واقی
(۱۳۱۳ ھ)

(۹۷۱) نواسہ رسول امام حسن : سید مرتضی حسین
۱۶ ص ، دو آنے ، انجمن امامیہ صدر لاہور ، نامی پریس لاہور ۔

(۹۷۲) امام حسن علیہ السلام - اُنکے عہد کا سیاسی و ثقافتی تجزیہ : نیرّ ندیم
عنوانات : ولادت سے وفات تک ، امام حسن کے حامی، شام میں اموی اثرات کی ابتدا ، شام میں بنی امیہ کا استحکام ، شام سے بنی امیہ کے رشتے ، حضرت عثمان کے قصاص کا نعرہ ، جنگ بندی کے اسباب ، معاہدہ امن کی شرائط ، امام حسن نے کیا حاصل کیا ، امتیازات امام ۔
۱۹۲ ص ، ۳۰ روپے ، ادارہ احیائے تراث اسلامی کراچی ، اگست ۱۹۸۷م ۔

(۹۷۳) شہزادہ امن : علامہ سید شبیر حسین اصغر
۴۰ ص ، انجمن فدایان حسین وزیر آباد ، فینسی پرنٹنگ پریس جہلم ۔

(۹۷۴) مرہم : حسن مثنی
گارڈن ایسٹ کراچی ۔
۲۴ ص ، دائرہ تحقیق ۔

(۹۷۵) سوانح امام حسن علیہ السلام
دو روپے ، شیعہ جنرل بک ایجنسی لاہور ۔

حضرت امام حسین علیہ السلام

(۹۷۶) آثار شہادت : مولانا سید محمّد ہارون زنگی پوری (م ۱۳۳۹ ھ/ ۱۹۲۰م)
مولانا عبدالشکور لکھنوی، مولانا ثناء اللہ امرتسری اہلحدیث، مولانا عبدالہادی فرنگی محلی اور مرزا حیرت دہلوی کے خیالات دربارہ عزاداری کارد ، نواب محمّد باقر علی خان متولی وقف حسین آباد ضلع مونگیر نے ۱۳۳۳ھ/۱۹۱۶م کو مطبع یوسفی دہلی سے چھپوا کر شائع کی ،
۴۸ ص .

(۹۷۷) آفتاب شہادت : مفتی سید طیب آغا
محمود احمد عباسی(م ۱۹۷۴م) کی کتاب « خلافت معاویہ و یزید » کارد ،
۳۵۲ ص ، ڈھائی روپیہ ، ادارہ علوم آل محمّد لاہور ، نقوش پریس لاہور .

(۹۷۸) آنسو : میرزا فدا حسین
بہتّر شہدای کربلا کا تذکرہ ،
۲۰۸ ص ، چودہ روپے ، کتب خانہ اثنا عشری لاہور.

(۹۷۹) آئینہ حقائق : سید حشمت علی جعفری
محمود احمد عباسی(م۱۹۷۴م)کی کتاب «خلافت معاویہ و یزید » کارد ،
۷۰ ص، چودہ آنے ، مکتبہ افکار اسلامی گاڑی کھاتہ حیدرآباد ، ۱۹۶۱م.

(۹۸۰) آئینہ حقیقت : مولانا سید محسن نواب رضوی (م ۱۳۸۹ھ/۱۹۶۹م)
تذکرہ شہدائے کربلا و ثبوت کرامات شہداء (ذریعہ : ۱).

* انصار الحسین : علامہ محمّد بن شیخ طاہر سماوی.

(۹۸۱) ابصار العین فی انصار الحسین : مولانا سید تصدق حسین کنتوری (م ۱۳۴۸ھ)
اصحاب سید الشہداء کا تذکرہ ، ایک فاتحہ ، سترہ مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے ،
۲۲۲ ص ، ایک روپیہ چار آنے ، ۱۳۵۷ ھ، مطبع حیدری ، حیدرآباد دکن .

* ابو الشہداء (عربی) : أستاذ عباس محمود العقاد مصری.

(۹۸۲) ابوالشہداء : مولانا محمّد باقر نقوی (م ۱۹۸۴م)
دربارہ پس منظر و علل و اسباب واقعات کربلا،
۲۵۳ ص ، احباب پبلیشرز اقبال منزل گولہ گنج لکھنو ، ۱۹۶۷م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۹۸۳) اتضاءِ عزا فی یوم عزا : مولانا سید غضنفر علی
جانشینی یزید سے شہادت امام حسین علیہ السلام تک کے واقعات ،
۳۶ ص ،۱۹۱۶م ، مطبع یوسفی دھلی .

(۹۸۴) اثبات عزا : سید منیر حسن منیر زیدی ایڈیٹر اخبار اثنا عشری دھلی
۳۴ ص ، ۱۳۳۱ ھ/۱۹۱۳م ، مطبع یوسفی دھلی .

(۹۸۵) اجابة السائل :
ذکر ملاقات حضرت امام حسین و حضرت خضر علیھما السلام (ذریعہ : ۱).
* منتھی الآمال (فارسی) : شیخ عباس قمی .

(۹۸۶) احسن المقال جلد ۱ حصہ دوم : مولانا سید صفدر حسین نجفی (م ۱۴۱۰ ھ)
زندگانی امام حسین علیہ السلام و واقعات کربلا ،
۳۴۲ ص ، سیٹھ برادرز شاہ عالمی مارکیٹ لاھور .

(۹۸۷) اخلاق حسینی : خواجہ غلام الحسنین (م ۱۳۵۶ ھ/ ۱۹۳۷م)
حضرت امام حسین علیہ السلام کا اخلاقی اور روحانی پھلو ، عنوانات : مکارم امام حسین پر ایک نظر ، حکمت ، شجاعت ، شجاعت کا دوسرا پھلو ، عفّت ، نمونہ محاسن کلام امام حسین ،
۹۲ ص ، تحفة الھند پریس دھلی ، ذی الحجة ۱۳۳۰ ھ/دسمبر ۱۹۱۲م .

(۹۸۸) استقامت علی الحق کا معیاری نمونہ : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
کربلا کے میدان میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی استقامت علی الحق ،
۱۰ ص ، ایک آنہ ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۷۶ ھ/۱۹۵۶م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۹۸۹) اسرار کربلا : محمّد ظھیر الدین بلگرامی
۵۲ ص ، ۱۸۶۸ م، لکھنو ، دوسرا ایڈیشن : ۷۶ ص ، جون ۱۸۷۴م .
* لھوف (عربی) : علی بن موسی بن جعفر بن محمّد بن طاؤس

(۹۹۰) اسوف ترجمہ لھوف : مولانا باقر حسین صادق
واقعات کربلا ،
۸۸ ص ، ۱۵ جمادی الاول ۱۳۲۰ ھ، مطبع اثنا عشری لکھنو،
مترجم کے صاحبزادے مولانا محمّد اعجاز حسین نے تاریخ کھی :

ختم اب ہے اسوف اے اعجاز   کھدو تاریخ دل کہ ہو مرغوب
سر بھجت سے دوسری تاریخ   لکھدو تم ہے یہ ترجمہ کیا خوب(۱۳۱۹ھ)

آغاز :بسملہ و خطبہ اما بعد ھمہ تن گنہگار راجی رحمت غفار اذل کونین باقر حسین الجونغوری مسکنا » و الحائری مدفنا انشاء اللہ تعالی عرض کرتا ہے ....

(۹۹۱) اسوۂ حسینی : نواب مھدی یار جنگ

فلسفہ شھادت امام حسین علیہ السلام ،

۴۰ ص ، ۱۹۳۰م ، مطبع حیدری حیدرآباد دکن .

(۹۹۲) اسوۂ حسینی : مولانا سید احمد المعروف بہ علامہ ھندی (م ۱۳۶۶ ھ)

۳۱ ص ، ذھائی آنے ، شیعہ مرکز تبلیغ لاھور ، کواپریٹو پرنٹنگ پریس لاھور.

(۹۹۳) اسوہ حسینی : سید ھمایوں مرزا .

۴۰ ص ، ۱۹۳۰ م، مطبع حیدری حیدرآباد دکن .

(۹۹۴) اسوہ حسینی : سید مقبول احمد رضوی

۳۲ ص،چار آنے ، ادارہ تعلیمات الھیہ مہاجر کالونی کراچی، ادبی پریس کراچی.

(۹۹۵) اسوہ حسینی : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)

دس تقاریر کا مجموعہ ، عنوانات : امراض اجتماعی ، اصلاح خلق کے ضروری انتظامات ، دعوت عمل اور اھلبیت کی شخصیت ، واقعات کربلا کے نتائج ، مظلوم کربلا کے طرز عمل کی حضرت رسول ، علی مرتضی اور حسن مجتبی کے طرز عمل سے مطابقت ، عمر سعد سے گفتگو اور صلح کے مظاھرات ، صبح عاشوراء امام کا خطبہ ، فرائض الھیہ کا خیال ،

۲۱۶ ص، نو آنے ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۵۳ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۹۹۶) اسیران کربلا : مولانا سید باقر حسین (ذریعہ : ۲)

(۹۹۷) اسیری اھل حرم : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)

اس اعتراض کا تجزیہ کہ جب امام حسین علیہ السلام کو معلوم تھا کہ وہ اس سفر میں شھید کر دئے جائیں گے تو وہ مستورات اور بچوں کو اپنے ھمراہ کیوں لے گئے ،

۳۲ ص ، تین آنے ،امامیہ مشن لاھور ، ۱۳۷۵ ھ ، انشاء پریس لاھور .

(۹۹۸) اظھار حق - متعلق جناب سید العلماء مولانا سید علی نقی اور کتاب « شھید انسانیت » : جعفر شروانی

تین باب : بیان مولانا سید کلب حسین ، ارشادات عالیہ علمای عراق و ایران ، بیانات سید العلماء ،

۵۶ ص ، ۱۳۷۴ ھ / ۱۹۵۴م ، صحیفہ مشین پریس حیدرآباد دکن .

(۹۹۹) اظہار حقیقت حصہ اول : مولانا سید سبط الحسن (م ۱۳۹۸ ھ/۱۹۷۸م)
علامہ سید علی نقی کی کتاب « شہید انسانیت » کارد،
۱۸۲ ص ، ڈھائی روپیہ ، حسینی مشن لکھنو ، نظامی پریس لکھنو .

(۱۰۰۰) اظہار واقعات : ڈاکٹر سید آفاق حسین رضوی
علامہ سید علی نقی کی کتاب «شہیدانسانیت» کی کافی مخالفت ہوئی زیر نظر کتاب میں اُس مخالفت کا پس منظر اور اُن باتوں کا رد پیش کیا گیا ہے جو علامہ کی طرف منسوب کی گئی ہیں ،
۱۰۴ ص ، تین روپے ، ادبستان لکھنو ، ۱۹۸۲م ، نامی پریس لکھنو .

(۱۰۰۱) اعجاز حسینی فی تاریخ حسین ٹیکری شریف : محمّد علی ہنر .
حسین ٹیکری اجمیر کے قریب ایک ریاست ہے جہاں کچھ معجزات امام حسین علیہ السلام ظہور پذیر ہوئے یہ کتاب اُنہیں معجزات پر مشتمل ہے .
۸۰ ص ، مطبع حیدری حیدرآباد دکن .

(۱۰۰۲) افتخار شباب : مولانا سیّد حمّد نقی
واقعات کربلا بزبان حضرت علی اکبر،
۲۵ پیسے ، امامیہ مشن لاہور ، ۱۹۶۲م، تعلیمی پریس لاہور .

(۱۰۰۳) اگر واقعہ کربلا نہ ہوتا تو ... : نرجس خاتون
۲۴ ص ، امامیہ مشن پاکستان لاہور ، مارچ ۱۹۶۵م ، تعلیمی پریس لاہور.

(۱۰۰۴) اگر واقعہ کربلا نہ ہوتا تو کیا ہوتا؟ علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
۱۶ ص ، دو آنے ، امامیہ مشن لاہور ، تعلیمی پریس لاہور .

(۱۰۰۵) اگر واقعہ کربلا نہ ہوتا .....؟ : فرحت عباس گوندل
۱۶ ص ، تنظیم رضا کاران حسین ڈھڈیال ضلع چکوال

(۱۰۰۶) المیہ کربلا : مولانا محمّد لطیف انصاری (م ۱۳۹۹ ھ)
واقعات کربلا کی روشنی میں قوت ارادی امام حسین علیہ السلام کا جائزہ ،
۳۲ ص چار آنے ، ادارہ معارف آل محمّد سیالکوٹ، محرم الحرام ۱۳۶۹ ھ، نذیر پرنٹنگ پریس ، سیالکوٹ .

(۱۰۰۷) امام حریّت : سید محمّد ذوالقرنین زیدی الہما
نو ابواب : دشت ملوکیت اور حسین ، یزید بن معاویہ ، حضرت امام حسین سے مطالبہ بیعت ، انکار بیعت اور حسین، امام حسین کے مقولات و مناجات ،مدینہ اور حسین ، خطوط اهل کوفہ اور حسین، منزل دارورسن اور حسین ، منزل

دارورسن سے آگے ،
۱۹۲ ص ، پاک کتب خانہ اردو بازار راولپنڈی ، ۱۳۹۲ھ/ ۱۹۷۲م .
(۱۰۰۸) امام حسین اور احیائے اسلام : محمّد جعفر بارایٹ لا ،
۸ ص ، ۱۹۴۳م ، نظامی پریس لکھنو .
(۱۰۰۹) امام حسین علیہ السلام اور اقامۃ صلواۃ : مولانا سید منظور حسین
شب عاشورہ و روز عاشورہ امام حسین کی نمازوں کا تذکرہ ،
۱۶ ص ، مفت ، ادارہ تقویت الایمان اچھرہ لاہور ، حمایت اسلام پریس لاہور .
(۱۰۱۰) امام حسین اور کعبہ : مولانا سید خورشید حسین شیرازی (م ۱۹۸۲م)
علامہ شیخ جعفر شوشتری کی کتاب « خصائص حسینیہ » (فارسی) کے نویں باب کا ترجمہ و تلخیص یعنی کعبہ و حسین کی مشترک خصوصیات ،
۳۲ص ، ایک روپیہ پچیس پیسے ، الیکٹرک پریس گجرات .
(۱۰۱۱) امام حسین اور میدان کربلا : آغا اشرف
عنوانات :بنی ھاشم کی قربانیاں، حسین ابن علی میدان جنگ میں، جہاد اکبر، ایک کے مقابلے میں اکتیس ھزار ، نماز عشق تلواروں کے سائے میں ، معراج کربلا ، بوسہ گاہِ رسول اور شمر کا خنجر ، قرآن ناطق نیزوں پر ، صحیفہ دین پر گھوڑوں کی یلغار ، حرم رسول لوٹا اور آگ لگا دی ، شام غریبان ،
۹۲ ص،چار روپے ، شیخ غلام علی اینڈ سنز لاھور، علمی پرنٹنگ پریس لاھور.
(۱۰۱۲) امام حسین - دوسرے بانی اسلام :مولانا سید سبط الحسن ھنسوی (م ۱۳۹۸ھ)
۳۲ ص ، انجمن امامیہ میرٹھ ، جنوری ۱۹۷۰ م ، خواجہ پریس دھلی .
(۱۰۱۳) امام حسین علیہ السلام کی مختصر سوانح عمری : مولانا سید ظفر حسن امروھی (م ۱۹۸۹م)
۲۴۰ ص ، ایک روپیہ ، نظامی پریس لکھنو .
(۱۰۱۴) اُمت یزید : مولانا شیخ ذاکر حسین جعفر
سید محمّد ابو تراب سونی پتی نے ایک مسدس بنام « عظمت ریش » لکھی تھی اس میں یہ اشعار بھی تھے :

مانا کہ یزید ستم ایجاد تھا بیدین مکار و دغاباز و بد اطوار و بد آئین
مردود تھا اور قاتل اولاد شہ دین ذاڑھی ھمیشہ رکھتا مونچھیں نہ منڈائیں
حاصل کرو اس سے سبق وضع نمائی بھولے سے بھی اُسنے کبھی داڑھی نہ منڈائی

ابو العطاء نامی شخص کو ان اشعار پر بڑا غصہ آیا چنانچہ اُنھوں نے سیّد محمّد ابو تراب کو « مرقعہ کربلا » (۱) نامی کتاب پڑھنے کا مشورہ دیا جناب سیّد

محمّد ابو تراب نے اسکا جواب رسالہ « ہفوات الصالحین » بابت ماہ مئی ۱۹۲۵م میں چھپوایا .

اس کتاب میں حسینی اور یزیدی دو فرضی شخصیات تصور کرتے ہوئے بعض متنازع مسائل پر بحث کی گئی ہے حضرت امام حسین علیہ السلام کے قاتل کے بارے میں یہ دو شعر بھی ذکر کئے گئے ہیں :

کرد شخصی سوال از دانا   کہ بگو کشتہ شد حسین کجا
گفت اندر سقیفہ اش کشتند   بہر دنیای جیفہ اش کشتند

مندرجہ ذیل عنوانات پر بحث کی گئی ہے :

کیا یزید نے امام حسین کے قتل کرنے کا حکم دیا . کیا یزید فاسق و فاجر بلکہ کافر تھا . یزید کی بیعت غلامی کی بیعت لی جاتی تھی . کیا یزید امام برحق اور امام حسین باغی تھے کیا امام حسین مکہ میں رہتے تو مامون اور تمام آفتوں سے محفوظ رہتے . کیا امام حسین خود کوفیوں سے خط و کتابت کرکے کوفہ گئے . کیا امام حسین جانتے تھے کہ میں ضرور قتل کیا جاؤنگا. امام حسین کربلا جانے پر مامور تھے . جب امام حسین کربلا جانے اور شہید ہونے پر مامور تھے تو کوفیوں کے بارہ ہزار خطوط کا جواب کیوں نہ دیا ؟

۹۶ ص ، مطبع یوسفی دهلی .

[اے مولوی ابو العطا امجد کا یہ رسالہ ۳۲ صفحات پر مشتمل ہے مجلس عثمانیہ لاهور نے ۱۹۲۵م میں شائع کرایا تھا اسکے علاوہ آپ کی مندرجہ ذیل تصانیف بھی ہیں سیرت الحسن، بدر کامل، خورشید عاقل ، اذان کی فلاسفی]

(۱۰۱۵) اموی دور خلافت ، جلد اول : مولانا سید محمّد باقر نقوی (م ۱۹۸۴م)

محمود احمد عباسی (م ۱۹۷۴م) کی کتاب « خلافت معاویہ و یزید» کارد، آٹھ باب : زمانہ جاهلیت کے نبی اُمیہ ، اموی دور خلافت ، عبداللّٰہ بن سبا ، امیر المؤمنین علی بن ابیطالب کی خلافت، جنگ جمل و صفین اور انکے حقیقی اسباب ، خلافت امیر المؤمنین اور فتوحات امیر المؤمنین کی شہادت ، معاویہ بن ابی سفیان ،

۴۱۶ ص ، ۱۹۵۹م ، سرفراز قومی پریس لاهور ،

جناب رجعت ایڈیٹر ، آوازہ لکھنو نے قطعہ تاریخ هجری کہا :

غیر شائستہ وہ ظالم نے کیا ہے اقدام   جس میں تلبیس بھی ہے کفر کا نظارہ بھی ہے
جھوٹ وہ بولا ہے در اصل نہیں جس کو فروغ   سخت نااهل بھی بیدین بھی ہے ناکارہ بھی ہے
حیف عباسی یہ کار اموی کر ڈالا   اس سے چلتا ہے پتہ نسل کا آوارہ بھی ہے

چشم خونبار بھی ہے اور دل صد پارہ بھی ہے
احتجاجی نہیں صرف آج زباں اور قلم

کیا کیا جاتا بجز اسکے کوئی چارہ بھی ہے
«اموی دور خلافت » نے دیا خوب جواب

نصرت حق بھی ہے تاریخ کا گہوارہ بھی ہے
جذبہ خاص سے جو تم نے لکھا ہے رجعت

« ابو سفیاں بھی ہے » ہندہ جگر خوارہ بھی ہے
مورثوں میں ہے مصنف کے نہیں صرف یزید

(۱۳۷۹ ھ)

جناب رجعت نے قطعہ تاریخ عیسوی بھی کہا :

خوب پردہ میں فضائل کے لکھی مدح یزید
خوب دل کھول کر ایمان کو پہنچائی گزند

جس کے دادا کو محمدؐ نے کیا شہر بدر
باپ شامی کا تھا اور کفر کا تھا جو فرزند

حضرت عائشہ کو جسکے پدر نے مارا
مشک میں چونے کی بھٹی کو کیا ہے پیوند

جس کی دادی نے چبایا تھا جگر حمزہ کا
جن کے غم میں در و دیوار سے تھا شور بلند

تم بھی تاریخ لکھو عیسوی میں اب رجعت
در توبہ کی طرح بند کرو وعظ اور پند

شکر ہے ہو گیا اب سر پہ یزیدیت کے
تازیانہ « اموی دور خلافت » کا بلند

(۱۹۵۹م)

(۱۰۱۶) انتخاب المصائب : مولانا سید یوسف علی،
۱۸۹۸م .

(۱۰۱۷) انسان کامل /یادگار شہید اعظم : ڈاکٹر ابو الناظر نجفی
۹۶ ص ، قائن پریس لکھنو .

(۱۰۱۸) انکار بیعت کا وزن : پروفیسر سید احتشام حسین رضوی
۱۶ ص ، امامیہ مشن لاہور ، اپریل ۱۹۶۶م .

(۱۰۱۹) انکار عطش : مظفر حسین نقوی ،
علامہ کنتوری کی کتاب « مائتین » سے ثابت کیا گیا ہے کہ صبح عاشور خیام گاہ حسینی میں پانی موجود تھا ،
۸ ص ، ایک آنہ ، شاہی پریس لکھنو .

(۱۰۲۰) انقلاب حسین پر محققانہ نظر : مولانا شیخ محسن علی نجفی
شیخ محمدؐ مہدی شمس الدین مدظلھم کی عربی میں لکھی ہوئی کتاب کا ترجمہ ،
۳۴۴ ص ، جامعہ اهلبیت اسلام آباد ، رجب۱۴۰۴ ھ/ اپریل ۱۹۸۴م،
منزا پرنٹنگ پریس راولپنڈی .

(۱۰۲۱) انوار حکمت : سید شہید حسن شہید صفی پوری
حضرت امام حسین علیہ السلام کے دس اقوال کی تشریح ،
۳۲ ص، مجلس علمی لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۰۲۲) با عظمت قربانی اور اس کی یادگار : مولانا سید ظفر الحسن بنارسی
۱۶ ص ، تیرہ پیسے ، امامیہ مشن پاکستان لاہور، ۱۹۶۲ م ، تعلیمی پریس لاہور ، رسالے کے آخیر میں یہ دو اشعار بھی درج ہیں :

گلگوں کفن بخاک شدہ از غمش ہنوز گلگوں کفن دمند گل و ارغواں ہنوز
زاں کارواں گم شدہ در دشت کربلا ہر دم بجستجوست دو صد کارواں ہنوز

(۱۰۲۳) بحر البکاء : آغا حیدر علی
۶۶ ص .

(۱۰۲۴) بحار النوائب : مولانا سید ابن الحسن جارچوی (م ۱۹۷۳م)
تذکرہ شہدای کربلا (ذریعہ : ۳).

(۱۰۲۵) بحور الغم : محمّد علی خان ابن محمّد تقی خان .
۶۰۴ ص ، ۱۸۷۹م ، عظیم آباد .

(۱۰۲۶) براہین شہادت : مولانا محمّد ہارون زنگی پوری (م ۱۳۳۹ ھ)
شہادت امام حسین علیہ السلام پر کئے جانے والے اعتراضات کاردّ ،
۴۰ ص ، مطبع اصلاح کھجوا .

* نفثة الصدور مایتجدّدُ به احزان یوم العاشور (عربی) : شیخ عباس قمی (م ۱۳۵۹ ھ)

* تجلی نور (فارسی) : آقای سید محمّد زرندی.

(۱۰۲۷) برق طور : مولانا سید لقا علی حیدری (م ۱۳۸۴ ھ/۱۹۶۴م)
فارسی سے ترجمہ،گیارہ فصل:مختصر فضائل حضرت امام حسین علیہ السلام، حضرت سید الشہداء علیہ السلام کی شہادت، مدح اصحاب حسین علیہ السلام حالات حضرت حُر(رض) مقتولین بنی اسد - کربلا میں ، جنگ محمّد بن حنفیہ روز صفین ، حالات حضرت رسول خدا ، شہادت حضرت عمار یاسر ، عفو و درگزر حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ، حالات حضرت حسن مثنی ، سقط محسن و مشہد آن جناب به حلب،
(۲۳+ ۲۱۰)ص، ندای اسلام بمبئی بازار کراچی .

(۱۰۲۸) برکات محرم بجواب بدعات محرم : مولانا سید امداد حسین (م ۱۳۹۵ ھ)

(۱۰۲۹) بکاء علی الحسین ، حصہ اول : ذاکٹر سید علی مومن
۱۶ ص ، ۳۰ پیسے ، مجلس امامیہ پاکستان، شیخ شوکت علی پرنٹرز کراچی.

(۱۰۳۰) بکاء علی الحسین حصہ دوم : ڈاکٹر سید علی مومن
۱۶ص ، ۳۰ پیسے ، مجلس امامیہ پاکستان ، شوکت علی پرنٹرز کراچی .
(۱۰۳۱) بکاء علی الحسین حصہ سوم : ڈاکٹر سید علی مومن
۱۶ ص ، ۳۰ پیسے ، مجلس امامیہ پاکستان، شیخ شوکت علی پرنٹرز کراچی.
(۱۰۳۲) بکاء علی الحسین : ڈاکٹر سید علی مومن
۱۶ ص، ۳۰ پیسے ، مجلس امامیہ پاکستان ، شیخ شوکت علی پرنٹرزکراچی.
* لمعة من بلاغة الحسین (عربی) : استاد مصطفی محسن الموسوی.
(۱۰۳۳) بلاغت الحسین : مولانا محمّد باقر نقوی (م ۱۹۸۴م)
حضرت امام حسین علیہ السلام کے خطبات ، رسائل اور کلمات قصار کا ایک مختصر مجموعہ ، تین باب : توحید کے متعلق آپکا ارشاد گرامی ، حضرت سید الشہداء کے مکتوبات ، امام مظلوم کے مختصر فقرے ، ترجمہ مع متن ،
۲۷۹ ص،ساڑھے تین روپے ،منیجر اصلاح کھجوا، الواعظ صفدر پریس لکھنو .
(۱۰۳۴) بنائے لا الہ است حسین : انصار حسینی سلیمان عاشق
عنوانات :بنی امیہ کی حکومت ایک غیر شرعی حکومت تھی، کتاب بنی امیہ و بنی عباس ، آل عبا اور یزید ، شہید حق کی شہادت عظمی پر قدرت کے ہولناک آثار ، کربلا کا پس منظر ، حضرت امام حسین کا خط معاویہ کے خط کے جواب میں ،
۶۴ ص ، ایک روپیہ، ۱۳۸۹ ھ/۱۹۶۹م ، عباسی لیتھو آرٹ پریس کراچی.
(۱۰۳۵) بنیاد لا الہ الاّ اللّٰہ : سید فیروز عالم رضوی
۸ ص ، انجمن جان نثاران اہلبیت پاکستان ، محرم ۱۴۰۵ ھ.
(۱۰۳۶) بہتر تارے : مولانا سید نجم الحسن کراروی (م ۱۴۰۲ ھ/۱۹۸۲م)
۱۲۸ ص ، امامیہ کتب خانہ لاہور .
(۱۰۳۷) بے مونس و آشنا حسین : سید تہور علی جعفری امروہی
۱۶ ص ، مفت ، کراچی .
(۱۰۳۸) بین الاقوامی ٹیلی فون : سحر فضلی
علامہ سید علی نقی نقوی کی کتاب « شہید انسانیت » کارڈ ،
۳۵ ص ، چار آنے ، ادارہ تحفظ حسینیت لکھنو، الواعظ صفدر پریس لکھنو .
(۱۰۳۹) بے یار و اقربا حسین : سید تہوّر علی جعفری امروہی
۱۶ ص ، مفت ، کراچی .

(۱۰۴۰) **پیغام اتحاد** : سید شاهد حسین رضوی نقاد سندیلوی
بلگرام میں ۱۳۶۱ ھ کو تیرہ سو سالہ یادگار حسینی کی روئیداد ،
۳۵ ص ،
انجمن یادگار حسینی محلہ مل کنتھ بلگرام ، ۱۳۶۱ ھ ، نظامی پریس لکھنو.

(۱۰۴۱) پیغام حسینی : سید احمد حسین ترمذی
عنوانات : کربلا کی جنگ میں عورتوں کا حصّہ ، درسگاہ حسینی سے بچوں کو کیا سبق ملتا ہے . شہادت حسین اور اسکے اثرات ، حسین ابن علی، حضرت امام حسین پر رونا ، واقعات کربلا اور حالات جنگ ، صبر حسین علیہ السلام
۱۰۶ ص ، بارہ آنے ، کتب خانہ اثنا عشری لاہور ، حجازی پریس لاہور ،
اس کا دوسرا ایڈیشن آفتاب عالم پریس لاہور .

(۱۰۴۲) پیکر حریّت : ناصر بدایونی
سانحہ کربلا کا پس منظر ،
۹۶ص ، ساڑھے پانچ روپے ، علی پبلیشر سکھر .

(۱۰۴۳) پیاس : سید غلام عسکری
علامہ سید علی نقی نقوی کی کتاب «شہید انسانیت» میں بعض ایسی روایات نقل کی گئیں تھیں جن سے یہ مترشح ہوتا تھا کہ صبح عاشورخیام گاہ حسینی میں پانی موجود تھا اور یہ کہ حضرت امام حسین علیہ السلام اور انکے رفقا غسل فرما کر میدان میں گئے زیر نظر کتاب اسی کی ردّ میں ہے اس کتاب میں شیعہ ماخذات سے اُن روایات کو اکٹھا کیا گیا ہے جن میں خیام گاہ میں پانی کی موجودگی کا ذکر ملتا ہے . مصنف نے ان روایات پر جرح کی ہے اور علامہ مرحوم کے اس نظریے کی تردید کی ہے ،
۴۶۹ ص ، بارہ روپے ، جمالی پبلی کیشنز جیل روڈ بمبئی، اکتوبر ۱۹۷۳ م ، سود لیتھو پریس دھلی.

(۱۰۴۴) تاریخ اسلام کا تاریک دور : مولانا سید منظور حسین بخاری
محمود احمد عباسی (م ۱۹۷۴م) کی کتاب « خلافت معاویہ و یزید » کارد ،
۱۵۶ ص ، تین روپے ، مکتبہ المفید سرگودھا ، ثنائی برقی پریس سرگودھا ،
۱۹۵۹م ، کاتب : سید کلب عباس تمکین رقم .

(۱۰۴۵) تاریخ اسلام میں واقعہ کربلا کی اهمیت : علامہ سید علی نقی
۱۶ ص ، دو آنے ، امامیہ مشن پاکستان لاہور، ۱۹۵۶م، تعلیمی پریس لاہور.

* مرقع کربلا (فارسی) : مولانا اعجاز حسین

(۱۰۴۶) تاریخ اعلی ترجمہ مرقع کربلا : سید اولاد حسن امروهی

دو فصل : تمیز اهل حق و اصحاب باطل میں ، بیان حادثات جو مرقد منور پر گزرے ،

۱۴۸ ص ، آٹھ آنے ، ۱۳۲۳ ھ ، مطبع ریاضی امروهه .

سید سالم حسین سالم نے تاریخ کہی :

پر کیف عبارت کی پر نور ہے پیشانی تاریخ مقدس ہے با نقش سلیمانی
تھی فارسی میں اول اردو میں ہوئی افضل لاریب مترجم پر ہے رحمت یزدانی
اولاد حسن صاحب جو ڈپٹی کلکٹر ہیں اس ترجمہ سے اُن کی ظاہر ہے همه دانی
جب فکر ہوئی ہم کو تاریخ کی اے سالم ہاتف نے کہا لکھدے ہے نسخه لاثانی
(۱۳۲۳ ھ)

مولانا سید فقیر حسین رضوی نے تاریخ کہی :

ہیں اك مولوی شهر امروهه میں جو ہیں صاحب زهد و علم و تقا
لکھا بعد اعجاز جسدم حسن تو اسم مبارك مبرهن هوا
ہوئی فکر تاریخ سن کر مجھے تو ہاتف نے یکبار دی یه ندا
کھو بادل شاد جلد اے فقیر کیا خوب ہے ترجمه ہے بہا(۱۳۲۳ھ)

مولانا سید مسرت علی نے قطعه تاریخ کہا :

جو مرقع کربلا کا ہے کہ ہے اب بے نظیر اُسکے هر هر لفظ میں اك فیض کی تنویر ہے
حال اُسمیں کربلا کا سب مفصّل ہے لکھا خواب غفلت کے لئے گویا کہ وہ تعبیر ہے
ترجمہ اس کا ہوا جس دم تو ہاتف نے کہا اے مسرت کیوں نہیں لکھتا ہے کیا تاخیر ہے
سر کو اعدا کے قلم کر اور یہی تاریخ لکھ دیکھئے گا اس مرقع کی یہی تصویر ہے
(۱۳۲۳ھ)

آغاز :بسمله و خطبه اما بعد اسوقت ایك رساله سبب شهادت امام حسین علیه السلام اور حالات کربلائے معلی میں المسمی بمرقع کربلا به پیرایه تاریخ و جغرافیه جو آج تك زمانے کی نظر سے نہیں گزرا بزبان فارسی شائع ہوا ہے چونکه حالات تاریخی اس مقدس کے ابتك مفصلا کسی کتاب مبسوط و مختصر از قسم تاریخ و سیر میں منضبط نہیں ہوئے اور بوجه زبان فارسی کے مضامین اسکے عام فهم نہیں لهذا اس هیچمدان بنده ذوالمنن سید اولاد حسن والد المرحوم سید قدرت علی نقوی متوطن امروهه نے ترجمه اسکا بزبان اردو سلیس بنظر فیض عام قربةً الی اللّٰه المنعام شروع کیا اور اسم تاریخی اس ترجمه مرقع کربلا (۱۳۱۲ ھ) کا تاریخ اعلی (۱۳۲۲ ھ) رکھا .

* لھوف علی قتلی الطفوف (عربی): علامہ علی بن موسی بن جعفر بن محمّد بن طاوس الحسینی.

(۱۰۴۷) تاریخ حسینی اردو ترجمہ لھوف : آغا مھدی حسین
۱۷۶ ص ، افتخار بکڈپو لاھور ، القائم آرٹ پریس لاھور .

(۱۰۴۸) تاریخ سر حسین : محمّد وصی خان
حضرت امام حسین کا سر مبارک جن جن مقامات پر پہنچا گیا اس کا تذکرہ ،
۶۴ ص ، پانچ روپے ، ۱۹۸۳م ، مشہور آفسٹ پریس لاھور، کاتب : معظّم علی خان موتی رقم .

* تاریخ عاشوراء (فارسی) : ڈاکٹر محمّد ابراھیم آیتی .

(۱۰۴۹) تاریخ عاشوراء : ایم اے انصاری
۳۰۸ ص ، جامعہ تعلیمات اسلامی کراچی، ۱۴۰۰ھ/ ۱۹۸۰م ، کانٹی نینٹل پریس کراچی ، کاتب : سید جعفر صادق ، شروع میں علی اکبر غفاری کا مقدمہ ہے .

(۱۰۵۰) تاریخ کا خونی ورق : مولانا سید احمد ، علامہ ھندی (م ۱۳۶۶ ھ)
واقعات تاریخ امام حسین علیہ السلام،
۴۰ ص، ادارہ تعلیمات الھیہ ڈرگ کالونی کراچی، ایجوکیشنل پریس کراچی .

(۱۰۵۱) تازیانہ عبرت : ڈاکٹر سید سبط الحسن بنارسی
علامہ سید علی نقی نقوی کی کتاب « شھید انسانیت » چھپنے کے بعد علامہ صاحب کی دوسری کتابوں سے ان کے عقائد پر اس رسالے میں روشنی ڈالی گئی ہے .
۱۶ ص، ایک آنہ ، ۱۳۷۶ھ، مطبع صبح صادق لکھنو ، سید ظفر حسین ظفر نے تاریخ کہی :

کام اچھا کیا ہے سبط حسن دے جزا آپکو خدائے قدیر
جمع کر کے عقائد دشمن کئے مشہور زیر چرخ پیر
اے ظفر گر ہے فکر ھجری سال ہے لکھو - تازیانہ عبرت (۱۳۷۶ھ)

(۱۰۵۲) تحریک حسین علیہ السلام : آغا محمّد سلطان میرزا (م ۱۳۸۵ھ/ ۱۹۶۵م)
محمود احمد عباسی کی کتاب « خلافت معاویہ و یزید » کارد ،
۷۹ ص ، آٹھ آنے ، پاکستان حسینی مشن راولپنڈی ، ۱۳۷۶ ھ/ ۱۹۵۶م ، ھمدرد سٹیم پریس راولپنڈی .

(۱۰۵۳) **تحفة الاعظم : نواب احمد حسین خان مذاق**
حضرت امام حسین علیہ السلام کی سوانح (ذریعہ : ۳).

(۱۰۵۴) **تحقیق روایات محرّم مع اعمال : مولانا سید امداد حسین کاظمی (م۱۳۸۵ھ)**
روایات محرم کی تحقیق کی گئی ہے اور تعزیہ و علم پر زیارت کا پڑھنا اور ساتویں محرم کو مھندی وغیرہ کا نکالنا از قبیل بدعات بتایا گیا ہے .
۴۸ ص ، آٹھ آنے ، ادارہ معارف اسلام لاہور ، تعلیمی پریس لاہور .
مولانا مرحوم نے اس کتاب کا ایک نسخہ حضرت مولانا شیخ محمّد حسین نجفی ڈھکو مدظلھم کو بھی بھیجا اور اس کے ساتھ ایک خط ، خط کا متن یہ ہے :
محترم المقام حضرت مولانا دامت مکارمکم سلام علیکم و علی من لدیکم من اھل الایمان
آج تیسری بار مولوی السید صفدر حسین صاحب قبلہ سے شرف ملاقات نصیب ہوا قبل ازیں ایک عریضہ جناب کی خدمت والا میں ارسال کرچکا ہوں جسکے ساتھ « اصول الشریعۃ » کے متعلق اپنے حقیر خیالات لف کئے تھے امید ہے میرا عریضہ دست بوس ہو چکا ہوگا لیکن جناب کی طرف سے خاموشی « معلوم نہیں کیوں ؟ » .
جناب کی زیارت کئے عرصہ گزرا زندگی کا اعتبار نہیں طبیعت روز بروز کمزور ہو رہی ہے اسلئے اگر موقع مل جائے تو یہ شرف بخشیے تا کہ دل میں حسرت نہ رہ جائے ایک دفعہ المبلغ میں پڑھا تھا کہ جناب والا واقعات کربلا پر ایک کتاب تحریر فرما رہے ہیں جسمیں صرف اور محض مستند روایات ہونگی معلوم نہیں‌وہ کب تک باصرہ نواز ہوگی ایسی کتاب کی فی زماننا اشد ضرورت ہے جبکہ ذاکرین عظام ایک نئی کربلا کی تخلیق کر رہے ہیں خداوند تعالی آپ کو جزائے خیر دے اور یہ کام آپ کے مقدس ہاتھوں ہی سے سر انجام کرائے آمین
ایک نسخہ تصنیف حقیر « روایات محرم» بدست مولانا ارسال خدمت ہے .
زیادہ کیا عرض کروں میرے لئے دعائے صحت فرماتے رہا کریں محترمی همدانی صاحب مدظلہ کی خدمت اقدس میں سلام عرض کریں اور التماس دعا.

نیازمند

السید امداد حسین کاظمی عفی عنہ

(۱۰۵۵) **تحقیق عطش الحسین علیہ السلام : مولانا سید حبیب حیدر** (ذریعہ : ۳)

(۱۰۵۶) **تذکرۃ الشھداء : حکیم امامت علی نانوتوی**
نولکشور ، لکھنو .

(۱۰۵۷) تذکرہ کربلا : آغا محمد میرزا لکھنوی .

* سرّ الشہادتین (عربی) : شاہ عبدالعزیز دھلوی .

(۱۰۵۸) ترجمہ سر الشہادتین :
۱۲۸ ص ، سیدہ فاطمہ زہرہ ٹرسٹ کامرہ ضلع اٹک ، لقمان آرٹ پریس اٹک ، کاتب : سید فردوس بخاری .

(۱۰۵۹) ترجمہ سر الشہادتین : مولانا سید کاظم رضا
۹۶ ص، مکتبہ تعمیر ادب لاہور - اس سے پہلے یہ ترجمہ تنویر الشہادتین کے نام سے لکھنو سے چھپا .

(۱۰۶۰) ترجمہ الشہادتین : مولانا خواجہ غلام الحسنین پانی پتی
تین آنے .

* مقتل (عربی) : ابو مخنف .

(۱۰۶۱) ترجمہ مقتل ابی مخنف : مولانا سید محمد
۱۸۴ ص ، مطبع یوسفی دہلی .

(۱۰۶۲) تشدّد کا مقابلہ عدم تشدّد سے : مولانا سید حسین نقوی
تمام انبیاء علیہم السلام نے تشدّد کا مقابلہ عدم تشدّد سے کیا اسی طرح حضرت امام حسین علیہ السلام نے میدان کربلا میں ،
۲۰ ص، ۱۶ پیسے ، امامیہ مشن لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۰۶۳) تصویر کربلا الموسوم بہ گلزار جنت : مولانا سید آل محمد امروھی
چند باب : جغرافیے میں کربلا کے - فضیلت میں کربلا کے - آب فرات کی فضیلت میں ، اُن واقعات کے بیان میں جو شہادت سید الشہداء اور آنحضرت کے کربلائے معلّی میں تشریف لانے سے پہلے واقع ہوے ، اُن حالات کے بیان میں جو بعد تشریف لے جانے جناب امام حسین علیہ السلام کے زمین کربلا پر دسویں محرم کی شام تک گزرے ہیں ، اُن حالات کے بیان میں جو بعد شہادت سید الشہداء گیارھویں محرم ۶۱ ھ سے پہلی ھجری کے آخیر تک زمین کربلا پر واقع ہوئے ہیں .
آخیر میں حضرت امام حسین علیہ السلام کے ۴۷ ساتھیوں اور فوج یزیدی کے ۱۷۲ افراد کا ذکر ہے ،
۱۰۲ ص ، ۱۳۳۸ ھ ، مطبع اثنا عشری دھلی ، کاتب : اشرف علی کاشمیری ثم لاھوری ، سید طاھر حسین وفی امروھی نے تاریخ کھی :

خال ہیں میرے جو اہل فضل و علم   صاحب تحقیق و ذی جاہ و اریب
انکا ہے آل محمدؐ اسم پاک   نائبان احمد انکے ہیں منیب
چونکہ ہے گلزار جنت اسکا نام   اسلئے قرباں ہے اسپر عندلیب
سال تصنیف اس در نایاب کی   اے وفی لکھ ہے یہ تاریخ عجیب

(۱۰۶۴) تعلیمات حسین : مولانا سید مرتضی حسین
۷ ص ، مفت ، پاکستان شیعہ فیڈریشن گوجرانوالہ .

(۱۰۶۵) تعلیم الشہداء بطف الکربلا : مولانا سید محمدؐ مجتبی نوگانوی (م۱۳۷۷ھ)
۲۴۰ ص ، ایک روپیہ ، ۱۳۵۱ ھ ، مطبع ریاضی امروھہ .
مولانا سید نسیم حسن ہلال نے تاریخ طبع کہی :

مولوی سید محمدؐ مجتبی   طرز لکھنے کا ہے جن کے لاجواب
آپ کی تالیف وہ شائع ہوئی   جسمیں ہے درس حقیقت بے حساب
تھی جو تعلیم شہیدان بلا   کر دیا ہے پھر وہی تازہ نصاب
اسکا ہر ہر لفظ پر تاثیر ہے   اُٹھ گئی رُخ سے ہدایت کی نقاب
ہے منصف کی ذکاوت کا ثبوت   آفتاب آمد دلیل آفتاب
طبع کی تاریخ لکھدو اے ہلال   ہے رسالو ں میں رسالہ انتخاب
(۱۳۵۱ھ)

سید محمدؐ جعفر حیات نے بھی تاریخ طبع کہی :

آنکہ بے مثل است در فضل و کمال   عالم و فاضل فقیہہ با خبر
مصدر اخلاق طباع و فہیم   کرد تدوین این کتاب آں خوش سیر
ای زہے تالیف بی ھمتای او   نافع ہر خاص و عام و مختصر
چوں نمودم فکر در تاریخ طبع   جستجو کردم بامعان نظر
مصرعہ اول بسال عیسوی   بر زبان آمد و در ھجری دگر
دین را از اوست ایں نسخہ حیات   لاجواب و بے مثال و معتبر
(۱۹۳۲م)   (۱۳۵۱ھ)

(۱۰۶۶) تفسیر عاشوراء : مولانا سید علی شرف الدین بلتستانی
حضرت امام حسین علیہ السلام کے اقوال و کلمات اور خطبات کی تشریح ، قیام حسینی پر وارد ہونے والے شبہات کا جواب ،
۲۱۱ ص، دارالثاقۃ الاسلامیہ کراچی ، صفر ۱۴۰۷ ھ / اکتوبر ۱۹۸۶م ،
کاتب : سید جعفر صادق

(۱۰۶۷) تنقید و تردید کتاب معاویہ و یزید از کتب ھای جدید : حسین بخش ھمدانی
محمود احمد عباسی(م ۱۹۷۴م) کی کتاب « خلافت معاویہ و یزید » کی ردّ
میں اہلسنت کی طرف سے جو کتابیں لکھی گئیں ہیں زیر نظر کتاب میں اُن
سے اقتباسات پیش کئے گئے ہیں اُن کتابوں کے نام یہ ہیں :
۱- حضرت امام حسین شہید بتردید خلافت معاویہ و یزید ، حصہ اول :
ابو محمّد امام الدین رامنگری ۔
۲- حضرت امام حسین شہید جرح و تنقید بر تجلی و خلافت معاویہ و یزید،
حصہ دوم : ابو محمّد امام الدین رامنگری ۔
۳- قول سدید ردّ خلاف معاویہ و یزید : ضیاء احمد بد ایونی۔
۴- معاویہ و یزید : حافظ بہادر علی خان و خالد علی خان ۔
۵۶ ص ، بلا قیمت ، انجمن ناصر العزا ملتان ، مئی ۱۹۶۱م ، سیّد
الیکٹرک پریس ملتان ۔

(۱۰۶۸) ثبوت خطاب سید الشہداء/ اسرار حق بجواب اظہار حق : محمّد مہدی میرزا
اظہار حق از حاجی احمد عبدالحکیم و حکیم سید محمّد ہاشم طبع لکھنو کارد
جسمیں کہا گیا تھا کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کیلئے لفظ سیدالشہداء
لکھنا درست نہیں ،
۳۲ ص ، ۱۹۳۴ م ، سرفراز قومی پریس لکھنو ۔

(۱۰۶۹) جامع التواریخ فی مقتل الحسین علیہ السلام ، حصہ دوم : مولانا فیروز حسین
قریشی،
اسپ امام حسین علیہ السلام کی خیام گاہ میں آمد سے مختار ثقفی کے انتقام
تک ،
۲۴۰ ص ، نامی پریس لاہور ۔

(۱۰۷۰) جلوہ شبیر : مولانا سید وصی الحسن مائلی
امام حسین کے حالات زندگی، تین آنے ، در بھنگہ (بہار)

(۱۰۷۱) جہاد حسینی : مولانا سید مرتضی حسین فاضل (م ۱۹۸۷م)
عنوانات : امام حسین اور انکی امن پسندی ، معرکہ کربلا ، سیدالشہداء کی
ایک تقریر ، اسلام کی نظر میں صلح و جنگ ، فتح و شکست کا مفہوم ،
حضرت امام زین العابدین کی تقریر کوفہ ، کربلا والے مدینہ میں ،
۷۵ ص، بارہ آنے ، ادارہ تعلیمات الہیہ کراچی، مسلم پرنٹنگ پریس کراچی ۔

(۱۰۷۲) جلوہ کربلا : سید ظفر حسن (قا : ۱).

(۱۰۷۳) جواہر بے بہا : مولانا سید محمّد مجتبی نوگانوی (م ۱۳۷۷م)

عنوانات :غم حسین ، هادی عالم ، مظلومیت حسین کا دنیا پراثر ، امامت اپنے اصلی لباس میں ،

۹۶ ص ، ۱۳۵۳ ھ ، محبوب المطابع برقی پریس دهلی ، مولانا سیّد شفقت حسین شفق بکنالوی نے تاریخ کہی :

میرے اُستاد جواہر کے مصنف بیشك — فرد تحریر ہے اُنکی تو ہے یکتا تقریر
معترف ایك زمانہ ہے قلم کا اُنکے — کھینچدی صفحہ قرطاس یہ حقکی تصویر
اتنا پر نور ہے ہر لفظ کہ گویا ہم نے — آفتاب فلك علم کی دیکھی تنویر
سر خرو دیکھ کےمذهب کو جواہر کے سبب — ہاتف غیب پکارا کہ شفق کی تحریر
(۱۳۵۳ ھ)

(۱۰۷۴) چمنستان محمّد پر خزاں اعنی کربلا کے واقعات/ مقتل سادات کا دوسرا حصہ : منیر زیدی الواسطی ،

۲۰۰ ص ، رمضان المبارک ۱۳۴۶ ھ / مارچ ۱۹۲۸م ، مطبع یوسفی دهلی

{ سید منیر حسن زیدی الواسطی منیر دهلوی ابن مولانا سید علی حسین دهلی میں پیدا ہوئے مطبع یوسفی دهلی کے مالك تھے خود کئی کتابوں کے مصنف تھے جن میں سے ایك « اثبات عزا » ہے ۱۷ اپریل ۱۹۶۴م /۴ ذی الحجة ۱۳۸۳ ھ کو واصل بحق ہوئے مومن پورہ قبرستان لاهور میں محو استراحت ہیں آپ کے لوح مزار پر یہ قطعہ تاریخ وفات درج ہے :

عالم و شاعر و ادیب و فقیہہ — زینت بزم آبروئے سخن
ناشر علم مصطفی و علی — سالك مسلك حسین و حسن
پڑھئے تاریخ « خیر باد » کے ساتھ — زیدی الواسطی منیر حسن
۸۱۷ — ۵۶۶ (۱۳۸۳ھ)

(۱۰۷۵) چودہ چراغ : فضل لکھنوی

واقعات کربلا ، نظارہ بك ایجنسی لکھنو .

(۱۰۷۶) چھیانوے سوالات :

جن حضرات نے علامہ سید علی نقی نقوی کی کتاب « شهید انسانیت » کی ردود لکھیں اُن سے ۹۶ سوالات پوچھے گئے ہیں،

سوال نمبر ۱ : مسلمات فرقہ شیعہ سے آپ کی کیا مراد ہے ؟ اصول عقائد یا تاریخی مسلمہ باتیں .

سوال نمبر ۲ :کونسی کتابیں آپ حضرات کے نزدیك ان مسلمات کے مطابق ہیں؟

۲۰ ص ، شاہی پریس نعمت اللہ روڈ ، امین آباد لکھنو .

(۱۰۷۷) چھیانوے سوالات کے مکمل جوابات اور دو سو چھیاسٹھ سوالات : مولانا محمّد طاہر علامہ سید علی نقی کی حمایت میں لکھی جانے والی کتاب « چھیانوے سوالات » کارد ،

۱۱۸ ص ، دس آنے ، صادق بک ایجنسی لکھنو، صادق پریس.

(۱۰۷۸) حدیث قسطنطنیہ بخدمت ڈاکٹر اسرار احمد : عبدالکریم مشتاق

ڈاکٹر صاحب نے حدیث مجعول قسطنطنیہ کو مدحت یزید میں پیش کیا ہے یہ اسکارد ،

۵۹ ص ، پانچ روپے ، حسن بکڈپو بمبئی بازار کھارادر کراچی ، کاتب : سید محمّد یوسف رضوی .

(۱۰۷۹) حسن مجتبی اور شہید کربلا کا نظریہ صلح و جنگ: مولانا سید محمّد محسن نقوی ،

۴۰ ص، پانچ آنے، ادارہ تعلیمات الهیہ کراچی، ایجوکیشنل پریس کراچی.

(۱۰۸۰) الحسین : مولانا سید آغا مهدی رضوی (م ۱۴۰۶ ھ)

۳۵۳ ص ، بلا قیمت ، جمعیت خدام عزا کراچی ، ۱۹۷۷ م، باب الاسلام پریس کراچی ، سید طالب اصغر رضوی نے تاریخ طبع کہی :

بجز نصرت دیں تو کاری نکردی نمیرد ضمیر و بروح دوامی

پی سال طبعش مسیحی به طالب بگفتی نوشت الحسین آغا مهدی (۱۹۷۷م)

سید سردار مهدی نے نظم کہی :

تیرا ہی ذکر ، ذکر رسول انام ہے تیری ہی ذات پاک کا اسلام نام ہے

اپنایا جس نے تم کو اُسے مل گیا خدا تم کو بھلانےوالے پہ جنت حرام ہے

صبر و رضا کا خاتمہ تم پر ہے اے حسین انسانیت کی روح پر تیرا مقام ہے

لکھا ہے « الحسین » عجب شاهکار ہے جامع ہے اور قبول ہر اک خاص و عام ہے

لکھتے رہیں اُنہیں کی حکایات خونچکاں سردار کی یہ حق سے دعا صبح و شام ہے

(۱۰۸۱) الحسین : ایم اے شاهد

۱۰۷ ص ، دو آنے ۱۹۵۳م ، علمی پرنٹنگ پریس کراچی .

(۱۰۸۲) الحسین ترجمہ روضة الشهداء : محمّد بن مهدی (قا : ۱).

(۱۰۸۳) حسین ابن علی کی عبادت الهی : مولانا سید قمر الزمان

۱۵ ص، ۱۳ پیسے ، امامیہ مشن پاکستان لاهور، ۱۹۶۱م ، تعلیمی پریس لاهور.

(۱۰۸۴) حسین اور احساس فرض : مولانا حبیب الحسن نجفی
۱۶ ص ، بارہ آنے ، ادارہ تعلیمات الہیہ کراچی، ایجوکیشنل پریس کراچی.
آغاز:بسملہ حسین کا جذبہ فرض شناسی کچھ ایسا تھا کہ انگوٹھے کے نگینے تک پر یہ عبارت تحریر تھی « علمتَ فاعمل » جانتے ہی بلاتاخیر عمل ہو .

(۱۰۸۵) حسین اور اسلام : علامہ سید علی نقی نقوی (م ۱۹۸۸م)
۴۰ ص، تین آنے ، امامیہ مشن پاکستان لاہور ، انشاء پریس لاہور .

(۱۰۸۶) حسین اور انسانیت : مولانا سید کلب حسین (م ۱۳۸۳ ھ)
۲۸ ص، ۲۲ پیسے ، امامیہ مشن لکھنو،۱۳۷۸ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو.
پاکستان میں یہ کتاب امامیہ مشن پاکستان لاہور نے جولائی ۱۹۵۹ کو تعلیمی پریس لاہور سے چھپوا کر شائع کی .

(۱۰۸۷) حسین اور انکا پیغام :
دو آنے ، ادارہ عالیہ شیعہ مرکز تبلیغ لاہور .

(۱۰۸۸) حسین اور میدان کربلا : دیکھئے امام حسین اور میدان کربلا .

(۱۰۸۹) حسین اور ہندوستان : نجم آفندی اکبر آبادی .
واقعات کربلا اور ہندو تعزیہ داروں کے نام ،
۴۲ ص ، ایک آنہ ، انجمن خدام اهلبیت کڑہ حاجی حسن آگرہ ، ۱۳۵۴ ھ.

(۱۰۹۰) حسین اور یزید کی شخصیت - دنیا کے مذاہب میں :مولانا سید راحت حسین گوپالپوری .
عنوانات : حضرت حسین کی شخصیت - اسلام میں حسین کی شخصیت - مذهب مجوس میں ، حسین کی شخصیت - مذهب یہود و نصاری میں ، حسین کی شخصیت :- مذهب ہنود میں ، حسین کی شخصیت - فرشتو ں کے نزدیک ، حسین کی شخصیت . - جنات کے نزدیک ، حسین کی شخصیت آپ کے قاتلوں کے نزدیک، حسین کی شخصیت .- یزید کے نزدیک ، اسی طرح یزید کے بارے میں عنوانات قائم کئے گئے ہیں
۲۰ ص ، ۱۶ پیسے، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۹۵۸م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۰۹۱) حسین ٹیکری شریف : پروفیسر سید صفی حیدر دانش ،
۱۳۰۳ ھ کو ٹیکری شریف حاورہ اسٹیٹ(ہند)میں محرم اور دسھرہ کی تقریب ایک ہی دن وقوع پذیر ہوئیں مسلمانوں نے محرم کی تقریب ملتوی کر دیں کہ

کہیں ھندو مسلم فساد نہ پھوٹ پڑے لیکن ٹیکری شریف میں لوگوں نے دیکھا
کہ علم نصب ہیں تعزیے نکل رہے ہیں اور ہزاروں کا مجمع ہے اس کتاب میں
اسی اعجاز حسینی کی تفصیلات ہیں،
۶۴ ص، دس روپے ، یکم محرم۱۴۰۴ھ وجیہہ پرنٹرز .

(۱۰۹۲) حسین حسین : محمّد وصی خان ،
امام حسین علیہ السلام کی سیرت و شخصیت پر مشاہیر اہل علم کے مضامین
۱۵ روپے ، محفوظ بک ایجنسی کراچی .

(۱۰۹۳) حسین حسین - ایک تعارف : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
۸ ص ، ۸۰ پیسے ، امامیہ مشن لکھنو ،۱۳۸۴ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۱۰۹۴) حسین - حق و صداقت کی مشعل فروزاں : مولانا سید نصیر حسین نقوی (م ۱۹۸۹م)
۲۴ ص ، تحریک تحفظ تعلیمات آل محمّد سرگودھا .

(۱۰۹۵) حسین - ربانی سیاست : مولانا شیخ بادشاہ حسین (م ۱۳۵۶ ھ)(ذریعہ :۷).

(۱۰۹۶) حسین روضہ رسول پر : آغا اشرف
عنوانات : حسین کون تھے ؟ حضرت حسین کی ولادت کی بشارت ،حضرت حسین کی ولادت ، حضرت حسین کے ساتھ رسول مقبول کا پیار ، حضرت حسین - خلفای راشدین کی نظر میں، یزید کون تھا ؟ حضرت حسین سے بیعت کا مطالبہ ، روضہ رسول پر حاضری ، مدینہ سے روانگی، حضرت حسین مکہ میں ، کوفے سے دعوت ، اہل بصرہ کا بلاوا ، اہل بصرہ کی حمایت ، کوفہ ، حضرت حسین کے سفیر- مسلم بن عقیل ، ابن زیاد کا تقرر ،
۱۰۴ ص، ڈھائی روپے ، شیخ غلام علی اینڈ سنز لاھر، علمی پرنٹنگ پریس لاھور .

(۱۰۹۷) حسین سب کا : غضنفر مھدی : اختر امام رضوی
۱۰۴ ص، امام حسین کونسل اسلام آباد ۱۹۸۵م ، ٹی ایس پرنٹرز راولپنڈی.

(۱۰۹۸) حسین سب کا : شوکت علی عابد
بارہ باب :عزت و ذلّت، شھادت حسین ، شان حسین - احادیث کی روشنی میں ، کردار حسین ، اعجاز حسینی ، دل مصطفی پر شھادت کا اثر ، حسین اور غیر مسلم مشاھیر، حسین اور مسلم مشاھیر ، حسین اور شعراء کرام ، حسین اور علمائے دین ، گلھائے عقیدت ،

۳۲۰ ص ، ۲۵ روپے ، مصطفی پبلشرز حیدرآباد سندھ ، اگست ۱۹۸۵ م ، الائیڈ پریس حیدرآباد .

(۱۰۹۹) حسین سرمایہ انسانیت ہیں : مولانا سید احمد علامہ ھندی (م ۱۳۶۶ ھ)
عنوانات : قومی سرمایہ ، انسانی شرف ، مملوکات انسان کا شرف ، بجز شرک کیا ھر جرم قابل عفو ہے ؟، اساس انسانیت ، دور طاغوتی ، جملہ اقوام عالم کا حسین سرمایہ ہیں ، سرمایہ کی اھمیت ، امام حسین کی تحفظ انسانیت کیلئے فداکاری .
۳۸ ص ، انجمن ناصر العزاء ملتان ، یونین پرنٹنگ پریس ملتان ، اس کتاب کا پہلا ایڈیشن نصرت الاسلام پریس کلکتہ میں چھپا ، ص ۲۰ .

(۱۱۰۰) حسین علیہ السلام اور انکے نانا کی تلوار : سید احتشام حسین رضوی
۸ ص ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۸۶ م.

(۱۱۰۱) حسین علیہ السلام شہید : علامہ سید اختر علی تلھری
۸ ص ، امامیہ مشن پاکستان لاھور ، مئی ۱۹۶۳م .

(۱۱۰۲) حسین علیہ السلام کا پیغام : علامہ نصیر الاجتہادی (م ۱۹۹۰م)
۴ ص ، ملٹری پریس گوالمنڈی .

(۱۱۰۳) حسین مظلوم کو کس نے دفن کیا ؟ : ڈاکٹر ایم ایچ حسینی
حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے امام حسین علیہ السلام کو دفن کیا ،
۱۶ ص ، یوسفی پریس لکھنو .

(۱۱۰۴) حسین کا پہلا قدم : مولانا سید مجتبی حسن کاموںپوری (م ۱۳۹۴ھ)
امام حسین علیہ السلام کی مدینے سے مکہ کی طرف روانگی ،
۲۰ص ، ۱۶پیسے ، امامیہ مشن لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۱۰۵) حسین کا پیغام - عالم انسانیت کے نام : علامہ سید علی نقی (م۱۹۸۸م)
۸ ص ، ایک آنہ ، امامیہ مشن لکھنو .

(۱۱۰۶) حسین کس کے - حسین سب کے :
مولانا عینی شاہ نظامی، مولانا صدر الدین الرفاعی اور مولانا صاحبزادہ محمّد مستحسن فاروقی کے مضامین پر مشتمل ہے ،
۳۲ ص ، ایک روپیہ ، پاکستان حسینی مشن راولپنڈی ، اکتوبر ۱۹۸۲م ، الطاف پرنٹرز راولپنڈی ، کاتب : ملک محمّد اسحاق .

(۱۱۰۷) حسین مظلوم کا خون ناحق اوراسکا اثر: مولانا سید محمّد عباس صدرالافاضل

۱۲ ص، ۱۲ پیسے ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۸۳ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو ۔

(۱۱۰۸) حسین نام ہے معراج دین فطرت کا : خواجہ محمّد لطیف انصاری(م ۱۳۹۹ ھ).
۱۰ ص، دس پیسے ،امامیہ مشن لکھنو،۱۳۷۹ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو۔

(۱۱۰۹) حسین و اسلام : مولانا سلمان احمد چشتی صدر الافاضل

(۱۱۱۰) حسین کی یاد : سید حسن علی شاہ
۳۲ ص ، امامیہ مشن پاکستان لاہور، فروری ۱۹۷۶ ، تعلیمی پریس لاہور۔

(۱۱۱۱) الحسین کے تبصرے کا علمی جائزہ : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
بابائے اردو مولانا عبدالحق (م ۱۹۶۱م) کے سہ ماہی رسالے « اردو » کے جنوری ۱۹۵۶م کے شمارے میں عمر ابوالنصر کی کتاب « الحسین » کے اردو ترجمے پر (م ا ع) یعنی محمود احمد عباسی (م ۱۹۷۴م) کا تبصرہ شائع ہوا زیر نظر رسالہ اس تبصرہ پر تبصرہ ہے ۔
۱۶ ص ، امامیہ مشن پاکستان لاہور۔

(۱۱۱۲) حسینی اقدام کا پہلا قدم : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
۱۶ ص ، امامیہ مشن پاکستان لاہور ، مئی ۱۹۶۴ م ، نامی پریس لاہور ۔

(۱۱۱۳) حسینی پیغام : ایم اے مسعود
امام حسین علیہ السلام کا پیغام دیگر مذاہب کے مشاہیر کی زبانی،
۱۶۰ ص ، ایک روپیہ ، ۱۹۵۰ م ، ناظم پریس لکھنو ۔

(۱۱۱۴) حسینی دنیا : مولانا سید ابن حسن جارچوی (م ۱۹۷۳م)
مشاہیر عالم اور مذاہب عالم کے اہل علم کا ہدیہ عقیدت بحضور حضرت امام حسین ، ڈھائی روپیہ ، نظامی پریس لکھنو ۔

(۱۱۱۵) حسین و غم حسین/محرم و آداب محرم :مولانا سید مرتضی حسین (م۱۹۸۷م)
عنوانات : امام حسین علیہ السلام کی زندگی کا مختصر خاکہ ، شہادت کے اسباب ، کیا مقصد ملک گیری تھا ؟ شہید نہ ہونے سے اسلام پر اثر ، اقدام حسین کا قرآنی پس منظر، محرم اور مسلمان ، غم حسین اور اسکے مظاہر ، شاہ عبدالعزیز محدث دھلوی کا فتوی ،
۴۸ ص ، آٹھ آنے ، ادارہ معارف اسلام لاہور ، کواپریٹو کیپٹل پرنٹنگ پریس لاہور ۔

(۱۱۱۶) حسینی و مسیحی نانے : سید محمّد اسماعیل (علیگ)

حضرت امام حسین و حضرت عیسی علیہما السلام کے مادری اجداد کا ذکر ، ۷۸ ص ، جمال پریس دھلی .

(۱۱۱۷) حسین و مشاہیر عالم : مولانا سید ریاض علی بنارسی (ذریعہ : ۷) .

(۱۱۱۸) حسینیت : مولانا سید احمد علامہ ہندی (م ۱۳۶۶ھ)

(۱۱۱۹) حسینیت اور بین الاقوامی مفاد : علامہ مجتبی حسن کامونپوری (م۱۳۹۴ھ) ۸ ص ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۸۸ ھ .

(۱۱۲۰) حسنی کردار اور حسینی اقدام کا موازنہ : مولانا سید ابن حسن جارچوی (م ۱۹۷۳م)

خود مصنف کے الفاظ میں « قوموں کی زندگی میں بہت سے وقت ایسے آتے ہیں جب رسول مقبول کی مکّی زندگی ہمارے لئے مشعل راہ ہوتی ہے جب تنظیم اور شیرازہ بندی کی بدولت استقامت اور ساز و سامان کی فراہمی میسّر آجاتی ہے تو مدنی زندگی سے ہم سبق لے کر میدان عمل میں آگے بڑھتے ہیں» ۱۱ ص ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۸۸ ھ .

(۱۱۲۱) حضرت امام حسین : انتصار حسین

۹۵ ص ، بارہ آنے ، پنجاب بکڈپو لاہور ، ۱۹۵۱م ، منصور پریس لاہور .

(۱۱۲۲) حضرت امام حسین علیہ السلام اور تیسری شرط بجواب سیدنا حسین کا اپنے موقف سے رجوع اور سیدنا ابن زبیر کا خروج : سید حسین عارف نقوی .

حکیم فیض عالم صدیقی(م ۱۹۸۳م) اہلحدیث کی مذکورہ بالا کتاب کا ردّ ، حضرت امام حسین نے یہ ہرگز نہیں فرمایا تھا کہ مجھے یزید کے پاس لے چلو تا کہ میں اپنا ہاتھ اُسکے ہاتھ پر رکھدوں ،

۳۲ ص ، امامیہ دارالتبلیغ اسلام آباد، محرم ۱۴۰۳ھ ، ایس ٹی پرنٹرز راولپنڈی .

(۱۱۲۳) حضرت سید الشہدا امام حسین کا مقصد شہادت : مولانا سید محمّد عوض ، ۱۶ ص ، ۱۹۷۵م ، زیدی پریس کراچی .

(۱۱۲۴) حضرت امام حسین کی اپنے قاتلوں کے متعلق پیشین گوئی اوراسکے نتائج : مولانا سید ابراھیم لکھنوی ، دس آنے ، نظامی پریس لکھنو .

(۱۱۲۵) حقیقت جنگ کربلا : سید محمّد عبداللہ عبد کاظمی سید کسرانی

۱۹۶ ص ، دو روپے ، ادارہ معارف اسلام لاہور، ۱۳۸۶ ھ .

(۱۱۲۶) حقیقت عزاداری سید الشہداء :

چند مقالات :
حقیقت عزاداری - مولانا ناصر حسین فیض آبادی
تیسری اور چوتھی محرم کے پیغام - خواجہ محمّد لطیف انصاری
حسینی تبلیغ کی آخری اخلاقی قدریں - رضا علی عابدی
کون حسین - پروفیسر سید زین العابدین
ثبوت عزاداری - مولانا محمّد بشیر انصاری (م ۱۹۸۳م)
۷۴ ص ، چار آنے ، انجمن عباسیہ شیعیان نارووال سیالکوٹ ، ایملگامیٹیڈ پریس بازار کاٹھیاں سیالکوٹ .

(۱۱۲۷) حقیقی حسین : حکیم سید محمود گیلانی
عنوانات : نقلی حسین بننے والوں کی عبرتناک تصویر ، بشریت کے چھوٹے مدعیوں کا مہلک انجام ، قوم موسی کے « طلائی بچھڑے » کی حقیقت ، قوم یوشع کے « مذبح عظیم » کی اصلیت ، اصلی شبیر کے ایمان افروز فضائل و شمائل ،
۹۰ ص ، ایک روپیہ،ادارہ تحقیقات حیدری بکھّو بھٹی سیالکوٹ، ۱۹۶۵م، اعجاز پریس سیالکوٹ .

(۱۱۲۸) حق و باطل کاآخری معرکہ : مفتی سید طیب آغا
واقعات کربلا ،
۱۰ ص ،۸ پیسے ،امامیہ مشن لکھنو ۱۹۵۷م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۱۲۹) حیات سید الشهداء : حسن علی دلگیر
مطبع سعیدی حیدرآباد دکن (قا : ۱).

(۱۱۳۰) خدا پرستی اور مادیت کی جنگ : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
اس رسالے کا تعارف یوں پیش کیا گیا ہے :
«آپ نے اس کتابچے میں اس خیال کو غلط ثابت فرمایا ہے کہ آجکل دنیا میں مادیت ترقی کر رہی ہے اور خدا پرستی کا عقیدہ معدوم ہوتا جا رہا ہے یقینا کربلا کے میدان میں خدا پرستی اور مادیت کی فیصلہ کن جنگ ہوئی اور دنیا نے دیکھ لیا کہ مادیت بظاہر کامیاب ہو کر ہمیشہ ہمیشہ کیلئے دنیا سے نابود ہو گئی لیکن روحانیت کو نہ اُسوقت ختم کیا جاسکا اور نہ آئندہ ایسا ہوگا .
۱۶ ص ، امامیہ مشن پاکستان لاہور ، ۱۹۵۸م .

(۱۱۳۱) خدائی فیصلہ اور یزید : حاجی سید اظہار حسنین
مسٹر صلاح الدین خدابخش خان بیرسٹر کلکتہ نے اخبار "Statesmen" کلکتہ کے کسی شمارے میں یزید کی حمایت میں ایک مضمون چھپوایا تھا زیر نظر کتاب میں اسکا رد ہے ، چار آنے .

(۱۱۳۲) خصائص الحسین ، حصہ اول : مولانا شیخ عطا حسین
علامہ نور اللہ شوستری کی کتاب کا ترجمہ ،
ساڑھے چھ روپے ، انجمن ایمانیہ الہ آباد .

(۱۱۳۳) خصائص الحسین حصہ دوم : مولانا شیخ عطا حسین
ساڑھے بارہ روپے ، انجمن ایمانیہ الہ آباد .

(۱۱۳۴) خصائص حسینیہ : مولانا سید ظفر حسن امروھی (م ۱۹۸۹م)
۱۳۰ خصوصیات امام حسین علیہ السلام کا تذکرہ ، ۳۲ ص .

(۱۱۳۵) خلاصۃ المصائب مع نقشہ کربلائے معلّی : محمّد واجد علی شاہ اختر بادشاہ
۱۸۸۶ م ، لکھنو .

(۱۱۳۶) خلافت یزید کے متعلق آزاد رائیں اور ضمیر کی آوازیں : علامہ سید علی نقی
خلاصہ تاریخ طبری دربارہ امارت یزید ، اس سے نتائج اخذ کئے گئے ہیں ،
تیرہ پیسہ ، امامیہ مشن پاکستان لاہور ، ۱۳۸۴ھ /۱۹۶۴م ، نامی پریس لاہور.

(۱۱۳۷) خم خانہ خلد : سید سجاد حسین
واقعات کربلا ، ۲۰۰ ص ، دھلی (قا : ۱).

(۱۱۳۸) خمسۃ البکا فی ذکر عزا خامس آل عبا : عباس مرزا .
۸۰ ص ، ۱۲۹۲ ھ ، بمبئی (قا: ۱).

(۱۱۳۹) خون شھیداں : ممتاز حسین جونپوری
واقعہ کربلا سے مضامین اور خیالات لے کر غزل اور دیگر اقسام نظم و نثر میں اس تخیّل نے مشرقی ادب کو کیا کیا فائدے پہنچائے .
دس باب : تخیل کے اثرات و عمل ، واقعہ کربلا کی تخیل کی اہمیت ، مشرقی ادب پر واقعہ کربلا کی اثر اندازی ، واقعہ کربلا اور مرثیے سے ادب خصوصاً غزل اور مشرقی زندگی کو فائدے ، واقعہ کربلا کا ذکر اور غزل پر اسکا اثر ، بظاھر غزل اور اصلاً واقعہ کربلا کی تشریح ، مختلف مفھوم میں صرف لفظ «کربلا» کا استعمال ، واقعہ کربلا اور حسین سے منسوب اشیاء اور رسوم سے

تخیل، ادب کے شعبہ نثر میں واقعہ کربلا کی گلکاریاں،عربی،فارسی اور بھاشا
کے مثالیہ اشعار ،
۱۴۳ ص، اگست ۱۹۴۲م ، نظامی پریس لکھنو ۔

(۱۱۴۰) خونابہ اشک : مولانا حکیم سید ذاکر حسین اختر (م ۱۳۷۲م)
حضرت امام حسینؑ علیہ السلام کی سوانح ،
۳۲ ص ، ۱۳۳۶ ھ، مطبع یوسفی دھلی ۔

(۱۱۴۱) دانشگاہ حسینؑ سے ایک سبق : سید حیدر موسوی
آیۃ اللہ سید محمّد شیرازی کے عربی میں لکھے ہوئے ایک مضمون کا ترجمہ،
۱۶ ص ، حیدری پریس لاھور ۔

(۱۱۴۲) درس و افکار و کردار سید الشھداء امام حسینؑ علیہ السلام :
۱۹ ص ، امامیہ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن پاکستان کراچی ، ۱۴۰۴ھ/ نومبر ۱۹۸۳م ۔

(۱۱۴۳) درۃ المغموم : اصغر حسین
واقعات کربلا ،
۲۸۰ ص ، ۱۳۶۲ھ (قا: ۱).

(۱۱۴۴) دروس حسینی : مولانا سید افتخار حسین نقوی
۳۲ ص ، ایک روپیہ ، تنظیم سپاہ مہدی ملتان ، کاتب : خان زمان علوی ۔

(۱۱۴۵) دریائے خون : سید جعفر علی شمسی ۔
تذکرہ قربانی حسینؑ ، ۳۲ ص ، مفت ، لاھور ۔

(۱۱۴۶) دنیا کا سب سے بڑا شھید : مولانا سید احمد علامہ ھندی (م ۱۳۶۶ھ)
عنوانات : امام حسینؑ اور مذھب ، اقوام عالم کو انسانیت کی دعوت ، قومی تعمیر کی اساس و امام حسینؑ ، حسینؑ موروثی پیشوا تھے ۔ مظلوموں کی نجات دھندہ، حسینیت ہی مرکز انسانیت بن سکتی ہے ، حسینؑ ھر قوم کی پیشوائی کے قابل ہے ، امام حسینؑ کی مذھبی شخصیت ، امام حسینؑ کی بین الاقوامی حیثیت ،
۸۰ ص ، جنوری ۱۹۴۱ م ۔

(۱۱۴۷) دنیا کی سب سے بڑی قربانی : سید علی حیدر نقوی
تذکرہ قربانی حضرت امام حسینؑ علیہ السلام ،
۱۸ ص ، امامیہ مشن پاکستان لاھور ، نومبر ۱۹۷۸م۔

(۱۱۴۸) دین است حسین : سید مظفر حسین زیدی
۲۴ ص ، ادارہ باب مدینۃ العلم ، کراچی ، ۱۳۹۵ ھ .

(۱۱۴۹) ذبح عظیم : چوھدری محمّد طفیل نیر
سوانح امام حسین منظوم ، ۱۹ص ، ایک آنہ ، دارالاشاعت امرتسر ، ۱۳۴۴ھ، آفتاب برقی پریس امرتسر .
آغاز :
السلام اے طالب حق محو فرمان نبی الصلواۃ اے حامی دین مظہر شان نبی(ص)
السلام اے مرجع « لحمک لحمی » کے عزیز الصلواۃ اے راحت افزائے دل و جان نبی(ص)
السلام اے مایہ ناز علی و فاطمہ الصلواۃ اے شمع نور افروز ایوان نبی(ص)

(۱۱۵۰) ذبح عظیم : طاھرہ نقوی
۳۲ ص ، اسلامیہ پریس کوئٹہ .

(۱۱۵۱) ذبح عظیم : چوھدری جعفر حسین لدھیانوی
۴۰ ص ، رفاہ عام سٹیم پریس لاھور .

(۱۱۵۲) ذبح عظیم : مولانا سید اولاد حیدر فوق بلگرامی (م ۱۳۶۱ ھ)
سو عنوانات :
۴۰۰ ص ، کتب خانہ اثنا عشری لاھور ، نوروز پرنٹنگ پریس لاھور.

(۱۱۵۳) ذبح عظیم اور کارنامہ کربلا : س م جعفر
چار عنوان :قربانی کا پس منظر ، فلسفہ شھادت، اہمیت واقعہ کربلا ، سیاست حسینی ،
۳۴ ص ، ۱۳۷۲ ھ ، سرحد الیکٹرک پریس پشاور .

(۱۱۵۴) ذبیح فرات : مولانا سید مومن علی زیدی
۳۲ ص ، ۱۹۱۹م، اثنا عشری پریس دھلی .

(۱۱۵۵) ذبیح موعود : سمندر خان نیاز
شھادت امام حسین علیہ السلام کی پیشین گوئیاں،حفاظت اسلام کیلئے حسینی تدابیر ، واقعات کربلا اور اُنکے نتائج پر تبصرہ جس سے سانحہ کربلا کے صحیح خد و خال نمایاں ہوجاتے ہیں ،
۶۰۸ ص ، ۲۵ روپے .

(۱۱۵۶) ذبیح نینوا : مولانا سید محمّد ابو جعفر امروھی
۱۲۸ ص ، کتب خانہ اثنا عشری لاھور ، آفتاب عالم پریس لاھور .

(۱۱۵۷) ذخیرۃ المصائب : سیدہ مصطفی بیگم بنت سید باقر حسین
واقعات عاشورہ محرم (ذریعہ : ۱۵)۔

(۱۱۵۸) ذکر امام مظلوم : مولانا مرزا احمد علی
۱۶ ص ، مفت ، پاکستان شیعہ فیڈریشن گوجرانوالہ ،آفاق پریس گوجرانوالہ ۔

(۱۱۵۹) ذکر حسنین : مولانا مرزا احمد علی
۳۲ ص ، ۵۰ پیسے ، ادارہ معارف اسلام لاہور ، ۱۹۶۵م ، تعلیمی پریس لاہور ۔

(۱۱۶۰) ذوالجناحیہ : مولانا غلام حسنین کنتوری (م ۱۳۷۷ ھ)
حضرت امام حسین علیہ السلام کے اسپ با وفا کی تاریخ و کرامات ، ترجمہ مع متن عربی،
۶۴ ص ، مفت ۔

(۱۱۶۱) رسائل خمسہ موسوم بہ حقائق شہادت : مولانا غلام الحسنین پانی پتی (م۱۳۵۶ ھ) پانچ مضامین کا مجموعہ :
۱- محرم الحرام کی وقعت : مولانا خواجہ غلام الثقلین پانی پتی۔
۲- محرم کی مذہبی اور اخلاقی حیثیت :مولانا خواجہ غلام الثقلین پانی پتی
۳- روئداد محرم سے اخلاقی سبق : خواجہ الطاف حسین حالی
۴- فلسفہ شہادت سید الشہداء : خواجہ غلام الحسنین پانی پتی
۵- یادگار حسین : مرزا سلطان احمد رئیس قادیان
۳۲ ص ، ۱۹۱۹ م ، مطبع حقانی دہلی ۔

(۱۱۶۲) رنج عظیم : چوھدری جعفر حسین
تین آنے ، ۱۳۳۷ ھ ، لاہور۔

(۱۱۶۳) رہبر انسانیت امام حسین علیہ السلام:مولانا سید نصیر حسین نقوی(م۱۹۸۹م)
۱۶ ص ، تحریک تحفظ تعلیمات آل محمدؐ سرگودھا۔

(۱۱۶۴) روز عاشورا اصحاب امام کی تقریریں : مولانا سید محمدؐ محسن نقوی
حضرات بُریر بن خضیر، زہیر بن القین، حر بن یزید ریاحی اور حنظلہ بن اسعد رضی اللہ عنہم کی تقریریں ،
۲۴ ص ، تین آنے ، ادارہ تعلیمات الہیہ پاکستان کراچی ، ایجوکیشنل پریس کراچی ۔

(۱۱۶۵) زبدۃ المصائب : مولانا محمّد عسکری (ذریعه : ۱۲).

(۱۱۶۶) زبدۃ المصائب : مولانا حیدر حسین (ذریعه : ۱۲).

(۱۱۶۷) زبردست خلافت : مولانا سید نسیم حسن امروهی.
اس نظریے کا رد جو کہتے ہیں « انّ الحسین قتل بسیف جدّہ » (ذریعه : ۲).

* مرد ما فوق انسان (فارسی) : سید علی اکبر قریشی .

(۱۱۶۸) زندگانی سید الشهداء : سیده گلشن بتول نقوی .
اُن تمام حوادث ، اسباب و علل اور نتائج کا تفصیلی جائزہ جو مسلمانوں کی اجتماعی قوت اتحاد و اتفاق کو زیر و زبر کر گئے ،
۳۰۴ ص ، بیس روپے ، شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور، ۱۹۷۴ م ، علمی پرنٹنگ پریس لاہور .

(۱۱۶۹) الذکری : مولانا مرزا احمد علی (م ۱۳۹۰ھ/ ۱۹۷۰م)
تذکرہ امام حسین علیہ السلام اور جواز گریہ و بکا ،
۲۲ ص ، مفت ، شیعہ ینگ مین سوسائٹی لاہور ، محرم ۱۳۳۲ ھ، خادم التعلیم پریس لاہور .

(۱۱۷۰) سچا پیشوا : سید احمد علامه هندی (م ۱۳۶۶ ھ)
سوانح امام حسین علیہ السلام ، دارالتبلیغ لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۱۱۷۱) سقیفے سے کربلا تک اور فاتح اعظم : مولانا مرزا محمّد اطهر .
۵۰ پیسے ، حسینی مشن جونپور .

(۱۱۷۲) سوانح امام حسین علیہ السلام :
چار آنے ، شیعہ جنرل بک ایجنسی لاہور .

(۱۱۷۳) سیاست حسینیه : نواب سید مظفر علی خان (م ۱۳۵۴ ھ)
شہادت امام حسین اور اسکے سیاسی نتائج،مفت، جانسٹھ ضلع مظفرنگر(هند).

(۱۱۷۴) سید الشهداء : مولانا سید آغا مهدی (م ۱۹۸۶م)
مدیر « النجم » مولانا عبدالکشور لکھنوی کے اس دعوی کا رد کہ لفظ «سید الشهداء» حضرت امام حسین علیہ السلام کیلئے استعمال نہیں ہو سکتا ،
۱۳۵۵ ھ. (ذریعه : ۱۲).

(۱۱۷۵) سید الشهداء ، امام حسین اور یزید :
۵۲ ص ، چار آنے ، حسینی مشن اله آباد .

(۱۱۷۶) سید الشهداء امام حسین اور یزید- مورخین و علماء اهلسنت کی نظر میں:
علی جواد پسونوی .
۴۸ ص ، چار آنے ، وشوو دیالیه پریس سول لائن اله آباد .

(۱۱۷۷) سعادة الدارین فی مقتل الحسین : مولانا محمّد حسین نجفی
شروع میں بطور مقدمه « اصلاح المحافل و المجالس » کی تلخیص ، وفات سیده سکینه ، شهدائے کربلا کی تعداد ، فوج یزید کی تعداد ، پامالی لاشه قاسم ، موجودگی ام لیلی والده حضرت علی اکبر کی نفی کی گئی ہے ،
۶۱۶ ص ، ساڑھے باره روپے ، مکتبة السبطین سرگودھا ، ۱۹۷۱م ، ثنائی برقی پریس لاهور،
یه کتاب ۴۴۱ عنوانات اور تیس ابواب پر مشتمل ہے .

(۱۱۷۸) سفینة الشهداء : مولانا وزیر الدین حسین
سات آنے .

(۱۱۷۹) سیاست معاویه و یزید حصه اول : مولانا منظورحسین بخاری(م ۱۹۸۰م)
محمود احمد عباسی (م ۱۹۷۴م) کی کتاب « خلافت معاویه و یزید » کا رد
اس کتاب کے اهلسنت کی طرف سے بھی ردود لکھے گئے ہیں مثلاً :

۱- مولانا ابو محمّد امام الدین رام نگری	حضرت امام حسین شهید .
۲- گویا جهان آبادی	تواریخ المعاویه
۳- مولانا قاری محمّد طیب	شهید کربلا اور یزید .
۴- مولانا محمّد یوسف لدھیانوی	حسین و یزید
۵- مولانا محمد ادریس ندوی	کتاب « خلافت معاویه و یزید » پر ایک نظر
۶- حیات الله انصاری	ایک رسوائے عالم کتاب
۷- حافظ علی بهادر خان	معاویه و یزید
۸- حافظ علی بهادر خان	صحابیت
۹- حافظ علی بهادر خان	یزید بن معاویه
۱۰- ضیاء احمد بدایونی	قول سدید
۱۱- مولانا سید لعل شاه بخاری(م ۱۴۱۰ ھ)	حضرت معاویه و استخلاف یزید

ایک دیو بندی عالم مولانا عبدالغفور نے عباسی صاحب کی کتاب پر منظوم تنقید لکھی جو ہفت روزه ترجمان اسلام لاهور میں ۲۲ ستمبر ۱۹۶۱ کو شائع ہوئی بعض اشعار استقامت،صبر و جرات کی وه لاثانی مثال - لاله زار شاهد

رحمت کا رنگین نونہال :

نور چشم بو تراب و قرة العین بتول آبیاری خود کریں جس پھول کی دست رسول
آہ ایسے پھول پر گلچین کو ہے اعتراض فاطمہ کے پھول پہ تنقید ہوتی ہے ریاض
قلب ما بر قول عباسی تپید نیست مجرم در خیال او یزید
۵۱۲ ص، مکتبة الناصر لاهور، تعلیمی پریس لاهور، کاتب : سید وزیر حسین شیرازی ، ۷۳ عنوانات ہیں .

* سید الشهداء (فارسی) : آیة الله سید عبدالحسین دستغیب.

(۱۱۸۰) سید الشهداء : عابد عسکری .
۱۸۹ ص ، ۷۵ روپے ، بعثت فاؤنڈیشن لاهور .

(۱۱۸۱) سیاست معاویه و یزید حصه دوم : مولانا سید منظور حسین بخاری (م۱۹۸۰م)
۱۲۶ عنوانات ،
۴۸۸ ص ، مکتبة الناصر لاهور ، تعلیمی پریس لاهور . کاتب : سید وزیر حسین شیرازی .

(۱۱۸۲) سیرت حسین (ع) : مولانا اختر علی فاضل شاهجهانپوری
سات باب :حضرت امام حسین علیه السلام کی شخصیت ، مدعیان اسلام کو جناب امام حسین کے شهید کرنیکی کیونکر جرات ہوئی،کیا حضرت امام حسین علیه السلام کا یزید سے جنگ کرنا بغاوت تھا ؟کیا جناب حسنین علیهما السلام کی پالیسیون میں اختلاف تھا ؟ کیا کربلا میں جناب امام حسین کسی دنیاوی مقصد سے لڑے ؟،کیا جناب امام حسین علیه السلام پر گریه کرنا معصیت ہے ؟، تذکرہ حسینی کے مختلف اشکال اور ان پر تبصرہ ،
۸۶ ص ، اندور چھاؤنی .

(۱۱۸۳) شام غم : ابو المظفر مولانا سید زوار حسین
حضرت امام حسین علیه السلام راہ حقیقت میں جن مصائب سے دوچار ہوئے ان کی مثال مشکل ہے ، ۱۹۱۵م.

(۱۱۸۴) شان صبر : ابو المظفر سید زوار حسین ابن حاجی سید رضی سهارنپوری
یعنی شان صبر امام حسین علیه السلام ،
۱۰۴ ص ، پانچ آنے ، اشاعت العلوم لکھنو .

(۱۱۸۵) شاہ است حسین بادشاہ است حسین : علامه سید علی نقی
۱۶ ص ، دو آنے ، امامیه مشن پاکستان لاهور ، تعلیمی پریس لاهور .

(۱۱۸۶) شاہزادہ یثرب عالم ہجرت میں حصہ اول: مولانا محمّد لطیف انصاری (م ۱۳۹۹ھ)
امیر معاویہ کی وفات ،یزید کی جانشینی اور امام حسین علیہ السلام سے طلب بیعت سے لیکر آپ کی مکہ معظمہ تک ہجرت کی تفاصیل،
۱۱۱ص ، بارہ آنے ، پاکستان حسینی مشین راولپنڈی ،۱۳۷۳ھ / ۱۹۵۳م ، ہمدرد پریس راولپنڈی.

(۱۱۸۷) شاہزادہ یثرب عالم ہجرت میں ، حصہ دوم : مولانا محمّد لطیف انصاری (م ۱۳۹۹ھ)
۱۱۲ ص، پاکستان حسینی مشن راولپنڈی ، ۱۳۷۵ ھ/ ۱۹۵۵م ، ہمدرد سٹیم پریس لاہور .

(۱۱۸۸) شاہزادہ یثرب عالم ہجرت میں ،حصہ سوم :مولانا خواجہ محمّد لطیف انصاری (م ۱۳۹۹ ھ)
۳۴۴ ص، پاکستان حسینی مشن راولپنڈی ،۱۳۸۴ ھ/۱۹۶۴م ، ہمدرد پریس راولپنڈی .

* ابو الشهداء (عربی) : استاد عباس محمود العقاد .

(۱۱۸۹) شاہ شہیداں : عطا حسین
۱۳۴ ص ، ادارہ زین جدید کراچی ، رمضان المبارک ۱۳۷۶ ھ/مارچ ۱۹۶۰ ایجوکیشنل پریس کراچی .

(۱۱۹۰) شاہ یثرب :
امام حسین علیہ السلام کی سوانح ،
چار آنے ، محلہ سیداں لدھیانہ

(۱۱۹۱) شجاعت کے مثالی کارنامے : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
واقعات کربلا ،
۴۸ ص ، امامیہ مشن پاکستان لاہور، انشاء پریس لاہور.

* شہادت (فارسی) : ڈاکٹر علی شریعتی .

(۱۱۹۲) شہادت : سید غلام حسنین کراروی
فلسفہ شہادت امام حسین علیہ السلام ،
۱۴۴ص، امامیہ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کراچ، ابن حسن آفسٹ پریس کراچی .

(۱۱۹۳) شہادت امام حسین :
۱۵ ص ، ینگ مین مسلم شیعہ ایسوسی ایشن کوئٹہ ، محرم ۱۳۷۰ ھ/

۱۹۵۰م ، امین پریس کوئٹہ .

(۱۱۹۴) شہادت امام حسین علیہ السلام : خواجہ غلام الثقلین (م ۱۳۳۳ ھ/۱۹۱۵م)
۱۲ص ، امامیہ مشن لکھنو، ۱۳۸۸ ھ.

(۱۱۹۵) شہادت حسین : حسن رضا .
۱۰۴ ص ، ۱۹۱۸ م ، رفاہ عام پریس آگرہ .

(۱۱۹۶) شہادت حسین (ع) کے اسباب : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
۱۶ ص ، امامیہ مشن پاکستان لاہور .

(۱۱۹۷) شہادت حسین کے اسباب وقوع اور قاتلان حسین کی روبکاری : سید اولاد حیدر بلگرامی (م ۱۳۶۱ھ)
عنوانات : واقعات کربلا کے مادی اسباب ، واقعات کربلا کے روحانی اسباب ، قاتلان حسین کی روبکاری وغیرہ ، ۱۷۶ ص ، دس آنے ، کاظم بکڈپو دھلی، ادریس المطابع ، کاتب : سید نجم الحسن امروھی .

(۱۱۹۸) شہادت عظمی : نذیر حسین زیدی
۶۴ ص ، ۱۹۲۶م ، گورکھپور .

(۱۱۹۹) شہادت عظمی : مولانا سید علی حیدر
مولانا ابوالکلام آزاد کی کتاب «شہید اعظم» کی بعض اغلاط کی نشاندھی ، شاہ عبدالعزیز دھلوی کی کتاب «سر الشہادتین» کا ترجمہ مع عربی متن بھی پیش کر دیا گیا ہے ،
۳۹۸ ص ، پانچ روپے ، مطبع اصلاح کھجوا ، کتاب کی طباعت کے تمام اخراجات ملک گلزار حسین کیانی آف پشاور نے برداشت کئے .

(۱۲۰۰) شہادت عظمی : سید فضل حسین نقوی
۱۲ ص ، ۵۰ پیسے ، وفاق علمائے شیعہ پاکستان ملتان .

(۱۲۰۱) شہادت عظمی : حکیم سیف الدین الفاطمی
عنوانات : شہادت تامہً اور کاملہ ، قبل از اسلام عرب کا تمدن ، اسلام اور دور اسلام ، عہد یزید کا مختصر خاکہ،امام حسین کی خاندانی خصوصیات ، وارث آل ابراھیم اپنے زمانے میں ، امام حسین کے ذاتی کمال اور خصوصیات ، امام حسین کی سخاوت اور دریا دلی ، شہادت کربلا اور سورہ و العصر ، حضرت زینب کی شخصیت ، شہادت عظمی کی اہمیت پر ایک نظر ،
۱۲۰ ص ، محرم ۱۳۷۷ ھ، عباسی لیتھو پریس کراچی.

(۱۲۰۲) شہادت عظمی کے اثرات : مولانا غلام حسین انصاری
عنوانات : شہادت عظمی کا ملائکہ پر اثر ، آسمان سے خون برسنا ، آسمان کی سیاہ پوشی ، امام مظلوم پر جنات کی نوحہ خوانی ،
۲۸ ص ،۲۵ پیسے ، انجمن ناصر العزا ملتان ، ۱۹۶۴م ، پاک الیکٹرک پریس ملتان .

(۱۲۰۳) شہادت کبری ، جلد اول : مولانا محمّد رضی
۶۴۴ ص ، ادارہ نشر علوم دینیہ کراچی ، ۱۹۷۹م ، اشتیاق پرنٹنگ پریس کراچی .

(۱۲۰۴) شہادت نامہ آل نبی : امام بخش ناسخ (م ۱۸۳۸م)
۱۸۸۰م ، نولکشور لکھنو (قا : ۱)

(۱۲۰۵) شہادت نامہ / غم کدہ : نواب علی محمّد خان مراد آبادی
۵۵ ص ، شعبان ۱۳۰۵ ھ/ مئی ۱۸۸۸م ، مطبع نولکشور لکھنو .
آغاز:
اهلبیت شه پہ کل روز مصیبت آنیکا   صبح کو ابن علی لب تشنہ مارا جائیگا
کاٹ لیگا کوئی ظالم سید بے کس کا سر   جسم پر مظلوم کے گھوڑا کوئی دوڑ آئیگا

(۱۲۰۶) شہدائے آل ابی طالب علیہم السلام : مولانا سید محسن نواب
اُن شہدائے کربلا کا تذکرہ جو آل ابی طالب تھے ،
۶۴ ص ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۸۷ ھ .

(۱۲۰۷) شہدائے کربلا ، حصہ اول : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
۶۴ شہدائے کربلا کا تذکرہ ، ۱۱۲ ص ، تین آنے ، امامیہ مشن لکھنو .
محرم ۱۳۵۶ ھ ، یوسفی پریس لکھنو .

(۱۲۰۸) شہدائے کربلا ، حصہ دوم : علامہ سید علی نقی
۵۲ شہدائے کربلا کا تذکرہ ،
۱۶۴ ص ، امامیہ مشن لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۲۰۹) شہدائے کربلا کے واقعات : مرزا فدا علی خنجر
۱۶۲ ص   (قا : ۱)

(۱۲۱۰) الشہید : مولانا مرزا احمد علی (م ۱۹۷۰م)
انبیا ، و صحابہ کی اُن مجالس کا ذکر جو اُنہوں نے حضرت امام حسین علیہ السلام کے بارے میں برپا کیں ،
۲۸ ص ، رفاہ عام سٹیم پریس لاهور .

(۱۲۱۱) الشہید : شیعہ کانفرنس پٹنہ
عنوانات : امام حسین حقیقی محافظ اسلام تھے ۔ قہرمان کربلا، ایثار حسین ، معرکہ کربلا کی اہمیت ، برکات حسینی ، حسینی کیرکٹر کا ایک ورق ، کیا امام حسین ضدی شخص تھے ؟ ۱۱۲ ص ، دس آنے ، بہار شیعہ کانفرنس پٹنہ ، ۱۳۵۱ ھ/ ۱۹۳۲م ، مطبع مجتبائی پٹنہ ، مولانا سید احمد علی خان عظیم آبادی نے تاریخ کہی :
پوچھے اے احمد اگر تم سے کوئی تاریخ طبع کہدو « ہے آئینہ راز شہادت الشہید »
(۱۳۵۱ ھ)

(۱۲۱۲) الشہید : مولانا سید علی جعفری (م ۱۹۶۵م)
دو حصوں پر مشتمل ہے حصہ اول میں امام حسین علیہ السلام کی شخصیت- خداوند عالم ، رسول عالم ، انبیاء و مرسلین، رسول و آل رسول، اصحاب وازواج رسول، اصحاب حسین ، مفکرین اسلام اور مخلوقات عالم کی نگاہ میں حصہ دوم میں یزید بن معاویہ کی حقیقت خدا ،رسول خدا اور اصحاب رسول کی نگاہ میں - علماء و مفکرین اسلام کی نگاہ میں ، مفکرین مغرب کی نگاہ میں ، اور قاتلان امام حسین کا انجام ۔
۳۲۶ ص ، تین روپے باسٹھ پیسے ،۱۹۶۱، اسلامیہ لیتھو اینڈ پرنٹنگ پریس چاٹگام (بنگلادیش) .

(۱۲۱۳) الشہید : مولانا سید محمّد سبطین سرسوی (م ۱۹۴۷م)
عنوانات : شہادت حسین دلیل صداقت نبوت ہے ، نبی برہان توحید ہے ، وجود حسینی برہان توحید ہے ، حسینی جنگ محض دینی تھی ، حسین کا مقابل کون تھا اور کیا تھا ، اصحاب حسین اور جوش صداقت ، ۵۲ ص ، ۱۳۴۴ھ، مطبع کریمی لاہور .

(۱۲۱۴) الشہید : خلیفہ سید محمّد اسلم
۴۰ ص ، ۱۳۵۸ ھ/ ۱۹۳۹م ، پٹیالہ
دوسری مرتبہ یہ کتاب : ۳۲ ص ، ۱۳۶۱ ھ / ۱۹۴۲م، کاتب : حلّی بن جری
ذیل کے چند مقالات پر مشتمل ہے :
۱- حسین اور انکا پیغام : علامہ سید علی نقی
۲- حسینی قربانی کی بارگاہ میں سجدہ نیاز : پنڈت جواھر لال نہرو
۳- تمناء ترقی : مولانا محمّد تقی لکھنوی .
۴- حق و باطل : آغا محمّد طاھر نبیرہ مولانا محمّد حسین آزاد

(۱۲۱۵) الشهید : مولانا سیّد ظفر حسن عاصی امروهی (م ۱۹۸۹م)
۲۸ ص ، مفت ، انجمن اخوان الصفا پٹیالہ ، مطبع کریمی لاہور ۔
(۱۲۱۶) شهید اسلام : مولانا سید محمّد ہارون (م ۱۳۳۹ ھ ق)
عنوانات :ولادت ، کنیت، القاب ، آیت مباہلہ میں آپکی شرکت، سورہ ہل اتی میں آپ کی شرکت،مکارم اخلاق، تواضع، سخاوت ، عبادت،مروان سے مکالمہ، حالات بعد وفات جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم، شہادت کے متعلق پیشین گوئیاں ، آپکی شہادت سے اسلام کو فوائد ، آپ کے اشعار و خطوط ، یزید کی طرف سے بیعت کا پیغام ، مکہ کو روانگی ، حالات سفر کربلا، شہادت امام مظلوم ، حالات اہلبیت بعد شہادت ، حال مختار ،
۴۲۶ ص، ڈھائی روپے ، لکھنو ۔
(۱۲۱۷) شہید اعظم : ڈاکٹر ذاکر حسین فاروقی
۲۶۴ ص، دو روپے پچھتر پیسے ، امامیہ مشن پاکستان لاہور، مئی۱۹۷۱م، نامی پریس لاہور ، کاتب : سید اشفاق ایوب رضوی۔
(۱۲۱۸) شہید اعظم - حسین : سید تہوّر علی جعفری
(۳۲+۶۴) ص ، درود بر محمّد(ص) و آل محمّد، ملت پرنٹنگ پریس کراچی ۔
(۱۲۱۹) شہید اعظم ، مولفہ مولانا ابوالکلام آزاد پر ایک تنقیدی تبصرہ : مولانا محمّد لقا علی حیدری
۴۸ ص ، سوا روپیہ ، جون ۱۹۴۳م ، شانتی پریس بدایوں ۔
آغاز: کسی موضوع پر مضمون لکھنے یا کتاب تصنیف کرنے سے مقصد صرف یہ ہوتا ہے کہ اس موضوع کے ہر ہر پہلو پر روشنی ڈالی جائے اگر وہ تاریخی شے ہو تو تاریخ کی روشنی میں اس کو پیش کیا جاتا ہے آزاد صاحب نے « شہید اعظم» یا « تاریخ جنگ کربلا » کے موضوع پر ۱۹۳۷م میں ایک مقالہ لکھا جو کتاب کی صورت میں ۱۹۳۸م میں مدینہ پریس بجنور سے شائع ہوا اور جسکو شیخ ابن تیمیہ کے پرستاروں نے تاریخ اسلام کا بہترین بلکہ نادر مجموعہ ہی نہیں سمجھا بلکہ سمجھانے کی ناکام کوشش بھی کی۔۔۔
(۱۲۲۰) شہید انسانیت : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
اس کتاب کی پہلی اشاعت میں اسبات کا ذکر موجود تھا کہ صبح عاشور خیام گاہ میں پانی موجود تھا مگر بعد کی اشاعتوں میں اس قسم کی عبارات کو حذف کر دیا گیا ۔

۶۰۰ ص ، ساڑھے بارہ روپیہ ، مکتبہ امامیہ مشن لاہور ، ۱۹۷۱م ، ثنائی برقی پریس لاہور ، کاتب : محمّد اصغر قریشی طاہر رقم .

(۱۲۲۱) شہید انسانیت پر ایک نظر : مولانا سید محمّد ابن علامہ هندی

یہ رسالہ «شہید انسانیت» کے حق میں لکھا گیا ہے پندرہ معتبر شیعہ کتابوں سے ثابت کیا گیا ہے کہ حضرت امام حسین اور انکے ساتھی صبح عاشور غسل فرما کر میدان میں تشریف لے گئے

۱۶ ص ، ۲۰ صفر ۱۳۶۴ھ/ ۱۴ فروری ۱۹۴۵م .

(۱۲۲۲) شہید حق : پروفیسر سید نواب علی

واقعہ کربلا اعلان حق ، حمایت حریت اور اسلامی نظریہ حکومت کی تبلیغ کا ایک مہتمم بالشان کارنامہ ہے ،

۱۰۸ص ، ڈیرھ روپیہ ،۱۹۴۶م ، نظامی پریس لکھنو .

(۱۲۲۳) شہید کربلا: مولانا سید شبیهہ الحسن نونہروی

۸ ص ، آٹھ پیسے ، امامیہ مشن لکھنو،۱۳۷۴ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۱۲۲۴) شہید کربلا ، حصہ اول : مولانا سید محمّد الیاس جارچوی

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات :

۱- یزید کا حکم ناسخ پروردگار ہے یا نہیں ؟

۲- جو مظالم امام حسین علیہ السلام پر ہوئے وہ واجبی طور پر ہوئے یا غیر واجبی طریقے پر .

۳- کیا امام حسین علیہ السلام معمولی لوگوں میں سے تھے وغیرہ .

۱۳۶ ص ، مفت ، امیر بك ایجنسی دهلی ، محرم ۱۳۴۶ ھ ، محمدن پرنٹنگ پریس دهلی .

(۱۲۲۵) شہید کربلا : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)

۱۶ ص ، امامیہ مشن لکھنو ، یوسفی پریس لکھنو .

(۱۲۲۶) شہید کربلا - حسین : سید تہوّر علی جعفری امروهی

۱۶ ص ، مفت .

(۱۲۲۷) شہید کربلا کی کہانی : مولانا اختر علی تلہری

۱۶ ص ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۸۵ ھ .

(۱۲۲۸) شہید کربلا کی کہانی- ایک بیوہ عورت کی زبانی : مولانا محمّد لقاء علی حیدری ، مولانا حیدری مرحوم نے ۱۹۳۱م میں الحاج غلام حسین شیرازی تاجر

رنگون کی فرمائش پر انگریزی زبان میں واقعات کربلا پر مشتمل ایک کتاب لکھی تھی یہ اسی کتاب کا ترجمہ ہے اسمیں ایک ماں اور بچے کا مکالمہ ہے یہ مکالمہ پانچ راتوں کی گفتگو پر ختم ہوا ،

۴۸ ص ، دس آنے ، رئیس پریس کراچی ۔

(۱۲۲۹) شہید کربلا کی یادگار کا آزاد ہندوستان سے مطالبہ : علامہ سید علی نقی
۱۶ ص ۱۳۰ پیسے ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۷۹ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو ۔

(۱۲۳۰) شہید کربلا کی خاندانی خصوصیات اور فداکارانہ روایات:علامہ سید علی نقی
۸ ص ، امامیہ مشن پاکستان لاہور ، مئی ۱۹۶۳م ۔

(۱۲۳۱) شہید نینوا : سید ابن حسن
۳۲ ص ، ۲ آنے ، ۱۹۱۵م ، خواجہ برقی پریس دھلی ۔

(۱۲۳۲) شہید فرات : مولانا خواجہ محمّد لطیف انصاری (م ۱۳۹۹ م)
حضرت ابو طالب کی اس اولاد امجاد کا تذکرہ جو کربلا میں شہید ہوئی ،
۱۲۰ ص ، ۱۳۷۵ ھ / ۱۹۵۶م.

(۱۲۳۳) شہیدوں کی باتیں : نجم آفندی
۵۲ عنوانات کے تحت شہدائے کربلا کے مخصوص گوشوں کو سامنے لایا گیا ہے ،
۶۴ ص ، رضا کار بکڈپو لاہور ، زین پریس لاہور ۔

(۱۲۳۴) شہید وحدانیت : نواب رضا علی خان قزلباش
۱۵ ص ، مفت ، ادارہ معارف آل محمّد لاہور ، ۱۹۵۲م ، انشاء پریس لاہور.

(۱۲۳۵) شیعہ عقائد و مسلمات پر ضرب شدید :
علامہ سید علی نقی کی کتاب « شہید انسانیت » کا رد ،
۳۲ ص ، حسینی مشن لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو ۔

(۱۲۳۶) صبح عاشور : مولانا سید محمّد سبطین سرسوی (م ۱۹۴۷م)
۳۲ ص، جعفریہ ایسوسی ایشن لاہور،محرم ۱۳۶۱ ھ ، حجازی پریس لاہور.

(۱۲۳۷) صدائے بازگشت : افسر لکھنوی.
«شہید انسانیت» کے حق میں منظوم رسالہ،۸ ص، ایک آنہ، شاہی پریس لکھنو.

(۱۲۳۸)صلاح النشاتین فی مشهد الحسین : مولانا سید غضنفر علی رئیس پریانواں
۴۳ ص ، ایک روپیہ ، مطبع یوسفی دھلی ۔

آغاز : بسملہ تاریخ حسین بن علی علیهما السلام کو ہم نے ان معدودے چند

اوراق میں بکمال اختصار منضبط کیا ہے مگر اصل مقصد کے شروع کرنے سے پہلے یہ ظاہر کر دینا ضروری ہے کہ اس کتاب میں چونکہ بیشتر واقعات تاریخ کبیر محمّد بن جریر طبری سے ....

(۱۲۳۹) ضیاء العین فی تواریخ الحسین جلد اول : مولانا سید فیض حسین
مطبع حیدری ، حیدرآباد دکن (ذریعہ : ۱۵).

(۱۲۴۰) طاقت کا مقابلہ کردار سے : مولانا سید اسد علی
حضرت امام حسین علیہ السلام نے یزیدی قوت کا مقابلہ اپنی سیرت و کردار سے کیا جسکو دنیا ابدالآباد تک یاد رکھے گی ،
۱۶ ص ، دو آنے ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۷۶ ھ/ ۱۹۵۶م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۲۴۱) عالمگیر غم : مولانا محمّد عبداللہ شاہ کاظمی
واقعات قبل شہادت و ما بعد و نیز مقصد شہادت حسین و عزائے حسین ،
۱۲۰ ص ، ساڑھے تین روپے ، انجمن سپاہ عباس علمدار حسینی لاہور ، نامی پریس لاہور .

(۱۲۴۲) عزاداری امام حسین علیہ السلام اور الہ آباد :
۴۰ ص .

(۱۲۴۳) عزائے حسینی پر تاریخی تبصرہ : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
عزائے سید الشہداء کے پانچ دور :
واقعات کربلا سے مدینہ منورہ کی واپسی تک ، حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے لیکر امام حسن عسکری کے دور تک ، حضرت امام مھدی علیہ السلام کے غیبت صغری کا دور ، ۳۲۹ ھ سے شیخ طوسی تک ، شیخ طوسی سے صفوی دور تک ، آخر میں « ہندوستان میں عزاداری » کے عنوان سے مقالہ درج ہے .
۹۶ ص ، بارہ آنے ، امامیہ مشن پاکستان لاہور ، ۱۹۵۶م .

(۱۲۴۴) العطشان : سید محمّد زکی رضوی
قرآن و حدیث سے شہادت امام حسین ، ذوالجناح و تعزیہ ، گریہ و بکا اور محرم میں سبیلوں اور نذر و نیاز کا جواز فراہم کیا گیا ہے .
۲۰ ص، خواجہ بك ایجنسی لاہور ، ۱۳۴۸ ھ / ۱۹۲۹م ، واشنگٹن پرنٹنگ پریس لاہور .

(۱۲۴۵) عظمت عاشورہ : مولانا محمّد حسن نجفی ، بمبئی ۔

(۱۲۴۶) العزا ، حصہ اول : علی محمّد زیدی ۔
عنوانات : شہادت امام حسینؑ کا مختصر بیان ، توضیحات عزا ، تاریخ مجلس اور ذاکری کا ارتقا ، ذکر شہدائے کوفہ و کربلا ، ذکر جناب مختار و انجام قاتلان حسینؑ ، شاہان اودھ ،
۳۷۵ ص ، چار روپے ، فروری ۱۹۷۰م ، سمتا پرنٹنگ پریس لکھنو۔

(۱۲۴۷) عین البکاء : مولانا عبداللّٰہ خان (ذریعہ : ۱۵)۔

(۱۲۴۸) عین حقیقت : مولانا سید محمّد مجتبی نوگانوی ۔
کربلا کی جنگ محض دین کی سربلندی کے لئے تھی ،
چھ پیسے ،۱۳۵۲ھ، دائرۃ الاشاعت نوگانواں ضلع مراد آباد ۔

(۱۲۴۹) غدیر سے کربلا تک ، حصہ اول : مولانا سید محسن نواب رضوی (م۱۳۸۹ھ)
واقعہ کربلا، اسکے علل و اسباب اور مقاصد شہادت حسینی پر تحقیقی بحث،
۶۴ ص ، ۵۰ پیسے ، محرم ۱۳۸۳ ھ ، نظامی پریس لکھنو ۔

(۱۲۵۰) غلبہ حیدری / مسیب نامہ : مولانا سید سجاد علی (ذریعہ : ۱۶)۔

(۱۲۵۱) غم حسینؑ اور حسنات محرم : نظیر الحسن فوق
« بدعات محرم » کارد ، ۱۹۰۲ ھ (مطلع)۔

(۱۲۵۲) فکرحسینؑ کی الف بے : مولانا اسد علی شجاعتی
ڈاکٹر محمّد رضا صالحی کرمانی کی فارسی کتاب کا ترجمہ،
۲۷۲ ص،۲۵روپے ، دارالثقافۃ الاسلامیہ کراچی ، ۱۴۰۶ ھ / ۱۹۸۵م۔

(۱۲۵۳) فکر و عمل (دموعٌ و مهج) : محمّد امیر امام حر ۔
سوانح امام حسینؑ علیہ السلام منظوم ،
۱۰۴ ص ، سرفراز قومی پریس لکھنو۔

(۱۲۵۴) فلسفہ انسانیت پر نقد و نظر : سید اکبر حسینؑ اکروٹیا
علامہ سید علی نقی(م ۱۹۸۸م) کی کتاب « شہید انسانیت» متضاد بیانات ، غلط روایات، توہین امامت اور انکار روحانیت پر مشتمل ہے ،
۱۶ ص ، خنداں لکھنوی نے شائع کیا ۔

(۱۲۵۵) فلسفہ انقلاب حسینؑ :
آیۃ اللّٰہ مطہری کے ایک مقالے کا ترجمہ ،
۱۸ ص ، الجامعہ العسکریہ ہنگو ضلع کوہاٹ ، محرم ۱۴۰۵ ھ ، کاتب :

خان زمان علوی .

(۱۲۵۶) فلسفہ اهلبیت : میرزا ایجاد علی

عنوانات : ذبح عظیم کے مختلف اسباب و علل ، جواز گریہ اور قرآن ، حسین اور محبت رسول ، واقعہ کربلا پر ایک اجمالی نظر ، حسین اور فطرت اسلام ، فلسفہ شہادت ، دلائل شہادت ، حسین اور تعلیم اخلاق حسنہ .

۲۴۸ ص ، سوا روپیہ ، شیعہ جنرل بك ایجنسی لاهور ، کواپرٹیو سٹیم پرنٹنگ پریس لاهور ، کاتب : محمّد حسین سیالکوٹی .

(۱۲۵۷) فلسفہ شہادت : مولانا سید سجاد حسین

چھ « امر » : شکریہ محسن و فوائد اتفاق، امام حسین علیہ السلام نے یہ شہادت کیوں گوارا کی تقیہ سے اپنی جان کیوں نہ بچائی ان کی شہادت سے اسلام کو کیا پہنچا تقیۂ بیعت کرنے میں دین محمدی کو کیا ضرر تھا ، امام حسین علیہ السلام کے رفقا کیسے تھے یا انکی مثل و مانند کسی بھی وصی کے احباب و انصار کبھی پہلے بھی ہوئے ہیں، جناب سید الشہداء کو قبول شہادت سے کیا رتبہ ملا، عام طبائع نے شہادت پر کیا اثر ڈالا .

۷۲ ص ، تین روپے ، امامیہ کتب خانہ لاهور، مرکنتائل پریس لاهور .

(۱۲۵۸) فلسفہ شہادت : تبارك حسین

(۱۲۵۹) فلسفہ مجلس : سید شوکت علی

مجالس سید الشہداء کے فوائد (ذریعہ : ۱۶) .

(۱۲۶۰) فلسفہ مدح صحابہ یعنی ذکر حسین سے مدح ثلثہ کے تصادم کا راز : مولانا ابو الفاروق امروهی .

۱۶ ص ، شیعہ سوسائٹی لکھنو ، ۱۹۳۹م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۲۶۱) قافلہ حسین : آغا اشرف

۹۲ ص ، ڈھائی روپے ، شیخ غلام علی اینڈ سنز لاهور، علمی پرنٹنگ پریس لاهور .

(۱۲۶۲) قانون خدا کی صداقت اور حقیقت جنگ کربلا : سید محمّد عبداللہ شاہ سید کسرانی، جنگ کربلا خالص دینی جنگ تھی نہ کہ حصول اقتدار کی جنگ ، ۱۹۲ ص ، دو روپے ، ادارہ معارف اسلام لاهور ، خورشید عالم پریس لاهور.

(۱۲۶۳) فلسفہ کربلا : ڈاکٹر سید مجتبی حسن کاموںپوری (م ۱۳۹۴ ھ)

ایک روپیہ بارہ آنے ، سرفراز قومی بکڈپو لکھنو .

(۱۲۶۴) قرآن اور حسین (ع) :
فضائل قرآن و حسین ،
چار آنے ، نظامی پریس لکھنو .

(۱۲۶۵) قول سدید در جواب و کلاء یزید : مولانا غلام حسین نجفی
مندرجہ ذیل چودہ کتابوں کا رد : سانحہ کربلا ، بدعات محرم ، رسومات محرم قاتلان حسین ، حادثہ کربلا کا پس منظر ، ابتدائے ماتم ، آئینہ کربلا ، حقیقت کربلا ، رشید ابن رشید ،خلافت معاویہ و یزید ، فضیلت جہاد و مجاهد اور یزید ، سیدنا حسین اور امیر یزید ، ماہ محرم اور موجودہ مسلمان ، شہادت حسین ،
۱۴۴ ، لاہور .

(۱۲۶۶) القول الصواب فی جواز التسامح فی ادلة السنن و الآداب :مولانا سیدمحمّد عسکری
مصنف کے اپنے الفاظ میں «اسکے شائع کرنے سے اصل مقصود یہ ہے کہ حضرات ذاکرین حضرت سید الشهدا کی مجالس عزا میں فقط اُن اخبار و حکایات و قصص و واقعات پڑھنے اور نقل کرنے پر اقتصار فرمائیں جو کتب موثقہ میں مرقوم ہیں »
۱۴۶ ص ، ۱۳۱۸ ھ/ ۱۹۱۰م ، مطبع ریاض رضا لکھنو ، مولانا حکیم حامد حسین خان نے تاریخ طبع کہی :

طبع شد طرفہ کتابی کہ بدھر — قائل خوبی او شد ھر کس
عسکری بعد محمّد آید — نام او گر بزباں گیرد کس
کاتب دھر بکشف خلقش — زد رقم کلك سخن سال طبع
ای خوشا قول صواب اقدس — آورد ثا بدل سین عبس
خوب است کتاب و طرفہ مضموں — نظم و مضمون دلپذیر است
از دیدہ معرفت نظر کن — یك صنعت قادر قدیر است
ھر صفحہ اوست آسمانی — ھر دائرہ اش مہ منیر است
برویم کتاب پیش ہاتف — بہرسالش کہ ناگزیر است
بینند اولیس نظر گفت — عنوان کلام بی نظیر است
(۱۹۱۰م)

آغاز: بسملہ و خطبہ اما بعد پس مخفی نرہے کہ حضرات معصومین کے فضائل و مصائب میں اخبار ضعیف السند پر فی الجملہ عمل کے جائز ہونے اور اسکے

نقل کے مباح ہونے پر علمائے اعلام نے اتفاق کیا ہے لکن اخبار مذکورہ سے وہی احادیث و روایات مراد ہیں جو موثوقة الصدور ہوں اور کتب معتمدہ میں موجود ہوں ....

(۱۲۶۷) کارنامہ حسین : سید مصطفی حسین خان

مختلف اہل علم کے مقالات کا مجموعہ :

۱- شہید اعظم منشی پریم چند
۲- امام حسین رضی اللّٰہ عنہ سر سید محمّد فخر الدین
۳- وصیت امام حسین مولانا سید علی محمّد شاد
۴- محسن عام حسین علیہ السلام خواجہ حسن نظامی
۵- حسین ابن علی علیہما السلام مولانا سید رفیع الدین
۶- عورت کا ایثار - جانثار بی بی - صغرا ہمایوں مرزا
۷- شہادت کربلا - خواجہ کمال الدّین
۸- عقل و عشق کا مناظرہ بامام حسین - مولانا سید علی محمّد شاد عظیم آبادی
۹- حسین کے زرین کارنامہ حیات - مولانا سید کلب عباس

۵۶ ص ، بہار شیعہ کانفرنس پٹنہ ،۱۹۳۱ م ، اسلامی پریس گورھٹہ پٹنہ، مولانا وزیر حسن خان نے تاریخ طبع کہی :

یہ غل ہے فلسفہ دانوں میں غور و کاوش ہے حسین پیاسے کا کیا کارنامہ لکھا ہے
وزیر عیسوی تاریخ تم بھی یہ لکھدو شہید ظلم کا دلکش فسانہ لکھا ہے
(۱۹۳۱م)

(۱۲۶۸)کاشف السر الخفی فی شہادت حسین بن علی : مولانا میرزا محمّد ہادی بن علی صالح ،

۱۶۱ ص .

آغاز: بسملہ و خطبہ اما بعد پس کہتا ہے فقیر حقیر خاکپائے شیعیان جناب امیر مولف کتاب خلاصة المصائب محمّد ہادی بن مرزا علی صالح ....

(۱۲۶۹) کار آمد ذاکرین :

فضائل و مصائب امام حسین نظم و نثر میں (ذریعہ : ۱۷).

(۱۲۷۰) کارنامہ حسینی کی منفرد خصوصیت : علی محمّد نقوی

۱۶ ص ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۸۸ ھ.

(۱۲۷۱) کبریت احمر : سید غلام قاسم
خادم حسین بھیروی قادیانی نے ایک رسالہ « تحقیقات واقعات کربلا » شائع کیا تھا جسمیں اس خیال کا اظہار کیا تھا کہ شہادت سید الشھد حضرت امام حسین کے متعلق جو واقعات بیان کئے جاتے ہیں وہ جعلی اور من گھڑت ہیں، اسکا رد ،
۵۷۶ ص .

(۱۲۷۲) کتاب انسانیت کے گم شدہ اوراق : رضی الدّین احمد ،
۸ ص ، چھ پیسے ، امامیہ مشن پاکستان لاہور ، مئی ۱۹۶۴ ، نامی پریس لاہور .

(۱۲۷۳) کتاب « شہید انسانیت » کی وجہ مخالفت : ڈاکٹر شجاعت علی بیگ
علامہ سید علی نقی(م ۱۹۸۸م)کی کتاب « شہید انسانیت» کی وجہ مخالفت کی چھ وجوہ بیان کی گئی ہیں : ناقص مسودہ کا تصحیح سے قبل ہی چھپوا کر کثیر تعداد میں اشاعت کرنا اور مخالفین مذہب حقہ کے ہاتھوں میں پہنچا دینا ، واقعات کربلا کے حقیقی اسباب و علل پر پردہ ڈال کر دنیوی و سیاسی وجوہات کو بیان کرکے خلافت الھیہ کا چھپانا اور شہادت حسینی کی عظمت کو گھٹا کر اس پر پانی پھیرنا ، فضائل اھلبیت اطہار کو دانستہ طور پر چھپانا اور انکے دشمنوں کی مدح سرائی میں رطب اللسان ہونا ، مصائب اھلبیت علیھم السلام کی حتی الامکان پردہ پوشی کرنا ، رسول مختار اھلبیت اطہار اور انکے شیعیان خاص کی سراسر توہین کرنا ، قتل امام حسین سے اصل قاتلوں کو بری الذمہ کر کے اس الزام کو شیعوں کے سر تھوپنا ،
۹۶ ص ، سات آنے ، رفیق مشین پریس حیدرآباد دکن (ھند).

(۱۲۷۴) کتاب « شہید انسانیت » پر تبصرہ منظوم: نسیم امروھی
۱۶ ص ، حسینی مشن لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو.
آغاز :
کیا قیامت ہے چھپے وہ نسخہ نامعتبر جس میں رسوا ہوں اصول ملت اثنا عشر
ڈال کے آنکھوں میں آنکھیں صاحب فہم و نظر بڑھکے اتنا بھی نہ پوچھیں ہے محابا بے خطر
اے مصنف سچ بتا کیا مقصد تصنیف ہے اے مؤلف کس کی اُلفت میں تیری تألیف ہے

(۱۲۷۵) کتاب عجیب فی اخبار السید الذبیح الغریب : نواب سید افضل علی خان
کتاب سماویہ میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کا تذکرہ ،
۳۸ص، ۲۷ جمادی الاولی ۱۲۹۴ ھ ، مطبع اثنا عشری لکھنو .

(۱۲۷۶) کتاب کربلا : احسن عمرانی ،
عنوانات : یزید اور قتل حسین- علامہ میرزا احمد علی - خادم حسین بھیروی کی کتاب « اسرار روایات کربلا » پرتبصرہ حق طاقت ہے ، حبل اللہ سے تمسک ، خون حسین - فوز عظیم ،عروج عزم حسین ، صلح حسن اور جنگ حسین (ع) ، عزاداری - ایک عبادت ، انقلاب حسینی ، کربلا اور کردار حسینی ، قاتلان حسین کا سرپرست ، اسیران کربلا ، جہاد زینب ،
۲۱۲ ص ، مکتبہ کاظمیہ شاھدرہ ٹاؤن لاھور .

(۱۲۷۷) کتب آسمانی اور احادیث میں واقع کربلا کی پیشین گوئیاں :
علامہ سید مجتبی حسن کاموںپوری ،
۱۶ ص،۱۶ پیسے ، امامیہ مشن لکھنو،۱۳۸۴ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۱۲۷۸) کربلا : مولانا سید جلیس ترمذی
۲۴ ص ، چھ آنے ، مکتبہ جلیس جنڈیالہ شیر خان ضلع شیخوپورہ ، ۱۹۵۳م.

(۱۲۷۹) کربلا : سید محمّد ثقلین نو نہروی
علامہ سید مجتبی حسن کاموںپوری کے ۱۶ مقالات : واقعہ کربلا کے مطالعہ کیلئے تاریخی بحث و نظر کی ضرورت ، امام حسین کا پہلا قدم ، کردار کی یکرنگی ، شہادت حسین کربلا کا ایک عملی سبق ، کربلا میں فرد و جماعت و عوام و حکومت کیلئے مثالی نمونے ، اموی سیاست کا حدیث پر اثر ، حسینیت اور بین الاقوامی مفاد، قصہ حسین بن عل، امام حسین (ع) کے کمالات ذاتی ، حضرت قاسم بن حسن ، عہد فاطمی میں مصر کا محرم ،
۱۶۸ ص، ڈھائی روپیہ ، سرفراز بکڈپو لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۲۸۰) کربلا سے کوفے تک : سید میثم تمار پروانہ ردولوی .
واقعہ کربلا کے پس منظر سے لے کر امام حسین علیہ السلام کی شہادت ، مخدرات عصمت کی اسیری، کوفہ و دمشق کے بازاروں اور درباروں میں «اسیران آل محمّد » کی بیباک خطبوں سے لے کر آل رسول کے مدینے آنے تک کے حالات پوری تفصیل کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں چار ابواب ،
۹۷ ص ، سات روپے ، صدیقی اشاعت گھر نئی دھلی ، ۱۳۹۹ھ/ ۱۹۷۹م ، شیروانی آفسٹ پریس دھلی .

(۱۲۸۱) کربلا سے مدینے تک : سید بشارت شکوہ
واقعات کربلا و اسیری اھلبیت ،

تین روپے ، حسینی مشن کانپور.

(۱۲۸۲) کربلا شناسی - توحید سے شہادت تک : سردار نقوی امروھی
چند مقالات پر مشتمل ہے : توحید و عدل ، جناب خدیجہ و حضرت ابو طالب، ہجرت مدینہ و فتح مکہ، قرآن اور عترت رسول ، دمشق اور ابو ذر (رض) ، حضرت علی (ع) اور امام حسن ،
۷۶ ص ، ساڑھے آٹھ روپے ،خراسان اسلامک ریسرچ سنٹر کراچی، ۱۳۹۸ ھ. ابن حسن آفسٹ پرنٹنگ پریس کراچی .

(۱۲۸۳) کربلا کا جرس اصلاح و تعمیر:علامہ سید مجتبی حسن کامونپوری(م۱۳۹۴ھ)
واقعات کربلا سے ماخوذ اصلاح و تعمیر کے پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے .
۱۶ ص ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۸۱ ھ.

(۱۲۸۴) کربلا کا شہید : مولانا سید محمّد رضی
۲۴ ص، شیعہ مشن کراری ضلع الہ آباد ، ایک آنہ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۱۲۸۵) کربلا - کربلا کے بعد : ارتضی بن رضا نواز پوری
عنوانات : واقعہ کربلا کا پس منظر ، حضرت امام حسین علیہ السلام ، حضرت مسلم بن عقیل ، سفر و منازل سفر ، اهلبیت کی تشہیر ، دربار یزید ، زندان شام ، شہادت حسین کے اثرات ،
۲۷۲ ص ، بارہ روپے ، مکتبۃ الشہباز کراچی ، دسمبر ۱۹۷۶ م ، افریشیا پرنٹنگ پریس کراچی .

(۱۲۸۶) کربلا کی کہانی قرآن کی زبانی:مولانا خواجہ محمّد لطیف انصاری(م۱۳۹۹ھ)
۹۷ آیات قرآنی سے واقعات کربلا کا ثبوت ، ۱۶۵ عنوانات ، ابتدا میں مولانا مرحوم کے حالات زندگی انکی بیٹی خلیلہ زینب کے قلم سے ،
۳۵۲ ص ، سولہ روپے ، مکتبہ لطیف سرگودھا، القائم آرٹ پریس سرگودھا ، سید وزیر حسین شیرازی نے قطعہ تاریخ کہا :

ہوئے کشتہ جور زھرا کے جانی کہاں اور کیسے ہوا بند پانی
بانداز حسن بیاں کرچکی ہے کتاب خدا کربلا کی کہانی (۱۳۹۷ ھ)

(۱۲۸۷) کربلا میں سید الشہیدا کی نماز اور مومنین کیلئے پیام عمل :سید حاکم علی
عنوانات : مقصد شہادت عظمی ، حضرت امام حسین علیہ السلام ، حسین کی شہادت کا اثر ، سید الشہداء کی نماز، اسلام میں عزاداری حسین کی ضرورت ،
۴۸ ص ، ۲۵ پیسے ، اسلامک پبلی کیشنز احمد پور شرقیہ ، پاک الیکٹرک

پریس ملتان.

* روضۃ الشہداء (فارسی) : ملا حسین واعظ کاشفی (م ۹۱۰ھ)

(۱۲۸۸) کربل کتھا : فضل علی فضلی
روضۃ الشہداء، کا خلاصہ، بارہ مجلسیں،
۳۴۸ ص ، بارہ روپے ، ادارہ تحقیقات پٹنہ ، اکتوبر ۱۹۶۵م، دیال پرنٹنگ پریس دہلی .

(۱۲۸۹) کربلائے معلی : سید شبیۃ الحمد نقوی
پروفیسر صلاح الدین خدابخش آف پٹنہ کی کتاب :
Short History of Karbala کا رد ،
۳۲ ص ، شوال ۱۳۶۴ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۲۹۰) کردار : شیخ منور حسین چاولہ ،
امام حسین و حضرت عباس علیہما السلام کے حالات زندگی،
۳۲ ص، دو روپے، فیصل آباد .

(۱۲۹۱) کردار حسنین علیہما السلام کی یک رنگی : شہید صفی پوری ،
اہلسنت کے ایک اخبار «پیام اسلام » کے ۸ ربیع الاول ۱۳۵۹ ھ کے شمارےمیں صلح امام حسن اور جنگ امام حسین علیہ السلام کی تضاد عملی پر ایک مضمون لکھا گیا اسکا ردّ ،
۸ ص، ۶ پیسے ، امامیہ مشن لکھنو ،۱۳۶۹ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۲۹۲) کردار یزید در جواب خلافت معاویہ و یزید : مولانا غلام حسین نجفی
عنوانات : پنج تن پاک سے عقیدت رکھنا فرض ہے ، بنو امیہ اور بنو مروان ناصبی تھے ، فسق یزید پر حجاج کی گواہی، اہل کوفہ کے مذہب پر تفصیلی بحث ، کربلا کی جنگ حق و باطل کا معرکہ تھا ، مدینۃ قیصر والی حدیث کے روات پر نام بنام بحث ،
۲۹۶ ص، وفاق علماء شیعہ نواب شاہ سندھ.

(۱۲۹۳) کون حسین : سید زین العابدین ایم اے
۱۶ ص ، ایجوکیشنل پریس کراچی .

(۱۲۹۴) کون ہوں ، کیا چاہتا ہوں ؟ : مولانا سید حسین نقوی
تعارف امام حسین علیہ السلام و پیغام حسینی ،
۲۴ ص ،۱۳ پیسے ، امامیہ مشن لکھنو ،۱۹۸۲م،سرفراز قومی پریس لکھنو.

* گلزار ماتم (فارسی) : محمد صبغت اللہ عظیم نواز خان

(۱۲۹۵) ترجمہ گلزار ماتم : سید محمود حسین ،
۱۲۸۵ ھ ، مطبع مظہر العجائب ۔

(۱۲۹۶) گلگونہ شہادت : آغا شاعر قزلباش
۳۹ ص ، ۱۹۱۵ م ، مطبع یوسفی دھلی ، آخیر میں یہ رباعی بھی درج ہے :
تخصیص نہیں پیر و جواں بھی جائے　　مومن کو ثواب ہے جہاں بھی جائے
بتخانہ میں ہوتا ہو اگر ذکر حسین　　لازم ہے کہ سر کے بل وہاں بھی جائے

* روضۃ الشہداء (فارسی) : ملا حسین واعظ کاشفی (م ۹۱۰ ھ)

(۱۲۹۷) گل مغفرت : حیدر بخش حیدری (م ۱۸۲۳ م)
حیدری نے روضۃ الشہداء کا ترجمہ «گلشن شہیداں» کے نام سے کیا تھا ترجمہ طویل تھا آپ کے ایک دوست مولانا حسین علی جونپوری نے خواہش کی کہ اس کتاب کی تلخیص کر دی جائے چنانچہ گل مغفرت مطلوبہ تلخیص ہے ، (۳۷+ ۲۲۰) ص.
مجلس ترقی ادب لاہور، شفیق پریس لاہور ، شروع میں ڈاکٹر ناظر حسین زیدی کا مقدمہ ہے کتاب بارہ مجالس پر مشتمل ہے ، ۱۲۲۷ھ/ ۱۸۱۲م کو یہ کتاب ہندوستانی پریس کلکتہ میں چھپی تھی ۔

(۱۲۹۸) گنج شہیداں : میرزا تشفی لکھنوی ۔
« روضۃ الشہداء » کاشفی کا ترجمہ (ذریعہ : ۱۲).

(۱۲۹۹) گنج شہیداں ترجمہ روضۃ الشہداء : علی احمد ۔
۱۱۸ ص، صفر ۱۳۳۲ ھ/ جنوری ۹۱۴ م ، مطبع نولکشور لکھنو، منظوم
آغاز :
رحیما رحم کرنا کام تیرا　　دوائے دردمنداں نام تیرا

(۱۳۰۰) ماتم شہید اعظم : مولانا سید محمد امروھی
فلسفہ عزائے حسین　　(ذریعہ : ۱۹).

(۱۳۰۱) مائتین فی مقتل الحسین من کتب الفریقین ، جلد دوم ، حصہ اول :مولانا حکیم سید غلام حسنین کنتوری
۲۳ باب : معجز نمائی امام حسین کی اثبات حقیقت اسلام ہے ، اور انکی وفات غیبت امام مهدی کی مناسبات ، امام حسین کی شہادت کو حیات جاودانی کیوں خدا نے فرمائی اور بیان معجزات کا عموما اور خاص وہ معجزہ جو

گوالیار کے راجہ پر واقعہ ہوا ، بیان اُن اسرار کا جوامام حسین کے سر اقدس نے سورہ کہف اور دیگر آیات قرآن کو پڑھا ہے جس سے تصدیق اُس حدیث نبوی کی بھی ہوتی ہے کہ قرآن و اہلبیت کا ساتھ قیامت تک ہے جسکو امام حسین نے بعد شہادت بھی دکھلایا ، تفصیلی حالات اُن لوگوں کے جو امام حسین کو سفر عراق سے روکتے تھے اور انکے اغراض کیا تھے اورحضرت نے ہر ایک کو کیا جواب دیا اور طرح طرح کے جواب دینے کے اسباب ، عبداللہ بن زبیر اور عبداللہ بن عمر کی نصیحت دربارہ منع روانگی عراق اور حضرت امام حسین کا جواب ، واقعہ قیامت اور واقعہ کربلا سے دنیا میں کون کونسی مشابہت ہوئی اور کس قدر تعلق اُن میں ہے ،

۲۳۶ ص ، ایک روپیہ ، مفید عام سٹیم پریس لاہور .

(۱۳۰۲) مائتین فی مقتل الحسین من کتب الفریقین ، جلد سوم : مولانا حکیم سید غلام حسنین کنتوری

دس ابواب : حیاۃ شہداء کا بیان ، کرامت اُس گھوڑے کی جسکا نام مرتجز تھا جس پر بروز عاشوراء امام حسین علیہ السلام سوار تھے ، اثبات منافع عزاداری ، دفن جسد امام حسین علیہ السلام کا بیان ، برکات محرم ،

۱۲۰ ص ، دس آنے ، سیوک سٹیم پریس لاہور .

(۱۳۰۳) مائتین فی مقتل الحسین علیہ السلام : علامہ حکیم سید غلام حسنین کنتوری (م ۱۳۳۷م)

واقعات کربلا ، ۸۰۸ ص ، ڈھائی روپے .

(۱۳۰۴) ماجری فی کربلا : حکیم سید مصطفی حسین ،

۸۳ ص ، چار آنے ، مسلم پرنٹنگ پریس لاہور .

(۱۳۰۵) مجسمہ انسانیت : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)

حالات زندگی امام حسین علیہ السلام ،

۱۶ ص ۱۳۰، پیسے ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۷۹ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۳۰۶) محرم اور ہم : ڈاکٹر سید علی مومن

عزاداری سید الشہداء سے خاطر خواہ فائدہ نہیں اُٹھایا جا رہا ،

۱۶ ص، ۶۰ پیسے ،مجلس امامیہ پاکستان کراچی، شوکت علی پرنٹرز کراچی.

(۱۳۰۷) مختصر سیرت امام حسین علیہ السلام : مولانا خواجہ محمدؐ لطیف انصاری
۳۲ ص (ناقص الآخر) ، انجمن تبلیغ الایمان لدھیانہ ، محرم ۱۳۶۵ ھ.

(۱۳۰۸) مجاھد اعظم : مولانا سید شاکر حسین امروھی (م ۱۹۴۸م)
عام رسمی روایات سے ہٹ کر واقعات کربلا کو عقلی پیمانے پر بھی ماپا گیا ہے مندرجہ ذیل واقعات پر نقد و جرح بھی کی گئی ہے:
حضرت امام حسین علیہ السلام کی روانگی مکہ معظمہ کے وقت ایک بیمار بیٹی کو جسکا نام فاطمہ صغری تھا مدینے میں چھوڑ جانا ، فریقین کی فوجوں کی تعداد ، اھلبیت پر تین شبانہ روز پانی بند رہنا (مصنف ۷-۸ محرم کو پانی کی موجودگی کا اقرار کرتا ہے) ، عقد قاسم ابن الحسن ، زعفر جن کا حضرت کی کمک کو آنا ، پسران مسلم کی کوفے میں شہادت ، زندان شام میں حضرت سکینہ کا وفات پانا ، تاراجی خیام ،
۵۱۲ ص ، چار روپے ، اردو ادبستان جے پور ،۱۳۶۱ھ ، دھلی اردو پریس دھلی .

(۱۳۰۹) مجاھد اعظم کی نماز : مولانا سیدؐ نجم الحسن کراروی (م۱۴۰۲ھ/۱۹۸۲م)
۸ ص ، مفت ، کاتب : محمدؐ شفیع .

(۱۳۱۰) محاربہ کربلا : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
۸۸ ص ، پانچ آنے ، امامیہ مشن لاھور ، ۱۳۷۵ ھ، انشاء پریس لاھور .

(۱۳۱۱) محافظ انسانیت : سید محمدؐ اختر رضوی ھلوری ،
چند افراد کی زندگی کا خاکہ انسانی نقطہ نظر سے پیش کرتے ہوئے محسن انسانیت حضرت امام حسین علیہ السلام کی عظیم الشان قربانیوں کا ذکر کیا ہے . عنوانات : مخلوقات عالم میں انسان کا درجہ ، اشرف المخلوقات کی خلقت کامنشاء ، انسانوں میں اختلاف کیوں رونما ہوا ، انسان کامل اور انسان ناقص نے اپنے کیا فرائض بتائے ، ان دونوں کا ابتدائی مقابلہ ، دونوں کے مقابلے کا دور وسطی ، ۶۹ ص ، بارہ آنے ، دارالاشاعت ھلور ضلع بستی (ھند) ، فائن آرٹ لیتھو پریس بھنڈی بازاربمبئی .

(۱۳۱۲) محرم کا اصلی مفھوم : سرسید رضا علی،(م ۱۹۴۹ھ)
۸ ص ، محبوب المطابع برقی پریس دھلی .

(۱۳۱۳) محسن اسلام :
سوانح امام حسین علیہ السلام ، پانچ باب

(۱۳۱۴) محسن انسانیت : مولانا سید محسن نواب رضوی (م ۱۳۸۹ ھ)
علامه سید علی نقی (م ۱۹۸۸م) کی کتاب « شهید انسانیت » کا رد ، مولانا رضوی مرحوم نے اس کتاب کی وجه تألیف میں لکھا ہے « کتاب مذکور (شهید انسانیت) میں چونکه بہت سے امور خلاف مسلمات و عقائد شیعه درج تھے اور بہت سے تاریخی حقائق پر بلاوجه پرده ڈالا گیا تھا نیز واقعه کربلا کے تاریخی اور اصلی اسباب کو حتی المقدور چھپانے کی کوشش کی گئی تھی واقعه کی عظمت کو گھٹایا گیا تھا اس میں معصوم اور بلند مرتبه ہستوں کے لئے ناروا اور توہین آمیز باتیں درج تھیں . بہت سے مجرمین کی صفائی پیش کی گئی تھی کچھ ایسے اشخاص کی بیجا اور بیضرورت مدح سرائی تھی جن کی مدح مسلمانوں کے ایک فرقے کے نزدیک (جو تحریک یادگار حسینی میں سب سے زیاده حصه لے رہا تھا) دل آزار تھی » ،
۳۲۰ ص ، نظامی پریس لکھنو .

(۱۳۱۵) محضر غم / بوستان شهادت : بنده حسن
۶۴ ص ، مطبع مجتبائی دهلی .

(۱۳۱۶) مذبوح قفا : مولانا شیخ محمّد علی دهلوی (م ۱۳۶۷ ھ)
حالات امام حسین ،
۴۴ ص ، ۱۳۴۲ ھ/ ۱۹۲۳م ، اثنا عشری پریس دهلی.

(۱۳۱۷) مذهب اثنا عشری مجاهده حسینی کے زیر سایه : مولانا سید محسن نواب (م ۱۳۸۹ ھ)
واقعات کربلا کے اُن اثرات کا ذکر جو مذهب شیعه پر مرتب ہوئے ،
۱۶ ص، امامیه مشن لکھنو ، ۱۳۸۶ ھ.

(۱۳۱۸) مرقع غم : سجاد علی صافی
عماد پریس حیدرآباد دکن (قا : ۱).

(۱۳۱۹) مرقع غم جلد ۳ : محمّد رضا خان رضا
۱۸۹۲ م ، مطبع نولکشور لکھنو (قا : ۱).

(۱۳۲۰) مشاهیر عالم اور حسین :
ایک روپیه .

(۱۳۲۱) مشاهیر عالم میں امام حسین کا مرتبه : مولانا محمّد لقاء علی حیدری (م ۱۳۸۴ ھ)

۲۴ ص ، بیس پیسے ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۸۷ ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۳۲۲) مصائب الشہداء : آغا نجف علی ملتانی

۱۳۰۴ ھ (آصفیہ).

* ماتم کدہ (فارسی) : میرزا قاسم علی رضا

(۱۳۲۳) مصائب الشہداء : (ذریعہ : ۲۰).

(۱۳۲۴) مصلح اعظم : مولانا سید احمد علامہ ھندی (م ۱۳۶۶ھ)

عنوانات: قبل از اسلام کا عربی تمدن اور امام حسین (ع) ،عرب میں رسول کے بعد کی حالت اور امام حسین کی مشکلات میں اضافہ ، امام حسین کی نفسانی حالت کی بزرگی، امام حسین کی نسلی خصوصیات، امام حسین کا نسلی ارتقا، امام حسین کا نسلی طریقہ کار ،مذہب انسانی خون کی حفاظت کا واحد ذمہ دار ہے ، حسین کی شہادت دائمی صلح کیلئے تھی ، شہادت حسین کا عالمگیر اثر، تاریخ عالم میں نئے انسانی تصور کا اضافہ ،

۸۰ ص ، دارالتبلیغ لکھنو ، ۱۳۶۰ ھ .

(۱۳۲۵) مظلوم کربلا - حسین : سید تہور علی جعفری

۱۶ ص، مفت ، کراچی .

(۱۳۲۶) مظلوم کربلا کا لاجواب حکیمانہ تدبّر : مولانا محمّد نقی نجفی ،

۱۶ ص ، سبحانی مشن کراچی ، کاتب : غلام شبیر کربلائی ، مطبع عثمانی کراچی .

(۱۳۲۷) مظلوم کربلا کا مقصد شہادت : مولانا حسن مهدی خان ،

۱۲ ص ، جمعیت طلباء جعفریہ لاہور .

(۱۳۲۸) معراج انسانیت : مولانا عبادت نقوی امروھی ،

علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م) کی کتاب « شهید انسانیت » کا ردّ ،

سات روپے ، اردو پبلیشرز لکھنو .

(۱۳۲۹) معجزات حسینی : مولانا سید نذر حسین گوپالپوری ،

۸۰ ص، دسمبر ۱۹۷۷ م ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۱۳۳۰) معراج شہادت : سید خیرات احمد ،

۱۸ ص ، دو آنے ، مطبع اصلاح کھجوا ، کاتب : محمّد جواد لکھنوی .

(۱۳۳۱) معراج المعرفۃ /عجائب الرغائب فی مجالس ذکر الاطائب : مولانا حکیم محمّد امجد علی خان ولد مولانا حکیم ابو علی خان امروھی
چند « مطلب» ذکر جناب رسالتمآب علیہ و آلہ الاطیاب صلوات اللہ الملک الوھاب موجب خوشنودی الارباب اور باعث ثواب بے حساب ہے ، ذکر اھلبیت اطہار بعینہ ذکر جناب رسول مختار اور موجب خوشنودی پروردگار اور باعث اجر و ثواب بے شمار ہے ، مصائب میں گریہ و بکا فعل انبیاء ، و اوصیاء ، و صلحاء ، اور موجب رضائے خدا ہے ، حضرت امام حسین علیہ السلام کے مصائب پر رونا موجب ثواب عظیم اور اجر کریم ہے ،
مولانا سید دلدار علی نقوی غفرانمآب کا فتوی بھی نقل کیا گیا ہے . جس میں بتایا گیا ہے کہ تعزیہ یا امامباڑے کی طرف منہ کرکے زیارت پڑھنا جائز نہیں ، ۸۲ ص ، ۲۸ شعبان ۱۳۰۵ ھ ، ورما پریس لکھنو .
[مولانا حکیم محمّد امجدخان ابن حکیم ابو علی خان بن حکیم حسین علی خان عرف غلام علی خان ابن حافظ امام الدین خان بن حکیم قوام الدین خان بن اعظم الدین خان بن عبدالمجید ۲۶ ذی الحجۃ ۱۲۴۲ ھ کو امروہے میں پیدا ہوئے آپ حضرت مصعب بن زبیر ابن العوام کی اولاد سے ہیں آپ کے خاندان میں سب سے پہلے اعظم الدین خان نے مذہب شیعہ اختیار کیا ابتدائی تعلیم اپنے والد ماجد سے حاصل کی اسکے بعد مولانا سید سراج حسین ابن مفتی سید محمّد قلی اور مولانا سید محمّد سیادت امروھی کی خدمت میں گئے آپ کی تألیفات میں تنزیھ القرآن عن و ساوس اتباع الشیطان ، آیات محکمات ، تکمیل التھذیب ، کنز المعرفۃ ، ناصر الایمان زیادہ مشہور ہیں، تکملہ نجوم السماء ج یکم ص ۲۱۰ کی یہ اطلاع کہ سیف المومنین المقلب بہ کشف الرین فی اثبات العزا علی الحسین بھی حکیم محمّد امجد علی خان کی تصنیف ہے درست نہیں بلکہ یہ کتاب آپ کے والد مولانا حکیم ابوعلی خان کی تصنیف ہے آپکا انتقال ۱۳۱۹ ھ کو ہوا. تفصیلات کے لئے دیکھئے.
۱- حکیم نواب علی خان ابن حکیم امجدعلی خان - شمس التواریخ جلددوم ، ۱۸۹۹ م مطبع رائیصاحب .
۲- میرزا محمّد مھدی لکھنوی کشمیری - تکملہ نجوم السماء ، جلد یکم ، ۱۳۹۶ ھ ، قم]

(۱۳۳۲) معرکہ کربلا : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)

نو ابواب ، ۸۸ ص ، امامیہ مشن لکھنو .

(۱۳۳۳) معرکہ کربلا کی بین الاقوامی سیاسی و مذہبی حیثیت : شیخ خدا بخش
نو ابواب: معرکہ کربلا کی بین الاقوامی حیثیت، کیا واقعہ کربلا مشیت ایزدی کے ماتحت تھا ؟ حقوق انسانیت، معرکہ کربلا کی سیاسی تصویر، معرکہ کربلا کا پس منظر، انسانیت سوز مظالم اور انکا تجزیہ ، صبر کسے کہتے ہیں اور ہم اُسے کیا سمجھ رہے ہیں ؟
۶۴ ص ، محمّد علی اینڈ برادرز راولپنڈی ، فیض الاسلام پرنٹنگ پریس راولپنڈی.

(۱۳۳۴) معرکہ کربلا کیا دو خاندانوں کی لڑائی تھی ؟ علامہ سید ابن حسن جارچوی (م۱۹۷۳م)
۱۶ ص ، تیرہ پیسے ، امامیہ مشن پاکستان لاہور، ۱۹۶۲م ، تعلیمی پریس لاہور .

(۱۳۳۵) معیار ہدایت : مولانا سید محسن علی سبزواری (م ۱۳۴۷ ھ)
حضرت امام حسینؑ علیہ السلام کا مقصد سلطنت حاصل کرنا نہ تھا ،
۳۲ ص ، مفت ، جعفریہ ایسوسی ایشن پنجاب لاہور ، ۱۹۲۵م ، حیدری پریس لاہور .

(۱۳۳۶) مفارقات الحسینیہ و العثمانیہ : علامہ سید غلام الحسنین کنتوری (م۱۳۳۷ھ)
حضرت امام حسینؑ کی شہادت اور قتل خلیفہ سوم کا فرق ، ایک کالم میں عربی دوسرے کالم میں اسکا ترجمہ ،
۴۰ ص ، مطبع اصلاح .

(۱۳۳۷) مقاصد حیرت : ماہ عالم خاور گورگانی .
میرزا حیرت دھلوی نے یزید کی حمایت میں جو کچھ لکھا ہے اسکا ردّ ،
۶۴ ص مطبع اصلاح کھجوا .

(۱۳۳۸) المقبول نافع البکا علی سبط الرسول : سجاد حسین
۲۱۰ ص ، ۱۸۷۲ م ، مطبع نظامی لکھنو .

(۱۳۳۹) مقتل : مولانا سید محمّد رضوی اکبر آبادی (م ۱۳۲۴ ھ)
شہدائے کربلا کا تذکرہ (مطلع)

(۱۳۴۰) مقتل حسینؑ :
امام حسینؑ علیہ السلام کی مدینے سے روانگی تا کربلا ، نظم و نثر ،

۴۸ ص ، شمیم بکڈپو کراچی ، ۱۹۶۳م .

* مقتل (عربی) : ابن نما.

(۱۳۴۱) مقتل ابن نما : مولانا سید محمد حسین نوگانوی (م ۱۳۶۲ھ).

(۱۳۴۲) مقتل ابن نما : مولانا سید مظاہر حسین ،

۱۱۵ ص ، ایک روپیہ ،ترجمے کی تکمیل ۱۱ ذی قعدہ ۱۳۳۹ ھ کو جانسٹھ میں ہوئی خود مترجم نے قطعہ تاریخ کہا :

ندا آئی یہ ہاتف کی کہ مقتل واہ کیا لکھا جو مقتل ابن نما کا ہے اسی کا ترجمہ لکھا
زباں کیا صاف ہے گویا دھلی ہے آب کوثر سے نہیں کچھ شک کہ پیاسوں کا ہے سچا واقعہ لکھا
مجھے تصنیف کی تاریخ میں فکر تردد تھا خرد نے صفحہ دل پر غموم کربلا لکھا
(۱۳۳۹ ھ)

۱۳۴۷ ھ ، مطبع اثنا عشری دھلی .

(۱۳۴۳)مقتل الحسین : علامہ سید مجتبی حسن کامونپوری (م ۱۳۹۴ ھ)

مقتل الحسین از عقبہ بن سمعان کا ترجمہ ، عقبہ بن سمعان حضرت امام حسین علیہ السلام کے صحابی اور حضرت رباب کے غلام تھے عقبہ وہی ہیں جو مدینے سے تا وقت شہادت امام حسین آپ کے ساتھ رہے عقبہ کہتے ہیں کہ حضرت امام حسین نے یہ کبھی نہیں کہا کہ مجھے یزید کے پاس جانے دو تا کہ میں اپنا ہاتھ اسکے ہاتھ پر رکھدوں .

ترجمہ مع عربی متن ، ۹۶ ص ، امامیہ مشن لاھور ، ۱۹۶۳م ، الھلال پریس لاھور .

(۱۳۴۴)مقتل الحسین یعقوبی : علامہ سید مجتبی حسن کامونپوری (م ۱۳۹۴ ھ)

ابن واضح یعقوبی نے اپنی تاریخ میں واقع کربلا سے متعلق جو کچھ لکھا ہے اُس کا ترجمہ، شروع میں ڈاکٹر وحید مرزا صدر شعبہ عربی لکھنو یونیورسٹی کی تقریظ ہے .

۴۸ ص، ایک روپیہ،مجلس علمی باغ مکہ لکھنو، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۱۳۴۵) مقتل الحسین ضحاک مشرقی : مولانا سید مجتبی حسن کامونپوری (م ۱۳۹۴ھ)

ضحاک بن عبیداللہ نے شب عاشور حضرت امام حسین کی اس شرط پر بیعت کی تھی کہ میں آپ کی اس وقت تک نصرت کرونگا جب تک میری مدد سے آپ کو کچھ فائدہ پہنچے اس کتاب میں انکی زبان سے واقعات کربلا مندرج ہیں ، ترجمہ مع متن عربی ،

۳۸ ص ، پاکستان حسینی مشن راولپنڈی، محرم ۱۳۷۴ ھ/ اگست ۱۹۵۴م ، ہمدرد پریس راولپنڈی ۔

(۱۳۴۶) مقتل الحسین علیہ السلام : مولانا علامہ سید مجتبی حسن کامونپوری (م ۱۳۹۴ ھ)

تاریخ ابو الفداء ، میں ابن عربی مسبحی(م ۱۲۶۸م)کی روایت مقتل کا ترجمہ

۴۰ ص ، پانچ آنے ، اسد بکڈپو لاہور ، انصاف پریس لاہور ۔

(۱۳۴۷) مقتل سادات اعنی کربلا کے واقعات ، پہلا حصہ : منبر زیدی الواسطی

واقعات کربلا ،

۱۸۴ ص ، ۱۳۴۵ ھ ، مطبع یوسفی دھلی ۔

(۱۳۴۸) المقتول : محمّد رضی الرضوی

عزاداری سید الشهدا حضرت امام حسین علیہ السلام کے فوائد ، بعض یورپین مورخین کے اسبارے میں اقوال ،

۳۲ ص ، دو آنے ، شیعہ ینگ مین سوسائٹی

لاهور، محرم ۱۳۴۲ ھ/ اگست ۱۹۲۳م ، پبلک پرنتاب پریس لاهور ۔

(۱۳۴۹) مقدمہ شہید اعظم : مولانا ریاض بنارسی

کتاب « شہید اعظم » کا مقدمہ ،

۸۸ ص، ستر پیسے ، امامیہ مشن پاکستان لاہور ، ۱۹۶۱ م ، تعلیمی پریس لاهور.

(۱۳۵۰) مقدس سیرت : مولانا مرزا یوسف حسین (م ۱۹۸۸م)

مولانا خواجہ محمّد لطیف انصاری نے ایک کتاب بعنوان « سیرت امام حسین علیہ السلام » لکھی تھی جو جنڈو الیکٹرک پریس لدھیانہ میں چھپی تھی زیر نظر کتاب میں اسی متن کو سامنے رکھتے ہوئے کچھ تفصیلات بیان کی گئیں ہیں ،

۱۱۲ ص ، آٹھ آنے ، شیعہ جنرل بک ایجنسی لاہور ،۱۹۵۰م ، انصاف پریس لاهور .

(۱۳۵۱) مقصد حسین : مفتی طیب آغا

۱۶ ص ، دو آنے ، تعلیمی پریس لاهور ۔

(۱۳۵۲) مقصد حسین : مولانا سید علی جعفری

۲۰۸ ص ، ڈھائی روپے ۔

(۱۳۵۳) مقصد حسینیت : سید اکبر حسین رضوی
۱۶ ص ، مکتبہ امامیہ محبان اہلبیت بلوچستان ، بولان مسلم پریس کوئٹہ .
(۱۳۵۴) مکّہ سے کربلا تک : واصف عابدی ،
۱۶ ص .
(۱۳۵۵)ملت حضرت ابراہیم خلیل و امام حسین علیہما السلام : مولانا سید ناصر حسین فیض آبادی ،
۳۲ ص ، مفت ، مبارک علی جلوا آف لاہور .
(۱۳۵۶) منازل آلام : مولانا سید راحت حسین گوپالپوری (م ۱۳۷۶ ھ)
مدینہ منورہ سے کربلا تک حضرت امام حسین علیہ السلام نے جن جن منازل کو طے کیا اُنکا تذکرہ ،
۲۸ص ، ۲۵ پیسے ، امامیہ مشن لاہور ، اگست ۱۹۶۳م ، الہلال پریس لاہور.
(۱۳۵۷) منتخب المصائب / مجالس حسینیہ : مولانا سید حسین گریاں ،
بارہ آنے ، لکھنو.
(۱۳۵۸) ملحوظات عزا : مولانا سید ظل حسنین ،
مقالات دربارہ شہادت و عزاداری سید الشہداء ،
۲۱۶ ص ، چار روپے ، ۱۹۷۱م ، تعلیمی پرنٹنگ پریس لاہور .
(۱۳۵۹) موازنہ حق و باطل : سید احمد علی شاہ سابق صدر آزاد کشمیر،
سہ ماہی « اردو » کراچی میں محمود احمد عباسی(م ۱۹۷۴م) کی کتاب « الحسین » کے تبصرے کا ردّ ،
۶۴ ص ، چھ آنے ، ادارہ معارف اسلام لاہور، محرم ۱۳۷۶ ھ ، کواپریٹو کیپیٹل پرنٹنگ پریس لاہور .
(۱۳۶۰) مولائے کربلا حسین : سید تہوّر علی جعفری امروہی
۱۶ ص ، مفت ، کراچی .
(۱۳۶۱) مہمان کربلا حسین : سیّد تہوّر علی جعفری امروہی
۱۶ ص ، مفت ، کراچی .
(۱۳۶۲) میراث انبیاء : سید مجتبی حسین شمس آبادی ،
حالات امام حسین علیہ السلام ،
۳۰۳ ص، ۱۳۹۷ ھ/۱۹۷۷م ، المشهد پرنٹنگ پریس کراچی .

(۱۳۶۳) ناموس اسلام ، حصہ دوم : خلیفہ سید محمدؐ ہاشم پٹیالوی
فضائل اہلبیت، واقعات کربلا اور حالات خاندان بنی امیہ ،
۴۷۰ ص ، مکتبہ امامیہ لاہور ، ۱۹۷۱ م ، تعلیمی پریس لاہور .

(۱۳۶۴) ناوك تقدیر : معصوم رضوی
علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)کی کتاب « شہید انسانیت » کا ردّ، منظوم،
۱۲ ص ، ۲۱ جنوری ۱۹۴۵م.
نمونہ :
ذکر عاشورا میں لکھا ہے یہ بیخوف و خطر غسل فرمایا امام دیں نے ھنگام سحر
صاف نکلا یہ نتیجہ اس سے قصہ مختصر داستان آب میں ہے اختلاف اور اس قدر
معتبر نا معتبر کا فیصلہ تو نے کیا وائے ہو تجھ پر یہ ہنگامہ بپا تو نے کیا

(۱۳۶۵) نخل صدیقہ ماتم : روشن علی خان توفیق زیدی
« راویان نے لکھا ہے کہ جسدم شمر نا بکار جفا کار نے خنجر آبدار حلق تشنہ شاہ نامدار پر رکھا اس دم حضرت نے آبدیدہ ہو کر فرمایا بار خدایا میرے حال زار کو دیکھ اور واسطے میرے جد بزرگوار کے امت پر نظر ترحم فرما اورجو شخص میرے مصائب یاد کرکے روئے یا رولائے انکو گو شوارہ مرصع در شہوار عطا کر اس نظر سے بندہ عاصی سیّد روشن علی خان متخلص بہ توفیق متوطن میرانپور ضلع مظفر نگر باھرہ نے اپنا ذریعہ نجات تصور کر کے حال واقعات کربلا قلمبند کیا »
۱۷۱ ص ، ۱۲۸۸ ھ ، مطبع البحرین لدھیانہ .

(۱۳۶۶) نفس مطمئنہ : سید صغیر حسن شمس
سوانح امام حسینؑ ،
۳۲ ص ، ۱۳۳۹ ھ/ ۱۹۲۰م، اثنا عشری پریس دھلی.

(۱۳۶۷) نقد و نظر : مولانا سید علی نقی صفی
علامہ سید علی نقی(م ۱۹۸۸م) کی کتاب « شہید انسانیت » کا منظوم ردّ ،
خصوصاً روایت غسل صبح عاشور ،
۱۶ ص ، ایک آنہ ، نظامی پریس لکھنو.
آغاز :
تألیف یادگار حسینی بہ عرف عام آلودہ زہر تلخ سے اك شکریں قوام
ہوتا ہے جسکو پڑھ کے یہ شیعوں کو احتمال شاید مؤلف اس کا ہے وھّابی الخیال

(۱۳۶۸) نگہبان رسالت : عابدہ نرجس
سوانح امام حسین ،
۶۴ ص ، ساڑھے تین روپے ، افتخار بکڈپو لاہور، نامی پریس لاہور .

(۱۳۶۹) نواسہ رسول کا جہاد : راجہ محسن علی
۱۶ ص،مفت، تحریک تحفظ تعلیمات آل محمدؐ سرگودھا ،انصار پریس سرگودھا ،
کاتب : عبدالغفار .

* خصائص حسینیہ (فارسی) : شیخ جعفر بن حسین شوستری .

(۱۳۷۰) نور العین : مرزا احمد حسین
۳۷۶ ص، ۱۳۱۵ ھ ، مطبع اثنا عشری لکھنو.

(۱۳۷۱) نور العین فی ظہور الآثار العجیبة لقتل الحسین :مولانا سید محسن علی شاہ سبزواری،حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے بعد جو عجیب و غریب واقعات رونما ہوئے انکا ذکر ،
۳۱ ص ، مفت ، ینگ مین جعفریہ ایسوسی ایشن پنجاب لاہور ، ۱۳۳۳ ھ ، جارج سٹیم پریس لاہور .

(۱۳۷۲) نور و ظلمت بجواب کتاب خلافت معاویہ و یزید :سید محمدؐ حیدر زیدی انور الہ آبادی ،محمود احمد عباسی (م۱۹۷۴م) کی کتاب کا منظوم ردّ ،
۳۲ ص ،آٹھ آنے، ۱۹۶۰ م ، پرچم پریس کراچی .
آغاز :
جان بتول سبط حبیب خدا حسین حیدر کے لال سرور گلگوں قبا حسین (ع)
احمد کے بعد ھادی کون و مکان علی بعد حسن زمانے کے ہیں پیشوا حسین (ع)
گلزار فاطمہ کا گل ترشہ امم پروردہ کنار رسول خدا حسین (ع)

(۱۳۷۳) وارث خلیل اللہ : محترمہ صالحہ عابد حسین
حالات امام حسین ،
۱۶ ص ،۱۳پیسے ، امامیہ مشن لکھنو، ۱۳۷۹ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۱۳۷۴) واقعہ کربلا اور اسکے اسباب : پروفیسر مسعود حسن رضوی ادیب
۱۴ ص ، ادارہ یادگار حسینی لکھنو ،۱۳۶۱ ھ، حسن پرنٹنگ پریس لکھنو.

(۱۳۷۵) واقعات بعد شہادت و حالات منجانب کوفہ : سیدہ مہدیہ سلطانہ ،
پائمالی لاشہ سید الشھداء و خطبہ سیدہ زینب علیہما السلام ،
۹۶ ص ، ایک روپیہ ، ادارہ علوم الاسلام لاہور .

(۱۳۷۶) واقعات کربلا : آنسہ صفیہ آصف ،
عنوانات : حضرت مسلم بن عقیل ، حضرت حر بن یزید ریاحی ، حضرت علی اکبر ، حضرت سید الشہداء ،
۴۵ ص، مفت، گوہر ہدایت العباس ٹرسٹ کراچی، کاتب: محمّد اسحاق شاہد .

(۱۳۷۷) واقعات کربلا اور اسکے اسباب و وقوع : مولانا سید اولاد حیدر بلگرامی (م ۱۳۶۱ ھ)
اس کتاب کا دوسرا نام « شہادت حسین کے اسباب و وقوع اور قاتلان حسین کی رو بکاری » بھی ہے ،
۱۷۶ ص ، دس آنے ، ۱۳۵۲ ھ/ستمبر ۱۹۳۳م ، کواۃ ضلع آرہ (ھند)

(۱۳۷۸) واقعات کربلا پر محققین یورپ کی رائیں حصہ اول : ابو الفضل نقوی
عنوانات : شجاعت حضرت سید الشہداء ، شہادت امام حسین ، واقعہ کربلا، فرقہ شیعہ کی حیرت انگیز ترقی،
۹۳ ص ، سات آنے ، مطبع انیس ھند کھجوا.

(۱۳۷۹) واقعہ کربلا- تاریخ کی روشنی میں :مولانا سید نجم الحسن کراروی(م۱۹۸۲م)
۶۶ ص ، ادارہ حسینیہ راولپنڈی ، ۱۴۰۱ ھ، کاتب :محمّد بشیر بابر .

(۱۳۸۰) واقعہ کربلا کا اخلاقی سبق : مولانا سید محمّد سبطین (م ۱۹۴۷م)
۳۶ ص ، ینگ مین جعفریہ ایسوسی ایشن لاهور، ۱۳۳۷ ھ ، مطبع گلزار محمدی لاهور .

(۱۳۸۱) واقعہ کربلا کا تاریخی پس منظر اور اسکے نتائج :
۲۴ ص ، چار آنے ، انجمن یادگار حسینی پشاور ، حمیدیہ پریس پشاور .

(۱۳۸۲) واقعہ کربلا کا پس منظر : مولانا سید ظفر حسن امروھی (م۱۹۸۹م)
۲۴ ص ، چھ آنے ، شمیم بکڈپو ناظم آباد کراچی .

(۱۳۸۳) واقعہ کربلا کوئی اتفاقی حادثہ تھا : مولانا سید محسن نواب (م ۱۳۸۹ ھ)
اتفاقی حادثے کی نفی ،
۱۶ ص ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۸۸ ھ.

(۱۳۸۴) واقعہ کربلا کے تاریخی اسباب و نتائج : حسن جعفری
۸۰ ص ، آل پنجاب شیعہ سٹوڈنٹس .

(۱۳۸۵)واقعہ کربلا کی مختصر تاریخ - مدینے سے کربلا تک کے حالات پر فلسفیانہ نظر : مولانا سید ظفر حسن امروھی (م ۱۹۸۹م)

۸۰ ص ، ۱۹۵۷م ، شمیم بکڈپو کراچی .

(۱۳۸۶) والی کونین :

عنوانات : عظمت حسین از مولانا محمّد اسماعیل

امام حسین اور انکی بادشاہت : حاجی مرتضی چیمہ

(۱۳۸۷) رمز قرآں از حسین آموختیم : مولانا سید محمّد ابوالحسن مشہدی

۶۶ ص ، درس قائم آل محمّد، چکوال .

(۱۳۸۸) ہلاکت ملوکیت در اطاعت حسینیت : مولانا مرزا احمد علی (م ۱۹۷۰م)

۳۲ ص ، مفت ، استقلال پریس لاہور .

(۱۳۸۹) ہلاکت اور شہادت : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)

۲۴ ص ، تین آنے ، امامیہ مشن پاکستان لاہور ، ۱۹۵۶م ، تعلیمی پریس لاہور .

(۱۳۹۰) ہلال ماتم : فرخ سلطان کامل

صبح عاشور پیش آنےوالے مصائب سید الشہداء کا ذکر،مطبع حیدریہ حیدرآبار دکن . (ذریعہ : ۲۵).

(۱۳۹۱) ہمارے آنسو : خواجہ یونس حسین

۱۶ ص، حسینی مشن سہارنپور،بھارت الیکٹرک پریس سہارنپور،(۱۹۳۵م).

(۱۳۹۲) ہمارے رسول کا چھوٹا نواسہ :

۸ ص ، خوجہ اثنا عشری جماعت ، ۱۳۷۴ھ / ۱۹۵۵م ، حیدری پرنٹرز کراچی .

(۱۳۹۳) ہمارے شہید : سید تجمل حسین ایم اے

عنوانات : ہمارے رسول اور انکی اولاد ، امام حسین کے بزرگوں کی وفات ، امام حسین کے اخلاق ، معاویہ اور حسین ، یزید کی خلافت ، امام حسین مکّہ میں ،

۱۰۴ ص ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۳۹۴) یا حسین : حاجی سید محمّد رضا سرباوی

۸ ص ، ۸ پسے ، امامیہ مشن لکھنو،۱۳۸۴ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۱۳۹۵) یاد اور یادگار : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)

از روئے قرآن و حدیث یادوں کا منانا اور یادگاروں کا قیام جائز ہے .

۲۴ ص، امامیہ مشن پاکستان لاہور، اپریل ۱۹۶۸م ، تعلیمی پریس لاہور .

(۱۳۹۶) یادگار حسین : مفتی سید محمد احمد سونی پتی (م ۱۳۷۸ھ)
۸۷ ص ، دارالتصانیف عمار منزل سونی پت ضلع رهتك ، جید برقی پریس دهلی ، کاتب : سید عین الحسن امروهی .

(۱۳۹۷) یادگار حسینی :
آگره میں منعقد ہونے والی تیره سو ساله سید الشهدا، علیه السلام کی یادگار کی رپورٹ ، ایك روپیه ، آگره .

(۱۳۹۸) یادگار حسین : سلطان احمد مرزا
۶۴ ص ، ۱۳۱۰ ھ ، رفاه عام پریس آگره .

(۱۳۹۹) یادگار زیدپور : سید سردار مهدی رضوی
۱۳۶۱ ھ میں زیدپور ضلع باره بنکی(هند)میں منعقد ہونے والی سیدالشهدا، کانفرنس کی رپورٹ ،
۱۲۸ ص ، دو روپے چالیس پیسے ، سلطان آرٹ پریس کراچی .

(۱۴۰۰) یثرب کا شهزاده :
سوا روپیه ، امیر بك ایجنسی جارچه (هند).

(۱۴۰۱) یثرب کا مسافر سرزمین کربلا پر : مولانا سید کاظم نقوی
۱۶ ص ، امامیه مشن پاکستان لاهور، ۱۹۵۸م ، تعلیمی پریس لاهور .

(۱۴۰۲) یزید اور امام حسین علیه السلام : مولانا سید محمّد رضی
۵۲ ص ، دو آنے ، شیعه مشن کراری ضلع اله آباد ، ۱۳۵۷ ھ.

(۱۴۰۳) یوم الحسین علیه السلام
شعبان ۱۳۷۲ ھ/اپریل ۱۹۵۵ کو لاهور میں یوم الحسین منایا گیا اس میں علما، کی کی جانے والی تقاریر کا مجموعه ،
۲۱۴ ص ، بیس روپے ، امامیه پبلی کیشنز لاهور ، مئی۱۹۸۴ م ، شرکت پریس لاهور .

(۱۴۰۴) یوم عزا : مولانا سید راحت حسین
۱۰ محرم ۶۱ ھ کو ۱۳ اکتوبر تھی ، تذکره واقعات کربلا مندرجه ذیل علما، نے اس تاریخ کی تصدیق کی ہے :
آیة الله سید محمّد اسماعیل الصدر ، آیة الله شیخ حسین ، آیة الله شیخ محمّد یحیی ، آیة الله سید ابوالقاسم طباطبائی ، آیة الله سید ابوالحسن اصفهانی ، آیة الله میرزا محمّد حسین نائینی وغیره

(۲۴+ ۸۷+۲۹) ص ، چار آنے ، مرغوب ایجنسی لاھور ، گیلانی الیکٹرک پریس لاھور .

* یاد حسین (فارسی) : علامہ مزمل حسین.

(۱۴۰۵) یاد حسین : عابد عسکری

۹۵ص ، ۲۵ روپے ، بعثت فاؤنڈیشن لاھور .

(۱۴۰۶) طلاقت حسینیہ : مولانا سید غلام حسنین کنتوری (مطلع).

* فلسفہ شہادت (فارسی) : آیۃ اللّٰہ شیخ مرتضی مطہری.

(۱۴۰۷) فلسفہ شہادت : محمّد فضل حق .

۸۷ ص ، جامعہ تعلیمات اسلامی کراچی ، ۱۴۰۱ ھ/۱۹۸۱م ، کانٹی نینٹل آفسٹ پرنٹرز کراچی ، کاتب : سید جعفر صادق.

(۱۴۰۸) کانگریسیوں کو حسینی سبق :

دو آنے ، ادارہ عالیہ شیعہ مرکز تبلیغ لاھور .

(۱۴۰۹) کیا یزید قتل حسین سے بری تھا ؟: سید محمّد قیصر جعفری اکبرآبادی ،

۳۲ ص ، ۳۰ پیسے ، مکتبہ اصلاح کراچی، شیخ شوکت علی پرنٹرز کراچی.

(۱۴۱۰) شہادت کے بعد : ھاشم رضا ،

ڈاکٹر علی شریعتی (م ۱۹۷۷م) کی ایک تقریر کا ترجمہ ، ۱۶ ص.

(۱۴۱۱) حضرات حسنین : سید احمد علی عابدی

۶۰ ص ، دارالثقافۃ الاسلامیہ پاکستان کراچی ، ۱۴۱۲ھ/۱۹۹۲م .

(۱۴۱۲) بنائے لا الہ : سیّد مراد علی جعفری

۱۲۲۰ ص ، ادارہ تحقیق دانش مشرق کراچی ، سندھ آفسٹ پرنٹرز کراچی، ۱۴۱۴ ھ. کاتب : عطاء الرحمن ثاقب .

خطبات و مجالس

(۱۴۱۳) آداب المجالس : مولانا سید محمّد رضا بن مولانا سید دلدار حسین ترمذی
(ذریعه : ۲۶).

(۱۴۱۴) اجلاس چهارم : مولانا سید علی غضنفر
آل انڈیا شیعه کانفرنس منعقده ۶/۷/۸ شوال المکرم ۱۳۲۸ھ / ۱۰/۱۱/۱۲ اکتوبر ۱۹۱۰ کے چوتھے اجلاس کی کاروائی ، یه جلسه امروهه ضلع مرادآباد میں زیر صدارت ناصر الملت منعقد ہوا
(۱۶+۶۸+۲۵۹+۱۷۰+۸۳)ص،۱۳۲۹ ھ ، نور المطابع تهوئی ٹوله لکھنو ، محمّد افضل علی ضو نے تاریخ طبع کہی :

شکر خالق ادا کرو اے ضو جو اُٹھے تھے وہ مٹ گئے فتنے
که رہی ہے یه شان کانفرنس اب طرفدار اسکے ہیں اتنے
دیکھئے تو چھپی ہوئی روئداد کام اس نے نکالے ہیں کتنے
حد سے بڑھنے دیا نه لوگوں کو منصرم کی زبان ساکت نے
سن هجری میں حق سے کریه دعا رکھ معزز ہیں مجتهد جتنے (۱۳۲۹ھ)

* فوائد المشاهد و نتائج المقاصد (فارسی): شیخ جعفر تستری .

(۱۴۱۵) احراز العوائد و تشئید العقائد :مولانا خواجه محمّد لطیف انصاری (م ۱۳۹۹ھ)
مختلف مجالس ،
۱۲۰ ص ، حسین بخش همدانی سوداگر ملتان ، مفت ،۱۳۷۶ ھ/ ۱۹۵۶م ، تعلیمی پرنٹنگ پریس لاهور .

(۱۴۱۶) احسن الحدیث : مولانا سید آغا مهدی (م ۱۴۰۶ھ)
۱۴ مجالس ،
۱۶۰ ص، ڈهائی روپے ، جمعیت خدام عزا کراچی ، انجمن پریس کراچی .

(۱۴۱۷) احسن المواعظ ، جلد اول : مولانا سید ابوالحسن لکھنوی ،
عنوانات : معرفت خدا ، اثر دعا مظلوم ، اثبات نبوت ، وجوب اعانت مومن ، نماز اور عقاب تارک الصلواة ، نماز جماعت ، فضیلت جمعه ، فضیلت مساجد ، معنی اسلام و ایمان ، فضیلت علم ، مذمت تکبر ، بغض و حسد ، بیان کسب

معیشت اور معنی توکل ، مذمت شراب ، بیان زکواۃ ، رعایت سادات ، علامات قیامت ، فضائل رمضان،
۲۲۶ ص ، مطبع تصویر عالم لکھنو .

(۱۴۱۸) احسن المواعظ ، جلد دوم : مولانا سید ابوالحسن ، فضائل اهلبیت .

(۱۴۱۹) احسن المواعظ ، جلد سوم : مولانا سید ابوالحسن .

(۱۴۲۰) اخبار ماتم : مولانا محمّد حسین حسین کھماچی .
چھیالیس مجالس ، تاریخ تألیف بھی « اخبار ماتم » ہی ہے .
خرد سے جو تاریخ تألیف پوچھی ندادی یہ اس نے کہ « اخبار ماتم »(۱۲۸۵ھ)
۱۲۹۱ ھ، مطبع حسینی رامپور .

(۱۴۲۱) الارشادیه/ مواعظ جونپوریه : مولانا سید علی بن مولانا محمّد (ذریعه : ۱)

(۱۴۲۲) اسلام اور امن : مولانا میرزا یوسف حسین (م ۱۹۸۸م)
۱۹۴۳م کو جھانسی میں ایک پنڈت نے « امن » کے بارے میں ایک کانفرنس منعقد کرائی مولانا کی اس میں تقریر کا متن ،
۶۴ ص ، بارہ آنے ، اسلامیه مشن میانوالی،۱۹۵۹م ، ثنائی پریس سرگودھا ، کتابت : سعیده صاحبه آف سرگودھا .

(۱۴۲۳) اسلام اور انسانیت : علامه سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
محرم ۱۳۷۴ ھ کو کراچی میں کی گئی تقاریر،
۶۴ ص ، آٹھ آنے ، امامیه مشن لاهور ، تعلیمی پریس لاهور.

(۱۴۲۴) اسلام کا فکری نظام : مولانا سید محمّد رضی ،
اُن تقاریر کا مجموعه جو ریڈیو پاکستان سے نشر کی گئیں ،
۳۶۸ ص ، منتدی الثقافة الاسلامیه کراچی ، جنوری ۱۹۷۴م ، باب الاسلام پریس کراچی.

(۱۴۲۵) اسلام کی حکیمانه زندگی :علامه سید علی نقی نقوی (م ۱۹۸۸م)
اُن مواعظ کا مجموعه جو علامه مرحوم نے ۱۵محرم الحرام ۱۳۵۴ ھ سے پچیس محرم الحرام تک مدرسة الواعظین لکھنو میں ارشاد فرمائے ان تقاریر کو سید محمّد رضا نقوی نے قلم بند کیا ،
۲۶۴ص،آٹھ آنے ، امامیه مشن لکھنو۱۳۵۴ھ، الواعظ صفدر پریس لکھنو .

(۱۴۲۶) اشرف المجالس : مولانا سید ابوالحسن
ساڑھے چار روپے ، اردو پبلیشرز لکھنو .

(۱۴۲۷) اشک پنجتن : مشهدی بیگم حدیث خوان ،
گیارہ مجالس ،
۱۲۰ ص ، ۱۹۵۰م ، اسرار کریمی پریس الہ آباد .

(۱۴۲۸) اعجاز خطابت : مولانا سید حسین رضا
تیرہ مجالس ،
۱۴۴ص، دس روپے ، رضوی بک ایجنسی کراچی، ستمبر ۱۹۸۳م سندھ آفسٹ پریس ، کاتب : سید جعفر زیدی .

(۱۴۲۹) افکار پریشان : جسٹس محمّد رستم خان کیانی (م ۱۹۶۲م)
۲۵۷ ص ، رائٹر کواپریٹو سوسائٹی کراچی ، ۱۹۷۱م ، نفیس پرنٹرز کراچی ،
کاتب : سلطان احمد .
{ جسٹس محمّد رستم خان کیانی ۱۸ اکتوبر ۱۹۰۲ م کو شاہ پور ضلع کوہاٹ میں پیدا ہوئے ۱۹۵۸م میں پاکستان کے چیف جسٹس مقرر ہوئے ۱۸ اکتوبر ۱۹۶۲ م میں پنشن لی ، ۵ نومبر ۱۹۶۲م کو چٹاگانگ (بنگلادیش) میں تقریر کرتے ہوئے جان بحق ہوئے } .

(۱۴۳۰) انتخاب المصائب : سید یوسف علی ،
بائیس مجالس،
۱۲۸ ص، آٹھ آنے ،۱۸۹۸م ، میتھوڈشٹ پبلشنگ ہاؤس لکھنو،
کسی نے قطعہ تاریخ کہا :

چو یوسف علی صاحب رائی صائب — احادیث و اخبار غم کرد یکجا
خردمند بخل الکرام الاطائب — سیادت پناہ و کمالات مظہر
بود اجود این انتخاب المصائب — پی طبع و تألیف نواب گفتا
(۱۳۱۵ھ)

آغاز: بسملہ و خطبہ پس بعد حمد و صلواۃ کے جاننا چاہیے شکر ہے اس وحدہ لاشریک کا کہ جس نے ہم کو شیعیان امیر المؤمنین ....

(۱۴۳۱) انیس الذاکرین :
چھ آنے ، محمّد تقی لکھنوی نے شائع کی .

(۱۴۳۲) انیس المحدثین و رفیق الواعظین : مولانا حافظ فیاض حسین بن قاسم علی انصاری ، مولانا سید غلام حسنین کنتوری کی تقریظ (ذریعہ : ۲۶

(۱۴۳۳) اهم پیغام : مولانا عابد عسکری
آیة اللّٰہ سید محمّد شیرازی مدظلہ کی ایک تقریر کا ترجمہ ،
۶۴ ص، آٹھ روپے ، ادارہ پاسبان اسلام باب حیدر سرگودھا .

(۱۴۳۴) بات چیت : صالحہ عابد حسین
محترمہ صالحہ عابد حسین کی اُن تقاریر کا مجموعہ جو آپ نے ۱۹۳۶م سے ۱۹۴۵ م تک دھلی ریڈیو سٹیشن سے نشر کیں .
عنوانات : میں نے لکھنا کیسے شروع کیا ، اُستانی جی - عورت کے فرائض ، تیمارداری ، ہماری عید، ہمارا اخلاق ، اسلام میں عورت کے حقوق ، حالی کے خطوط ، حالی کا اصلاحی ادب ، مصطفی کمال نے عورتوں کیلئے کیا کیا ، خالدہ ادیب خانم ،
۱۸۰ ص، ۱۹۴۶ م ، اسٹیٹ پریس رامپور (ھند).

(۱۴۳۵) بحر المصائب ، جلد اول : مولانا سید امداد علی (م ۱۲۹۰ھ/۱۸۷۲م)
چار ابواب اور ہر باب میں کئی مجالس.
تاریخ ولادت با سعادت اور بعض فضائل و مناقب میں اُن حضرت کے ، وفات جناب سیدہ کائنات ، تولد معصومہ ، غصب فدك اور بیان احراق دولتسرائے جناب فاطمہ زھرا ، فضائل و مناقب اور مصائب جناب امیر المؤمنین علیہ السلام حلم وجود و کرم اور سبب وفات جناب امام حسن مجتبی،
۲۷۶ ص ، ۱۵رمضان المبارك ۱۲۷۱ ھ.
آغاز : خطبہ بعد حمد سپاس الٰہی اور درود نامتناھی جناب رسالت پناھی اور مدح ائمہ علیھم السلام مومنین پر پوشیدہ نرھے کہ یہ اقل عباداللّٰہ الازلی زائر سبط النبی السید امداد علی الحسینی الواسطی ابن سید احمد علی ....

(۱۴۳۶) بحور الغمّہ ، جلد سوم : مولانا غلام علی بھاونگری ،
۱۱۶ مجالس ،
۸۰۰ ص ، پانچ روپے ، کاٹھیا واڑ (ھند).

(۱۴۳۷) بر دوش ھوا : آغا صادق حسین
۱۹۲ ص ، چار روپے .

(۱۴۳۸) بستان الواعظین :مولانا سید عبداللّٰہ بن سلطان العلماء (م ۱۲۶۶ھ/۱۸۴۸م)
۱۲۵۴ ھ ، لکھنو (مطلع).

(۱۴۳۹) بناء الاسلام : مولانا سید محمّد حسین المعروف بہ « علّن » (ذریعہ : ۳).

(۱۴۴۰) پیراھن یوسف : مولانا سید محمّد حسین نوگانوی (م ۱۳۶۲ ھ)
(۱۴۴۱) پہلی مجلس : مولانا سید مجتبی حسن کامونپوری (م ۱۳۹۴ ھ).
عنوان : « دین و اسلام کے معنی ، دینی و دنیاوی ترقی کے متعلق اسلام کا نقطہ نظر ، حضرت مسلم بن عقیل کی شہادت »
۱۶ ص ، چار آنے ، سرفراز قومی پریس لکھنو .
(۱۴۴۲) تاج المواعظ/ تحفہ حسینیہ : مولانا محمّد تقی انبالوی (م ۱۳۱۹ ھ)
۱۳۱۹ ھ ، لکھنو (مطلع).
(۱۴۴۳) تبلیغی مجالس : مولانا سید غلام مرتضی
دس مجالس ،
۴۸ ص ، ایک روپیہ ، مکتبہ تعمیر ادب لاهور، مئی ۱۹۶۵م، تعلیمی پریس لاهور .
(۱۴۴۴) تحفة الزاکرین المعروف بہ گنج المصائب : مولانا سید افسر حسین رضوی مشهدی
اٹھارہ مجالس ، حضور صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم کی وفات سے اهل حرم کی مدینہ تک واپسی کا تذکرہ ،
۲۴۰ ص ، تیرہ روپے ، محفل حیدری ناظم آباد، کراچی.
(۱۴۴۵) تحفة الواعظین : مولانا سید مظفر حسین بن سید صادق حسن بن سعادت علی رضوی لکھنوی
دو جلدیں اور سو مجالس (ذریعہ : ۳).
(۱۴۴۶) تحفہ یوسفیہ : میرزا علی حسین بن میرزا عنائت حسین ،
۱۳۱۶ ھ، مطبع ریاض الرضا لکھنو .
آغاز : بسملہ و خطبہ اما بعد مستمند رحمت ایزد غفار و خادم شیعیان ائمہ اطہار اذل خافقین میرزا علی حسین ابن میرزا عنائت حسین ..... ضعیف و نحیف سے فرمائش کی کہ اگر کوئی رسالہ یا کتاب ایسی دستیاب ہو .
(۱۴۴۷) تذکرة الشیوخ و الشبّان : مولانا سید حسن ابن غفرانمآب (ذریعہ : ۴).
(۱۴۴۸) تذکرة الطاهرین ، حصہ اول : میرزا قاسم علی
انیس مجالس ،
۱۴۴ ص ، ۱۳۳۶ ھ.
(۱۴۴۹) تذکرة الطاهرین ، حصہ دوم : میرزا قاسم علی
انیس مجالس ، ۲۷۴ ص .

آغاز :بسملہ و خطبہ اما بعد الواح صافیہ برادران ایمانی اور خواطر زاکیہ اخلاقی روحانی پر مخفی نرہے کہ یہ حصہ دوم نسخہ موسومہ بہ تذکرۃ الطاہرین کا ہے جو مشتمل ہے . پارہ فضائل و مناقب اور ولادت و شہادت پر حضرت امیر المؤمنین علی بن ابیطالب .

(۱۴۵۰) تذکرۃ الطاہرین ، جلد دوم ، حصہ سوم : میرزا قاسم علی ،
ولادت و شہادت حضرات حسنین علیہما السلام ، بیس مجالس ،
۱۳۳ ص ، مقبول پریس دھلی .

(۱۴۵۱) تذکرۃ الطاہرین حصہ چہارم : میرزا قاسم علی
ولادت و شہادت امام زین العابدین ، امام محمّد باقر ، امام جعفر صادق ، امام موسی کاظم و امام علی رضا علیہم السلام ، پندرہ مجالس ،
۹۲ ص ، مقبول پریس دھلی .

(۱۴۵۲) تذکرۃ الطاہرین حصہ پنجم : مرزا قاسم علی
ولادت و شہادت امام محمّد تقی ، امام علی نقی و امام حسن عسکری علیہم السلام ، پندرہ مجالس ،
۱۰۷ ص ، مقبول پریس دھلی .

(۱۴۵۳) ترجمہ خطبہ علامہ آل کاشف الغطاء : میرزا مصطفی علی ہمدانی
علامہ شیخ محمّد حسین آل کاشف الغطاء کے اُن دو خطبات کاترجمہ جو آپ نے موتمر اسلامی فلسطین اور شہر کوفہ میں ارشاد فرمائے یہ دونوں خطبات فارسی میں تھے اصل متن شاعر مشرق علامہ اقبال نے مرحمت فرمایا چنانچہ کتاب کے شروع میں « اظہار تشکر » کے تحت اسبات کا یوں ذکر کیا گیا ہے .
« انجمن اصغریہ پنجاب لاہور شاعر مشرق علامہ ڈاکٹر سر محمّد اقبال صاحب ایم اے پی ایچ ڈی بیرسٹرایت لاء کی از حد متشکر و ممنون ہے کہ موصوف نے از راہ عنایت حضرت علامہ آل کاشف الغطاء کی تقریر کا فارسی ترجمہ انجمن کو مرحمت فرمایا » ۳۴ ص ، مسلم پرنٹنگ پریس لاھور .

(۱۴۵۴) تحفۃ الواعظین : مولانا علی حسنین (م ۱۹۹۱م) .
آٹھ مجالس، ۹۶ ص ، مکتبہ تعارف اسلام منٹگمری (ساھیوال) ، پبلک پریس منٹگمری.

(۱۴۵۵) تقریر افتتاحی : علامہ سید علی الحائری (م ۱۳۶۰ ھ)
اکتوبر ۱۹۱۴م کو آل آنڈیا شیعہ کانفرنس لکھنو میں کی گئی تقریر ،

۲۸ص، یونین سٹیم پریس لکھنو .

(۱۴۵۶) تلخیص المصائب : سید جعفر علی جعفری زیدی

سید جعفرؒ علی جعفری ابن سید زندہ علی بن سید ثابت علی بن سیدامانت علی زیدی واسطی کی تحریر کردہ ہے آپ قصبہ منڈاور ضلع بجنور (ھند) کے رہنے والے تھے ایک عرصہ تک بسلسلہ ملازمت ملتان میں مقیم رہے اور وہیں یہ کتاب تحریر کی، سولہ مجالس اور سولہ نوحے مع اعمال عاشورہ ،

۲۰۱ص ، ذی الحجة ۱۳۰۶ھ / اگست ۱۸۸۹م ، شمس المطابع نگینہ . خود مؤلف نے قطعہ تألیف کہا :

نوشتم چوں حکایات مصائب مضامین و روایات نوائب
پی تاریخ ہاتف گفت جعفر صحیح الحال « تلخیص المصائب »(۱۳۰۴ھ)

سید فرزند علی انجم لکھنوی نے قطع تاریخ طبع کہا :

چھپ چکا نسخہ نایاب و غریب جس سے ظاہر ہے غم و رنج و الم
فکر تاریخ جو کی انجم نے غیب سے آئی یہ آواز اسدم
لکھو تاریخ سال ھجری میں کیا چھپی واہ بیاض ماتم
(۱۳۰۶ھ)

(۱۴۵۷) توضیح عزا فی مصائب الشھداء جلد اول : مولانا شیخ حسین بخش دھلوی

ایک دیباچہ اور ۸۲ مجالس بطرز قدیم

دیباچہ:بیان میں سبب تألیف کتاب اور ذکر بدعت ھائے نا مشروع وغیرہ کا جو خلاف عزاداری کے جہالت جہلا سے رواج پا گئے ہیں .

مجلس اول : حال پیدائش حضرت آدم و حواؑ اور انکے بہشت سے نکلنے کا اور حضرت آدم کی توبہ قبول ہونے کا بتوسل پنجتن پاک علیھم السلام اور بیان ھابیل کو قابیل کے قتل کرنیکا اور حضرت آدم کے رونے کا خاتمہ مصائب سیدؑ الشھداء پر .

مجلس ۸۲:محبت رسول خدا امام حسین سے اور جائزہ لینا خاطر مجلس کا اوروصیت جناب سکینہ کی بابت اپنی تجہیز و تکفین کے ،

مؤلف نے دیباچے میں جن جن باتوں کو « بدعت »بتایا ہے اُن میں سے بعض یہ ہیں :

۱- مرثیوں میں جھوٹی روایات کا پڑھنا جنکا رواج ہے .

۲- غلو و تفویض کی روایات . ۳- مرثیوں کو بطرز غنا پڑھنا .

۴- تعزیوں پر عرضیاں باندھنا . ۵- غیر اللہ سے حاجات طلب کرنا البتہ ائمہ معصومین علیھم السلام کے توسل سے دعا مانگی جا سکتی ہے .
۶- علم اور تعزیے کی طرف منہ کرکے زیارات پڑھنا وغیرہ .
۵۶۲ ص ، محرم ۱۳۰۴ ھ ، مطبع یوسفی دھلی .
علی حسین جری نے تاریخ کہی :

شہیدوں پر جو گزرے ہیں مصائب وہ اس میں درج سارا ماجرا ہے
اسیری تشنگی شہ کی شہادت کسی نے بھی نہیں ایسا لکھا ہے
عجب روداد ہے یہ جس کو سن کر زمیں سے عرش تک ماتم بپا ہے
جری کو جب ہوئی تاریخ کی فکر کہا ہاتف نے یہ تو بر ملا ہے
کہ سال طبع اس کا « درس غم » ہے (۱۳۰۴ ھ)سن تألیف « توضیح عزا » ہے
(۱۳۰۲ ھ)

آغاز :بسملہ و خطبہ بعد حمد و صلواۃ کے مومنین پر مخفی نرہے کہ یہ احقر العباد شیخ حسین بخش ابن شیخ سعدی اثنا عشری ساکن دھلی.... ابتدائے شباب سے معروف بذکر مصائب خامس آل عبا شہید طف کربلا امام المشرقین حضرت امام حسین رہتا تھا اور احادیث و روایات کتب معتبرہ مثل مقتل ابی مخنف، جلاء العیون و مجالس عشرین و بیاض فخری وغیرہ سے اور مضامین سے اور مضامین گریہ و بکا تفاسیر قرآن شریف سے اردو زبان میں ترجمہ کرکے جمع کرتا تھا لیکن بسبب ہجوم افکار و گردش لیل و نہار کے وہ اوراق منتشر اور غیر مرتب پڑے تھے اکثر مومنین و ذاکرین دھلی نے ارشاد کیا کہ اگر یہ احادیث و روایات چھپ جائیں تو مفید ذاکرین و سامعین ہونگے اور تمہارے لئے باقیات الصالحات رہینگے خصوصا محبی شفیق سید علی حسین صاحب بریلوی مالک مطبع یوسفی نے بہت اصرار کیا اور با حسن وجوہ چھاپ دینے کا وعدہ حتمی کر لیا اسلئے اس ہیچمدان ابجد خوان نے ان اوراق منتشر کوجمع کرکے « توضیح عزا » نام رکھا اور اس کتاب کو اناسی مجالس پر مرتب کیا .

(۱۴۵۸) ثمرۃ الفواد المعروف بہ نخل ماتم : حکیم سید احمد حسین
چند « گل » پر مشتمل ہے .
گل : اعمال برائے اموات و زیارت قبور مومنین ، بیان روح ، وفات جناب سیدہ ،
۱۳۵۴ ھ ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۱۴۵۹) جدید ذاکری : مولانا سید ابن حسن رضوی جارچوی (م ۱۹۷۳م)
۲۲۰ ص ، ڈیرھ روپے ، انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک کلچر اینڈ ریسرچ کراچی .

مطبع سعیدی کراچی ۔

(۱۴۶۰) جواہر البیان : مولانا سید اکبر مہدی کاظمی (م ۱۹۴۶م)

۳۲ مجالس و محافل مع ایک ایک قصیدہ ،

۳۷۵ ص، مکتبہ تعمیر ادب لاہور، نامی پریس لاہور ۔

* لؤ لؤ و مرجان (فارسی) : میرزا حسین نوری (م ۱۳۲۰ ھ)

(۱۴۶۱) جواہر البیان : مولانا نذر حسین ظفر

منبر پر پڑھی جانے والی بعض غلط روایات کی نشاندھی

عنوانات : روضہ خوان حضرات اس جماعت میں داخل ہو جائیں گے جنھوں نے آل محمدؐ کو سرمایہ تجارت بنایا ہوا ہے ، جھوٹ کہنے کی مذمت اور دنیا و آخرت میں اسکے مفاسد، شعری مبالغہ ، کتاب « اسرار الشھادت » کی روایات مجعولہ ، وہ روایات موضوعہ جو ذاکرین میں مشہور ہیں ، زعفر جن اور شادی حضرت قاسم کے واقعات مجعولہ ،

۱۴۸ ص ، ادارہ المبلغ سرگودھا ،ثنائی برقی پریس، کاتب : سید کلب عباس۔

(۱۴۶۲) جواہر بے بہا : مولانا سید محمدؐ مجتبی نوگانوی (م ۱۳۷۷ ھ)

چھ آنے ، دائرۃ الاشاعت نوگانواں ضلع مراد آباد (ھند)۔

(۱۴۶۳) حروف معلّی : صفدر حسین ڈوگر

مولانا سید اظہر حسن زیدی کی سات تقاریر ،

۱۱۲ ص، بارہ روپے ، ادارہ القائم باناپور لاہور ۔

(۱۴۶۴) حقیقت اسلام : سید الطاف حسین شاہ بخاری

عنوانات :توبہ ، ھدایت ، توکلّ ، بزرگی ، نیکی و بدی ، غرور ، اعمال نامہ، غصّہ و انتقام ، عملی صبر، عیش ، جھوٹ ، نصیحت ، موت ، عذاب ، جہاد، جنت وغیرہ ،

۲۰۸ص ، سات روپے ،دائرہ اسلام غالب محل لاہور ، ستمبر ۱۹۷۴ م ، القائم پریس لاہور۔

(۱۴۶۵) حیات قومی : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)

۱۶ ص، ایک آنہ، امامیہ مشن لکھنو ،۱۳۶۰ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو۔

(۱۴۶۶) حقیقت معجزہ : سید ظہیر الحسن ظہیر بھرتپوری ابن سید آغا علی حسنین

مولانا سید اظہر حسن زیدی کی ایک تقریر ،

۱۶ ص ، درود و سلام ، کراچی۔

(۱۴۶۷) خزینة الاحزان : حسن رضا حدیث خوان
اٹھارہ مجالس و قصائد: نور رسالتمآب و مصائب سیّد الشهداء ، شادی و انتقال جناب ہاشم ، صبر ایوب ،معراج النبی ، عقد جناب سیدہ وغیرہ .
۲۰۸ ص، آٹھ آنے ، ۱۳۵۵ھ/ اکتوبر ۱۹۳۶م، الواعظ صفدر پریس لکھنو
فریدوں مرزا مجروح نے تاریخ طبع کہی:

حال پیغمبروں کے جمع کئے — حسن و خوبی کے ساتھ تا امکان
ذکر سے انکے ربط پر دیکر — کربلا کا دکھایا ہے میدان
سچ تو یہ ہے کہ ذاکروں کیلئے — بڑی مشکل کو کر دیا آسان
ہیں مؤلف حسن رضا اسکے — خوش عقیدہ سعید با ایماں
خدمت سبط مصطفی کر کے — اپنی بخشش کاً کر لیا ساماں
تم بھی مجروح حسب فرمائش — کوئی مصرع کہو نہ ہو حیران
سال طبع کتاب یہ لکھدو — چھپی حق ہیں خزینة الاحزاں
(۱۳۵۵ھ)

(۱۴۶۸) خزینة المجالس :
۲۵ مجالس ،
۳۲۰ ص ، تین روپے پچھتر پیسے ، مکتبہ امامیہ لاہور ، مارچ۱۹۶۹م ، علمی پرنٹنگ پریس لاہور، کاتب : محمّد اصغر قریشی طاہر رقم.
* لسان الذاکرین (فارسی) :

(۱۴۶۹) خزینة المصائب : مصطفی بیگم بنت سید باقر حسین
۱۴۲ ص . (ذریعہ : ۷).

(۱۴۷۰) خطبہ استقبالیہ : سید وزارت حسین نقوی ،
۱۰ فروری ۱۹۸۴م کو بھکر میں علامہ مفتی جعفر حسین (م ۱۹۸۳م) کے جانشین علامہ سید عارف حسین حسینی (م ۱۹۸۸م) کےانتخاب کے موقعہ پر پڑھا جانے والا خطبہ ،
۸ ص ، تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بھکر ، تھل پرنٹنگ پریس بھکر .

(۱۴۷۱) خطبات ، حصہ اول : مولانا سید محمّد رضی ،
۳۱۶ ص ، ادارہ نشر علوم دینیہ کراچی، ۱۹۸۲م ، ابن حسن پریس کراچی.

(۱۴۷۲) خطبات ، حصہ دوم : مولانا سید محمّد رضی،
۳۶۰ ص، ادارہ نشر علوم دینیہ کراچی ، ۱۹۷۷ م ، ابن حسن پریس کراچی .

* خطبات نماز جمعہ (فارسی) : آیۃ اللہ سید علی خامنہ ای.

(۱۴۷۳) خطبات نماز جمعہ : مولانا سید افتخار حسین نقوی ،
۲۳ ص ، خانہ فرہنگ جمہوری اسلامی ایران ، ۱۵ اگست ۱۹۸۰م.

(۱۴۷۴) خطیب آل محمدؐ ، حصہ اول : سید خضر عباس ایم اے
وہ مجالس جو مولانا سید اظہر حسن زیدی(م۱۴۰۷ھ/۱۹۸۶م) نے امام بارگاہ محفل شاہ خراسان کراچی میں پڑھیں ،
۲۵۶ ص ، سبط زہراء اکیڈیمی ذی قعدہ ۱۴۰۲ ھ ، ماس پرنٹرز فیصل آباد.

(۱۴۷۵) خطیب آل محمدؐ ، حصہ دوم : سید خضر عباس ایم اے ،
۱۲۸ ص ، سبط زہراء اکیڈیمی ، ماس پرنٹرز ، فیصل آباد .

(۱۴۷۶) خطیب آل محمدؐ ، حصہ سوم : سید خضر عباس ایم اے
۱۲۸ ص ، سبط زہراء اکیڈیمی ، ماس پرنٹرز فیصل آباد .
کاتب : حافظ محمدؐ شریف حیدری .

(۱۴۷۷) خطیب آل محمدؐ ، حصہ چہارم : سید خضر عباس ایم اے ،
چھ مجالس ، پہلی مجلس کا عنوان « ختم نبوت »
۱۲۸ ص ، سبط زہراء اکیڈیمی ، ماس پرنٹرز ، فیصل آباد .

(۱۴۷۸) خطیب آل محمدؐ ، حصہ پنجم : سید خضر عباس ایم اے ،
۱۱۰، سبط زہراء اکیڈیمی ، ماس پرنٹرز فیصل آباد .

(۱۴۷۹) خطبہ صدارت : علامہ حافظ کفایت حسین (م ۱۹۶۸م)
۲۳ مارچ ۱۹۵۶م کو ادارہ تحفظ حقوق شیعہ پاکستان لاہور کے جلسے میں خطبہ صدارت کا متن ، جداگانہ نصاب دینیات اور عزاداری کا تذکرہ ،
۱۵ ص، کواپریٹو کیپیٹل پرنٹنگ پریس لاہور .

(۱۴۸۰) خلاصۃ المصائب : مولانا محمدؐ ہادی (م ۱۲۹۰ ھ/ ۱۸۷۳م)
مولانا محمدؐ ہادی بن میرزا علی بن میرزا ببر علی بن سہراب علی خان بن طاہر کی جمع کردہ ۷۴ مجالس،
۳۲۸ ص، دوسرا ایڈیشن ۱۳۰۹ ھ ،مطبع یوسفیدھلی ، دوسرا ایڈیشن ، ۴۴۰ ص ، ۱۲۷۹ ھ ، مطبع احمدی ،آگرہ .

(۱۴۸۱) داستان اشک و خون : خواجہ غلام السیدین (م ۱۹۷۱م)
اُن چند مضامین اور ریڈیو تقاریر کا مجموعہ جو اُنھوں نے ۱۹۷۱م میں بنگلادیش تحریک کے دوران پیش آنے والے واقعات سے متاثر ہو کر لکھے

سیدین کے انتقال کے بعد کرنل سید بشیر حسین زیدی نے انہیں جمع کیا ، مکتبہ جامعہ دھلی ، جون ۱۹۷۲م .

(۱۴۸۲) داستان حرم : مولانا سید ضیاء الحسن موسوی (م ۱۳۹۸ ھ)
دس مجالس ،
۷۱ ص ، پانچ روپیہ پچاس پیسے ، خراسان اسلامک ریسرچ سینٹر کراچی ، ابن حسن پرنٹنگ پریس کراچی .

* درس انقلاب (فارسی) :محمّد مهدی الآصفی.

(۱۴۸۳) درس انقلاب : مولانا اسد علی شجاعتی ،
۷۴ ص ، دارالثقافة الاسلامیه کراچی ، ۱۴۰۵ھ / ۱۹۸۵م.

(۱۴۸۴) در المصائب ، حصه اول : حاجی میرزا قاسم علی کربلائی ،
۶۶ مجالس ، جمادی الثانیه ۱۳۱۸ ھ، مطبع جعفری لکھنو .
آغاز :بسمله و خطبه اما بعد رائے صافی برادران ایمانی پر واضح و لائح ہو کہ ان اوراق میں چند مجالس مختصر ماحصل روایات مصائب مظلوم کربلا غریب نینوی حضرت سید الشہدا، خامس آل عبا .....
شروع میں تاج العلماء مولانا سید علی محمّد، میر سید علی محدث اور مولانا سید ابوالحسن محدث رضوی کی تقاریظ ہیں.
سید صادق حسین صداقت نے قطعه تاریخ کہا :

مولوی قاسم علی صاحب محدث بحر علم — صاحب نهر المصائب خوش بیان و خوش خصال
کرد او در المصائب نسخه تازه رقم — بحر شد در کوزه بند از فضل رب ذوالجلال
میدهند اهل سخن آواز از هر چار سو — بے عدیل و بے نظیر و بے جواب و بے مثال
نیست مانندش کتابی در زبان اهل هند — هست مضمونش قوی و معتبر بی قیل و قال
مصرعه تاریخ برجسته صداقت شد رقم — بحر درد و رنج و شیون سگه حزن و ملال
(۱۳۰۶ ھ)

(۱۴۸۵) در المصائب ، حصه دوم : حاجی میرزا قاسم علی ،
۲۶ مجالس ،
۱۸۲ ص ، مطبع جعفری لکھنو .

(۱۴۸۶) در المصائب ، حصه سوم : حاجی میرزا قاسم علی ،
اٹھارہ مجالس ،
۷۸ ص ، مطبع اثنا عشری ، ۱۵ رمضان المبارک ۱۳۱۴ھ .

(۱۴۸۷) درود و سلام :
سید محمّد کاظم رشتی کے ایک خطبے کا ترجمہ جو آپ نے عید کے موقع پر کربلائے معلی میں دیا ،
۶۴ ص ، دو روپے ، کتابخانہ ابراھیمیہ کرمان شاخ پاکستان ، کراچی ۔

(۱۴۸۸) دس مجلیس : مولانا غلام عسکری لکھنوی
۲۰۶ ص، مبلغ اعظم اکیڈمی فیصل آباد ، اشرفی آفسٹ پریس فیصل آباد ، کاتب : جاوید عمر ۔

(۱۴۸۹) دین الھی : بیگم شاھدہ نقوی ،
دس مجالس ،
۱۳۲ ص ،دس روپے ، رحمت اللہ بك ایجنسی کراچی ، ۱۹۷۶م ، سندھ آفسٹ پریس کراچی ۔

(۱۴۹۰) ذاکری کے جدید مسودات : سید محمّد حامد ،
دس مجالس ،
۹۶ ص ، مجاھد بکڈپو لکھنو ، سرفراز پریس لکھنو ۔

(۱۴۹۱) ذائقہ ماتم : سید وزیر حسین وزیر ابن سید ثابت علی
اس کتاب کا دوسرا نام « چھل مجلس شپیر » بھی ہے ،
عنوانات : فضائل امام حسین مع معجزات ، فضائل بنت رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ، روانگی پسران حضرت مسلم از مدینہ ، رسیدن امام مظلوم در کربلا، مصائب امام مع حال شھادت حبیب ابن مظاھر، فضائل گریہ در مجلس مع حال شھادت امام حسین ،
۷۶۰ ص ، ۱۲۹۷ ھ ، مطبع نولکشور کانپور . خود مصنف نے تاریخ طبع کھی :

چھپ گئی جب چھل مجلس حضرت شبیر کی — سوچ میں تھا میں کہ کیا لکھوں پتہ تاریخ کا
یك بیك ھاتف نے دی آواز لکھدے اے وزیر — ذائقہ ماتم ہوا ہے مادہ تاریخ کا (۱۲۹۷ ھ)

(۱۴۹۲) زبدة المصائب : مولانا میرزا محمّد عسکری
سو مجالس ،
۸۰۴ ص، ۱۳۰۲ ھ،مطبع نولکشور لکھنو ، مولانا شیخ بہادر حسین وحید شاگرد مولانا مظفر علی خان اسیر لکھنوی نے تاریخ کھی :

مولوی میرزا محمّد عسکری — جامع علم و خرد عالی همم
یك کتاب تعزیت تألیف کرد — هر ورق بحر بکا جیحون غم

سال تالیفش رقم کردہ وحید　　دفتر احوال شاہ با کرم

میرزا خادم حسین کلیم نے تاریخ کہی :

پیش امام اھل دیں میرزا محمد عسکری　　خوب لکھی ہے کتاب اس حشمت و اس زین سے
معصوم کے سب قول ہیں مثل قمر روشن بیان　　آوازہ صل علی وصف میں کونین سے
تاریخ ہے پیدا کلیم اب صفت منقوط میں　　ہے یہ حدیث معتبر حال شہ دارین سے
(۱۳۰۲ھ)

(۱۴۹۳) ذخیرۃ المجالس ، حصہ اول : حکیم سید غلام حیدر کرار،

۵۲-۱۹۵۱م میں جوگی پورہ ضلع بجنور(ہند) میں مشاہیر علماء کی پڑھی گئی چودہ مجالس کا مجموعہ ،

۱۴۴ ص ، امامیہ کتب خانہ لاہور ، علمی پرنٹنگ پریس لاہور .

(۱۴۹۴) ذخیرۃ المجالس ، حصہ دوم : حکیم سید غلام حیدر کرار ،

پندرہ مجالس جو آیت قرآنی «قل لا اسئلکم اجرا الأ المودۃ فی القربی» کے تحت ہیں : ہلال محرم ، امام حسین کا ولید کے گھر جانا ، امام حسین کا روضہ رسول پر رخصت کیلئے جانا ، شہادت حضرت عون و محمّد ، حضرت عباس کے حالات اور پانی کے لئے اجازت لینا ،

۲۵۵ ص ، چار روپے بارہ پیسے ، مارچ ۱۹۷۰م ، علمی پرنٹنگ پریس لاہور .

(۱۴۹۵) ذریعۃ النجات فی یوم العرصات : مولانا سید مقرب علی زائر (م۱۳۴۵ھ)

۴۱ مجالس، عام رسمی مجالس سے ہٹ کر علمی نکات ، مقدمہ کتاب میں روضہ خوانی کے سلسلے میں اصلاح کی طرف توجہ دلائی گئی ہے ص۱۹ پر فرماتے ہیں .«بعض شہروں میں لوگ اپنی قضائے حوائج کیلئے اپنے مطالب و مقاصد کو عرضیوں میں لکھ کر تعزیوں پر باندھ دیتے ہیں اور چلے چڑھاتے ہیں یا کاغذ کی روٹی کتر کراس نیت سے باندھتے ہیں کہ ھمیں مال اور دولت ملے اور وسعت رزق حاصل ہو تو ہم چاندی کی روٹی بنوا کر تعزیہ پر چڑھائیں گے اور لا ولد لوگ کاغذ کا لڑکا کتر کر تعزیے پر چڑھاتے ہیں اور یہ قصد کرتے ہیں کہ جب ہمارے لڑکا پیدا ہو تو ہم چاندی کا لڑکا گھڑوا کر تعزیے پر چڑھائیں گے بعض عورتیں کسی قدر بال اپنے سرکے نوچ کر تعزیے سے باندھ دیتی ہیں کہ شوھر کا دل ہم سے وابستہ ہو جائے بعض عورتیں کسی قسم کی ترکاری یا میوہ مثل انار و امرود وغیرہ کے تعزیے پر چڑھاتی ہیں کہ ہماری فلاں مراد حاصل ہو تو ہم مثل اس میوے کے چاندی کا بنوا کر چڑھائیں گے ان سب امور سے احتراز کرنا چاہیے جناب سید المرسلین اور ائمہ معصومین

علیہم السلام اجمعین کے توسل سے جناب پروردگار قادر مختار سے ہر ایک اپنی مراد شرعی کو طلب کرو اور اسی کو موثر ، حقیقی و معطی مانو »۔

کتاب کے آخر میں مولانا سید آفتاب حسین کی تقریظ ہے اور مؤلف کا اپنا کہا ہوا قطعہ تألیف :

شکر حق دفتر نجات حقیر　　شد مرتب با حسن الترتیب
سازدش موجب نجات او　　در دو عالم جناب ربّ مجیب
خوض کردم بسال تألیفش　　گفت ہاتف بمن بصد ترحیب
زائر مصطفی ابوالقاسم　　کرد تألیف این کتاب عجیب(۱۳۱۴ھ)

۴۰۰ ص ، مطبع یوسفی دھلی ۔

(۱۴۹۶) ذکر الثقلین فی مصائب الحسین : مولانا سید حفاظت حسین سلیم بھیکپوری (ذریعہ)۔

(۱۴۹۷) ذکر حسین ، جلد دوم : پروفیسر سید کرار حسین

دس مجالس جو آپ نے نومبر ۱۹۸۰م کو امریکہ میں پڑھیں ،

۱۶۶ ص، بیس روپے ، اسلامک کلچر اینڈ ریسرچ سنٹر کراچی ، مشہور آفسٹ پریس کراچی ۔

(۱۴۹۸) ذکر معصوم : مولانا سید علی حسین اختر امروھی ،

سولہ مجالس ، ۲۷۲ ص ، اٹھارہ روپے ، محفوظ بک ایجنسی کراچی، محرم ۱۴۰۰ ھ ، سندھ آفسٹ پریس کراچی۔

(۱۴۹۹) رپورٹ سالانہ : سید محمّد الیاس رضوی ،

انجمن مرتضوی امرتسر کی ۷ مئی ۱۹۱۱م کی سالانہ رپورٹ کے ساتھ علامہ سید علی الحائری اور علامہ میرزا احمد علی کی تقاریر ،

۵۲ ص ،۱۹۱۱م ، وزیر ھند سٹیم پریس امرتسر ۔

(۱۵۰۰) ردّ تناسخ و اثبات روز جزا : مولانا سید ابوالحسن لکھنوی

۱۲ ص ، دبدبہ احمدی پریس لکھنو ، ۱۳۳۶ ھ۔

(۱۵۰۱) رسائل عماد الملك : مولانا سید حسین بلگرامی

عنوانات : ابن رشد اور اسکے ہم عصر ، ابن زھر ، عبدالملك ابن زھر ، ابوبکر ابن زھر ، ابن باجہ ، راستی اور راستبازی ، اقبال و ادبار ، ہوا اور پانی ، غذائے نباتات ، زمین کو کیونکر درست کرنا چاہیے ، کیتکی یعنی ھاتھی چنگھاڑ کا درخت ،

۴۰۰ ص ، پانچ روپے ، ۱۹۲۱م ، حیدر آباد دکن .

(۱۱۵۰۲) روح تہذیب : خواجه غلام السیدین (م ۱۹۷۱م)

اردو اکادمی ملیه اسلامیه دهلی میں مئی ۱۹۳۲کو کی گئی تقریر کا متن ،

۸۰ ص ، باره آنے ، مکتبه جامعه دهلی ، دیال پریس دهلی .

(۱۵۰۳) ریاض الشهداء المعروف به زینة المجالس : مولانا سید محمّد مجتبی نوگانوی (م ۱۳۷۷ ھ)

۳۸ مجالس ،

۳۰۴ ص ، جید برقی پریس دهلی ، ۱۳۵۲ھ/۱۹۳۴م ، کاتب : سید نفیس حسن امروهی ، مولانا سید مظاهر حسین نوگانوی نے تاریخ کهی :

تها والد ماجد نے لکها مقتل شبیر — ہے مثل اگر اسکو کهیں هم تو بجا ہے
اب بار دوم چهپ گیا وه فضل خدا سے — ترمیم جسے ذاکر سرور نے کیا ہے
تاریخ لکهوں فکر تهی هر لحظه یه مجھ سے — ہاتف نے ندادی که ریاض الشهداء ہے
(۱۳۵۲ ھ)

(۱۵۰۴) ریاض المصائب ، حصه دوم : مولانا سید ریاض الحسن ،

ستره مجالس ،

۲۰۰ ص ، آٹھ آنے ، مارچ ۱۹۳۵م ، نامی پریس لکهنو .

(۱۵۰۵) زنده جاوید کا ماتم : علامه سید علی نقی نقوی ،

ایك تقریر کا خلاصه ،

۱۶ ص ، دو آنے ، امامیه مشن پاکستان لاهور،۱۹۵۶م ، تعلیمی پریس لکهنو .

(۱۵۰۶) زهرا کا لال : مولانا سید سردار حسین

پندره مجالس ،

۱۱۲ ص، دس روپے ، احمد بکڈپو رضویه سوسائٹی کراچی.

(۱۵۰۷) زینة المجالس ، حصه اول : مولانا سید محمّد حسین نوگانوی (م ۱۳۶۲ ھ)

۵۰ مجالس ، مالك اخبار اتحاد امروهه ضلع مراد آباد .

(۱۵۰۸) زینة المجالس ، حصه سوم : مولانا سید محمّد حسین نوگانوی (م ۱۳۶۲ھ).

(۱۵۰۹) زینة المنابر : مولانا سید محمّد حسین نوگانوی (م ۱۳۶۲ھ).

(۱۵۱۰) سراج غم فی مجلس ماتم : مولانا سید وزیر الدین حسین عزیز

اس کتاب کا دوسرا نام «ضیاء العیون» بهی ہے ایك مقدمه اور دو باب ،

۳۶۰ص، ۱۳۳۳ ھ ، مطبع یوسفی دهلی .

(۱۵۱۱) سفینۃ البکاء : مولانا زاھد حسین جارچوی ،
۵۰ مجالس ،
۲۷۲ ص ، بائیس روپے ، افتخار بکڈپو لاھور، ظفر سنز پرنٹرز لاھور.

(۱۵۱۲) سفینۃ الشھداء : مولانا سید وزیر الدّین حسین
اٹھارہ مجالس ،
۱۷۶ ص ، ۱۳۱۲ ھ، مطبع یوسفی دھلی .
آغاز :بسملہ و خطبہ اما بعد یہ رسالہ خوش مقالہ مشتمل بحالات جان گسل شھدائے معرکہ کربلا و جان نثاران سید الشھداء .... وزیر الدّین ابن سید نثار علی بن محمّد اسماعیل بن سید شاہ علم الدّین .

(۱۵۱۳) شب برات : مولانا سید علی حیدر
۲۷ شعبان المعظم ۱۳۵۰ ھ کو حسین گنج ضلع سارن (ھند)میں کی گئی تقریر
۳۲ ص ، مطبع اصلاح کھجوا.

(۱۵۱۴) شرعۃ المصائب : مولانا میرزا قاسم علی
۶۸۰ ص ، پانچ حصے ۱۳۴ مجالس ، مطبع نولکشور لکھنو ۱۳۱۶ھ/ مئی ۱۸۹۹م مولانا سید تفضل حسین ادیب نے تاریخ کھی :

رسید مژدہ از بهر ذاکرین حسین که جمع گشت احادیث حال آل عبا
صدائے مرحبا بهر مو تفش آمد بطبع داد چو او شرعۃ المصائب را
ادیب مصرعه بنویس بهر طبع کتاب جزائے خیر دهد حق مؤلف او را
(۱۳۱۶ھ)

* شھادت (فارسی) : ڈاکٹر علی شریعتی (م ۱۹۷۷م).

(۱۵۱۵) شھادت : مولانا غلام حسنین کراروی ،
۱۴۴ ص، تنظیم فدائیان علی اکبر شگر بلتستان ، مارچ ۱۹۸۱م.

(۱۵۱۶) شھدائے کربلا کا چھلم : مولانا سید نجم الحسن کراروی (م ۱۹۸۲م)
۱۶ ص ، دو آنے ، پشاور .

* شھید (فارسی) : آیۃ اللہ مرتضی مطھری .

(۱۵۱۷) شھید : ڈاکٹر سید تقی حسن عابدی
۴۲ ص ، ۴۵ ریال ، سازمان تبلیغات اسلامی طھران ، ۱۴۰۳ ھ.
کاتب : حسین رضوی .

(۱۵۱۸) صدر پاکستان کا قوم سے خطاب : آغا محمّد یحیی خان
۲۴ ص ، مطبوعات حکومت پاکستان کراچی ، ۱۹۷۱م ، مشہور آفسٹ پریس کراچی.

(۱۵۱۹) صلح اور جنگ : علامہ سید علی نقی نقوی (م ۱۹۸۸م)
۴۰ ص ،تین آنے ، امامیہ مشن لکھنو،۱۳۶۲ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۱۵۲۰)عبرات العیون و عیون العبرات :مولانا سید محمّد مجتبی جونپوری(م۱۳۷۷ھ)
۴۰۸ ص ، مطبع طریق جعفری جونپور .

(۱۵۲۱) عبرات العیون و عیون العبرات :مولانا سید ناصر حسین جونپوری (م۱۳۱۳ھ)
۴۵۶ ص ، بارہ آنے ، اٹھارہ مجالس ، ۱۳۳۳ ھ، ناصری پریس جونپور .

(۱۵۲۲)عرفان المجالس ، حصہ اول : مولانا سید صفدر حسین نجفی (م ۱۹۸۹م)
بیس مجالس ،
۲۷۲ ص ، امامیہ کتب خانہ لاہور .

* سی مجالس منتظری (فارسی) : شیخ محمّد منتظری.

(۱۵۲۳) سی مجالس : مولانا صفدر حسین
۳۵ مجالس ،
۲۸۰ ص، ساڑھے چار روپے ،امامیہ کتب خانہ لاہور ،حمایت اسلام پریس لاہور.
عنوانات : زناکاری کا بیان اور اس پر مرتب ہونے والے مفاسد ، زنا کی حد اور اسکے مختلف اقسام ، زنا کے اوپر آخرت میں مرتب ہونے والے عتاب ، حضرت لوط کا واقعہ اور لواطت کی سزا ، چالیس کے عدد کی خصوصیات اور مختلف آثار ، پانچ اشخاص سے دوستی نہیں کرنی چاہیے .

(۱۵۲۴) عظمت اهلبیت : مولانا محمّد بشیر انصاری (م ۱۹۸۳م)،
دس مجالس ، اہمیت مجالس پر مقالہ ، « عزاداری مظلوم کربلا اور اهل بلگرام کی خدمات »از سید علی امام بلگرامی ،
۲۲۴ ص ، جنوری ۱۹۷۴م ،خورشید پرنٹرز اسلام آباد .

(۱۵۲۵) عمدة المجالس : مولانا سید کلب حسین (م ۱۳۸۳ ھ)
۱۷۲ ص ، دو روپے ، مکتبہ ایمان جوهری لکھنو ، جولائی ۱۹۶۴م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۵۲۶) عین البکاء معروف به ده مجالس و شط العزاء معروف به چهل مجالس :
سید عطاء اللّه خان عطاء.

۳۲۸ ص ، مطبع بدر الرجی دھلی، ۱۲۸۹ھ ، کسی نے قطعہ تاریخ تصنیف کہا :

جب تامل ہوا تاریخ کے اس نسخے کے ۔۔۔ دی ندا ہاتف غیبی نے یہ غافل کو شتاب
بزم ماتم کے لئے شط العزا ہے نادر ۔۔۔ سال تصنیف کا کر لے اسی مصرعے سے حساب
(۱۳۵۷ھ)
جس نے ترتیب کیا اسکو بحسن ترکیب ۔۔۔ اسم سامی تھا عطا اللہ مع خان خطاب

آغاز : بسملہ و خطبہ بندہ درگاہ ربّ العزت سید عطا اللہ خان المتخلص بعطاء ابن نواب سیف الدولہ معین الملک سید رضی خان... بخدمت مومنین کے عرض کرتا ہے کہ پہلے عشرہ محرم میں یہ کتاب فارسی میں پڑھی جاتی تھی ...

(۱۵۲۷) فاطمہ کا چاند : مولانا سید علی حسن اختر امروھی ،
تیرہ مجالس ، دس روپے ، ۱۷۵ ص ، محفوظ بک ایجنسی کراچی ، دسمبر ۱۹۷۹م .

(۱۵۲۸) فکر انسانی کا ارتقاء : خواجہ غلام السیدین (م ۱۹۷۱م)
سیدین کا وہ خطبہ جو اُنھوں نے ۱۹۶۶ م کو دھلی یونیورسٹی کے شعبہ اردو کے زیر اہتمام دیا یہ خطبہ انسان کے ذھنی ارتقا کی متوازن تاریخ پیش کرتا ہے ، دھلی یونیورسٹی .

(۱۵۲۹) فلسفہ مجلس ، حصہ اول : مولانا سید شوکت علی فراق
مجالس سید الشہداء کے فوائد ، دس باب ،
عنوانات : دنیائے اسلام پر مصائب کی ابتدا ، دریائے مظالم کا جوش اور دنیائے اسلام میں ہلچل، انکشاف مظالم، اعزہ و اغیار کی ممانعت سفر عراق کے متعلق
۵۶ ص، دارالاشاعۃ ہلور ضلع بستی ، صادق پریس لکھنو ، ۱۹۲۹م .
مصنف کے صاحبزادے سید عترت حسین نے تاریخ کہی :

ہو فلسفہ مجلس شبیر کی توصیف ۔۔۔ جولانی میرے رخش قلم میں یہ کہاں ہے
تاریخ کے لکھنے کی ہوئی فکر جو عترت ۔۔۔ دل نے کہا ہے مثل ہے مرغوب جہاں ہے
(۱۹۲۹م)

(۱۵۳۰) فلسفہ مجلس ، حصہ دوم : مولانا سید شوکت علی فراق
موجودہ طرز مجالس پر ناقدانہ نظر ، مصنف کا خیال ہے کہ اُن کے زمانے (۱۹۲۹م) میں جس طرز پر مجالس کا سلسلہ چل نکلا ہے ان میں شرکت کرنا فضول ہے ،
۶۴ ص ، ۱۹۳۰م / ۱۳۴۸ھ ، صادق پریس لکھنو سیّد عترت حسین عترت رضوی نے تاریخ کہی :

والد علام نے ایسا رسالہ لکھدیا — بے تعلق جس کو بالکل مجلسی تعلیم سے
فلسفہ کو مجلس شبیر کے سمجھا دیا — مقصد اصلی بھی تھا اسکی بس ترقیم سے
تشنگان علم دیں کے واسطے اے دوستو — بھتر و شیریں ہے آب کوثر و تسنیم سے
کیا ثنا ہو اسکی عترت مصرعہ تاریخ میں — جب بھرا ہے یہ رسالہ گنج ہفت اقلیم سے
(۱۳۴۸ھ)

شروع میں مولانا سید محمدؐ سبطین سرسوی(م ۱۹۴۷م) اور مولانا میرزا عبدالحسین لکھنوی کی تقاریظ ہیں .

(۱۵۳۱) قلزم ماتم (جدید) : سید نصیر امام نصیر زیدی

بیس مجالس، نثر و نظم، دو روپے ، مطبع یوسفی لاہور بار پنجم (۱۳۸۳ھ/ ۱۹۶۳م پاکستان ٹائمز پریس لاہور ، کاتب : منظور حسین مرڈیکی تحصیل وزیر آباد .

انجام :

کہتے تھے پھوپھی جان خدا حافظ و ناصر — روتے ہی کٹی عمر زمانے پہ ہے ظاہر
وہ ظلم سہے رودئیے خود ظالم و جابر — شکوہ نہ کیا آپ نے اے صابر و شاکر
ہم شام کے دربار میں جائیں گے اکیلے — حاکم کے مظالم کو اُٹھائیں گے اکیلے

(۱۵۳۲) قندیل : سید علی رضا شاہ نقوی ،

تیرہ خطبات ، ۸۰ ص ، دس روپے ، کراچی .

(۱۵۳۳) کار آمد ذاکرین / ماتم حسینؑ : سیدؐ محمدؐ حسین ابن سید غلام حسین رمّال رضوی لکھنوی دو ماتم اور چند مجالس ، نظم و نثر ،

۱۶۰ ص ، ۱۹ ذی قعدہ ۱۳۱۱ ھ/۱۸۹۴م، مطبع اثنا عشری لکھنو .

ماتم اول :وفات جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و بیان مصائب سیدؐ الشھداء.

ماتم دوم : حال عقد جناب فاطمہ زھرا ھمراہ علی مرتضی و بیان شھادت حر بن یزید ریاحی .

آغاز :

یارب خلاق مہر و ماہ ہی تو ہے — بخشندہ تاج و تخت شاھی تو ہے
بے منت و بے سوال و بے استحقاق — دیتا ہے جو سبکو یا الھی تو ہے

(۱۵۳۴) کتابچہ یعنی چھ ریڈیو لیکچروں کا مجموعہ : آقا محمدؐ علی داعی الاسلام حیدرآبادی .

عنوانات : شعر و شاعری اور شعرای فارسی، ریشہ زبان اردو ، غالب کی فارسی

شاعری ، ۱۴۲ ص .

(۱۵۳۵) کلیلہ و دمنہ : سید علی بلگرامی ،
وہ تقریر جو آپ نے دسمبر ۱۸۹۱م کو محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس میں کی۔ اس کتاب میں کتاب کلیلہ و دمنہ کے عربی مترجم ابن المقفع کی سوانح کے ساتھ ساتھ اسباب کی بھی نشاندھی کی گئی ہے کہ اس کتاب کا ترجمہ دنیا کی اور کن کن زبانوں میں ہوا ،
۴۸ ص ، مطبع مفید عام آگرہ ، ۱۸۹۲م .

(۱۵۳۶) کیا خوب آدمی تھا : ڈاکٹر سید عابد حسین
وہ چند تقاریر جو آل انڈیا ریڈیو سے نشر ہوئیں ،
۱۱۹ ص ، ساڑھے چھ روپے ، مکتبہ جامعہ نئی دھلی ، بارھویں دفعہ جون ۱۹۸۳م ، لبرٹی آرٹ پریس ، دھلی .

(۱۵۳۷)گلبانگ حیات : محترمہ فاطمہ جناح
محترمہ کی تقاریر کا مجموعہ ،
۳۷۷ ص ، پانچ روپیہ ، فیروز سنز لاهور ، فیروز پرنٹنگ پریس لاهور .

(۱۵۳۸) گلدستہ خطابت : مولانا سید غلام عسکری
دس مجالس ،
۹۲ ص، نو روپے ،رضوی بک ایجنسی بہار کالونی کراچی،سندھ آفسٹ پریس.

(۱۵۳۹)گلدستہ محافل میلاد : محمّد صالح رضوی عرشی
چاردہ معصوم کی ولادت کا بیان ، قرآن و حدیث سے استدلال ، ھر محفل کے آخیر میں قصیدہ ،
ڈیرھ روپیہ ، ۱۳۳۷ ھ ، چھپرہ (بہار - ھند).

(۱۵۴۰) گلدستہ مواعظ : ڈاکٹر سید رضا حسین رضوی ،
مبلغ اعظم مولانا محمّد اسماعیل (م ۱۹۷۶م) اور دیگر علماء کی تقاریر ،
۲۳۲ ص ، ڈھائی روپے ، پاکستان الیکٹرک پریس لائلپور .

(۱۵۴۱) گلدستہ مواعظ مبلغ اعظم ، جلد سوم : مولانا احمد علی حیدری ،
دس مجالس ،
پندرہ روپے ، مکتبہ وکیل آل محمّد ، محرم ۱۴۰۳ ھ.

(۱۵۴۲) گوھر غم : سیدہ غدیر فاطمہ جعفری و بیگم سید مظھر حسین جعفری
خواتین کیلئے پندرہ مجالس،

۱۵۱ ص، پندرہ روپے ، افتخار بکڈپو، اسلام پورہ لاہور .

(۱۵۴۳) لا تفسدوا فی الارض : علامہ سید علی نقی نقوی (م ۱۹۸۸م)
وہ تقاریر جو علامہ مرحوم نے صفر ۱۳۵۶ ھ کو مدرسۃ الواعظین لکھنو میں کیں ،
۱۹۶ ص ، آٹھ آنے ، امامیہ مشن لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۱۵۴۴) لائبریرین شپ کی عمرانی بنیادیں : ترجمہ از سید جمیل احمد رضوی
ڈاکٹر جے ایچ شیرا کے پانچ لیکچرز:لائبریری اور فرد ، لائبریری اور سوسائٹی، لائبریری اور علم ، تغیر اور تبدیلی ، لائبریری کی تعلیم ،
۱۳۰ ص ، بیس روپے ، ۱۹۸۰م ، کاسمو پرنٹرز.

(۱۵۴۵) لواعج الاحزان ، جلد اول / مظہر المصائب : مولانا سید محمّد مہدی
معصومین علیہم السلام کی ولادت و شہادت پر مجالس ، ترتیب و تحشیہ از مولانا سید نجم الحسن کراروی ،
۵۲۴ ص ، شیعہ جنرل بك ایجنسی لاہور ، اگست ۱۹۶۱م ، انصاف پریس لاہور.

(۱۵۴۶) لیکچر نکاح بیوگان : مولانا سید عباس حسین
نکاح بیوگان کے مخالف غلطی پر ہیں خاندان رسالت صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم میں نکاح ثانی کا تذکرہ ، دو آنے ، مطبع اثنا عشری دھلی.

(۱۵۴۷) مباحثے: وحید الحسن ھاشمی
فن خطابت میں رھنمائی ، بعض موضوعات پر تقریری اشارات : پائیدار امن کے لئے جنگ ضروری نہیں ، فلموں نے ہمارے ماحول کو مکدّر نہیں کیا ، جدا ہو دین سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی ، عقل انسانی تباھی کا باعث ہے ، اسلام ہی موجودہ مسائل کا حل ہے ، قوم وطن سے بنتی ہے ،
۱۶۰ ص ، پانچ روپے ، مکتبہ مصنفین لاہور، ۱۹۶۲م ، اردو پریس لاہور ، کاتب : طاھر منصوری .

(۱۵۴۸) مجالس الابرار ، جلد اول : مولانا سید محمّد مرتضی جونپوری (م۱۳۳۷ ھ/ ۱۹۱۸م)
اسی مجالس (ذریعہ : ۱۹).

(۱۵۴۹) مجالس امام حسین علیہ السلام : مولانا محمّد حسین ممتاز الافاضل
انیس مجالس، سورۃ فاتحہ کی تفسیر اور اسکے نکات ،

۵۱۶ ص، ۴۵ روپے ، امامیہ پبلی کیشنز لاہور ، زاھد بشیر پرنٹرز .

(۱۵۵۰) مجالس حسینیہ : مولانا سید حسن گریاں ابن مولانا سید محمّد زیدی

تیس مجالس ، ۱۳۲۴ ھ ،

۱۸۰ ص .

(۱۵۵۱) مجالس الشیعه : مولانا محمّد تقی بن مولانا سید دلدار علی لکھنوی

۷۱ مجالس ،

۴۰۰ ص ،۱۳۰۳ ھ ، مطبع دبدبه - احمدی لکھنو ، سید ھادی وحید نے تاریخ کھی :

حبذا آن سید اعلی نسب والا حسب مولوی وقائع و ذی رتبه و عالیجناب

نام پاکش در جهاں باشد محمّد با تقی زیں سبب گشتند در علم و کمالش لاجواب

خوش زبان و خوش بیان و واقف فقه و اصول ذات او در دفتر تکمیل فرد انتخاب

عالم بے مثل بل از فضل حق علامه همچو ما بسیار از باب علومش فیضیاب

بهر سال طبع این تاریخ گفتم ای وحید هست مطبوع محب چوں جزو ایماں این کتاب

(۱۵۵۲) المجالس المرضیه فی اذکار العترة النبویه : مولانا حسین بخش نجفی(م۱۹۹۱م)

مولانا سید محمّد باقر شاہ چکڑالوی کی مجالس جو اُنھوں نے اپنے استاد مولانا سید شریف حسین کی امام بارگاہ جگراؤں ضلع لدھیانه میں پڑھیں ،

۳۳۶ ص ، مکتبه انوار النجف دریا خان ضلع بھکر .

(۱۵۵۳) مجالس مومنین : مولانا سید راغب حسین رضوی ،

۹۶ ص ، بارہ مجالس ، مکتبه رضویه شاہ عالم مارکیٹ لاہور، چھ روپے -

(۱۵۵۴) مجموعه تقاریر ، حصه دوم : مولانا سید افسر عباس زیدی ،

علامه سید علی نقی نقوی کی نشر کردہ بارہ مجالس ،

۲۴۰ ص ، امامیه کتب خانه لاہور .

(۱۵۵۵) مجموعه تقاریر، حصه سوم : مولانا سید افسر عباس زیدی،

سوله مجالس ،

۲۸۰ ص، ۳۰ روپے ، امامیه کتب خانه لاہور .

(۱۵۵۶) مجموعه تقاریر ، حصه چهارم : مولانا سید افسر عباس زیدی ،

چودہ مجالس ،عنوانات :خدا کے قسم کھانے کی غرض، سائنس اور دین ، معنی صبر، معنی احسان و بلا ، امتحان حضرت ابراهیم ، اطاعت و اتباع کا فرق ، نظام اسلام میں مرد و زن کے اعمال کا تعین ، تعریف وسیله ، ثبوت شفاعت ، ایمان عبدالمطلب و ابو طالب ،

۲۵۲ ص ، امامیہ کتب خانہ لاہور .

(۱۵۵۷) مجلس شام غریباں : مولانا سید کلب حسین ،
۲۰ ص، ۲۰ پیسے ، امامیہ مشن لکھنو،۱۳۸۴ ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۱۵۵۸) محافل و مجالس چہاردہ معصومین : حسن رضا لکھنوی
۲۷ مجالس اور ۱۴ محافل معصومین ،
۲۸۰ ص ، سوا روپیہ ، لکھنو بک ایجنسی لکھنو ، ۱۹۴۰م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۵۵۹) محافل و مجالس چہاردہ معصومین : مولانا سید ظفر حسن امروھی(م۱۹۸۹م)
۲۸ مجالس ،
۲۴۵ ص ، شمیم بکڈپو کراچی ، ۱۹۶۴م ، کاتب : سلطان نقوی امروھی .

(۱۵۶۰) محافل میلاد چہاردہ معصومین : سید امام علی الرضوی حافظ حیدری
۱۶ مجالس و محافل ،
۱۹۲ ص.

(۱۵۶۱) مجالس امام حسین علیہ السلام : خواجہ محمّد لطیف انصاری (م ۱۳۹۹ ھ)
شیخ جعفر تستری کی کتاب « فوائد المشاھد و نتائج المقاصد المواعظ و البکا » (فارسی) کا ترجمہ ، اکیس مجالس - چھل احادیث کا منظوم اردو ترجمہ جسکا آغاز یوں ہے »

ہے فرمان پیغمبر خوش صفات ... جو اُمت سے میری کوئی نیک ذات
حدیثیں کرے میری چالیس یاد ... پڑھے اُن کو با ذکر ربّ العباد
فلک پر وہ ہوگا ولی وجیہہ ... زمیں پر وہ مشہور ہوگا فقیہہ
نکو کاروں کے ساتھ روز جزا ... اوٹھائے گا ایسے اُسے کبریا
نہ آئندہ کا اس پہ ہو کوئی ڈر ... گذشتہ کے غم کا نہ ہو کچھ اثر

یہ اشعار حضور صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم کی اس حدیث کا ترجمہ ہے .
« من قرأ و حفظ اربعین حدیثا من اُمتی سماہ اللّٰہ فی السماء ولیا و فی الارض فقیھا و یحشرہ اللّٰہ مع الصالحین الذین لاخوف علیھم ولاھم یحزنون » ،
۳۵۲ ص، عوامی پرنٹنگ سروس ملتان .

(۱۵۶۲)مجالس ترابی: علامہ رشید ترابی (م ۱۳۹۳ ھ / ۱۹۷۳م)
چودہ مجالس ، عنوانات :ھدایت الھی ، حجت الھی ، عقل ، تقوی ، تسلیم ، رضائے ربّ ، اتباعِ حق ، صبر ، رزق ، دعا ، سجدہ ، یقین ، کلمہ طیبہ ، ذکر حسین ،

۱۵۲ ص، بیس روپے ، مرکز علوم اسلامیہ کراچی ، ۱۹۸۴م ، ڈیسنٹ سروس کراچی ، کاتب : عامر رضا نقوی .

(۱۵۶۳) مجالس العارفین :
مولانا سید ابن حسن نونہروی ، مولانا سید کلب حسین اور مولانا سید عارف حسین کی تحریر کردہ مجالس ،
۳۷۹ ص ، مکتبہ تعمیر ادب لاہور، فروری۱۹۷۳ م ، تعلیمی پریس لاہور ، کاتب : حکیم محمّد حسین .

(۱۵۶۴) مجالس عزا : حکیم مولانا محمّد حسن میرٹھی ،
بطرز قدیم نظم و نثر، بیس مجالس : یزید پلید کا اپنے باپ کے بعد تخت نشین ہونا ، فضائل مجلس عزا، فضائل زمین کربلا ، فضائل گریہ ، فضائل امیر علیہ السلام وغیرہ ،
۲۲۴ ص ، چودہ آنے .
آغاز : ہزار ہزار شکر اُس خدا کا جس نے ہم کو اس گروہ میں داخل کیا جو ہر سال بلکہ ہر ماہ اپنی جان و مال کو صرف کرکے مجالس عزائے جناب خامس آل عبا.......

(۱۵۶۵) مجالس عزا : ع . رضوی
مجلس درباره شہادت حضرت علی اکبر علیہ السلام ،
۲۰ ص ، پچاس پیسے ، کراچی ، نئی روشنی پریس کراچی .

(۱۵۶۶) مجالس عشره : میرزا محمّد عالم مشهدی ،
ڈیرھ روپیہ ، مکتبہ الحجت خیابان شریعت پشاور.

(۱۵۶۷) مجالس علویہ / مصیبت راتبہ ، حصہ اول: مولانا میر سید علی(م۱۳۰۹ھ)
۸۵ مجالس ،
۵۹۳ ص ، اشاعت ثانی ۱۳۱۴ ھ، مطبع اثنا عشری ، محمّد مهدی علی خان عرف پیارے صاحب ارم نے تاریخ اشاعت اول کہی :

بیاض چوں ریاض در مصائب   مرتب شد دریں اثنا عجائب
بسائل عیسوی چوں گشت مائل   رقم زد تحفة الاذکار از دل
۱۸۷۵م
بتائیدات و توفیقات یزداں   کھلا دیکھو شہادت کا گلستاں
۱۲۹۲ھ

(۱۵۶۸) مجالس علویه / مصیبت راتبه ، جلد دوم ، مولانا سید میر علی ،
۵۹۲ ص ، مطبع حسینی اثنا عشری لکھنو ، یکم ربیع الاول ۱۲۹۶ ھ.
مولانا سید باقر علی رضوی حیرت نے تاریخ تصنیف کہی :

قبلہ و کعبہ جناب مولوی سید علی عالم و باذل فقیہہ و حاکم شرع متین
مطلع خلق و مروت مقطع جود و سخا مجمع لطف و عنائت مصدر علم و یقین
متقی و عابد و زاہد حلیم و ذی شعور کاشف سر احادیث عزائی شاہدین
ہے رسالہ ابتدا سے انتہا تک بیعدیل حرف منقوطہ میں یہ تاریخ لکھی مومنین
مصرعہ تاریخ حیرت ذاکرونکی ورد ہے آج ہندوستان میں انکا کوئی ثانی نہیں
(۱۲۹۳ ھ)

(۱۵۶۹) مخزن المجالس : مولانا سیّد جمیل احمد
۱۲۸ص، محفوظ بك ایجنسی کراچی،۱۹۸۴م ، سندھ آفسٹ پریس ، کاتب :
سید جعفر حسین .

* مرگ گلرنگ (فارسی) : ڈاکٹر علی شریعتی

(۱۵۷۰) مرگ گلرنگ :
واقعہ کربلا سے متعلق تین خطبات : شہادت ، ایك مناجات ، شہادت کے بعد ،
۱۰۴ ص ، پندرہ روپے .

(۱۵۷۱) مسلمان ایك دوسرے کے بھائی ہیں : مولانا سید محمّد رضی
۳۴ ص ، ایك روپیہ ، ادارہ نشر علوم دینیہ کراچی ، جنوری ۱۹۷۶م ،
انٹرنیشنل پریس کراچی .

(۱۵۷۲) مسلمان کون ہے : مولانا مشتاق حسین شاہدی
عید میلاد النبی صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم کے موقعہ پر صدارتی تقریر ،
۹ ص ، کراچی .

(۱۵۷۳) مصباح المجالس حصہ اول : مولانا سید ظفر حسن امروھی(م ۱۹۸۹م).

(۱۵۷۴) مصباح المجالس ، حصہ دوم : مولانا سید ظفر حسن امروھی (م ۱۹۸۹م)
مختلف کتابوں کا مطالعہ کرتے ہوئے ایك ہی موضوع کے تحت مضامین کو اکٹھا
کیا گیا ہے ،
۱۹۲ ص ، شمیم بکڈپو کراچی ، مشہور آفسٹ پریس کراچی .

(۱۵۷۵) مصباح المجالس ، حصہ سوم : مولانا سید ظفر حسن امروھی (م ۱۹۸۹م)
بیس مجالس ، عنوانات : نماز ، روزہ ، حج ، زکواۃ ، خمس، جہاد ، اطاعت
والدین ، امر بالمعروف ، حقوق زن و شوھر ، پردہ ، موت، خدمت دنیا ، جھوٹ

اور غیبت وغیرہ ،
۱۳۶ ص، شمیم بکڈپو کراچی ، ۱۹۶۹ م ، ضیاء برقی پریس کراچی .
(۱۵۷۶) مصباح المجالس ، حصہ چہارم : مولانا سید ظفر حسن امروھی ،
چالیس مجالس ،
۳۷۶ ص ، آٹھ روپے ، مشہور آفسٹ پریس کراچی .
* المنازل الآخرہ (فارسی) : شیخ عباس قمی (م ۱۳۵۹ ھ)
(۱۵۷۷) مطالب فاخرہ : مولانا غلام حسین مظہر،
مرنے کے بعد کیا ہوگا ،
۳۲۰ ص ، گیارہ روپے ، مکتبہ اصغریہ سرگودھا ، ثنائی برقی سرگودھا ،
کاتب : محمّد شفیق .
(۱۵۷۸) معراج البیان فی فضائل آل عمران : مولانا ناصر حسین نجفی .
پاک و ھند کے نامور علماء کی تقاریر ، حضرت مبلغ اعظم (م ۱۹۷۶م)کی
آخری تقریر،
۱۹۲ ص ، دس روپے ، مبلغ اعظم اکادمی فیصل آباد ، ۱۴جون ۱۹۷۸م ،
اشرفی آفسٹ پریس فیصل آباد ، کاتب : فضل حسین.
(۱۵۷۹) معراج الکلام : مولانا سید سبط حسن (م ۱۳۵۴ ھ)
۱۲۸ ص ، ایک روپیہ ، مکتبہ تعمیر ادب لاهور،۱۹۶۷م ، نامی پریس لاهور،
عشرہ محرم کی مجالس جو مراد آباد میں پڑھی گئیں،مع علامہ سید علی نقی
(م ۱۹۸۸م) کا مقدمہ.
(۱۵۸۰) معراج النثر : میر فدا علی فدا نثار لکھنوی .
دس مجالس ،
۱۷۵ ص ، ایک روپیہ ، مطبع اثنا عشری دھلی ، ۱۹۲۷م.
(۱۵۸۱) معین الذاکرین ، حصہ اول : مولانا سید حسن جعفر ،
پندرہ مجالس ،
۱۹۲ ص ، آٹھ آنے ، ۱۳۵۵ھ ، الواعظ صفدر پریس لکھنو.
* مفتاح الجنہ فی مجالس و مصائب خامس (فارسی) : محمّد بن محمّد المقدس
زنجانی .
(۱۵۸۲) مفتاح الجنة فی مجالس و مضائب خامس : سید محمّد شبیرؑ عباس نقوی بخاری
چار مجالس ،

۲۷۸ ص،۴۵۰ روپے ، ولی العصر ٹرسٹ رتّہ متہ جھنگ، ربیع الاول ۱۴۰۸ ھ/ نومبر ۱۹۸۷ م ، کاتب : نبیل احمد خان.

(۱۵۸۳) مقامِ اہلبیت : مولانا محمّد بشیر انصاری (م ۱۹۸۳م)
دس مجالس ،
۱۹۲ ص، امامیہ کتب خانہ لاہور .

(۱۵۸۴) مقتل حسین علیہ السلام ، حصہ اول : مولانا سید سیادت حسین امروھی
چودہ مجالس ،
۱۲۸ ص ، ایک روپیہ ، حجازی پریس لاہور.

(۱۵۸۵) مقتل حسین علیہ السلام ، حصہ دوم : مولانا سید سیادت حسین
چودہ مجالس ،
ایک روپیہ .

(۱۵۸۶) مقتل حسین علیہ السلام ، حصہ اول : مولانا سید محمّد عادل رضوی ،
چھ مجالس ،
۵۲ ص ، دس آنے ، ادارہ ناصـــر الاسلام کراچی ، ۱۳۸۴ ھ/۱۹۶۵م ، کریسنٹ پریس کراچی .

(۱۵۸۷) منظر المصائب : مولانا سید امداد امام (م ۱۳۵۳ ھ) (مطلع)

(۱۵۸۸) مواعظ حسنہ : علامہ سید محمّد سبطین سرسوی (م ۱۹۴۷م)
علامہ شیخ عبدالعلی الھروی الطھرانی (م ۱۳۴۱ ھ) کی تقاریر کا مجموعہ ، تقاریر فارسی میں تھیں علامہ سرسوی نے اسکا اردو میں ترجمہ کیا ، چار حصوں پر مشتمل ہے ، اس کتاب کے ۲۹۵-۲۹۳ پر اسبات کا تذکرہ ہے کہ :
۱- شب عاشور کے آخری حصے میں اصحاب حسین نے وضو کیا .
۲- حضرت امام حسین عیہ السلام کے مشکیزے میں اتنا پانی تھا کہ آپ نے غسل فرمایا ،
۴۲۴ ص ، پانچ روپے ، البرھان بکڈپو لاھور، نذیر پرنٹنگ پریس لاھور .

(۱۵۸۹) موعظہ اکبر پوریہ :تاج العلماء مولانا سید علی محمّد (م ۱۳۱۲ ھ)(مطلع).

(۱۵۹۰) موعظہ اھلبیت : مولانا میرزا محمّد اطہر لکھنوی ،
دس مجالس ،
۲۵۶ ص ، بیس روپے ، ۱۹۸۲م ، الامان پرنٹنگ پریس لاھور ، کاتب : سیّد نور الحسن لکھنوی .

(۱۵۹۱) موعظه جونپوریه : تاج العلماء مولانا سید علی محمّد (م ۱۳۱۲) (مطلع).
(۱۵۹۲) موعظه حسنه :مولانا سید ابوالحسن بن نقی شاه رضوی کشمیری(ذریعه:۲۳).
(۱۵۹۳) موعظه فاخره : مولانا سید مصطفی المعروف به میر آغا صاحب
فضائل علم و علماء ، دو آنے ، مطبع اثنا عشری دهلی .
(۱۵۹۴) موعظه یونسیه : تاج العلماء مولانا سید علی محمّد (م ۱۳۱۲ھ) (مطلع).
(۱۵۹۵) ندبة العزاء لسید الشهداء : مولانا سید نظیر حسن بهیکپوری .
۴۵ مجالس ،
۴۴۶ ص ، تین روپے ، نظامی پریس لکھنو .
(۱۵۹۶) نرالی رات : مولانا حافظ کفایت حسین (م ۱۹۶۸م)
مجلس شام غریباں،
۸ ص ، چھ پیسے ، امامیه مشن پاکستان لاهور ، تعلیمی پریس لاهور .
(۱۵۹۷) نعیم الابرار فی اذکار النبی و آله الاطهار ، جلد اول : مولاناغلام حسین نعیمی
بیس مجالس ،
۳۵۱ ص ، چوده روپے ،مکتبة النذیر ساهیوال(م ۱۹۹۱م)۱۳۹۳ھ/۱۹۷۴م،
الارشاد پریس لاهور، کاتب:سید کلب عباس آف سرگودها.
(۱۵۹۸) نعیم الابرار فی اذکار النبی المختار و آله الاطهار ، جلد دوم : مولانا غلام حسین
نعیمی ، بیس مجالس ،
۳۶۸ ص ، باره روپے ، مکتبة النذیر ساهیوال.
(۱۵۹۹) نعیم الابرار فی اذکار النبی المختار و آله الاطهاره، جلد سوم :مولانا غلام حسین
نعیمی ، بیس مجالس ،
۳۶۴ ص، مکتبة النذیر ساهیوال ،۱۹۷۶ص، کاتب:محمّد شفیق آف سرگودها.
(۱۶۰۰) نهر المصائب : میرزا قاسم علی محدّث ،
۲۳۲ ص ، مکتبه الحجت پشاور ، تین حصے کل ۱۱۳ مجالس .
(۱۶۰۱) نور المجالس نورانی ، جلد اول : سید نور الحسن ،
حدیث رسول صلی الله علیه و آله وسلم « علماء امتی افضل من انبیاء بنی
اسرائیل » کی شرح ،
۳۲ ص ، مطبع اثنا عشری لکھنو.
(۱۶۰۲) نور المجالس ، حصه دوم : سید نور الحسن ،
حضرت علی اصغر علیه السلام کی شهادت کا بیان ،

۲۰ ص ، ۱۳۲۰ ھ ، مطبع اثنا عشری لکھنو .

(۱۶۰۳)نور المجالس نورانی ، حصہ سوم تا دھم : سید نور الحسن ،
۱۶۰ ص.

(۱۶۰۴) وسائل الشفاعة ، حصہ اول : مولانا سید محمّد ابو جعفر امروھی ،
۲۴ مجالس ،
۲۹۶ ص ، چار روپے ، کتب خانہ اثنا عشری لاہور ، مرکنتائل پریس لاہور.

(۱۶۰۵) وسائل الشفاعة ، حصہ دوم : مولانا سید محمّد ابو جعفر نقوی ،
بارہ مجالس،
۱۲۴ ص، ساڑھے تین روپے ، خان دانش پرنٹنگ پریس راولپنڈی، کاتب : مولانا سید ذاکر حسین .

(۱۶۰۶) وعظ بے نظیر لکچر پر تاثیر: مولانا سید عباس حسین (م ۱۳۴۵ ھ)
عید الفطر کے موقع پر تقریر،
۲۸ ص ، مطبع یوسفی دھلی ، کاتب : فتح علی.

(۱۶۰۷) ھاں دوست ایسا ہی تھا : زیرک نقوی ،
ڈاکٹر علی شریعتی کی ایک تقریر کا ترجمہ ،
۳۸ ص ، آٹھ روپے ، ادارہ احیائے تراث اسلامی کراچی ، ۱۹۸۵م .

(۱۶۰۸) ہمارا مطالبہ : مولانا سید بختار الحسن سبزواری
۲۴ جولائی ۱۹۸۵م کو جامع مسجد اثنا عشری اسلام آباد میں شیعہ علمائے پاکستان کا ایک کنونشن ہوا تھا. جس میں کوئٹہ میں مومنین کا قتل عام اور شیعہ مطالبات جیسے اہم مسائل تھے اس موقع پر مولانا سید گلاب علی شاہ صاحب کی تقریر کا متن ،
۱۶ ص ، جامعہ اھلبیت اسلام آباد .

(۱۶۰۹) یادگار مجالس : مولانا سید ظل حسنین
بارہ مجالسی ،
۲۱۶ ص ، بائیس روپے ، ادارہ زید شہید اسلام پورہ لاہور ،
۱۹۸۴م ، حیدری پریس لاہور ، کاتب : محمّد صادق ، سید شاھد حسین نقوی شاھد نے تاریخ تصنیف کہی :

یہ نذر رد نہ کر سکے گی چشم لطف سیدہ ہیں قلب مادر حسین کا قرار مجلسیں
غلام اھلبیت اُٹھ ، سوئے بتول لے کے چل حقیر نذر ، کربلا کی یادگار مجلسیں
(۱۹۸۰م)

(۱۶۱۰) نماز جمعہ کے خطبات :
آیۃ اللہ سید علی خامنہ ای اور حجۃ الاسلام علی اکبر ہاشمی رفسنجانی کے خطبات جمعہ کا ترجمہ ،
۶۴ ص ، امامیہ آرگنائزیشن پاکستان کراچی ، ۱۴۰۷ ھ.

(۱۶۱۱) ینابیع المصائب (حصہ اول) : میرزا قاسم علی
۱۶ مجالس ، ۷۴ ص ، مطبع تصویر عالم لکھنو .

(۱۶۱۲) احسن المجالس : مولانا سیادت حسین نقوی
۱۴مجالس ،
۱۹۲ ص ، محفوظ بک ایجنسی کراچی ، ۱۴۱۵ ھ، سندھ آفسٹ پریس.

(۱۶۱۳) خطابت مجالس سیکھنے اور نامور خطیب بننے کے طریقے : سیّد اعجاز محمّد
۱۷۶ ص ، حق برادرز لاهور ، نظامی پریس لاهور، ۱۹۹۲م .

(۱۶۱۴) فاطمہ کا لال : مولانا سیّد سردارعلی
۱۳ مجالس ،
۱۱۲ ص، محفوظ بک ایجنسی کراچی،۲۰ روپے ، سندھ آفسٹ پریس ، کاتب : سید محمّد جعفر زیدی .

عزاداری سید الشهداء علیہ السلام

(۱۶۱۵) آفتاب : ایم عباس اورنگ آبادی ،

ماھنامہ «فاران» کراچی کے ایڈیٹر مولانا ماہر القادری(م ۱۹۸۱م) کا عزاداری کے خلاف جولائی۱۹۶۳م کے شمارے میں چھپنے والے مضمون کا رد،

۳۰ ص، ۳۵ پیسے ، کراچی ، انجمن پریس کراچی .

(۱۶۱۶) آنسوؤں کی لڑی : سید عترت حسین رضوی ،

عزاداری سید الشھداء کا ثبوت ،

۳۲ ص ، مفت، امیر بك ایجنسی، دھلی ، ۱۳۵۰ ھ ، خود مصنف نے تاریخ کہی :

اے جگر گوشہ نبی و علی — اے شہید جفا سلام علیك

روك دے یہ مجال ھے کسکی — تیرا ماتم ہے ھر جگہ برپا

فکر تاریخ کی جو دل کو ہوئی — آئی ہاتف کی یہ صدا عترت

خوں جگر کا ہے آنسوؤں کی لڑی(۱۳۵۰ھ) — سر حاسد کا کاٹ کر لکھدو

(۱۶۱۷) اثبات عزاداری : مولانا سید سبط الحسن ھنسوی (م ۱۳۹۸ ھ)

مندرجہ ذیل عنوانات : عاشورائے محرم کو خوشی منانے کے متعلق تمام روایتیں موضوع ہیں،واقعہ کربلا پر گریہ و بکا کرنا باعث ثواب اور موجب بخشائش ہے ، حضرت ابراھیم خلیل اللہ کا واقعہ شہادت امام حسین پر گریہ و بکا کرنا، خاتون جنت حضرت فاطمہ کا گریہ کرنا ، بعد شہادت امام حسین حضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا بیقرار ہونا، فرشتوں کا غم حسین میں قیامت تك روتے رھنا، جنات کا رونا اور نوحہ کرنا، زمین و آسمان کا غم حسین میں رونا اور اظہار غم کرنا ، اولیائے عظام اور صوفیائے کرام کا غم حسین میں رونا ، ائمہ اسلام اور علمائے کرام کا غم حسین میں مرثیہ کہنا ، مولانا شاہ عبدالعزیز دھلوی مصنف تحفہ اثنا عشریہ کا مجلس کرنا ، علمائے صالحین نے تعزیہ داری کی ترویج کیلئے فتوی دیا ،

۱۱۲ ص ، چار آنے ، امامیہ مشن لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۱۶۱۸) اثبات تعزیہ داری : ریاض بنارسی (م ۱۳۶۱ ھ)

۴۵ ص ، جوادیہ کالج بنارس، ۱۳۷۳ ھ ، علمی الیکٹرك مشین پریس بنارس.

(۱۶۱۹) اثبات ماتم و تعزیہ داری : سیّد ارشاد علی
تعزیہ داری و ماتم پر مشتمل چند سوالات کے جوابات ،
سول نمبر ۱ :تعزیہ اور تربت بنانا مانند تصویر کے ہے اور شرع میں تصویر بنانے کی مخالفت ہے ،
۲۴ ص ، ۱۹ ربیع الاول ۱۲۹۶ ھ ، مطبع حسینی لکھنو .

(۱۶۲۰) اجر رسالت : مولانا حکیم سید قائم حسین موسوی ،
آٹھ ابواب : محبت اهلبیت ، فضائل حسنین ، سبب شہادت امام حسین ، مجالس عزائے حسین کے فضائل ، رونا ، سینہ زنی ، تعزیہ علم تابوت و ذوالجناح ، قاتلان فرزند رسول کے مذهب کی تحقیق ،
۱۹۲ ص ، کتب خانہ اثنا عشری لاهور ، ۱۳۷۲ ھ / ۱۹۵۳م ، آفتاب عالم پریس لاهور .

(۱۶۲۱) اجوبۃ الجدیدہ لاسولۃ العدیدہ : مولانا غلام محمّد سندھی
سندھ کے علمائے اهلسنت نے شیعوں پر حسب ذیل سوالات کئے تھے :
۱- صورت ماتم جو خصوصاً عشرہ محرم میں عام لوگوں کے اندر بمقابلہ مواظبت دین متین کے پھیل گئے ہیں اور اسے خاص ثواب جانتے ہیں بنیاد اسکی زمانہ ابوالبشر آدم علیہ السلام سے لے کر الی زمان سرور کائنات فخر موجودات حضرت محمّد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بنص قرآنی ثابت کر دیجئے .
۲- اگر ماتم کرنا ثابت بھی ہوگیا تو علامات ماتم اور غمزدگی کیا ہیں ؟ جو بوجہ شائستگی بجالانا چاہیے جو مقبول جناب الٰهی کے ہوں .
۳- بہتان کسے کہتے ہیں اور شکایت کسے کہتے ہیں اور نتیجہ اسکا کیاہے .
۴- شیطان جو ملعون یقینی ہے جب اپنی جبلی عداوت کے سبب مسلمانوں کے دلوں میں خطرہ ڈالتا ہے اور برابر راستہ بناتا ہے تو اسوقت اس پر لعنت کرنے کا حکم آیا ہے یا کوئی اورعلاج کرنا چاہیے .
۵- جو کسی رسم اچھی کو جسے سنت کہتے ہیں یا کسی رسم بد کو جسے بدعت خبیثہ کہتے ہیں جہان میں رواج دیتا ہے تو ثواب سنت کا باعقاب بدعت کا الی یوم القیامۃ کسکے ذمے لگا رہے گا کرنے والے کے ذمے یا رسم رکھنے والے کے ذمے یا دونوں شریک ہیں .
۶- جماعت صحابہ کراموں کی جو اول درجے کے مومن کامل الایمان ہیں جن

سے حق تعالی جل جلالہ کئی جگہ قرآن مجید میں مخاطب ہوا ہے اور طرح طرح کی بشارت سے مبشر کیا ہے ....

۳۲ ص ، لاہور ، ۱۳۱۶ ھ، مطبع شمس الهند لاہور .

آغاز : بسملہ و خطبہ امابعد جمیع مومنین موقنین و پیروان ائمہ طاہرین پر مخفی و مستنیر تر ہے کہ حسب اتفاق عاصی العبد غلام محمّد واسطے ملاقات مسرت آیات جناب فیض مآب .... سید میر عجائب علی شاہ...

* الارض و التربۃ الحسینیہ (عربی) شیخ محمّد حسین آل کاشف العظاء.

(۱۶۲۲) الارض و التربۃ الحسینیہ : مولانا اثیر جاڑوی (م ۱۹۹۲م)

ترجمہ مع متن ، کربلا کی مٹی کی اہمیت ،

۲۰۸ ص،مکتبہ انوار النجف دریا خان ضلع بھکر .

(۱۶۲۳) اسلام اور تعزیہ داری: عباس رضوی

آٹھ آنے ، منشی جعفر نائب صدر آل کشمیر ٹیچرز ایسوسی ایشن محلہ چنہ کوال ، سرینگر .

(۱۶۲۴) اسلام میں ماتم : مولانا حافظ سیف اللّٰہ جعفری (م ۱۹۸۰م)

ماتم کا ثبوت بحوالہ کتاب و سنت اور عمل صحابہ کرام و ازواج مطہرات ،

۲۴ص ، ۵۰ پیسے ، الرضا پریس سرگودھا .

(۱۶۲۵) اسوہ حسنہ فی عزائے سید شباب اهل الجنہ : سید غلام اصغر نقوی

مولانا ثناء اللّٰہ امرتسری نے اپنے اخبار « اهلحدیث » میں دعوی کیا تھا کہ عزاداری سید الشهداء بدعت ہے اسکا رد،

۵۶ ص ، ۱۳۳۶ ھ ، مطبع اصلاح کھجوا ضلع سارن .

(۱۶۲۶) بت شکن تعزیہ : سید وصی شوق بلگرامی

ثبوت تعزیہ داری ،

۴۶ ص ، نور المطابع لکھنو ، ۱۹۲۵م .

آغاز :بسملہ و خطبہ و بعد حسین کی عزاداری خدا کی سنت ہے رسول کی سنت ہے اس عزاداری کو ذوی العقول نے برپا کیا ...

(۱۶۲۷) براهین ماتم ، جلد اول : مولانا خادم حسین خان ،

صدر تنظیم اهلسنت مولانا دوست محمّد قریشی (م ۱۹۷۴م)کے اعتراضات عزاداری پر کئے گئے سوالات کے جوابات ،

۱۴۱ ص ، گیلانی الیکٹرک پریس لاہور .

(۱۶۲۸) براهین ماتم ، جلد دوم : مولانا محمّد اسماعیل (م ۱۹۷۶م).
عزاداری سید الشهداء کے سلسلے میں اعتراضات کے جوابات ،
۲۰۵ ص ،مبلغ اعظم اکیڈمی فیصل آباد، اسود آفسٹ پریس ، فیصل آباد ،
کاتب :محمّدشریف قادری.

(۱۶۲۹) برّصغیر هند و پاك میں حسینیت کا آغاز : لیاقت علی رضوی
۳۲ ص ، باب الاسلام پریس سرگودھا.

(۱۶۳۰) البکاء علی الحسین ، حصه اول : سردار علی شاه ،
ثبوت عزا ازکتاب و سنت ،
۳۲ ص ، جامعه جنت الفردوس فیصل آباد ، لکی آرٹ پریس لائلپور ،
فیصل آباد .

(۱۶۳۱) البکاء علی الحسین : سردار علی شاه ،
۸۷ ص، جامه جنت الفردوس فیصل آباد ، ۱۳۹۳ ھ.

(۱۶۳۲) تجلیة العین فی اثبات البکاء علی مصائب سیدنا الحسین :
مولانا سعید الدین نقوی.
جب مولانا مرحوم حالت سفر میں تھے تو سید فضل حسین آف عبدالله پور ضلع میرٹھ نے اُنھیں ایك اشتهار دکھایا جس میں کانپور سے کسی صاحب نے جواز و عدم جواز ذکر شهادت حسنین کے بارے میں علماء دهلی سے کیا تھا اسکا جواب عدم جواز کیصورت میں مولانا محمّد نذیر حسن محدث دهلوی نے دیا یه کتاب اسی کے رد میں ہے اسکا دوسرا نام « رجم الشیاطین » بھی ہے ،
۷۶ ص ، ذی قعده ۱۲۸۴ ھ ، مطبع مجمع البحرین لدھیانه .
آغاز :بسمله و خطبه اما بعد کهتا ہے خاك نشین سعید الدین ابن المولی العالم الکامل العابد الذاهد السیّد غریب شاه نقوی البخاری المرحوم اعلی الله مقامه فی الجنان بحرمت سید الانس و الجان متوطن قدیم کنور کثره ضلع فرخ آباد که اثنائے راه میں وقت ورود بنده کی موضع سنوته ضلع میرٹھ میں حین عزم و تردد جانب مظفر نگر ....

* درّ الفرید فی عزائے السبط الشهید (فارسی):میرزا احمدعلی بن حجة الاسلام شیخ محمّد حسین شهرستانی

(۱۶۳۳) ترجمه در الفرید فی عزاء السبط الشهید : سید عاشق حسین وصل ،
۳۴ ص ، ۱۳۲۲ ھ، مطبع تصویر عالم لکھنو ، مترجم نے تاریخ کہی :

وجیزه که اساسیت بهر دین مبین عماد طاق عزای شهید بی تقصیر
نوشت عالم ربانی از عراق عرب که نام نامیش اندر کتاب شد تسطیر
بپاس خاطر شیدای آل پاک نبی سعید و سید ذی مرتبت امیر کبیر
بطبع آمده فی الحال و بهر تاریخش به بست و پنج دقیقه چو فکر کرد حقیر
دلم طپید و فغان زد بگو بگو ای وصل رساله هدیه آداب ماتم شبیر
(۱۳۲۲ھ)

آغاز: بسمله و خطبه و بعد اسکے کہتا ہے بندہ جانی فانی محمّد علی محمّد حسین الحسینی المرعشی الشھیر بشھرستانی کہ ایک شخص نے برادر ایمانی سے مجھ سے خواہش کی کہ ایک رسالہ لکھوں جو جواز عزاداری سید الشھداء .

(۱۶۳۴) تصفیة الخفا فی اثبات ماتم سید الشھداء : مولانا سید کاظم حسین موسوی
۵۶ ص ، پانچ آنے ، لکی آرٹ پریس فیصل آباد .

(۱۶۳۵) تصویر عزا : مولانا سید علی حیدر (م ۱۳۸۰ ھ)
عزاداری سید الشھداء علیہ السلام پر کئے جانے والے جملہ اعتراضات کے جوابات ،
۵۰۴ ص ، پانچ روپے ، ۱۳۵۸ ھ ، مطبع اصلاح .

(۱۶۳۶) تعزیہ الم : سید ارشاد علی
مندرجہ سوالات کے جوابات :
۱- تعزیہ اور تربت بنانا مانند تصویر کے ہے اور شرع میں تصویر بنانے کی ممانعت ہے .
۲- تعظیم تعزیہ و ضریح وعلم مثل بت پرستی کے ہے .
۳- بیان کرنا قصہ کربلا کا نہ چاہیے .
۴- روناجناب امام حسین علیہ السلام کی مصیبت پر بدعت ہے .
۵- خاک بسر ہونا اور سینہ زنی اور چاک گریبان کرنا مصیبت امام حسین علیہ السلام میں ممنوع ہے .
۶- شیعوں کا لقب اور مذہب قدیم نہیں ہے جدید ہے عبداللّٰہ بن سبا یہودی نے ایجاد کیا ،
۲۸ ص ، ربیع الاول ۱۳۰۲ھ / دسمبر ۱۸۸۴م ، مطبع حسینی اثنا عشری.

(۱۶۳۷) تعزیہ حسین علیہ السلام : ڈاکٹر نور حسین صابر (م ۱۹۴۵م)
قرآن و سنت اور آثار صحابہ سے ثبوت تعزیہ داری ،
۳۶ ص ، چار آنے ، جعفریہ ایسوسی ایشن پنجاب لاہور ، محرم ۱۳۴۱ ھ ،
پرکاش سٹیم پریس لاہور ۔

(۱۶۳۸) ثبوت عزاداری :
عزاداری سید الشہداء علیہ السلام کا ثبوت از روئے کتاب و سنت اور کتب اہلسنت ،
۴۸ ص ، انجمن امامیہ بنگلور ، الیکٹرک قومی پریس بنگلورنمبر۱ ۔

(۱۶۳۹) ثبوت عزائے امام حسین علیہ السلام : مولانا محمّد بشیر انصاری (م ۱۹۸۳م)
۹۸ ص ، ڈھائی روپے ، انجمن بوستان اکبر ملتان، امروز پرنٹنگ پریس ملتان.

(۱۶۴۰) ثبوت ماتم : مولانا محمّد علی پٹیالوی
۱۲ ص ، مفت ، پاکستان شیعہ فیڈریشن گوجرانوالہ ۔

(۱۶۴۱) ثواب آخری : سید اکبر حسین
ثبوت عزاداری سیدالشہداء علیہ السلام،
۱۶ص ، محرم ۱۳۲۱ ھ، یونیورسل پریس لاہور ، مولانا بخشش علی نحیف نے تاریخ کہی :

حبذا عالی نسب اکبر حسین	فرع اصل فاتح بدر و حنین
اختری نوری رخ بو طالبی	فاطمی و ہاشمی و غالبی
نور چشم حضرت زید شہید	عابد و شبیر را نجم سعید
الذی اخلاقہ عام کثیر	خیرة المبسوط فی الدھر شہیر
اندریں آوان بتائید ودود	تازہ خیر آمدہ زود وجود
کایں رسالہ ساختہ زیب رقم	قربتہً للّٰہ با شوق اتم
مثبت فضل عزائی شاہدیں	ابن حیدر سبط خیر المرسلین
بادشاہ کربلا مولی حسین	حضرت خیر النساء را نور عین
بسکہ آمد نافع ارباب دیں	وقف کردش برگروہ مسلمین
خواستم تاریخ تألیفش نحیف	کاورم در نظم چوں در لطیف
ہاتفی گفتہ ثواب آخری	ہست تاریخش بدین احمدی
	(۱۳۲۰ ھ)

آغاز:بسمله و خطبه اما بعد همه تن گنہگار راجی رحمت خداوند غفار اذل کونین سیّد اکبر حسینؔ ابن سید غلام حسنینؔ مرحوم بارھوی سیّد نگر ضلع گوجرانوالہ پنجاب مسکناً و الحائری مدفناً انشاء اللّٰہ تعالی عرض کرتا ہے ....

(۱۶۴۲)الجواب الاتم فی شعار المحرم و الماتم :مولانا محمّد اسماعیل (م ۱۹۷۶م)

روزنامہ « مارننگ نیوز » کے ۱۴ فروری ۱۹۷۳ م کے شمارے میں ایس ایم عبدالحامد کا ایک مضمون عزاداری سید الشھداء کی رد میں چھپا اسکا جواب ،

۱۱۲ ص ، دو روپے ، ضیاء برقی پریس کراچی .

(۱۶۴۳) جواب « مرشیعہ » : محمّد ظریف

شیعوں کے خلاف ایک دو ورقہ « مر شیعہ » جو بارہ بندوں پر مشتمل تھا . ۱۳۲۹ ھ کو چھپا اس کا رد منظوم ، ۵۲ ص، اکتوبر ۱۹۱۶م .

آغاز:

ہے اک خارجی ناصبی نامعلّم کمینہ خصائل شقاوت مجسّم
نظر آئے جسدم ھلال محرّم تو جھنجھلا کے شادی مناتا ہے اظلم
* علائم ظہور (فارسی) : شیخ عباس علی ابن علی محمّد چارتانی اصفہانی

(۱۸۹۸) علائم ظہور : شریف حسین جعفری

بارہ باب :

۲۰۰ ص ، دین محمدی پریس لاھور .

(۱۸۹۹) الحجة البالغہ : مولانا سید محمّد مہدی بن سید علی بھیکپوری (ذریعہ : ۶)

{ مولانا سید محمّد مہدی ابن سید علی ۲۵ ربیع الاولّ ۱۲۶۹ ھ کو علی نگر بھیك پور ضلع سارن میں پیدا ہوئے ابتدائی کتابیں اپنے وطن ہی میں پڑھیں اور اسکے بعد لکھنو چلے آئے اور وہاں علوم دینیہ کی تکمیل کی وعظ میں عموما فقھی مسائل بیان فرمایا کرتے تھے ۲۴ جمادی الثانیہ ۱۳۴۸ ھ کو مظفر پور (ھند) میں انتقال کیا آپ حسبِ ذیل کتابوں کے مصنف ہیں :

زمزمة الحجاج : لواعج الاحزان (دو جلدیں) ، سوانح مولانا سید علی ، سواء السبیل ، مواعظ المتقین (عربی) ، هدیة الزائرین]۔

(۱۹۰۰) حجة اللّٰه یعنی المهدی الموعود: مولانا سید محمّد هارون (م ۱۳۳۹ ھ)
۴۸ ص ،۱۳۳۴ ھ ، مطبع اصلاح کھجوا ۔

(۱۹۰۱) حضرت امام مهدی آخر الزمان علیه السلام کے مختصر حالات : مولانا سید ظفر حسن امروهی (م ۱۹۸۹م)
۹۴ ص ، چوده آنے ، نظامی پریس لکھنو ۔

(۱۹۰۲) حضرت امام مهدی صاحب الزمان : مولانا سید علی جعفری (م ۱۳۸۵ ھ)
۸ ص ، خراسان اسلامك سنٹر کراچی ، عباسی لیتھو آرٹ پریس کراچی ۔

(۱۹۰۳) حضرت امام مهدی علیه السلام : ابو المیثم
۴۰ ص ، سوا روپیه ، مجلس امامیه کراچی ۔

(۱۹۰۴) حیات مهدی علیه السلام : مولانا احمد حسین نوری
۱۶ ص ، امامیه آرگنائزیشن راولپنڈی ۔

(۱۹۰۵) در مقصود : سید اولاد حیدر فوق بلگرامی (م ۱۳۶۱ ھ)
۱۱۲ عنوانات :
۳۲۲ ص، ساڑھے تین روپے ، افتخار بکڈپو کرشن نگر لاهور ، گیلانی الیکٹرک پریس لاهور۔

(۱۹۰۶) درس عمل و البیان : پروفیسر حضور عالم
حافظ ابو عبداللّٰه محمّد بن یوسف بن محمّد النوفلی الشافعی المعروف به الکنجی کی کتاب « البیان فی الاخبار صاحب الزمان » (عربی) کا خلاصه ،
۱۸۹ ص ، چھ روپے ، اگست ۱۹۷۶ م ، نامی پریس لاهور ۔

(۱۹۰۷) زائرین قائم آل محمّد : مولانا سید محسن نواب رضوی (م ۱۳۸۹ ھ)
اُن افراد کا تذکره جو حضرت قائم آل محمّد علیه السلام کی زیارت سے مشرف ہوئے ہیں،
۸۸ ص ، ۹۰ پیسے ، دارالنشر لکھنو ، ۱۳۸۱ ھ، نظامی پریس لکھنو ۔

(۱۹۰۸) زواهر الدرر فی حال الامام الثانی عشر : مولانا سید سبط حسین
۱۹۳ ص ، ذی الحجة ۱۳۱۱ ھ ، مطبع اثنا عشری لکھنو ۔
[مولانا سید سبط حسین ابن سید رمضان علی ۱۵ شعبان ۱۲۸۴ ھ کو لکھنو میں پیدا ہوئے مولانا حبیب حیدر ، مولانا محمّد حسین ، تاج العلماء ، مولانا

سید علی محمّد اور حکیم محمّد جی سے اخذ فیض کیا ۱۹۰۱م کو عراق گئے جہاں آیۃ اللّٰہ میرزا محمّد حسن شیرازی(م ۱۳۱۲ھ) میرزا حبیب اللّٰہ رشتی، شیخ علی یزدی اور میرزا محمّد حسین شہرستانی کے سامنے زانوئے ادب تہیہ کیا کربلا میں درس خارج بھی دیا ۱۳۲۳ ھ کو وطن واپس لوٹے مدرسہ سلیمانیہ پٹنہ اورمدرسہ منصبیہ میرٹھ میں مدرس اعلی رہے ۴، مارچ۱۹۵۲م کو جونپور میں واصل بحق ہوئے آپ کی حسب ذیل تصانیف یادگار ہیں :
ھات الغدیر، صفائح العقیان فی بحث تحریف القرآن ، مشارع الشرائع(عربی)، فوائد الافکار(عربی)، عرائس الافکار(عربی) تحفۃ العوام جدید ، عشر بہائیہ (عربی) معارج الفقہ ، منجزات مریض ، رسالہ مفردہ در ولایت بالغہ رشیدہ ، تاج الکرامہ فی اثبات الامامۃ } تکملہ نجوم السماء، مطلع انوار .

(۱۹۰۹) شب برات : مولانا شریف حسین ایم اے
فضائل شب برات و سوانح امام مہدی علیہ السلام مع دو ضمیمہ
ضمیمہ اول : ابطال نبوت و امامت قادیانی ، دو آنے ، امامیہ بکڈپو مسلم گنج لاہور.

(۱۹۱۰) صاحب الزمان : مولانا شفیق حسن ایلیا (مطلع).

(۱۹۱۱) الصراط السوی فی احوال المهدی،جلد اول:مولانا محمّد سبطین سرسوی(م۱۹۴۷م)
چھ باب : ضرورت امام و وجود امام ، معیار امامت و تعریف امام ، ولادت امام مہدی ، اسماء و القاب امام علیہ السلام ، غیبت امام ،
۶۰۰ ص ، البرہان بکڈپو لاہور ، حمایت اسلام پریس لاہور .

(۱۹۱۲) ظہور قائم آل محمّد اور مذاہب عالم : نواب اصغر حسین الہ آبادی
۱۴۴ ص ، ایک روپیہ ، شیام لیتھو آفسٹ پریس جے پور.

(۱۹۱۳) ظهور المهدی علیہ السلام : ڈاکٹر نور حسین (م ۱۹۴۵م) ، سرسید احمد خان (م ۱۸۹۸م)اور مولوی ولی محمّد مگھیانوی نے حضرت امام مہدی علیہ السلام کے متعلق جو شکوک وارد کئے تھے انکے جوابات ،
۵۰ ص ، ۱۳۳۶ھ/ ۱۹۱۸م ، گلزار محمّدی پریس لاہور .

* وقایع الظهور (فارسی) : علامہ عباس علی اصفہانی

(۱۹۱۴) علائم الظہور : مولانا میر محمود علی لائق و شریتمدار مولانا محمّد محسن
چودہ باب :آیات و احادیث جو حضرت صاحب الزمان (ع) کے خصوص میں وارد ہوئیں، حضرت امام رضا کا بیان اور دعبل کے اشعار،

۲۸۰ ص ، ساڑھے چار روپے ، مطبع حیدری ، حیدرآباد دکن (ہند).

(۱۹۱۵) غیبت پر دس اعتراضات مع جوابات : مولانا سعادت حسین خان
شیخ مفید (م ۱۴۱۳ ھ) کی کتاب «الغیبۃ – عربی » کا ترجمہ ،
۴۸ ص، ۵۰ پیسے ، ادارہ ناصر العلوم لکھنو .

(۱۹۱۶) قائم آل محمّد حصہ اول : مولانا آغا مزمّل حسین
۱۶ ص ، ایک آنہ ، ادارۃ الواعظین ڈیرہ غازیخان ، فروری ۱۹۵۰م ، سندھ پریس ڈیرہ غازیخان.

(۱۹۱۷) قائم آل محمّد حصہ دوم : مولانا آغا مزمّل حسین
۱۶ ص ، ایک آنہ ، ادارۃ الواعظین ڈیرہ غازیخان ، مئی ۱۹۵۰م ، سندھ پریس ڈیرہ غازیخان .

(۱۹۱۸) قائم آل محمّد : سید محمّد طاہر نقوی
۶۴ ص ، انجمن امامیہ سٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا ، ثنائی برقی پریس سرگودھا.

(۱۹۱۹) قائم آل محمّد : مولانا سید صفدر حسین نجفی (م ۱۹۸۹م)
حجۃ الاسلام سید محمّد ابراهیم موسوی زنجانی کی کتاب « عقائد الامامیہ » کے اس حصے کا ترجمہ جس میں حضرت امام مهدی علیہ السلام کا ذکر ہے ،
۴۸ ص ، مفت ، لاہور ، کاتب : محمّد حسین جعفری .

(۱۹۲۰) قیام و انقلاب مهدی : مولانا سید غلام حسنین کراروی
آیۃ اللہ شیخ مرتضی مطہری شہید کی کتاب کا ترجمۃ ۹۱ ص ، بمبئی ، مئی ۱۹۸۲ م ، اسی کتاب کو « لوح و قلم » لاہور نے ۱۴۰۳ھ/۱۹۸۳م کو مکتبہ جدید پریس سے شائع کیا .

(۱۹۲۱) کشف الظلام عن غیبۃ الامام:مولانا سید محمّد رضی زنگی پوری (م ۱۳۷۰ھ)
اهلسنت کی طرف سے چھپنے والی «ردع اللئام » کا رد جس میں وجود و غیبت امام اور رجعت کا انکار کیا گیا تھا،
۱۳۲ ص ، نو آنے ، دائرہ تحقیق کھجوا ، ۱۳۵۳ ھ ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۱۹۲۲) ملاقات امام (ع) : مولانا سید محمّد امروهی (م ۱۳۹۶ ھ)
۳۳۶ ص ، پانچ روپے ، محرم ۱۳۸۷ ھ ، جاوید پریس کراچی ، کاتب :سید تہذیب حسین امروهی .

(۱۹۲۳) وجوب وجود حجۃ اللہ : مولانا محمّد بشیر انصاری (م ۱۹۸۳م)
۱۶ ص ، امامیہ آرگنائزیشن راولپنڈی ، ایس ٹی پرنٹرز راولپنڈی .

(۱۹۲۴) وجود حجّت : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
۱۲۸ ص ، ۴ آنے ، امامیہ مشن لکھنو .

(۱۹۲۵) نور العصر : مولانا سید محمّد دھلوی (م ۱۳۹۲ھ)
۳۶۴ ص ، مکتبہ تعمیر ادب لاھور ، ۱۹۶۸م ، نامی پریس لاھور.
کاتب : محمّد چراغ الدین .

* حضرت حجّت (فارسی) : احمد صابری ھمدانی

(۱۹۲۶) حضرت حجّت - امام حسن علیہ السلام کی نظر میں : سید مختار حسین جعفری کشمیری
۴۸ ص ، انصاریان قم، رمضان المبارک ۱۴۱۱ ھ ، کاتب : سید قلب حسین رضوی کشمیری .

* عصر حاضر (فارسی) : علی الکورانی.

(۱۹۲۷) عصر حاضر : مولانا سید افتخار حسین نقوی
۵۵۶ ص ، جولائی۱۹۹۱م، جماران پبلی کیشنز لاھور، شفاف پرنٹرز لاھور.

(۱۹۲۸) عصر حاضر :
ظھور امام کے وہ آثار و علامات جنکا تعلق ھماری عملی زندگی سے ہے ،
بارہ آنے ، الجواد بکڈپو بنارس .

(۱۹۲۹) الامام الخاتم بجواب الرسولُ الاعظم : مولانا زین العابدین (فخر الالفاضل)
مولانا سید لقمان رضا امروھی کی کتاب « الرسولُ الاعظم » کا ردّ جس میں امام مھدی کو رسول ثابت کیا گیا تھا ،
۱۱۱ ص ، الجواد بکڈپو بنارس ، ۱۹۶۳م ، علمی الیکٹرک پریس بنارس.

(۱۹۳۰) شمس الظلام فی احوال صاحب العصر علیہ السلام : مولانا سید محمّد احسن کربلائی.
۲۳۲ ص ، ۱۳۴۰ ھ ، مطبع اثنا عشری دھلی، کاتب : اشرف علی لاھوری.

(۱۹۳۱) حجة العصر یعنی المھدی الموعود : مولانا سید محمّد ھارون زنگی پوری
۴۸ ص، ۱۳۳۴ ھ ، کھجوا.

(۱۹۳۲) گوھر مقصود : محمّد سبطین
۱۶ ص ، ۱۳۳۶ ھ/۱۹۱۸م ، اسلامیہ سٹیم پریس لاھور.

(۱۹۳۳) علامات ظھور مھدی : علامہ طالب جوھری
۱۹۴ ص ، ۲۵ روپے ، ادارہ مدینة العلوم کراچی ، مارچ ۱۹۷۸م .

(۱۹۳۴) یاد مهدی : اظهر حسن شاکری
۲۹ ص ، موسسه سید الشهداء حوزه قم.

(۱۹۳۵) امام مهدی علیه السلام : سید احمد علی عابدی
۸۸ ص ، دارالثقافة الاسلامیه کراچی، ۱۴۱۲ ھ/۱۹۹۲م ، کاتب: حسن اختر.

(۱۹۳۶) برهان الایمان فی معرفة صاحب الزمان : مولانا عبدالعلی (م ۱۹۶۴م)
پانچ باب : ائمہ اثنا عشر، امام مهدی کا ظهور، حقیقی امام ، مهدی اور علمائے اهلسنت ، امام مهدی - سنت نبوی کی روشنی میں .
۳۸۱ ص ، ۱۰۰ روپے ، مکتبه تعمیر ادب لاهور ، ۱۹۹۵م .

حضرت فاطمة الزهراء سلام اللہ علیہا

(۱۹۳۷) آخری نبی کی اکلوتی بیٹی : قاضی سعید الرحمن (م ۱۹۸۹م)

مندرجہ ذیل کتابوں کا رد جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی چار بیٹیوں کا ذکر تھا :

۱- الدلائل الواضحات فی ثبوت بنات سرور کائنات :مولانا عبدالستار تونسوی .

۲- رفع الشبهات عن مسئلہ البنات : مولانا دوست محمّد قریشی (م ۱۹۷۴م).

۳- مشعل ہدایت: مولانا ابو خالد محمّد خان جہلمی .

۴- گلزار ہدایت : مولانا سید گل حسین شاہ گجراتی.

۵- بنات الرسول : مولانا ابو طارق اعوان علوی .

۶- آخری نبی کی چار بیٹیاں : مولانا محمّد شریف منتظر.

۷- سوالات چوکیروی : مولانا سید احمد شاہ چوکیروی (م ۱۳۸۹ھ)

۸- سوالات شاہجہان پور: علامہ شاہجہانپوری .

۹- شجرہ رسول مقبول : مولانا غلام دستگیر نامی (م ۱۳۸۱ ھ).

۸۴ ص ، ۷۵ پیسے ، علوم الاسلام لاہور ، لاہور آرٹ پریس لاہور .

(۱۹۳۸) آخری نبی کی بیٹی یعنی اسلام کی شہزادی ، پہلا حصہ : سید ریاض علی ریاض بنارسی

۱۳۹ ص ، تین روپے ،الجوادیہ کالج بنارس ، علمی الیکٹرک مشین بنارس.

(۱۹۳۹) ابطال غوایت ردّ مشعل ہدایت : مولانا سید غلام شبّر شاہ

مشعل ہدایت از ابو خالد محمّد خان اعوان اور رفع الشبهات عن مسئلة البنات از مولانا دوست محمّد قریشی (م ۱۹۷۴م) کا رد جن میں حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی چار بیٹیوں کا ذکر تھا .

۴۰ ص ، چار آنے ، مارچ ۱۹۵۶م ، ثنائی پریس سرگودھا .

(۱۹۴۰) الاصول فی توحّد بنت الرسول : مولانا سید خام حسین بخاری

۲۲۴ ص ، ۲۵ روپے ، ادارہ تبلیغ شیعہ پاکستان وزیر آباد.

(۱۹۴۱) اعجاز حضرت فاطمہ :

۳۲ ص ، دو روپے ، کتب خانہ مطبع یوسفی لاہور ، آفتاب عالم پریس لاہور.

(۱۹۴۲) البتول فی وحدت بنت رسول : مولانا میرزا یوسف حسین (م ۱۹۸۸م)

۱۲۸ ص ، اسلامیہ مشن پاکستان ، انصاف پریس لاہور .

(۱۹۴۳) بضعۃ الرسول کی دردناک شہادت : علامہ حسین بخش (م ۱۹۹۰م)
۳۲ ص ، ۴ آنے ، ثنائی پریس سرگودھا .

(۱۹۴۴) بنت رسول : سید احمد حسین ترمذی
۱۲۸ ص ، چھ آنے ، کتب خانہ اثنا عشری لاہور .

(۱۹۴۵) تاریخ جناب سیدہ : مولانا سید کرامت حسین کنتوری (م ۱۳۳۵ ھ)
۵۶ ص ، رامپور .

(۱۹۴۶) ثمرۃ النبوۃ المعروف الزھرہ یعنی سوانح عمری جناب سیّدہ علیہا السلام :
مولانا سید نیاز حسین عابدی (م ۱۳۰۷ ھ)
۱۳۳۱ ھ، حیدرآباد دکن (ھند).

(۱۹۴۷) چادر زھراء : ایس بی والدہ سید انصار رضا
اس رسالے میں ایک کہانی منظوم کی گئی ہے جسکا ماحصل یہ ہے کہ ایک سائل رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا :

بولا وہ مقروض ہوں نادر ہوں زندگی سے اپنے خود بیزار ہوں

حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے صحابہ سے کہا کہ اسکی مدد کون کریگا.

پھر تو کیا تھا ایک نے اُٹھ کر کہا یا نبی ناقہ اسے میں نے دیا
کی گزارش ایک نے یہ با ادب قرض اسکا میں ادا کرتا ہوں سب
ایک بولا میرے ذمّے ہے لباس خوش ہوئے یہ سنکے شاہ حق شناس
بعد اسکے صرف کھانا رہ گیا جس کو اپنے ذمّہ سلمان نے لیا

مگر حضرت سلمان فارسی کے پاس کچھ نہ تھا . چنانچہ آپ نے حضرت فاطمہ سلام اللہؑ علیہا سے درخواست کی آپ نے حضرت سلمان کو اپنی چادر دی آپ نے وہ چادر ایک یہودی کے ہاتھ فروخت کی اور سائل کو کھانا کھلایا جب وہ یہودی چادر لے کر اپنے گھر گیا تو اس کی بیوی نے دیکھا کہ اس چادر میں کئی پیوند لگے ہوئے ہیں چنانچہ وہ حضرت فاطمہ کی خدمت میں گئے اور کہا :

دولت ایمان ہم نے پائی ہے آپکی چادر بڑی کام آئی ہے

۸ ص ، دو پیسے ، نظامی پریس لکھنو .
آغاز :
ایکدن مسجد میں بیٹھے تھے رسول آیا اک سائل غریب و دل ملول

(۱۹۴۸)خاتون جنت یا خاتون قیامت : مولانا سید عنائت علی شاہ عنایت(م ۱۳۸۸ھ)
۱۵۲ ص ، ایک روپیہ ، اشرف برقی پریس سیالکوٹ.

(۱۹۴۹)الزہر (ع) : مولانا سید آغا مہدی (م ۱۴۰۶ ھ)
۱۱۲ ص ، دو روپے ،جمعیت خدام عزا کراچی، ۱۳۹۳ھ، آغا سروش لکھنوی نے تاریخ کہی :

پاک طینت نور پیکر سیّدہ خیر الاناث طاہر و اطہر مطہر سیدہ خیر الاناث
مصطفی خیر الوری و مرتضی خیر الھدی خوش کنہ خاص داور سیدہ خیر الاناث
ربع معصومیت ھمراز و دمساز علی خنکی چشم پیمبر سیدہ خیر الاناث
مطلع صبر حسینی مجمع خلق حسن مادر شبیر و شبّر سیدہ خیر الاناث
شافع امت محمّد ساقی کوثر علی تاجدار روز محشر سیدہ خیرالاناث
آخر نصف لقب موضوع تاریخ جمیل کاوش طبع سخنور « سیدہ خیر الاناث»
(۱۳۹۳ھ)

(۱۹۵۰) الزہراء : سید اولاد حیدر فوق بلگرامی (م ۱۳۶۱ ھ)
۲۱۶ ص ، ۱۳۴۳ ھ ، مقبول پریس دھلی .

* کلمة الغرا فی تفصیل فاطمة الزہراء (عربی) : آیة اللہ سیّد عبدالحسین شرف الدین.

(۱۹۵۱) سیرت جناب سیّدہ : مولانا محمّد باقر نقوی (م ۱۹۸۴م)
۲۰۸ ص، پونے تین روپے ، دارالکتب الاسلامیہ مکتبة الھمدانی سرگودھا، ثنائی پریس سرگودھا .

(۱۹۵۲) سیّدہ طاہرہ : مولانا سید ظفر حسن امروھی (م ۱۹۸۹)
۱۰۴ ص ، ۸ آنے ، نظامی پریس لکھنو .

(۱۹۵۳) سیرة فاطمة الزہراء : خلیفہ سیّد سعادت حسین
۴۸ ص ، ۱۹۷۴م ، المکی پریس لاھور .

(۱۹۵۴) سیدة النساء : مولانا سید جلیس ترمذی
۳۶ ص ، دس آنے ، مکتبہ جلیس جنڈیالہ شیر خان ضلع شیخوپورہ ،۱۹۵۳م.

(۱۹۵۵) سیدہ عالم : شیخ شریف حسین جعفری
۴۸ ص ، تنظیم غلامان آل عمران خواجگان نارو والی لاھور .

(۱۹۵۶) سیرة فاطمة الزہراء : آغا محمّد سلطان میرزا دھلوی (م ۱۹۶۵م)
۴۰۶ ص ، سوا آٹھ روپے ، امامیہ کتب خانہ لاھور ، اپریل ۱۹۶۸م.

(۱۹۵۷) الفاطمہ :
۲۶ ص ، انجمن فاطمیہ گوجرانوالہ ، ۱۹۲۵م.
* فاطمہ فاطمہ است (فارسی) : ڈاکٹر علی شریعتی (م ۱۹۷۷م)
(۱۹۵۸)فاطمہ فاطمہ ہے : پروفیسر سردار نقوی
۲۸۸ ص ، ۴۰ روپے ، ادارہ احیائے تراث اسلامی کراچی ، اکتوبر ۱۹۸۶م ، ابن حسن آفسٹ پریس کراچی .
(۱۹۵۹)فاطمہ فاطمہ ہیں : سید انوار احمد بلگرامی
ڈاکٹر شریعتی کی کتاب کے کچھ حصے کا ترجمہ ، ۲۲ص ، علم و آگہی لاہور ، ۱۹۸۶م ، اظہار سنز پرنٹرز لاہور .
(۱۹۶۰) الفاطمہ : ایم اے شاھد
۹۶ ص ، دو آنے ، ۱۹۵۳ م، علمی پرنٹنگ پریس کراچی .
(۱۹۶۱) الفاطمہ مع ادعیہ : ڈاکٹر سیّدہ اشرف ظفر
۴۷۲ ص ، ۲۰ روپے ، شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور، ۱۹۷۳م .
* نمونہ بعنوان اسلام(فارسی) : شیخ ابراھیم امینی
(۱۹۶۲) فاطمہ زھراء - اسلام کی مثالی خاتون : شیخ اختر عباس نجفی
۲۶۸ ص ، ساڑھے سترہ روپیہ ، مؤسسہ الرسول الاعظم لاھور ، شعبان ۱۴۰۵ ھ، الغدیر پرنٹنگ پریس سرگودھا .
(۱۹۶۳)کحل الناظرین فی تفضیل الزھراء علی الانبیاء و المرسلین : مولانا محمّد مرتضی جونپوری ۱۳۰۲ ھ (ذریعہ : ۱۷).
(۱۹۶۴) گل عصمت : بیباك ماھلی
۳۲ ص ، ایک آنہ ، ۱۳۴۸ ھ ، الیکٹرک ابو العلائی پریس آگرہ ، تابان نے قطعہ تاریخ کہا :

رنگ و بوئے گل رسالت ہے جلوہ ہے گلشن امامت کا
سر دشمن اُڑا کے اے تابان کہدیا « باغ فاطمہ زھرا » (۱۳۴۸ ھ)

(۱۹۶۵) مختصر حالات حضرت بی بی فاطمہ : صغری ھمایوں میرزا
۲۲ ص ، ۱۹۴۰ ص، شمس المطابع حیدرآباد (دکن).
(۱۹۶۶) مصائب الزھراء : مولانا محمّد اعجاز مراد آبادی
۸ آنے ، ۱۳۳۵ ھ ، کھجوا ضلع سارن .
(۱۹۶۷) النار الموقدہ لمن احرق بیت السیّدہ : شیخ ذاکر حسین جعفر

کتب اہلسنت سے ثابت کیا گیا ہے کہ حضرت عمر آگ لے کر سیّدہ فاطمۃ الزہرا کا مکان جلانے کیلئے گئے ،

۵۲ ص ، پانچ آنے ، ۱۳۲۹ ھ ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۱۹۶۸) اسلام کی مثالی خاتون : میرزا سعید سیدین

۱۶ ص، ۲ آنے ، پاکستان صادقیہ مشن سیالکوٹ، تعلیمی پریس سیالکوٹ.

(۱۹۶۹) جناب سیّدہ اور انکی سادہ زندگی : سیّد اکبر علی ایم اے

۳ آنے ، نظامی پریس لکھنو .

(۱۹۷۰) خاتون جنّت :

ڈھائی روپے ، شیعہ جنرل بک ایجنسی لاہور .

(۱۹۷۱) مختصر حالات بی بی فاطمہ : صغرا ھمایوں مرزا .

۲۲ ص ، ۱۹۴۰م ، شمس المطابع حیدرآباد دکن.

(۱۹۷۲) بنات رسول - روایات کے آئینے میں : مولانا سید محمّد ابراهیم

ایک روپیہ ، مکتبہ اصلاح کراچی .

(۱۹۷۳) اقوال مقبول در عظمت بنت رسول : علاّمہ نذر حسین قمر

۲۹۲ ص ، ۱۵۰ روپے ، ادارہ پیام حق باب العلم لاہور، مارچ ۱۹۹۵م ، کاتب : غلامحسین .

(۱۹۷۴) اُمّ الائمہ : قاضی سیّد محمّد محسن وفا سیتاپوری

۱۶۸ ص ، ۱۳۲۹ ھ ، دھلی ، مطبع یوسفی .

(۱۹۷۵) حضرت فاطمہ زہرا : سید احمد علی عابدی

۵۲ ص ، فیض آباد ھند ، ۱۴۱۰ ھ.

* حضرت فاطمہ زہراء (فارسی) : آیۃ اللّٰہ ناصر مکارم شیرازی

(۱۹۷۶) حضرت فاطمہ زہرا : سید احمد علی عابدی

۱۴۶ ص ، تہران ، ۱۴۰۹ھ .

(۱۹۷۷) سوانح حیات فاطمہ : سید صادق علی عرفانی

۱۸۶ ص ، لاہور ، ۱۹۵۷م .

(۱۹۷۸) فدک - تاریخ کی روشنی میں : ترجمہ مولانا سیّد ذیشان حیدر جوادی

آیت اللّٰہ سید محمّد باقر الصدر (م ۱۹۸۰) کی کتاب کا ترجمہ

۱۵۱ ص ، موسسہ اہلبیت پاکستان ، ۱۴۱۱ھ / ۱۹۹۰م ، کاتب : سیّد جعفر صادق .

امہات المومنین

(۱۹۷۹) اُمّ المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ (ع) : مولانا سید اسد علی لکھنوی
۳۲ ص، امامیہ مشن لاہور، تعلیمی پریس لاہور۔
(۱۹۸۰) اُمّ المومنین خدیجہ : مولانا سید محمّد نقی لکھنوی
۴۸ ص ، ایک آنہ ، نامی پریس میرٹھ۔
(۱۹۸۱) الحمیراء : مولانا سید اختر حسین نقوی
سوانح حضرت عائشہ بروایات اہلسنت ،
۹۲ ص ، ۱۲ آنے ، امامیہ کتب خانہ لاہور ، گیلانی الیکٹرک پریس لاہور۔
(۱۹۸۲) ملیکۃ العرب : مولانا سید کرار حسین میرپوری
سوانح حضرت خدیجۃ الکبریٰ، حضرت خدیجہ بوقت نکاح آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم باکرہ تھیں ،
۲۷۱ ص ، دس روپے ، مکتبہ تعمیر ادب لاہور، القائم آرٹ پریس لاہور ، ۱۹۷۶م ۔
(۱۹۸۳) وفات عائشہ : مولانا میرزا یوسف حسین (م ۱۹۸۸م)
۱۱۲ ص ، کھجوا ضلع سارن ۔
(۱۹۸۴) اُمّ المومنین خدیجہ : مولانا سید محمّد نقی لکھنوی ۔
ایک آنہ ، ۱۳۵۵ ھ۔

حضرت ابو طالب

* شیخ الابطح (عربی) : علامه سید محمّد علی شرف الدّین موسوی

(۱۹۸۵) ابو طالب : مولانا سید ظفر مهدی گهر

۱۰۲ ص ، ایک روپیه ، سهیل یمن لکهنو ، سرفراز قومی پریس لکهنو ، ۱۳۵۵ هـ.

* ابو طالب- مومن قریش : (عربی) عبدالله خنیزی.

(۱۹۸۶) ابو طالب - مومن آل قریش : مولانا سید ذیشان حیدر جوادی کراروی

۳۶۴ ص، چار روپے ، مکتبه تعمیر ادب لاهور، ۱۹۶۷م، نامی پریس لاهور.

{ عبدالله خنیزی بن شیخ علی الحاج حسن بن مهدی بن کاظم بن علی بن عبدالله خنیزی قطیف کے قریه القلقه میں ربیع الاول ۱۳۵۵ هـ کو پیدا ہوئے تکمیل تعلیم کے بعد مختلف اخبارات میں تحقیقی مضامین لکھے آپکا شعری مجموعه « زهرات » (عربی) شائع ہوچکا ہے مولانا سید ذیشان حیدر جوادی کراروی بن مولانا سیّد محمّد جواد.

مدرسه امجدیه ، مدرسه ناظمیه لکهنو اور نجف اشرف میں تعلیم حاصل کی ، نظام اسلام ، فدك - تاریخ کی روشنی میں ، شهداء ایمان ، نص و اجتهاد ، شیعی اجتهاد ، قیاس ، آج کا انسان اور اسکے اجتماعی مسائل ، ترجمه کتاب سلیم ، اقتصادیات ، الکلام (عربی) ، الفقه و الاجتهاد (عربی) الامام الصادق، تنقید من و یزداں ، داستان ابن سبا ، الامام الصادق و المذاهب الاربعه (ترجمه)، شیعه اور اصحاب ، تحریف قرآن ، عزائے مظلوم اور تحقیق اهلبیت نامی کتابوں کے مصنف و مترجم ہیں }.

(۱۹۸۷) ایمان حضرت ابوطالب : مولانا محمّد علی پٹیالوی

۱۵ ص ، مفت ، پاکستان شیعه فیڈریشن گوجرانواله ، آفاق پرنٹنگ پریس گوجرانواله.

* اسنی المطالب فی نجات ابیطالب (عربی) :

(۱۹۸۸) تحفة العارفین : سید امداد حسن بن سید علی ،

۱۲۸۸م .

(۱۹۸۹) تحقیق و تعارف نبوت عبدالله و ابو طالب : مولانا مزمّل حسین

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام کے آباؤ اجداد از آدم تا حضرات عبداللہ و ابو طالب زمرہ انبیاء و مرسلین میں شامل تھے،

۶۴ ص، پانچ روپے، شوال ۱۴۰۰ ھ، وکٹوریہ پرنٹنگ پریس ملتان.

(۱۹۹۰) حضرت ابو طالب : سید زین العابدین

سوانح ابو طالب، ایمان ابو طالب اور چند اشعار ابو طالب،

۴۰ ص، کراچی.

(۱۹۹۱) حضرت ابو طالب اور اسلام : مولانا غلام حسین انصاری

۲۴ ص، ۱۹ پیسے، انجمن ناصر العزاء ملتان، ۱۹۶۷.

(۱۹۹۲) حیات ابو طالب : مولانا سید اسد علی

عنوانات: رسالت - ابو طالب کی آغوش میں، فاطمہ بنت اسد، وفات فاطمہ بنت اسد، ابو طالب کا سفر شام، ابو طالب کی حمایت میں نبوت کا شباب، ابو طالب کا ادبی کمال، ابو طالب کی وفات،

۴۰ ص، چار آنے، امامیہ مشن لکھنو ،۱۳۷۴ ھ، سلیمی پریس الہ آباد.

(۱۹۹۳) سب سے پہلے مدّاح رسول : مولانا علی حسنین شیفتہ (م ۱۹۹۱م)

پانچ باب، ۷۹ ص، مکتبہ تعارف اسلام منتگمری، مطبع سعیدی کراچی.

(۱۹۹۴) سردار قریش، مولانا سید محمّد صادق لکھنوی

۱۰۰ ص، مدرسة الواعظین لکھنو، الواعظ صفدر پریس لکھنو، کاتب : مولانا ذاکر حسین عابدی.

(۱۹۹۵) القول الواجب فی ایمان ابیطالب : شیخ محمّد علی بن جعفر علی فصیح

(ذریعہ : ۱۷).

(۱۹۹۶) کفیل رسالت : سید حسین عارف نقوی

غلام نبی مسلم سابق ایڈیٹر « پیغام صلح » لاہور ،(جماعت احمدیہ کا آرگن) کے اس دعوی کا رد کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے کفیل حضرت ابو طالب نہیں تھے بلکہ حضرت زبیر ابن عبدالمطلب تھے،

۶۴ ص، تحریک تحفظ تعلیمات آل محمّد سرگودھا.

(۱۹۹۷) کلام ابیطالب : مولانا علی حسنین شیفتہ (م ۱۹۹۱م)

حضرت ابو طالب کے ستائیس قصائد کا ترجمہ،

۱۳۴ ص، دس روپے، مجلس علوم آل عبا سرگودھا، ۱۹۷۸م، القائم آرٹ پریس سرگودھا، کاتب : صغیر احمد خان شروانی.

(۱۹۹۸) معارج العرفان و عصمة صغری ابی طالب عمران : مولانا محمّد لطیف انصاری
۲۵۶ ص ، بیس روپے ، محرم ۱۳۹۹ھ ، مکتبہ لطیف سرگودھا ، ثنائی پریس سرگودھا .

(۱۹۹۹) مقام حضرت ابو طالب علیہ السلام : ڈاکٹر عزیز علی
۴۸ ص ، ایک روپیہ ، مکتبہ یاد خدا چنیوٹ ، ۱۹۷۶م ، علمی پرنٹنگ پریس لاہور .

(۲۰۰۰) نگہبان رسالت : عابدہ نرجس
دین اسلام کی حفاظت ہمیشہ ابوطالب یا اولاد ابو طالب نے کی ،
۶۴ ص ، تین روپے پچاس پیسے ، افتخار بکڈپو لاہور ، نامی پریس لاہور .

(۲۰۰۱) سیّد الحنفاء حضرت ابو طالب علیہ السلام : مولانا ناصر حسین فیض آبادی
۱۶ ص ، ۲ آنے ، سپاہ عباس نارو وال ، رشید آرٹ پریس لاہور .

(۲۰۰۲) ابو طالب :
۱۶ ص ، مفت ، ینگ مسلم شیعہ ایسوسی ایشن بلوچستان ، محرم ۱۳۵۵ھ/ ۱۹۳۶م ، گیلانی الیکٹرک پریس لاہور .

اصحاب علی علیہ السلام

(۲۰۰۳) اصحاب امیر المومنین کی قربانیاں ، حصہ اول : مولانا سعادت حسین خان
اُن اصحاب کا تذکرہ جو آپ کی محبت میں درجہ شہادت پر فائز ہوئے ،
۶۸ ص، ۵۰ پیسے ، رمضان ۱۳۸۱ھ ، نظامی پریس لکھنو .

(۲۰۰۴) اصحاب امیر المومنین کی قربانیاں ، حصہ دوم : مولانا سعادت حسین خان
اُن اصحاب کی شہادت کا تذکرہ جنکا شمار تابعین میں ہے ،
۶۴ ص، ۵۰ پیسے ، ذی قعدہ ۱۳۹۱ ھ ، نظامی پریس لکھنو .

(۲۰۰۵) اصحاب امیر المومنین کی قربانیاں ، حصہ سوم : مولانا سعادت حسین خان
گیارہ اصحاب کا تذکرہ شہادت جنکا شمار تابعین میں ہے ،
۵۲ ص ،۵۰ پیسے ، ذی الحجۃ ۱۳۸۱ھ ، نظامی پریس لکھنو .

(۲۰۰۶) تذکرہ محمدیہ : مولانا محمّد اعجاز حسن (م ۱۳۵۰ھ)
حضرت محمّد بن ابوبکر رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی (مطلع).

* اویس قرنی (فارسی) : محمّد محمّدی .

(۲۰۰۷) حضرت اویس قرنی : ڈاکٹر نظیر حسین زیدی
۴۰ ص ، مکتبہ مسعود ناظم آباد کراچی ، ۱۹۸۴م ، کاتب : سعید زبیری سہسوانی .

(۲۰۰۸) السر المجثر و الحق المبعثر فی اثبات صحابة سیدنا مالك أشتر :
مولانا شیخ سراج الدین حسن المعروف بہ شیخ فدا حسین ، ۱۳۱۷ ھ.

(۲۰۰۹) سوانح حیات جناب محمّد حنفیہ : مولانا راحت حسین ناصری
۱۰۶ ص ، ۵ روپے ، جون ۱۹۸۲م ، مشہور آفسٹ پریس کراچی
عنوانات : حضرت محمّد حنفیہ کا مادری نسب نامہ ، جناب محمّد حنفیہ اور حضرت امام حسین علیہ السلام ، محمّد حنفیہ کا امام حسین کی معیت میں نہ جانے کے اسباب ، محمّد حنفیہ اور امیر مختار .

(۲۰۱۰) محمّد بن ابی بکر : مولانا میرزا محمّد عالم لکھنوی .
۷۸ ص ، الشورہ پرنٹرز لاہور .

* ہاشم مرقال (عربی) : محمّد رضا الحکیم عراقی

(۲۰۱۱) ہاشم مرقال : مولانا سید محمّد باقر نقوی (م ۱۹۸۴م)

هاشم مرقال ، حضرت سعد بن ابی وقاص کے بھیتجے ، عتبہ بن ابی وقاص کے
صاحبزادے اور حضرت علی علیہ السلام کے محبین میں سے تھے ،
۸۰ ص ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۲۰۱۲) شمع ھدایت کے پروانے : مولانا سید رضی جعفر نقوی
سوانح حضرت کمیل بن زیاد ،
۵۶ ص، ایک روپیہ، مجلس امامیہ پاکستان کراچی، شیخ شوکت علی پرنٹرز .

حضرت زینب سلام اللہ علیہا

(۲۰۱۳) بازار کوفہ : ڈاکٹر سید محمود عباس
تذکرہ مخدّرات اہلبیت خصوصاً سیدہ زینب بعد از عاشورہ ،
۸۰ ص ، ایک روپیہ ، ادارہ معارف اسلام لاہور، تعلیمی پریس لاہور ۔
(۲۰۱۴) بلاغت زینبیہ المعروف خطبیہ آل محمدؐ : مولانا محمدؐ لطیف انصاری
خطبات و کلمات و اشعار و ارشادات حضرت زینب سلام اللہ علیہا ، اس میں یہ شعر بھی درج ہے :
نشر ہوتا گیا ہے کار حسین تم گئی ہو جہاں جہاں زینب
۲۴۰ ص ، پاکستان حسینی مشن راولپنڈی ، ۲۰ صفر ۱۳۸۴ ھ / یکم جولائی ۱۹۶۴م ، ہمدرد پریس راولپنڈی ۔
(۲۰۱۵) پاسبان شریعت: حکیم سید علی حیدر زیدی
۱۴۴ ص ، دو روپے ، رد ؛ امامیہ سنت نگر لاہور، تعلیمی پریس لاہور ۔
(۲۰۱۶) ثانی زہراء : محمدؐ صادق حسین الہ آبادی
۱۸۰ ص ، ایک روپیہ ، امامیہ مشن لکھنو۔
(۲۰۱۷) ثانیہ زہراء : مولانا سید محمدؐ جعفر زیدی (م ۱۴۰۰ ھ)
۴۸ ص ، پنجاب پریس لاہور ۔
(۲۰۱۸) جناب زینب : مولانا سید سبط الحسن ھنسوی (م ۱۳۹۸ ھ)
۳۴ ص ، ۳۰ پیسے ، ادارہ تحفظ حسینیت لکھنو ، نظامی پریس لکھنو ۔
(۲۰۱۹) حضرت زینب اور دربار یزید : آغا اشرف
عنوانات : اسیران کربلا ، رسول کی بیٹیاں - کوفے کے ازاروں میں ، اہل بیت ابن زیاد کے دربار میں ، کوفے کی جامع مسجد میں ابن زیاد کی تقریر ، سر حسین کو کوفے کے بازاروں میں گھمایا گیا ، آل محمدؐ قید خانے میں ، یزید کے دربار میں جناب زینب کا جلال ، شیر خدا کی شیر دل بیٹی،
۹۶ ص، ڈھائی روپے ، شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور، علمی پرنٹنگ پریس لاہور۔
(۲۰۲۰) حسین و زینب :
۸ ص ، انجمن جاں نثاران اہلبیت راولپنڈی ، محرم ۱۴۰۴ ھ.
(۲۰۲۱) حضرت زینب یا دکھیا بہن : نواب رضا علی خان قزلباش

۳۲ ص ، یوسفی کتب خانہ لاھور ، مطبع یوسفی .

(۲۰۲۲) خاتون کربلا : صالحہ عابد حسین

۳۲ ص،۲۵ پیسے ، امامیہ مشن لکھنو،۱۳۷۹ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۲۰۲۳)حضرت زینب کبرای کے تاریخ ساز اور عہد آفرین خطبے :مولانا سید ابن حسن نجفی

سیدہ زینب کے دربارکوفہ و شام میں دئے گئے خطبات ،

۴۷ ص، ادارہ تمدن اسلام کراچی، المشـــــہد پرنٹنگ ایجنسی کراچی ، کاتب : سید تہذیب حسین نقوی .

(۲۰۲۴) خطبات زینب و کلثوم (ع) : خضر ایم اے

عنوانات : زینب بنت علی گنج شھداء میں ، ام کلثوم کا کوفیوں سے خطاب ، زینب بنت علی کا کوفیوں سے خطاب ، زینب بنت علی اور ابن زیاد کے درمیان مکالمہ ، ام کلثوم کاشمر سے خطاب ، خطبہ زینب بنت علی دربار یزید میں ،

۳۲ ص ، سبط زھراء اکیڈیمی سندیلیانوالی ضلع فیصل آباد ، شعبان ۱۳۹۵ھ، ذیلی بزنس پریس فیصل آباد .

(۲۰۲۵) سوانحیات حضرت زینب کبری : مولانا سید آغا مھدی (م ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶م)

۲۴۸ ص ، آٹھ روپے ، جمعیت خدام عزا کراچی، یکتا امروھی نے تاریخ کہی:

اک اچھے مصنف کا اک اچھے مولف کا — ہوتا ہے بھی مسلک ہوتا ہے یہی مشرب
تخلیق جو اپنی ہو ھر طرح مکمل ہو — اصلاح ادب ہو یا تاریخ ہو مذھب ہو
یہ زیر نظر اپنی تصنیف جو ہے اس میں — اسکے بھی مصنف خود اسبات کو بھولے کب
تاریخ طباعت کی تھی فکر مصنف کو — دل نے یہ کہا لکھدو بس تذکرہ زینب
(۱۳۹۴ ھ)

(۲۰۲۶) زینب (ع) : سید عزیز حسن دھلوی

۲۰۰ ص ، پیشوا فائن آرٹ پریس دھلی .

(۲۰۲۷) زینب کربلا : سید آغا اشھر لکھنوی

حضرت زینب بنت علی علیھما السلام کی سوانح ،

۱۹۲ ص ، سوا روپیہ ، صدیق بکڈپو لکھنو، ۱۹۴۵م.

(۲۰۲۸) سلسلة الذھب فی فضائل حضرت زینب : سید محمّد مظفر علی خان جانسٹھی

۲۱۲ ص ، سوا روپیہ ، ۱۹۲۷م ، مطبع نولکشور لکھنو .

(۲۰۲۹) سیرۃ جناب زینب سلام اللہ علیھا : سید محمّد حسین جعفری

بیس ابواب : جناب زینب اور امام حسین کی باھمی الفت و محبت کا حال ،

روانگی از مدینہ و حالات سفر ، روانگی از کربلا بجانب کوفہ ، حالات و واقعات دمشق ، بیان وفات حضرت صدیقہ صغری ، روایات متعلق سر اقدس جناب امام حسین علیہ السلام ،
۳۴۸ ص ،۱۹۴۵م ، اعظم سٹیم پریس حیدر آباد دکن .

(۲۰۳۰) مظلومہ کربلا یعنی سیرت جناب زینب (ع) : سید محمّد حسین جعفری
۲۸۴ ص ، رضوی بک ایجنسی کراچی ، ۱۹۸۳م .

(۲۰۳۱) صدیقہ صغری : مولانا سید اسد علی
۲۴ ص ، امامیہ مشن پاکستان لاہور .

(۲۰۳۲) عدیلۃ الحسین : مولانا غضنفر عباس غضنفر تونسوی
۶۴ ص ، ۶۵ پیسے ، ادارہ علوم الاسلام لاہور، ثنائی برقی پریس لاہور.

(۲۰۳۳) فاتح شام : مولانا نذر حسین قمر وزیر آبادی
۲۴ ص ، انجمن فدایان حسین وزیر آباد .

* بطلہ کربلا (عربی) : ڈاکٹر عائشہ بنت الشاطی مصری
* شیر زن کربلا (فارسی) : سید جعفر شہیدی .

(۲۰۳۴) کربلا کی شیر دل خاتون : سید محمّد عباس زیدی جلالوی
ترجمہ از فارسی ،
۳۳۶ ص ، ۳/۷۵ روپے ، مکتبہ امامیہ مشن پاکستان لاہور ، ۱۹۷۱ م ، تعلیمی پریس لاہور ، کاتب : محمّد اصغر قریشی طاہر رقم ، شروع میں ڈاکٹر سیّد مجتبی حسن کامونپوری کا تحقیقی مقدمہ ہے ، جعفر عباس جعفر نے تاریخ طبع کہی :

سال طبعش جعفر مغموم گفت — در رگ جان گوہر مقصود سُفت
تیغ بر فرق جفا زد لا کلام — دود داغ زینب عالی مقام
(۱۳۷۷ھ)

شروع میں وہ اشعار بھی لکھ دئے گئے ہیں جو مزار سیدہ زینب پر آویختہ ہیں:

شنیدم زینب مظلومہ زار — چنیں می گفت با شمر ستمگار
بیا ای شمر شرمی از خدا کن — ترحم بر حریم مصطفی کن
مبر از تن سر سالار ما را — مکش ایں مونس و غم خوار ما را
رہا کن این غریب ناتوان را — بجای او بکش ما بی کسانرا
کہ این شاہ تاب در پیکر ندارد — گلویش طاقت خنجر ندارد

(۲۰۳۵) کردار خاتون کربلا جلد اول : جعفر رضا بدایونی
۷۶ ص ، ایک روپیہ ، صفر ۱۳۷۹ ھ ، لکھنو.

(۲۰۳۶) گلدستہ مضامین ، جلد اول : ڈاکٹر سید محمّد سبطین نقوی
حضرت زینب کے متعلق مختلف اخبارات میں شائع شدہ مضامین کا انتخاب ، ۴۶۳ ص ، آٹھ روپے ، انجمن غلامان اسلام پنن وال تحصیل پنڈدادنخان ، ضلع جہلم ، دسمبر ۱۹۷۸م ، رشید آرٹ پریس لاھور .

(۲۰۳۷) مظلومہ کربلا : حکیم سید عالم شاہ کاظمی
۱۷۸ عنوانات ، ۴۰۳ ص ، پانچ روپے ، ادارہ معارف اسلام لاھور، ۱۳۸۱ھ/ ۱۹۶۱م ، تعلیمی پرنٹنگ پریس لاھور .

(۲۰۳۸) مظلومہ کربلا : سید اظہار حسین عرش
۱۸۸ ص ، نظامی پریس لکھنو .

(۲۰۳۹) مقصد زینب (ع) : مولانا محمّد حسین جعفری
۳۱ ص ، تحریک تحفظ تعلیمات آل محمّد پاکستان سرگودھا.

(۲۰۴۰) معیار الایمان : سید محمّد
آغا اشھر نے ایک کتاب « زینت کربلا » لکھی تھی جس میں مولانا محمّد سعید (م ۱۳۸۷ ھ) کی تقریظ تھی زیر نظر رسالے میں اس کتاب اور تقریظ کو زیر بحث لایا گیا ہے ، مصنف کے خیال کے مطابق اس کتاب میں اھلبیت اطھار علیھم السلام کی توہین کی گئی ہے ،
۲۴ ص ، دو آنے ، ۱۹۴۵م ، شاھی پریس لکھنو .

(۲۰۴۱) ثانی زھراء : مولانا محمّد صادق حسین الہ آبادی ،
۱۸۰ ص ، ایک روپیہ ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۵۹ ھ.

* زینب زینب است (فارسی) : صادق

(۲۰۴۲) زینب زینب (ع) ہے : حسن رضا غدیری
۳۱۲ ص ، ۴۰ روپے ، بعثت فاؤنڈیشن لاھور، نقوی پرنٹنگ پریس لاھور ، ۱۹۹۴م .

(۲۰۴۳) سیرت جناب زینب :
دو روپے ، شیعہ جنرل بک اینجنسی لاھور .

شہید ثالث قاضی نور اللہ شوستری

(۲۰۴۴) تذکرہ مجید در احوال شہید : مولانا سید سبط الحسن ہنسوی (م ۱۳۹۸ھ)
سوانح قاضی نور اللہ شوستری، ہندو پاک میں مذہب شیعہ کی تاریخ ،
۸۸ ص ، ایک روپیہ مجلسی کتب خانہ اکالگڑھ ضلع شیخوپورہ ،۱۹۶۸م۔

(۲۰۴۵) ذکر حمید در احوال نور اللہ شہید : سید شبیر حسین محسن موہانی
۲۴ ص ، ایک روپیہ دو آنے ، ۱۹۱۶م، مطبع اثنا عشری لکھنو ۔

(۲۰۴۶) سوانح شہید ثالث :
۳۲ ص ، چار آنے ، کتب خانہ حیدری حیدر آباد (دکن)، ۱۳۶۷ھ/۱۹۴۷م،
مطبع حیدری ۔

(۲۰۴۷) شہید ثالث : مولانا میرزا محمّد ہادی
۳۶ ص ، ۱۹۲۵م ، نامی پریس لکھنو ۔

(۲۰۴۸) الشہید الباحث فی تاریخ الشہید الثالث و حدیث قدسی و خلت خلیل (منظوم):
مولانا سید محمّد جعفر قدسی جائسی ۔
تین حصے :
۱- الشہید الباحث فی تاریخ الشہید الثالث : تذکرہ شہادت قاضی نور اللہ
شوستری۔
آغاز :
آگرہ اے جلوہ گاہ آفتاب شوستر سر زمین ہند میں تو ہے جواب شوستر
تیرے دامن میں ہے وہ لعل خوش آب شوستر جس کو سب کہتے ہیں فردا انتخاب شوستر

۲- حدیث قدسی:تذکرہ خدمات غفرانمآب مولانا سید دلدار علی(م۱۲۳۵ھ)
۳- خلت خلیل : ذبح عظیم سے مراد حضرت امام حسین علیہ السلام ہیں ۔
۳۲ ص ، تین آنے ، شمسی پریس آگرہ ۔
آغاز :نیک بندوں سے زمانہ بر سر پیکار ہے امتحانگیر وفا آزار پر آزار ہے

(۲۰۴۹) صحیفہ نور : سید صغیر حسن شمس زیدی الواسطی
۶۴ ص ، آٹھ آنے ، ۱۳۴۶ھ/ ۱۹۲۸م ، مطبع اثنا عشری دھلی ، کاتب :
سید عاشق علی۔

(۲۰۵۰) نور المجالس : (ذریعہ : ۲۴)۔

قائداعظم محمّد علی جناح (م ۱۹۴۸م)

(۲۰۵۱) بابائے قوم - از مہد تا لحد : سعادت حسین رضوی
۱۹۴۹م ، علمی مرکز کراچی .

(۲۰۵۲) حیات قائداعظم (منظوم) : سیّد منظور الحسن قمر نقوی
۱۴۴ ص ، ۱۹۴۹م ، جیلانی پریس حیدرآباد سندھ .

(۲۰۵۳) محمّد علی جناح قائداعظم : سید آغا حسین ہمدانی
عنوانات : حالات زندگی ، قائداعظم اور تحریك آزادی کشمیر ، علامه اقبال - قائداعظم کی نظر میں ، قائداعظم کے آخری ایّام ،
۹۴ ص ، دس روپے ، نوید نو صدر راولپنڈی،۱۹۷۷م ، فیض الاسلام پرنٹنگ پریس راولپنڈی .

(۲۰۵۴) قائداعظم محمّد علی جناح : رئیس امروهی
جی الانا کی انگریزی تصنیف کا ترجمه ،
۶۲۸ ص ، بیس روپے ، فیروز سنز ،۱۹۶۷م .

* Qaid-e-Azam Jinnah As I knew Him: میرزا ابوالحسن اصفهانی

(۲۰۵۵) قائداعظم جناح میری نظر میں :
۴۵۳ ص.

(۲۰۵۶) ہمارے قائداعظم : ساحل بلگرامی
۶۴ ص ، اردو اکاڈمی سندھ کراچی .

(۲۰۵۷) قائداعظم کے رفقاء سے ملاقاتیں : سیّد محمّد ذوالقرنین زیدی الہما
جناب حسین امام ، احمد یار خان ، چوهدری نذیر احمد ، ایم ایچ اصفهانی ، محمّد ایوب کھوڑو ، ارباب عبدالغفور ، محمّد مسعود ، میجر جنرل اکبر رنگروٹ ، ڈاکٹر عمر حیات ملك ، حمید الحق چوهدری ، ایم ایس طوسی ، خواجه شہاب الدین اور مولانا جمال میاں فرنگی محلی سے قائداعظم اور تحریك پاکستان کے بارے میں انٹرویوز.
۱۴۴ ص، ۷۰ روپے ، قومی اداره برائے تحقیق و ثقافت اسلام آباد ، ۱۹۹۰م.

(۲۰۵۸) بابائے قوم - از مہد تا لحد : سیّد سعادت حسین رضوی
علمی مرکز کراچی ، ۱۹۴۹م .

حضرت مختار ثقفی

* انتقام خونیں (فارسی) : سید محمّد علی افجه ای .

(۲۰۵۹) انتقام خونیں یا خروج مختار : مولانا سید علی حسن اختر امروهی
۷۱ ص ، پانچ روپے ، رضوی بك ایجنسی کراچی ، جولائی ۱۹۸۰م ، شوکت علی پرنٹرز کراچی .

(۲۰۶۰) تحفة الاخیار فی نجات المختار : مولانا سید محمّد حسین نوگانوی(م ۱۳۶۲ھ)
مختار ابن ابی عبیده ثقفی نجات یافته ہیں ، آیت اللہ شیخ محمّد حسین ماژندرانی کی تقریظ ،
۴۸ ص ، مطبع جعفری مظفر نگر .
آغاز : بسمله و خطبه اما بعد جاننا چاہیے که علمائے متقدین و متاخرین و اہل سیر و مورخین نے نظماً و نثراً حالات مختار مفصلاً مدوّن فرمائے ہیں ان کے سامنے یہ میری تحریر حقیر کیا وقعت رکھ سکتی ہے ...

(۲۰۶۱) جذبه انتقام ، حصه اول : مولانا سید عنائت علی شاه (م ۱۳۸۸ ھ)
قتل امام حسین علیه السلام کا بدله لینے والے کثیر همدانی ، سلیمان بن صرو خزاعی ، ابراهیم بن مالك اور مختار ثقفی کا تذکره ،
تین روپے ، مکتبه در نجف سیالکوٹ ، صفر ۱۳۷۱ ھ/ نومبر ۱۹۵۱م، ایملگا لمیٹڈ پریس سیالکوٹ کاتب : حکیم عبدالرشید وزیر آبادی .

(۲۰۶۲) جناب مختار : مولانا محمّد باقر نقوی (م ۱۹۸۴م)
دو حصے :
تنزیهه المختار (عربی) : استاد عبدالرزاق المقرم
ترجمه : مولانا محمّد باقر
مختار اهلبیت از مولانا سید راحت حسین گوپالپوری (م ۱۳۷۶ ھ)
آخر میں ابراهیم بن مالك أشتر کی مختصر سوانح ،
۹۵ ص ، ایك روپیه ، احباب پبلشرز لکھنو، ۱۹۶۷م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۲۰۶۳) جهاد مختار : علامه سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
۲۴ ص ، امامیه مشن لکھنو ، ۱۳۸۱ ھ.

* ریاض الشهادة (عربی) : علامه ابن نما .

(۲۰۶۴)خدائی تلوار در حالات امیر مختار : علامہ سید طیب آغا جزائری
چار باب : مختار کا نام و نسب ، سلیمان بن صرو ، مختار اور ابن مطیع کی جنگ ، عمرو سعد اور عبیداللّٰہ بن زیاد کا قتل ،
۱۱۲ ص ، ادارہ علوم آل محمّد وسن پورہ لاہور، مئی۱۹۶۴م، تعلیمی پریس لاہور.

* نور الابصار فی اخذ الثار : مولانا محمّد ابراهیم (م ۱۳۰۷ھ)

(۲۰۶۵) ذاب انتقام : میرزا حاتم علی میر (مطلع)

(۲۰۶۶) سوانح عمری امیر مختار مع جدال و قتال با قوم فجّار :
۴ آنے ، مطبع تصویر عالم لکھنو .

* مسیّب نامہ (فارسی) :

(۲۰۶۷) غلبہ حیدری معروف بہ مسیّب نامہ : سید سجاد علی رضوی
آنھ « معرکہ » طلب بیعت کرنا یزید کا جناب امام حسین علیہ السلام سے اور بھیجنا حضرت امام کا حضرت مسلم علیہ السلام کو کوفے میں ، روانہ ہونا مختار کا جانب کوفہ اور قدامہ سے جنگ کرنا اور مختار کی ملاقات ابن زیاد سے ، نامہ مسیّب بنام یزید اور رہا کرنا یزید کا امام زین العابدین کو،
۱۴۰ص ، رمضان ۱۲۹۴ ھ ، مطبع حسینی اثنا عشری لکھنو .

* نور الابصار (عربی) : مولانا سید محمّد ابراهیم

(۲۰۶۸)کحل الانظار :
ایک روپیہ ، لاہور .

(۲۰۶۹) مختار نامہ : ناصر علی
۳۰۳ ص ، مرتضائی پریس آگرہ .

* ریاض الشہادۃ (عربی) : سید جعفر بن محمّد بن نما .

(۲۰۷۰) مختار نامہ : سید کرار حسن حسینی نقوی
۵۲ ص ، ۱۲۸۳ ھ ، مطبع مجمع البحرین لدھیانہ
آغاز :بسملہ و خطبہ اما بعد شیخ فاضل محدث سید جعفر بن محمّد بن نما کہ جملہ مشائخ کبّار محدثین و اعاظم فقہائے متقدمین سے ہیں بیچ رسالہ حال مختار کے فرماتے ہیں .

(۲۰۷۱) مختار آل محمّد : مولانا سید نجم الدّین کراروی (م ۱۹۸۲م)
۲۸ باب ، ۴۲۷ ص ، شیعہ جنرل بك ایجنسی لاہور، انصاف پریس لاہور .

(۲۰۷۲) انتقام الشہید (منظوم) : سید نواب علی سفیر سندیلوی (ذریعہ : ۲).

* ذوب النضار فی شرح الثار (عربی) : شیخ جعفر بن محمّد بن نما .

(۲۰۷۳) سوانح عمری امیر مختار : مولانا حکیم سید حسین گریاں

۷۲ ص ، ۱۳۲۷ ھ/ ۱۹۰۹م ، مطبع تصویر عالم لکھنو .

آغاز : بسلمه و خطبه اما بعد خادم الطلبا سید حسین المتخلص به گریان.....

بن مولوی سید محمّد زیدی لکھنوی .....خدمت میں حضرات مومنین بالیقین

اور تابعین شریعت .

(۲۰۷۴) عروج مختار : مولانا ریاض الحسن موسوی

حضرت مختار ثقفی کے حالات پر مشتمل ۲۵ مجالس مع مصائب اہلبیت ،

۱۸۴ ص ، ساڑھے تین روپے ، مکتبہ ایمان لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۲۰۷۵) مختار نامہ :

۲۶۵ ص ، بارہ روپے ، حیدری کتب خانہ محمّد علی روڈ بمبئی .

(۲۰۷۶) مختصر مختار نامہ : مولا ، سید ظفر حسن امروھی (م ۱۹۸۹م)

۳۲ ص ، چھ آنے ، شمیم بکڈپو کراچی .

مناظره

(۲۰۷۷) آفتاب حجّت : ایس زید ایچ ابو المظفرؒ
سنی و شیعه کے درمیان اختلافی مسائل کا حل،
۳۵۲ ص ، مفت ، قومی پریس سہارنپور .

(۲۰۷۸) آفتاب عالم افروز جواب رساله تموز نیمروز، حصه اول : مولانا سید علی نقی ابن مفتی سید دلدار حسین
اهلسنت کے ایک عالم مولانا حیدر علی فیض آبادی نے شیعیت کی رد میں ایک رساله بنام « تموز نیمروز » لکھا تھا جس میں مندرجه ذیل سوالات کئے گئے تھے ، اس کا رد : امامت اصول دین میں ہے یا نہیں ، ائمه اثنا عشر معصوم تھے یا نہیں ، امامت ائمه اثنا عشر منصوص من اللّٰه ہے یا نہیں ، ائمه اثنا عشر آیا جمله انبیاء سے افضل ہیں یا نہیں ، امام کا ہر زمانے میں موجود ہونا ضروری ہے یا نہیں ؟
۱۸۶ ص ، ۱۳۱۱ھ / ۱۸۹۸م ، مطبع گلستان محمدی لکھنو .

(۲۰۷۹) آفتاب عالم افروز جواب رساله تموز نیمروز ، حصه دوم : مولانا سید علی نقی بن مفتی سید دلدار حسین ،
۹۸ ص ، ۱۳۱۱ھ ، مطبع گلستان محمدی.

(۲۰۸۰) آل محمّد : مولانا سید الطاف علی شاه سبزواری
«آل محمّد» و « اهلبیت»مترادف ہیں اور ان سے مراد حضرات خمسه نجباء ہیں،
۳۱ ص ، ۲۵ پیسے ، انجمن اتحاد المومنین اچھره لاهور ، اکتوبر ۱۹۷۰م ، تعلیمی پریس لاهور.

(۲۰۸۱) آل و اصحاب / مشعل هدایت : حاجی سید اظهار حسنین
آل محمّد و اصحاب محمّد رضوان اللّٰه علیهم اجمعین علیحده علیحده شخصیات ہیں ،
۴۱۲ ص ، مطبع اصلاح کهجوا .

(۲۰۸۲) آئینه اهل تسنّن بجواب آئینه اهل تشیّع : مولانا سید نفیس الرضا حسین
سید عبدالرحمن گیلانی (سنی) کے رساله « آئینه تشیّع » کا ردّ اس میں شیعوں پر ۳۳ اعتراضات کئے گئے تھے .

۸۰ ص ، لاہور آرٹ پریس لاہور۔

(۲۰۸۳)آئینہ حق نما : فرزند علی ،

فرزند علی بن خورشید علی بڈھانوی ضلع مظفر نگر سنی تھے اپنی تحقیق سے شیعہ ہو گئے تھے اس کی تفصیلات، اس رسالے میں مسئلہ ایمان ثلاثہ کو زیر بحث لایا گیا ہے ،

۱۶ ص ، ۱۳۴۳ھ/۱۹۲۵م ، مطبع یوسفی دھلی ۔

آغاز : بسملہ بخدمت جمیع علمائے اہلسنت و دیگر عمائد و ممتازین و روسائے فرقہ موصوف نہایت ادب کے ساتھ عرض کرتا ہوں حقیر کا مذہب قدیم اہلسنت و جماعت ہے مگر نحیف کو ابتدائے عمر سے کتب بینی کا شوق پیدا ہوا ۔

(۲۰۸۴) آئینہ حق و باطل : سید بشارت حسین کامل

شیعہ و سنی اصول و فروع کا تقابل ، حسب ذیل عنوانات :

شیعوں کا عقیدہ توحید ، خدا کا پیر دوزخ میں ، مذہب اہلسنت میں عقل سے کام لینے کی ممانعت ، ۔ موں کا عقیدہ عصمت ،

۱۱۰ ص ، چھ روپے ،

رحمت اللّٰہ بک ایجنسی کراچی،یکم فروری ۱۹۷۷م، سندھ آفسٹ پریس کراچی۔

(۲۰۸۵) آئینہ مذہب سنی : مولانا ڈاکٹر نور حسین صابر (م ۱۹۴۵م)

کتب اہلسنت سے اُن کے عقائد و اعمال کا بیان ،

ایک روپیہ ، کتب خانہ اثنا عشری لاہور۔

(۲۰۸۶) آیات محکمات بجواب آیات بینات ، حصہ اول و دوم : مولانا سید امیر حسن

نواب محسن الملک سید مهدی علی کی کتاب «آیات بینات» کا رد، دو حصے: مسئلہ فضیلت صحابہ، مسئلہ فدک .

پہلی اشاعت کے موقع پر سید حامد حسین نے قطعہ تاریخ کہا :

ای مولوی امیر حسن صاحب یقیں — وی درہ خزانۂ عزّت بسی ثمیں
ذوالمجد و المفاخر و الذهد و التقی — داری نشان سجدہ خلاق بر جبیں
بنوشتہ کتاب بعلم کلام نغز — ہر حرف حرف وی بحلاوت چوں انگبیں
تاریخ طبع کرد بہ هجری رقم بر او — سیّد کہ بد بصحبت و طبعش ترا معیں
ای آسمان عز و جلالت بکن نگاہ — آیات محکمات نماند چو مہر دین
(۱۳۴۴ھ)

۴۷۵ ص ، مکتبہ تعمیر ادب لاہور، اگست ۱۹۷۶م ، نامی پریس لاہور۔

(۲۰۸۷) آیت اُخری : راجه محمّد اعظم علی خان
نواب محسن الملك سید مهدی علی خان کی کتاب «آیات بنیات» حصه دوم کا ردّ ، عنوانات : نکاح ام کلثوم ، اصحابی کا النجوم کی حیثیت ، اصول دین اور اصول ایمان کی بحث ، عزاداری سید الشهداء ، تقیّه .
۳۵۰ ص ، ۲۳ ربیع الثانیه ۱۳۱۰ ھ ، مطبع اثنا عشری لکھنو .
آغاز : بسمله و خطبه امّا بعد یه ایك رساله مختصر ہے جس میں تصریح دینداری کے لئے مناظرہ آیات بینات اور آیت اُخری کا لکھا جاتا ہے .

(۲۰۸۸) ابصار المستبصرین :
اهلسنت کے عقائد کا ردّ ، بمبئی .

(۲۰۸۹) ابطال الاستدلال لاهل الزیغ و الضلال : مولانا امیر الدّین (م ۱۳۸۲ ھ)
شیعه و سنی متنازعه مسائل کا حل ،
۱۷۲ ص ، ایك روپیه ، امامیه کتب خانه لاهور .

(۲۰۹۰) اتحاد الفریقین : مولانا محمّد بشیر انصاری (م ۱۹۸۳م)
چالیس سے زیادہ سنی و شیعه اختلافی مسائل کا حل ،
۱۱۶ ص، چار آنے ، امامیه مشن لکھنو،۱۳۵۲ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۲۰۹۱) اثبات پنجتن : مولانا محمّد اسماعیل (م ۱۹۷۶م)
پیر قمر الدین سیالوی کے اس دعوی کا رد که پنجتن پاك سے مراد حضور صلی الله علیه و آله وسلم اور خلفای اربعه ہیں ، اس کتاب میں ثابت کیا گیا ہے که پنجتن سے مراد حضور صلی الله علیه و آله وسلم اور حضرات فاطمه (ع) و علی و حسنین علیهم السلام ہیں .
۸۰ ص ، پندرہ روپے ، مکتبه وکیل آل محمّد رته مته جهنگ ، شعبان ۱۴۰۱ ھ ، ماس پرنٹرز فیصل آباد ، کاتب : محمّد اسماعیل .

(۲۰۹۲) اثبات الشیعه : مولانا محمّد اسماعیل (م ۱۹۷۶م)
ہفت روزہ «دعوت» لاهور میں مولانا دوست محمّد قریشی (م ۱۹۷۴م) نے دعوی کیا تها که مذهب شیعه کا تذکره کتاب الله میں نهیں اس کا رد ،
۸۰ ص ، مکتبه وکیل آل محمّد رتّه مته جهنگ ، ۱۴۰۱ ھ ، ماس پرنٹرز فیصل آباد.

(۲۰۹۳) احباب رسول بجواب اصحاب رسول : علامه حسین بخش نجفی (م ۱۹۹۰م)
علامه حسین بخش نجفی کی کتاب «مناظره بغداد» کا ردّ بنام «اصحاب رسول»

مولانا نور الحسن شاہ بخاری دیو بندی نے دبا زیر نظر کتاب اس کا ردّ ہے ،
۹۶ ص ، بارہ روپے ، مکتبہ انوار النجف دریا خان ضلع بھکرؔ ، نومبر ۱۹۸۲م ، اسود آفست پریس فیصل آباد ، کاتب : ظہور احمد آف جاڑا .

(۲۰۹۴) احتجاج حق معروف بہ انکشاف حقیقت تولاً و تبرا : حکیم محسن علی خان
۱۶ ص ، ایک آنہ ، علی گڑھ برقی پریس دھلی .

(۲۰۹۵) احسن الاعمال فی ردّ سوال الضلال :
۲۰ ص، مرتضائی پریس آگرہ .

(۲۰۹۶) احسن الدلائل فی جواب السائل : محمّد حسن تحصیلدار بھرتپور
مولانا محمّد ابوالقاسم الہ آبادی (سنی) نے نامور پریس الہ آباد سے شیعوں کے خلاف ایک اشتہار شائع کیا جس میں شیعوں سے کچھ سوالات کئے گئے تھے . اُن کے جوابات آخیر میں مصنف کی لکھی ہوئی فارسی میں ایک نظم بھی ہے

بلطف خداوند روزی رساں   بافضال خلاق کون و مکان
بفیض جناب رسول انام   علیہ الصلاۃ و علیہ السلام

۱۵۸ ص ، چھ آنے ، ۱۸۹۷ ھ ، مطبع اثنا عشری دھلی .
آغاز : بسملہ حمد بیحد ثابت ہے اس خدائے جبار و قہّار کو کہ جسنے نصرت دی مومنین ابرار کو اور مخذول کیا اشرار و منافقین و معاندین سید مختارو آل اطہار کو ....

(۲۰۹۷) احقاق الحق - کتاب المسائل : سید محمّد عابدی
عنوانات : قرآن مجید اور حرف حق ، عزاداری - تقاضائے فطرت ، ضرورت حدیث، حضرت علی مرتضی سے عداوت کے اسباب ، وراثت انبیاء علیہم السلام یزید ملعون خدا اور رسول کا باغی تھا ،
۷۶ ص ، مرکز تحقیقات اسلامیہ سرگودھا ، مئی ۱۹۸۷م ، الباسط آرٹ پریس سرگودھا .

(۲۰۹۸) احقاق الحق - ۲۸۱ ملک دشمن ملاؤں کے اسلام سوز فتاوی کا جواب:
سید بشیر حسین بخاری
ماھنامہ «بنیات» کراچی کے شمارے جنوری فروری ۱۹۸۸م میں شیعوں کو کافر کہا گیا تھا اس کا ردّ ،
۵۶ ص، مرکز تحقیقات اسلامیہ سرگودھا ، جون ۱۹۸۸م الباسط آرٹ پریس سرگودھا .

(۲۰۹۹) احقاق الحق لابطال الباطل بردّ ابطال اصـول الشیعہ بالـدلائل العقلیہ جـلد اول باب دوم : سید امیر کاظم .
حکیم رحیم اللہ بجنوری کی کتاب « ابطال اصول الشیعہ بالدلائل العقلیہ » کا ردّ، عنوانات : اصل حقیقت مذہب سنّی ، عقائد حضرات سنیّہ نسبت خدائے عزّ و جل،عقائد حضرات سنیّہ نسبت پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم، عقائد حضرات سنیہ نسبت قرآن ، ثبوت بغض و کینہ امام بخاری از ائمہ معصومین ،
۴۸۲ ص ، ڈھائی روپے ، صفر ۱۳۲۴ ھ . مطبع ریاض فیض نگینہ ضلع بجنور.

* احقاق الحق (عربی) : قاضی نور اللہ شوستری (م۱۰۱۴ھ).

(۲۱۰۰) احقاق الحق در ردّ ابطال الباطل بجواب نہج الحق و کشف الصدق :
علامہ حلّی(م ۷۱۶) نے«نہج الحق و کشف الصدق» نامی کتاب لکھی جس کا جواب فضل بن روز بہان اصفہانی نے « ابطال الباطل » میں دیا زیر نظر کتاب اسی کا ردّ ہے ، مبحث امامت ، ۱۹۲۶م ، احسن المطابع میرٹھ.
عنوانات : امام کا معصوم ہونا ضروری ہے . امام کا امت سے افضل ہونا ضروری ہے ، امام معین کرنے کا طریقہ ، جناب امیر کے خلیفہ بلافصل ہونے پر عقلی دلائل ....

(۲۱۰۱) ارسال الیدین : مولانا میرزا یوسف حسین (م ۱۹۸۸م)
ہاتھ کھول کر نماز پڑھنے کا ثبوت ،
۳۶ ص ، ایک روپیہ .

(۲۱۰۲) ارغام الکفرہ / رسالہ چھرّہ : مولانا سید محمّد مجتبی نوگانوی (م۱۳۷۷ھ)
مولانا احمد رضا خان بریلوی (م ۱۳۴۱ھ) کے رسالے « ردّ الرفضہ» کا ردّ ،
۲۰ ص، دو آنے ، ریاضی پریس امروھہ ضلع مرادآباد .

(۲۱۰۳) ازالۃ الغرور عن اھل الشرور : مولانا سید نسیم حسن امروھی
اھل سنت کی طرف سے اُٹھائے جانے والے اٹھارہ سوالات کے جوابات جن کا تعلق خلافت بلا فصل ، ایمان بالقرآن ، تقیہ وغیرہ .
۱۵۴ ص ، آٹھ آنے ، ریاضی پریس امروھہ .
آغاز :بسملہ و خطبہ اما بعد کچھ عرصے سے زمانے کے تغیّرات نے امروھہ میں بعض نوخیز اھلسنت کے قلوب میں مناظرہ مذھبی کا شوق پیدا کر دیا ہے .

(۲۱۰۴) از شبہات : مولانا خادم حسین بخاری
مشہور بریلوی عالم مولانا ضیاء اللہ قادری کی کتاب « خلفائے ثلاثہ اور اہل بیت اطہار کے تعلقات اور رشتہ داریان » کا ردّ ،
۹۶ ص ، دس روپے ، ادارہ اشاعت حق سیالکوٹ ، کاتب : صابر علی راہی ۔

(۲۱۰۵) استیصال البدعت یعنی روئیداد مناظرہ شیعہ با دو رکعة : سید احتشام الدین
اُن لوگوں کا رد جو نماز ظہر ، عصر اور عشاء چار رکعات کی بجائے دو رکعات پڑھتے ہیں،۲۳ جنوری ۱۹۳۲م کو ناصر آباد ضلع فیصل آباد میں مولانا میرزا احمد علی اوراس فرقے کے درمیان مناظرہ ہو اس کی روئیداد ،
۱۵ ص ، گیلانی پریس لاہور ۔

(۲۱۰۶) اسلام، شیعہ ، ایران : مولانا محمّد حسنین سابقی
مولانا محمّد منظور نعمانی دیو بندی کی کتاب « ایرانی انقلاب » پر ایک ناقدانہ نظر ،
۴۰ ص ، شیعہ آرگنائزیشن خیرپور میرس (سندھ)

(۲۱۰۷) اسلامی نماز : مولانا سید علی حیدر
شیعوں کی طرز نماز و وضو کتاب و سنت کے عین مطابق ہے ،
۵ آنے ، انجمن سجادیہ کانپور ۔

(۲۱۰۸) اسئلة المحمدیہ : مولانا سید احمد علی محمّد آبادی (م ۱۲۹۵ ھ)
مولانا امانت علی کے سوالات کے جوابات (مطلع).

(۲۱۰۹) اصلاح الفساق :
۷۹ ص ، مطبع حیدری حیدرآباد (دکن) .

(۲۱۱۰) اصلاح المفسدین : حیدر علی
بریلوی مکتب فکر کے ماہنامے « رضوان » لاہور نے اپنی ۲۸ اکتوبر ۱۹۵۴م کی اشاعت میں لکھا تھا کہ شیعوں کی کتاب میں مسئلہ « لف حریر » کا جواز ہے ۔ اس کا ردّ ،
۱۶ ص ، دو آنے ، انجمن خادم اسلام رنگ محل لاہور، گیلانی پریس لاہور ۔

(۲۱۱۱) اصل الاصول در بیان حقیقت تولاً و تبراً : مولانا شفیق حسن ایلیا(مطلع).

(۲۱۱۲)اصلی اہلسنت کون؟ شیعہ یا سنّی:مولانا شیخ حسن فخر الدین نجفی بلتستانی
عنوانات : لقب اہلسنت کسنے ایجاد کیا ، نماز میں بسم اللہ بلند آواز سے پڑھنی چاہیے ، ہاتھ کھول کر نماز پڑھنے کا ثبوت ، مسئلہ عزاداری ، عمامہ

کیسے باندھنا چاہیے ۔
۲۷۲ ص ، ۲۵ روپے ، مکتبۃ المذاھب العالمیہ العامہ سکردو بلتستان ، ۱۹۸۲م ، کاتب : سید محمدؐ یوسف رضوی ۔

(۲۱۱۳) الاعتقاد فی الامامت / صدیق نمبر : مولانا ناصر حسین فیض آبادی
« صدیق » حضرت علی علیہ السلام کا لقب ہے ،
۱۶ ص، مفت، انجمن عباسیہ نارو وال ضلع سیالکوٹ، لاھور آرٹ پریس لاھور۔

(۲۱۱۴) الاعتقاد فی الامامت/ الوصی نمبر : مولانا ناصر حسین فیض آبادی
حضرت علی علیہ السلام وصی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہیں ،
۱۴ ص ، مفت ، انجمن عباسیہ نارووال ، ایمیگالمیٹیڈ پریس سیالکوٹ ۔

(۲۱۱۵) اعجاز البیان فی ذکر شریک القرآن : مولانا سید امیر علی
حقانیت مذھب شیعہ کا ثبوت ،
۲۴ ص ، رجب ۱۳۲۱ ھ، مطبع اثنا عشری لکھنو ، مولانا سید ممتاز علی نائب نے تاریخ کہی :

این امیر علی ، برادر من   طبع او جامع کمالات است
نائب از سال نسخہ زیبائش   نسخہ جامع کمالات است
(۱۳۲۱)

(۲۱۱۶) الاعتبار : مولانا سید محمدؐ مجتبی نوگانوی
فرقہ حقہ کے متعلق یورپ اور دیگر مذاھب کے ۲۰۰ سے زیادہ اقوال ، اعتراضات کے مسکت جوابات ،
ایک روپیہ ، شیعہ دائرۃ الاشاعت نوگانواں ضلع مراد آباد ۔

(۲۱۱۷) اعلان حقیقت جواب شجرہ مودّت : مولانا ناصرحسین فیض آبادی
پروفیسر خالد محمود دیو بندی کے رسالے « شجرہ مودۃ » کا ردّ ،
۳۱ ص،۴ آنے ،انجمن صادقیہ اثنا عشریہ سیالکوٹ،تعلیمی پریس سیالکوٹ ۔

(۲۱۱۸) اعلان الھدی در جواب اسرار الھدی : شیخ احمد دیو بندی
۱۸۹۴م ، مطبع اثنا عشری لکھنو ۔

(۲۱۱۹) الامامیہ : مولانا محمدؐ لقاء علی حیدری (م ۱۳۸۴ ھ)
۱۳ جنوری ۱۹۵۲م کو روزنامہ « زمیندار » میں « اصول کافی » کی سرخی کے تحت شیعوں کے خلاف چھپنے والے ایک مضمون کا ردّ ،
۱۲۸ ص ، اسلامی دنیا بدایون (ھند).

(۲۱۲۰) اللہ اللہ : مولانا سید ظفر مہدی جائسی
شیعوں پر کئے جانے والے اعتراضات کا ردّ (ذریعہ : ۲).

(۲۱۲۱) انتصار الشریعہ فی ردّ ابن تیمیہ : مولانا حکیم سید احمد شاہ (م ۱۹۵۱م)
قاضی عبدالاحد خانپوری اہلحدیث کا شیعوں کی ردّ میں تحریر کردہ ایک رسالے کا ردّ ، عنوانات : مسئلہ فدک ، تعلقات علی با خلفائے ثلاثہ ،
۳۵ص، انجمن امامیہ اثنا عشریہ راولپنڈی، لکشمی آرٹ سٹیم پریس راولپنڈی .

(۲۱۲۲) انوار جعفریہ : مولانا حاجی نور حسین سیالوی (م ۱۹۴۵م)
« نصیحۃ الشیعہ » اور « نقشہ تہذیب مذہب شیعہ » کا ردّ ،
۱۱۲ ص ،۱۹۴۴ م ، مراد آباد .

(۲۱۲۳) انوار الهدی : مولانا شیخ احمد دیو بندی
مولانا شیخ احمد سنی تھے اُنکے دل میں مذہب سنی کے متعلق بعض شبہات پیدا ہوئے اُنہوں نے یہ شبہات مولانا محمّد قاسم نانوتوی بانی دارالعلوم دیوبند کو لکھ بھیجے مولانا نانوتوی نے جو جوابات دئے وہ اُن سے مطمئن نہ ہوئے . زیر نظر کتاب اُنہیں جوابات کا رد ہے ،
۳۳۶ ص ، تین آنے ، ۱۹۰۷م ، مطبع یوسفی دھلی ، یہ کتاب سرمہ روزگار پریس میں بھی چھپی .
آغاز : بسملہ و خطبہ اما بعد خاکسار ذرہ بیمقدا ر شیخ احمد ابن جناب مولانا مولوی وجیہہ الدین صاحب عثمانی ساکن دیو بند ضلع سہارنپور مضافات صوبہ دارالخلافہ شاہ جہان آباد خدمت ارباب تحقیق میں عرض کرتا ہے کہ سن شعور سے ...

(۲۱۲۴) اھل اسلام کے ساختہ پرداختہ مذاھب اربعہ امام اور خانہ کعبہ کے چارمصلّوں کی تردید : خواجہ منور الدّین
جب ائمہ اربعہ کا کتاب و سنت میں کوئی ذکر نہیں تو پھر کس لئے ان کے جاری کردہ مذاھب کی پیروی کی ترغیب دی جاتی ہے ،
۳۲ ص ، ۱۹۳۵م ، پبلک سٹیم پریس قصور .

(۲۱۲۵) اھلبیت : مولانا سید مقبول احمد دھلوی (م ۱۳۴۰ ھ/ ۱۹۲۱م)
اھلبیت سے مراد حضرات خمسہ نجباء ہیں ،
۳۰ ص .

(۲۱۲۶) اہلبیت : مولانا سید ذیشان حیدر جوادی
۸۰ ص، پانچ روپے، مبلغ اعظم اکیڈمی فیصل آباد، اسود آفسٹ پریس فیصل آباد.

(۲۱۲۷) اہل بیت اور ازواج میں فرق : عبدالکریم مشتاق
مولانا طاہر المکی دیو بندی کی کتاب « حقیقی اہلبیت رسول یعنی رسول اللہ کی گھر والیاں » کا ردّ،
۲۰۸ ص، بارہ روپے، رحمت اللہ بك ایجنسی کراچی، کاتب :اختر علی اختر.

(۲۱۲۸) اہل بیت کی نماز : مولانا سید محمّد صالح عرشی،
حضرات اہلبیت علیہم السلام ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے،
۲۰ ص، مفت، ۱۳۵۹ ھ، بنارس.

(۲۱۲۹) اہلحدیث پر لے دے : احمد سلطان خاور گورگانی
اخبار « اہلحدیث » امرتسر نے اپنی ایك اشاعت میں شیعوں کے خلاف ایك مضمون شائع کیا تھا اس کا ردّ، تین آنے، دھلی، ۱۳۵۴ ھ.

(۲۱۳۰) ایمان ثلاثہ : ڈاکٹر نور حسین سیالوی (م ۱۹۴۵م)
اصحاب ثلاثہ کے اسلام، ایمان، خدمات اسلامی، جہاد فی سبیل اللہ اور محبّت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر کتاب اللہ، احادیث صحیحہ اور تواریخ معتبرہ اہلسنت سے روشنی ڈالی گئی ہے،
۱۴۴ ص، دس آنے، انجمن تذکرۃ المعصومین جھنگ، ۱۳۴۳ ھ/۱۹۲۵م، پرکاش سٹیم پریس لاہور.

(۲۱۳۱) بحث بدا : مولانا سید سجاد حسین
۲۰ ص، ۱۹۱۲م، مقبول پریس دھلی.

(۲۱۳۲) براهین الانصاف لدافعین البخل و الاعتساف : مولانا سید زین العابدین بٹالوی (م ۱۳۲۴ھ) عنوانات: لعنت کرنا خدا کا ظالمین پر، ائمہ طاہرین قیاس کو حرام جانتے تھے، شطرنج نزد امام شافعی مباح ہے، سید جلال الدین بخاری شیعہ تھے، حدیث ثقلین،
۲۱۱ ص، ۱۳۰۴ ھ، جعفری پریس لاہور.

(۲۱۳۳) براهین قرآنی بجواب فتح الرحمن و ادلہ فرقانی : ڈاکٹرنور حسین صابر سیالوی (م ۱۹۴۵م) مولانا یار محمّد پیر کوٹی کے رسالے «فتح الرحمن» کا ردّ،
۳۱ ص، ۱۳۳۱ ھ/۱۹۱۳م، دلش سٹیم پریس لاہور.

(۲۱۳۴) البرق : عابد علی بیگ قزلباش
مولانا شبلی نعمانی کی کتاب « الفاروق » کا ردّ ، افضل المطابع مراد آباد
{ اس کا ردّ اہلسنت کی طرف سے حکیم مقصود علی خان نے «البرق پر تنقیدانہ نظر » کے نام سے اسی پریس میں چھاپا ، ۴۸ ص } .

(۲۱۳۵) برق لامع : جعفر علی فصیح
اہلسنت کی طرف سے ایک کتاب بنام « سیف قاطع » (منظوم) شیعیت کی ردّ میں لکھی گئی زیر نظر کتاب اسی کا منظوم صورت میں ردّ ہے ،
۸۴ ص ، تاریخ تصنیف ۱۲۳۰ ھ مصنف خود کہتے ہیں

ہوا اس نظم سے ہاتف جو آگاہ صدا آنے لگی گردوں سے ناگاہ
کہ ہے تاریخ تو «خورشید طالع » (۱۲۳۰ھ) مگر ہے نام اسکا برق لامع

مطبع یوسفی دھلی میں چھپی .
آغاز :

پس از حمد خدائے حیّ و ... م پس از نعت رسول پاک معصوم
زبان خامہ ہوتی ہے گہر بار رقم کرتا ہوں مدح آل اطہار

(۲۱۳۶) برھان الشیعہ اعنی ردّ بہتان الشیعہ بہ اقوال مذہب سنیہ : مولانا حاجی نور حسین صابر (م ۱۹۴۵م)
مولانا احمد دین کھرل (سنی) نے شیعوں کے خلاف ایک رسالہ « بہتان الشیعہ» لکھا تھا اس کا ردّ ،
۱۲۰ ص ، ۸ آنے ، کتب خانہ اثنا عشری لاہور، پبلک پرنٹنگ پریس لاہور.

(۲۱۳۷) البسملہ : مولانا سید علی اظہر (م ۱۳۵۲ھ)
عہد رسالت و خلفائے راشدین میں نماز میں ہر سورہ سے پہلے بسم اللہ بآواز بلند پڑھی جاتی تھی لیکن ما بعد اس کو حذف کر دیا گیا ،
۸۰ ص ، چھ آنے ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۲۱۳۸) بصیرت مومن : مولانا آغا عبدالحسن سرحدی
۴۵ روئیداد مناظرہ ، عنوانات : عبداللّٰہ بن عباس اور حضرت عمر کا مناظرہ ، شیعہ قاضی اور ایک عامی کا مناظرہ ، عقیل بن ابیطالب اور ایک عامی کا مناظرہ ، بہلول اور ہارون الرشید کا مناظرہ ، شیخ مفید اور قاضی عبدالجبار کا مناظرہ ، شیخ مفید کا عالم رویا ، میں حضرت عمر سے مناظرہ ،
۲۷۲ ص، پندرہ روپے ، مبلغ اعظم اکیڈمی فیصل آباد ، اشرفی آفست پریس

کاتب : شریف قادری .

(۲۱۳۹) البلاغ المبین ، حصہ اول مع حصہ سوم : آغا محمّد سلطان میرزا (م ۱۹۶۵م)
بارہ باب : نظام جدید اور مسلمان ، ولی عہد مقررکرنا رسول خدا کا فرض تھا یا اُمت کا ، شواہد استخلاف علویہ اعلان تقرر جانشین ، افضلیت علی بن ابیطالب ،
۸۸۰ ص ، امامیہ کتب خانہ لاهور ، جنوری ۱۹۶۹م ، حمایت پریس لاهور.

(۲۱۴۰) البلاغ المبین ، جلد دوم : آغا محمّد سلطان میرزا (م ۱۹۶۵م)
ثبوت خلافت علی ابن ابیطالب ،
۷۶۰ ص ، ساڑھے آٹھ روپے ، کتب خانہ حسینیہ لاهور ، ۱۹۴۹م.

(۲۱۴۱) پاکیزہ خیال : مولانا سید سجاد حسین ،
مولانا شیخ محمّد یعقوب اپنی تحقیق سے شیعہ ہوگئے تھے ان کی تحقیق پیش کی گئی ہے ،
۲۰ ص ، ۱۹۱۲ م ، مقبول پریس دهلی .
{ شیخ احمد حسن رسوا (سنی) نے اس رسالے کا جواب « الحقیقت » نامی رسالے میں دیا }

(۲۱۴۲) پردہ اُٹھتا ہے ، حصہ اول : مولانا سیّد عبدالمنان المعروف بہ سید شاهد زعیم فاطمی فاضل دیو بند (م ۱۹۸۹م) .
مولانا مرحوم اپنی تحقیق سے شیعہ ہوئے تھے اپنی تحقیق کا نچوڑ ،
۲۲۷ص .

(۲۱۴۳) پردہ اُٹھتا ہے ، حصہ دوم : سید شاهد زعیم فاطمی فاضل دیوبند (م ۱۹۸۹م).
۱۹۹ ص، تیس روپے ، مکتبہ ماهنامہ اصلاح مسجد ناصری باغ لکھنو .

(۲۱۴۴) پنجہ فولادی : مولانا خواجہ عابد حسین (م ۱۳۳۰ ھ)
۲۶۸ ص ، دس آنے .

(۲۱۴۵) تاریخ الاذان ، حصہ اول : مولانا سید حسین
اس کتاب میں تاریخ اذان قبل اسلام سے لے کر بنو امیہ کے دور تک کا بیان ہے خلفائے اربعہ کے زمانے میں اذان میں جو تبدیلیاں کی گئیں اُن کا ذکر مع حوالجات ،
۹۶ ص، آٹھ آنے ، اصلاح پریس کھجوا، کاتب : شیخ علی حسن اثنا عشری جونپوری .

(۲۱۴۶) تاریخ و خصوصیات مذہب شیعہ : سید علی رضا
۱۰۴ ص ، دو روپے ، کراچی ، رجب ۱۳۹۲ ھ/ اگست ۱۹۷۲م ، ضیاء برقی پریس کراچی ۔

(۲۱۴۷) تازیانہ عبرت از برائے مخالف عترت : مولانا سید منظور حسین بخاری
موجودہ اہلسنت کا وہ مسلک نہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا تھا ،
۶۴ ص ، کتابفروشی اسلامی سرگودھا ۔

(۲۱۴۸) تبرے کی حقیقت : محمدؐ اصغر رضوی
مولانا عبدالشکور لکھنوی کے اُن اعتراضات کا رد جو اُنھوں نے دربارہ تبرا کئے
۸۰ ص ، تین آنے ، شیعہ مشن لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو ۔

(۲۱۴۹) تبصرہ : مولانا سید محمدؐ دھلوی (م ۱۳۹۲ ھ)
تاریخ اسلام از ایم اے قدوس، ڈاکٹر حمید الدین اور شیخ محمدؐ اقبال کی اغلاط کی نشاندھی کی گئی ہے ،
۶۴ ص ،۶۸۰ پیسے ، امامیہ مشن پاکستان لاہور ، اکتوبر ۱۹۶۵م ، تعلیمی پریس لاہور ۔

خدائے دو جہاں اسکو جزائے خیر دے عادل — جو پہلو میں دل درد آشنائے قوم رکھتا ہے
تجھے فکر سن تاریخ آخر بے سبب کیوں ہے — کہ سال طبع خود «مرغوب حق» سے آشکارا ہے
(۱۳۵۶ ھ)

(۲۳۵۵) کشف الظلمات عن الآیات البینات ، حصہ سوم : مولانا سید محمّد حیدر
۳۵۱ ص ،مطبع اصلاح کھجوا .

(۲۳۵۶) کشف الظلمات عن الآیات البینات ، حصہ دوم : مولانا سید محمّد حیدر
۱۸۰ ص ، ۱۳۳۵ ھ ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۲۳۵۷) کفر شکن :
سید شہابل شاہ (سنّی) کے شیعوں کے خلاف فتوی کا ردّ ،
۱۴ ص ، انجمن حسینیہ ڈیرہ اسماعیل خان حیدری پریس لاہور.

(۲۳۵۸) کلام المتین/ البلاغ المبین : مولانا حافظ خواجہ فیاض حسین (م ۱۳۵۱ھ)
پیر علی (سنّی) نے شیعوں کے خلاف ایک رسالہ لکھا تھا جس میں « ہدایات الرشید » از مولانا خلیل احمد انبیٹھوی کا نام لئے بغیر شیعوں پر تین سوالات کئے تھے :
(i) خلافت و نیابت حضرت علی (ii) جناب امیر علیہ السلام کا قرآن شریف کو ظاہر نفر مانا موجب لعن ہے (iii) حضرت فاطمة الزہرا کا فدك کیلئے مجمع صحابہ میں جانا « و قرن فی بیو تکنّ » کے خلاف ہے ، انہیں تین سوالات کے جوابات ،
۲۳۲ ص ، ساڑھے نو آنے ، ۱۳۲۵ ھ مطبع یوسفی دھلی .

(۲۳۵۹) کلمہ اور نماز : سید محمّد احسن
علی ولی اللہ کلمہ کا جز ہے ،
۸۸ ص ، ادارہ علوم الاسلام لاہور ، گروپ پرنٹنگ ورکس لاہور .

(۲۳۶۰) کلمہ طیبہ : مولانا غلام حسین نجفی
کلمہ میں علی ولی اللہ جزو ہے ،
۱۶ ص ، انجمن غلامان عباس لاہور، انصاف پریس لاہور .

(۲۳۶۱) کلمہ ولایت : مولانا آغا عبدالحسن سرحدی ،
شہادت رسالت کے بعد شہادت ثلاثہ کا ادا کرنا ضروری ہے ،
۲۰۰ ص ، پندرہ روپے ،۱۹۷۷م ، پاکستان آرٹ پریس لائلپور .

(۲۳۶۲) کلید مناظرہ : مولانا سید برکت علی شاہ گوشہ نشین
۵۰۴ ص ، پانچ روپے ، کتب خانہ حسینیہ لاہور ، ۱۹۵۶م .

(۲۳۶۳)کوفے کی بلّی بجواب نثر ملی،حصہ اول :قاضی سعید الرحمن علوی(م۱۹۸۹م)
مکتبہ گلزار ادب لاہور نے ایک کتاب « نثر ملّی» شائع کی تھی جس میں بعض

مقامات پر شیعوں کو ہدف طعن بنایا گیا تھا اس کا ردّ ،

۱۶ ص ، ۲۵ پیسے ، ادارہ علوم الاسلام ، لاہور .

(۲۳۶۴) گمراہ کون ؟ : سید علی موسی مظفر پوری

محمّد اسحاق بنارسی (سنّی) کی کتاب « کلمات اکابر » میں شیعہ عقائد کو گمراہ کن کہا گیا تھا اس کا ردّ ،

۴۷ ص ، دس آنے ، ۱۳۸۲ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۲۳۶۵) گنجینۂ مطاعن : مولانا سید برکت علی شاہ گوشہ نشین ،

۱۷۲ ص ، ایک روپیہ دو آنے ، انجمن شیعہ وزیر آباد ، ۱۹۲۲م ، گرد سٹیم پریس لاہور.

(۲۳۶۶) لجام الافہام فی ردّ جلاء الافہام : مولانا سید غلام شبّر شاہ

مولانا دوست محمّد قریشی(م ۱۹۷۴م) کی کتاب « جلاء الافہام » کا ردّ ،

۶۰ ص ، بارہ آنے ، شیعہ دارالتبلیغ خوشاب ، ثنائی برقی پریس سرگودھا.

(۲۳۶۷) لعن کی تحقیق : مولانا حکیم شیخ حسن علی

۱۶ ص ، ۱۳۲۷ ھ ، مطبع تصویر عالم لکھنو .

(۲۳۶۸) النافع لیوم المحشر المسمّیٰ به الرابع عشر : شیخ محمّد علی

امام رضا علیہ السلام نے مامون الرشید کے سامنے جن چودہ سوالات کے جوابات دئے تھے اُن کا ترجمہ ،

۱۴ ص ، ۱۳۴۴ ھ ، مطبع یوسفی دھلی .

آغاز : جناب شیخ صدوق علیہ الرحمۃ نے کتاب « عیون اخبار الرضا » میں تمیم بن عبداللّٰہ قرشی سے اسنے اپنے باپ سے اس نے سلیمان نیشاپوری سے ....

(۲۳۶۹) مامون الرشید اور چالیس سنّی علماء کا تاریخی مناظرہ : ملک نذر حسین قطبی

« العقدا الفرید » کے ایک باب کا خلاصہ ،

۳۶ ص .

(۲۳۷۰) مجرم : مولانا سید کرار حسین

میرزا عابد حسین محمود آبادی نے شیعوں کے خلاف ایک کتاب بنام « انکشافات حقیقت » لکھی اس کا ردّ ، زیر نظر کتاب کے صفحہ ۹۳ پر صاحب ارجح المطالب علامہ عبید اللّٰہ امرتسری کو مشہور اھلحدیث عالم مولانا ثناء اللّٰہ امرتسری (م ۱۹۴۸م) کا فرزند بتایا گیا ہے جو نادرست ہے .

۲۰۸ ص ، دو روپے ، احباب پبلشرز لکھنو ،۱۹۶۸م ، نظامی پریس لکھنو .

(۲۳۷۱) مجمع البحرین فی ادلة الفریقین : مولانا حکیم سید احمد حسین
ساتباب : اثبات کتاب نہج البلاغہ مع اسولہ و اجوبہ فریقین وغیرہ ،
۹۶۸ص، ربیع الاول ۱۲۹۴ ھ ، مطبع محمدی عظیم آباد ، کاتب : محمّد ظہور الحق استہانوی .
آغاز : بسملہ و خطبہ اما بعد مومنین حقیقت پرست و موالیان سنت سرشت پر واضح ہو کہ علمائے اہلسنت و شیعہ نے کتب عقائد و کلام بزبان عربی و فارسی بکثرت تصنیف کیا اور ایک فرقے نے ردّ دوسرے کا کیا اور تحریر طرفین کی تعصب و نفسانیت و ثقالت لسانی سے مملو ہے کہ ایک فرقہ دوسرے فرقے کی کتاب ملاحظہ نہیں کرسکتا .....محمّد یحیی نے قطعہ تاریخ تألیف کہا :

حاجی و مولوی سید پاک   متوجہ بسوی خیر مدام
نام او ہست دو نام معصوم   حق فرستاد برآں ہر دو سلام
سال تألیف رقم کردہ قلم   نفع بخش پی اہل اسلام(۱۲۹۲ھ)

خواجہ محمّد شاہ شہرت نے تاریخ کہی :

آنکہ احمد حسین صاحب علم   کرد تصنیف ایں رسالہ دیں
ہست مطبوع سنی و شیعہ   لائق حمد قابل تحسین
سال تصنیف شہرت احقر   گفت مرغوب دل از روئی یقین (۱۲۹۲ھ)

(۲۳۷۲) محاربہ حق و باطل : مولانا سید علی اظہر (م ۱۳۵۲ ھ)
« تنقید بخاری » حصّہ دوم کا تیسرا باب ،
۵۶ ص ، مطبع نور المطابع لکھنو .

(۲۳۷۳) مدیر « رضوان » سے دو باتیں : مولانا نعمت اللہ احقر امرتسری
مسئلہ لف حریر کی حقیقت ،
۸ ص ، ادارہ تبلیغ لاہور ، مدینہ پرنٹنگ پریس لاہور.

(۲۳۷۴) مذہب اہلبیت : مولانا مفتی سید عنایت علی شاہ
علامہ شیخ محمّد مرعی الحلبی کی کتاب کا ترجمہ ،
۳۹۹ ص ، شاہ یوسف گردیز اکیڈمی ملتان ، ۱۹۸۰م ، نامی پریس لاہور .

(۲۳۷۵) مذہب اہلبیت میں نے کیوں اختیار کیا :مولانا علی حسنین شیفتہ (م۱۹۹۱م)
علامہ شیخ محمّد مرعی الحلبی کی کتاب کا ترجمہ ،
۲۱۲ ص ، عمران بکڈپو سرگودھا ، ۱۹۷۷م ، ثنائی پریس سرگودھا .

(۲۳۷۶)مذہبی مکالمہ : مولانا سید ظفر حسن امروھی (م ۱۹۸۹م)

عنوانات : کیا تبرا گالی ہے ، تقیہ ، شیعہ اور ایمان بالقرآن ، اذان اور الصلواۃ خیر من النوم ، تراویح ، متعہ ، خلافت و امامت ، حدیث قرطاس ، فدک ، عقد ام کلثوم ،

۴۶۴ ص ، ڈیرھ روپیہ، شمیم بکڈپو مراد آباد، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۲۳۷۷) المرافعات : مولانا سید علی اظہر (م ۱۳۸۸ ھ)

تحفہ اثنا عشر کا ردّ (مطلع).

(۲۳۷۸) مسح رجلین : مولانا میرزا یوسف حسین (م ۱۹۸۸م/ ۱۴۰۸ ھ)

مولانا نور احمد عرب (سنی) کے رسالے « غسل رجلین » کا ردّ ،

۴۰ ص، امامیہ کتب خانہ لاھور.

(۲۳۷۹) مشعل ھدایت : مولانا سید سجاد حسین

مولانا مرحوم ۱۹۰۵م کو رامپور گئے نواب صاحب رامپور نے آپ سے سنی و شیعہ اختلافی مسائل پر چند سوالات کئے اُن کے جوابات ،

۸۴ ص ، ۱۳۲۷ھ/ ۱۹۰۹م ، نولکشور گیس پرنٹنگ ورکس لاھور.

* مصائب النواصب (عربی) : قاضی نور اللہ شوشتری (م ۱۰۱۹ ھ).

* مصائب النواصب ترجمہ (فارسی) : میرزا محمّد علی مدرس.

(۲۳۸۰) مصائب النواصب :

۲۵۴ ص .

(۲۳۸۱) مصباح الظلم : سید امداد امام (م ۱۳۵۳ ھ)

۳۹۶ ص ، چار روپے ، اگست ۱۹۳۶م ، مطبع یوسفی دھلی ، کاتب : محمد اعلی .

(۲۳۸۲) مصباح الھدایت حصہ سوم : سلطان علی درانی

مولانا غلام دستگیر نامی کے رسائل « الصدیق » « فاروق اعظم » « عثمان» اور « قران السعدین » کا ردّ ، سات باب :

حضرت ابوبکر کا حسب خواھش نفسانی اجرائے حدو الھیہ کا بجا لانا ، حضرت عمر ، حضرت عثمان ، دربارہ خلافت ثلاثہ مورخین غیر مذاھب کی رائے ، عقد ام کلثوم و حضرت عمر ، انکشاف حالات عقد بنات النبی ،

۱۵۱ ص ، ۱۹۲۵م ، حیدری پریس لاھور .

(۲۳۸۳) مظھر یقین و خاتمہ براھین :

بارہ آنے ، مطبع نولکشور لکھنو .

(۲۳۸۴) معیار الصحابہ : مولانا خادم حسین خان
رونداد مناظرہ کوٹ سما بہ ما بین سنی و شیعہ بتاریخ ۳ جولائی ۱۹۵۵م اہلسنت کی طرف سے حسب ذیل علماء نے شرکت کی :
مولانا دوست محمّد قریشی (م ۱۹۷۴م) مولانا اللہ وسایا ڈیرہ غازیخان ، مولانا عبدالستار جھنگوی ، مولانا محمّد حسین ، مولانا محمّد شریف ، مولانا محمّد علی جالندھری ، مولانا لعل حسین اختر ، مولانا نیاز احمد ، مولانا عبدالعزیز ملتانی، مولانا احمد دین ککڑوی اور مولانا محمّد صدیق(م ۱۹۹۱م) شیعوں کی طرف سے مولانا محمّد اسماعیل(م ۱۹۷۶م) ، مولانا خادم حسین بخاری (م ۱۹۹۰م) ، مولانا خادم حسین خان اور مولانا سید محمّد عارف (م ۱۹۸۸م). موضوع مناظرہ : خلافت اصحاب ثلاثہ ، ایمان و اسلام اہل شیعہ ، کتاب کے آخیر میں اس مناظرے کا بھی تذکرہ ہے جو شیعوں اور اہلحدیث کے درمیان ۲۶دسمبر ۱۹۵۶م کو بمقام لابڑے متصل منڈی مریدکے میں ہوا اہلحدیث کی طرف سے مناظر مولانا عبدالقادر روپڑی تھے جبکہ شیعوں کی طرف سے مولانا محمّد اسماعیل موضوع مناظرہ : خلافت اصحاب ثلاثہ ، مسئلہ متعہ ، ام المومنین حضرت عائشہ اوراعتراضات شیعہ،مسئلہ ماتم امام حسین علیہ السلام
۱۲۰ ص ، شیعہ دارالتبلیغ گوجرہ ، پاک پبلشرز پرنٹنگ پریس لاہور .

(۲۳۸۵) معیار الھدی : مولانا حکیم سید افتخار علی بن حکیم وزیر علی فیروز آبادی
مولانا جہانگیر خان شکوہ آبادی کی کتاب « اظہار الھدی » کا ردّ ،
۱۹۲ ص ، چار آنے ، ۱۳۱۱ ھ ، مطبع یوسفی دھلی .

(۲۳۸۶) مفاتیح البرکات بجواب شوائظ البرقات : مولانا میرزا احمد علی امرتسری (م ۱۹۷۰م)
مولانا سید قطب شاہ (بریلوی) کی کتاب « شوائظ البرقات » کا ردّ ،
۱۴۴ ص، بارہ آنے ،کتب خانہ اثنا عشری لاہور،گیلانی الیکٹرک پریس لاہور .

(۲۳۸۷) مفید العوام : سید ارشاد علی
سات سوالات کے جوابات : نکاح ام کلثوم با حضرت عمر، تقیہ ، بیعت علی، متعہ ،
۱۴ ص ، صفر ۱۳۰۳ھ /۱۸۸۵م، مطبع اثنا عشری لکھنو .

(۲۳۸۸) مفید العوام : مولانا سید برکت علی (م ۱۲۷۰ ھ)
عہد رسالت و خلفاء میں نماز ہاتھ کھول کر پڑھی جاتی تھی اور مسح پا کیا

جاتا تھا ،
۱۵۲ ص ، ۲۰ محرم ۱۲۶۴ھ ، مطبع مولانا محمّد باقر دھلی.
آغاز : بسملہ و خطبہ اما بعد واضح ہو کہ یہ مختصر رسالہ ہے در باب اظہار ثبوت وجوب مسح پا اور ارسال یعنی کھلے ہوئےہاتھ نماز پڑھنے وغیرہ .

(۲۳۸۹) مفید المستبصر : مولانا میرزا رضا علی ،
آیت قرآنی « محمّد رسول اللّٰہ و الذین معہ اشد آ. علی الکفار » کا صحیح حل.
۳۲ ص ، ۱۳۱۲ ھ ، مطبع اثنا عشری لکھنو .

* مکتب اھلبیت (فارسی) : علاّمہ مصطفی نورانی.

(۲۳۹۰) مکتب اھلبیت : مولانا حسن رضا غدیری
عنوانات : امامت ، ولایت ، عصمت ، معجزہ ، شوری ، اسلامی مساوات ، قتل عثمان ،
۹۳ ص ، دس روپے ، موسسہ المزمل حسینیہ ہال لاھور .

(۲۳۹۱) مُلخص الاحادیث / کشکول :
عنوانات : آیت و السابقون الاولون میں کون لوگ شامل ہیں ، واقعات جنگ احد ، بیعت رضوان ، حدیث قرطاس ، فدك ، درہ زدنی حضرت عمر بزمانہ خلافت ، حضرت عائشہ ، فہرست شھدائے کربلا ،
۳۵۶ ص ، ۱۹۱۵م /۱۳۳۳ ھ ، تصویر عالم پریس لکھنو ، سید اکبر مھدی سلیم نے تاریخ کہی :

عمرت دراز باد بایں سعی بیدریغ — دائم تو مدح آل پیمبر نمودہ
مسدود کردہ بدلائل رہ فرار — بہر عدو تو سد سکندر نمودہ
طبع سلیم گفت بہٗ ہنگام سال طبع — کشکول را پر در و گوھر نمودہ
(۱۳۳۳ھ)

(۲۳۹۲) مناظرہ امجدیہ : نواب محمّد علی امجد خان بن مولانا علی احمد خان
تحریری مناظرہ ما بین مولانا محمّد عبدالنور حنفی و نواب محمّد علی امجد خان در سلھٹ . موضوع : لعن بر معاویہ جائز ہے یا نہیں ،
۳۸ ص، ایك روپیہ ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۲۳۹۳) مناظرہ رافضی با رافضی : احمد سلطان خاور گرگانی
سوا روپیہ ، ۱۳۵۴ ھ.

* حسنیہ (فارسی) : ابو الفتوح رازی .

(۲۳۹۴) مناظرہ حسنیہ : مولانا ذیشان حیدر
۱۷۶ ص ، پانچ روپے ، سرگودھا .

(۲۳۹۵) مناظرہ حیدر آباد (دکن) یعنی عریضہ خاور موسوم بہ معروضات مستیز بجواب ارشادات منیر : میرزا احمد سلطان گرگانی
میرزا احمد سلطان گرگانی چشتی اپنی تحقیق سے شیعہ ہوگئے تھے اس پر انکے چچا حافظ محمّد منیر الدین نے ایک خط کے ذریعے سابقہ مسلک پر آنے کی دعوت دی اس کا ردّ ،
۶۴ ص ، محمڈن پرنٹنگ ورکس دھلی .

* المراجعات (عربی) : سید عبدالحسین امینی .

(۲۳۹۶) مناظرہ مصر : علامہ حسین بخش جاڑا نجفی
۳۲۸ ص ، ۳۶ روپے ، مکتبہ انوار النجف دریا خان ضلع بھکر ، ۱۹۸۷م ، کاتب : رضا احمد اعوان .

(۲۳۹۷) مناظرۃ المصائب : سید امداد امام اثر (م ۱۳۵۳ ھ/۱۹۳۴م)
رینگا مشین پریس لکھنو .

(۲۳۹۸)منافق مسلمان بجواب مومن مسلمان : مولانا سید سمی الذبحین
ابو النذیر سہارنپوری کے چار رسالوں مومن مسلمان ، مقدمہ قتل حسین ، متبعین ثقلین اور اتمام حجت کا ردّ ،
۴۰ ص ، دسمبر ۱۹۳۲م ، جدید پریس جانسٹھ .

* موتمر علماء بغداد (عربی) : مقاتل ابن عطیہ .

(۲۳۹۹)مناظرہ بغداد : علامہ حسین بخش نجفی (م ۱۹۹۰م)
۱۲۷ص ، ۱۹۸۱م .

(۲۴۰۰) مناظرہ جھوک دایہ : غضنفر علی خان
۱۷ و ۱۸ دسمبر ۱۹۵۵م کو مولانا محمّد اسماعیل (م ۱۹۷۶م) اور مولانا دوست محمّد قریشی (م ۱۹۷۴م) کے درمیان مندرجہ ذیل موضوعات پر جھوک دایہ ضلع جھنگ میں مناظرہ ہوا : اثبات خلافت حضرات ثلاثہ ، خلافت بلا فصل علی علیہ السلام ، ایمان بالقرآن اور مسئلہ فدک ، یہ کتاب اسی روئیداد پر مشتمل ہے ،
۴۰ ص ، ایک روپیہ ، راست گفتار پریس لائلپور.

(۲۴۰۱) منبع الانصاف : سید زمان علی شاہ
۲۱ ص ، ۱۸۸۸ م ، مطبع مفید عام لاہور .
آغاز : بسملہ و خطبہ اما بعد سید زمان شاہ ابن سید شیر شاہ ساکن ٹھاکرہ موہڑہ ضلع راولپنڈی تھانہ جاتلی کہتا ہے کہ علمائے اہلسنت و جماعت بسبب تعصب مذہب کے عوام الناس کو یہی سناتے ہیں کہ مذہب شیعہ مخالف آیات و حدیث ہے ....

(۲۴۰۲) منظر اتحاد یعنی بھائی واڑہ میں اسلامی بھائی چارہ :
۲۴ دسمبر ۱۹۲۲م کو بھائی واڑہ ضلع فیروز پور میں شیعوں اور سنیوں کے درمیان مسئلہ ایمان خلفائے ثلاثہ پر ایک مناظرہ ہوا شیعوں کیطرف سے مناظرہ مولانا میرزا احمدعلی امرتسری اور اہلسنت کیطرف سے مولانا محمّد مسعود مناظر تھے اتم سنگھ کو منصف مقرر کیا گیا تھا اس کی روئیداد ،
۳۲ ص ، ۲ آنے ، مکتبہ علمیہ لاہور ، الواعظ صفدر پریس .

(۲۴۰۳) موعظہ حسنہ : علامہ سید علی الحائری (م ۱۳۶۰ھ/ ۱۹۴۱م)
شیعیت کی رد میں شائع ہونے والے رسالے « اظہار حقیقت » جس میں مندرجہ ذیل سات مسائل پر گفتگو کی گئی تھی کا ردّ : فدك ، متعہ ، احراق باب فاطمہ ، احراق قرآن، حدیث قرطاس ، مسئلہ سیادت شیخ عبدالقادر جیلانی، خالد بن ولید کو معزول کیا جانا ،
۱۵۲ ص ، بارہ آنے ، کتب خانہ حسینیہ لاہور ، ۱۹۶۶ م ، تعلیمی پریس لاہور .

(۲۴۰۴) میں شیعہ کیوں ہوا ؟ مع مذہب سنیہ پر سو سوال : عبدالکریم مشتاق
۴۸ ص ، ڈہائی روپے ، رحمت اللہ بك ایجنسی کراچی .

(۲۴۰۵) میں شیعہ کیوں ہوا ؟ : مولانا غلام عسکری (م ۱۹۸۳م)
شیخ احمد امین شافعی مصری اپنی تحقیق سے شیعہ ہو گئے تھے ان کی کتاب کا ترجمہ ،
۱۱۲ ص ، تین روپے ، احباب پبلشرز لکھنو ، ۱۹۸۱ م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۲۴۰۶) میزان حق :
سچے اور جھوٹے مذہب کی پہچان ،
بارہ آنے .

(۲۴۰۷) میزان محبّت : سید حیدر رضا
قرن اول کے بعض اُن اشخاص کا تذکرہ جو بغض علی میں مشہور تھے ، علی اور ان کے دشمنوں کی محبت ایک ساتھ جمع نہیں ہو سکتی ،
۹۴ ص ، ایک آنہ ، شیعہ مشن لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۲۴۰۸) میزان المقال در مناظرہ چکوال : سید شبیر حسین ترمذی و مولانا نعمت اللہ
۱۷ اپریل ۱۹۱۸م کو چکوال میں ہونے والے مناظرے کی روئداد ، مندرجہ ذیل شیعہ علماء نے اس مناظرے میں شرکت کی: مولانا سید محمّد باقر چکڑالوی ، مولانا فیض محمّد مکھیالوی ، مولانا سید شرف حسین ، مولانا سید محسن علی سبزواری،مولانا حافظ احمد دین اورمولانا سید احمد شاہ علمائے اهلسنت: مولانا کرم دین (م ۱۹۴۶م) ، مولانا احمد دین ، مولانا محمود گنجوی ، مولانا فضل کریم اور قاضی غلام ربّانی .
۱۵۲ ص ، دس آنے ، ۱۳۳۸ ھ/ ۱۹۱۹م ، جارج سٹیم پریس لاهور .

(۲۴۰۹) میکدہ اسلام : مولانا سید ظفر مہدی
اس بات کا ردّ کہ ایک دفعہ حضرت علی نے شراب پی کر نماز پڑھائی ،
۸۰ ص، تین آنے ، شیعہ مشن لکھنو ،۱۹۳۴م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

* لاکونَ مع الصادقین (عربی) : محمّد تیجانی سماوی .

(۲۴۱۰) میں سچوں کے ساتھ ہو جاؤں : مولانا روشن علی نجفی
۳۹۱ ص ، انصاریان قم ، محرم ۱۴۱۲ھ .

* تشئید المطاعن (فارسی) : مولانا سید محمّد قلی خان (م ۱۲۶۰ ھ)

(۲۴۱۱) النار الخاطمه لقاصد احراق بیت فاطمه : سید مقرب علی ابن سید شبرعلی نقوی (م ۱۳۴۵ ھ)
تشئید المطاعن کے باب « قصد احراق بیت اهلبیت علیهم السلام » کا ترجمہ، تشئید المطاعن یعنی ردّ تحفه اثنا عشریه ،
۲۰۴ ص ، ۱۲۸۱ ھ ، مطبع مجمع البحرین لدھیانه .
آغاز : بسمله و خطبه اما بعد خدمت برادران ایمانی میں عاصی سراپا معاصی مقرب علی ابن المرحوم السید شبر علی نقوی الحسینی ملتمس ہے کہ بعد اتمام جلد اول کتاب « نفحات الریاحین فی احوال سیدنا خاتم النبین ....

(۲۴۱۲) النار الموقدہ : شیخ ذاکر حسین
حضرت عمر نے بیت جناب فاطمه کے جلانے کا قصد کیا ،

۴۲ ص ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۲۴۱۳) ناصر الایمان : حکیم محمّد امجد علی خان
دو باب : حدیث ثقلین اور اھلسنت ، تصانیف حنفیه ،
۵۷۶ ص ، ۱۳۱۰ ھ، مطبع منشی گنگا پرشاد ورما .
آغاز : بسملہ و خطبہ اسکے بعد یہ ایک رسالہ ہے جسکا نام ناصر الایمان ہے اور اس میں مذھب اھلسنت کا مختصر بیان ہے اسکے کل مطالب ان حضرات کی معتبر کتابوں سے انتخاب ہیں .

(۲۴۱۴) ناموس الحق : مولانا عبدالحسن سرحدی
عنوانات : رسالت پناہ ابوطالب کی پناہ میں ، نوح سفینہ محبّت ، فدك، ذکر حسین ،
۱۸۲ ص،آٹھ روپے ،مبلغ اعظم اکیڈمی سرگودھا روڈ فیصل آباد ،ماس پرنٹرز.

(۲۴۱۵) نجم الهدی : مولانا سیّد نجم الدین
مولانا جوھر علی (سنّی) کی کتاب « اسرار الهدی» کا ردّ ،
ڈھائی روپے ، مطبع اثنا عشری دھلی .

(۲۴۱۶) نذرانہ عقیدت : خواجہ غلام محمّد اصفھانی
شیعیت کی ردّ میں چھپنے والے مضامین کا ردّ ،
۳۱ ص ، مفت ، ۱۹۶۹م ، انصاف پرنٹنگ پریس لاھور .

(۲۴۱۷) نصر المومنین :
اس سوال کا جواب کہ « بزعم شیعہ خلافت حضرت عمر کی ناجائز اور مغضوب تھی تو جھاد بھی اُنکا ناجائز ہوگا اور غنیمت بھی غیر مباح ہوئی پس بلا عقد تصرف امام حسین علیہ السلام حضرت شھربانو پر کیونکر صحیح ہوا ،
۱۶ص، ایک آنہ ، ۱۳۰۵ ھ ، مطبع یوسفی دھلی .

(۲۴۱۸) نصیحت المنحرفین عن ولاء امیر المومنین علیہ السلام : مولانا حکیم سیّد احمد شاہ ،مولانا کرم دین آف بھیں(م ۱۹۴۶م) کی کتاب « آفتاب ھدایت» کا ردّ ،
۹۸ ص ، حسن سٹیم پریس لاھور، عنوانات : ابن خلکان کی عزّت کا باعث بغض علی مرتضی ہے ، بقول بخاری صحابہ کافر بھی تھے اور مومن بھی، قرآن منافقین کو کاذب قرار دیتا ہے ، تحریف قرآن پر روایت بخاری ، امام ابو حنیفہ کے ہاں فارسی میں نماز جائز ہے .

(۲۴۱۹) نعمت عجائب : نور حسین زہری
۱۳۵۹ ھ ، سید نگر ضلع گوجرانوالہ .

(۲۴۲۰) نفاق الثلاثہ : مولانا محمّد باقر بن فتح محمّد (م ۱۳۵۵ ھ) (مطلع).

(۲۴۲۱) نفحات جعفری : غلام حیدر
اُن چند مناظروں کا تذکرہ جو سنی و شیعہ کے درمیان ہوئے ،
۸۰ ص، ۱۹۲۰م، نولکشور لکھنو .

(۲۴۲۲) نماز شیعہ خیر البریّہ : مولانا نذیر احمد عباس
ڈیرھ روپیہ ، ۱۹۷۰م .

(۲۴۲۳) نور العجائب : نور حسین زہری سید نگری
شیعوں کی ردّ میں لکھی جانے والی ایک پنجابی نظم کا جواب ،
مفت،۱۳۵۹ ھ سید نگر.

(۲۴۲۴) نور العین : مولانا سید محمد بن حسین نقوی امروہی
خداوند عالم کو ان ظاہری آنکھوں کے ساتھ نہیں دیکھا جا سکتا (ذریعہ:۲۴).

(۲۴۲۵) نور العین فی ابطال کحل الغین :ڈاکٹر نور حسین صابر سیالوی (م ۱۹۴۵م)
عنوانات : فدک ، آیت استخلاف و اجماع صحابہ ، فضائل و مناقب جناب امیر،
۸۸ ص ، چار آنے ،۱۳۳۱ ھ/ ۱۹۱۳م ، رہنمائے تعلیم پرنٹنگ پریس لاہور.

(۲۴۲۶) نور و نار : مولانا سید کرار حسین
مصنف اور مولانا سید محمّد جواد (سنّی) کے درمیان ہونے والی متنازعہ مسائل پر خط و کتابت ،
۱۵۸ ص ، احباب پبلشرز لکھنو،۱۹۶۷م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۲۴۲۷) واقعات مناظرہ قصبہ ساڈھورہ :
محرم الحرام ۱۳۱۴ ھ کو مولانا سید بہادر علی شاہ آف جلالپور جٹاں اور علمائے اہلسنت کے درمیان ہونے والے مناظرے کی روئیداد ،
۶۶ ص ، مطبع سرمور ناھن ساڈھورہ .

(۲۴۲۸) واقعات مناظرہ ملتان / دبدبہ سکندری : میرزا سکندر بیگ
مئی ۱۹۱۳م کو ملتان میں سید سجاد حسین اور علمائے اہلسنت کے درمیان ہونےوالے مناظرے کی روئیداد ،
۳۲ ص .

(۲۴۲۹) وسیلة النجات : شیخ عبدالعزیز جعفری بھیروی

عنوانات : اسلام میں عقل اور علم کا رشتہ ، مسلمانوں کی عملی حالت ، خدائی پیشوا کون ہیں ؟ خدائی پیشواؤں کی کیفیت ، خدائی پیشوا اور ختم نبوت ،

۶۴ ص، چار آنے ، کتب خانہ اثنا عشری لاہور ، مفید عام پریس لاہور .

(۲۴۳۰) وکیل آل محمدؐ - حاضر جوابی کے آئینے میں ، جلد اول : مولانا احمد علی حیدری

مبلغ اعظم مولانا محمدؐ اسماعیل (م ۱۹۷۶م) سے وقتاً فوقتاً جو سوالات پوچھے گئے ہیں اُن جوابات کو اکٹھا کیا گیا ہے ،

۱۶۰ ص ، پندرہ روپے ، مکتبہ وکیل آل محمدؐ رتہ متہ جھنگ .

(۲۴۳۱) الولی نعم الوصی بجواب الصدیق نعم الرفیق : ڈاکٹر نور حسین صابر سبالوی (م ۱۹۴۵م)

« الصدیق نعم الرفیق » از مولانا ولی محمدؐ بھٹی جھنگوی کا ردّ ،

۷۲ ص ، چار آنے ، ۱۳۳۲ ھ/۱۹۱۴م ، جارج سٹیم پریس لاہور .

(۲۴۳۲) ہابیل قابیل : مولانا سید کرار حسین

ڈاکٹر غلام جیلانی برق کی کتاب «بھائی بھائی» کا ردّ ،

۳۲۰ ص ، فروری ۱۹۶۷م ، نیشنل آرٹ پرنٹرز الہ آباد.

(۲۴۳۳) ہاتھی کے دانت - کھانے کے اور دکھانے کے اور : عبدالکریم مشتاق

حافظ مہر محمدؐ میانوالوی کی کتاب «ہم سنّی کیوں ہیں؟ » کا ردّ ،

۲۴۸ ص، ۲۰ روپے ، حسن علی بکڈپو کھارادر کراچی ،۱۴۰۶ھ / ۱۹۸۶م.

کاتب : سید محمدؐ یوسف رضوی .

(۲۴۳۴) الہادی : مولانا سید سجاد حسین بارہوی

تین دوست مسٹر جوزف ، سید محمدؐ زکی اور شیخ عبدالوہاب کلکتہ کالج میں پڑھتے تھے فراغت تعلیم کے بعد اعلی ملازمت میں چلے گئے . مسٹر جوزف تحقیق سے مسلمان (سنّی) ہوگئے بعد ازاں وہ تحقیق سے شیعہ ہوگئے اس کی روئیداد ،

۱۹۲ ص، آٹھ آنے ، ۱۳۲۸ ھ/ ۱۹۱۰م، مقبول پریس دھلی.

(۲۴۳۵) الھاویہ للمعاویہ جلد اول : مولانا محمدؐ علی امجد خان

مولانا محمدؐ علی امجد خان اور مولانا عبدالنور حنفی کے درمیان لعن معاویہ پر تحریری مناظرہ ہوا (مناظرہ امجدیہ) ، مولانا محمدؐ عاصم(سنّی)نے اس کا ردّ

لکھا اس کا جواب ،
۱۱۲ ص ، ۱۳۲۱ ھ ، مطبع اصلاح کھجوا .
آغاز :بسملہ اما بعد یہ جواب ہے منجانب بندہ محمّد علی امجد خان بقلم احقر بندگان محمّد الیاس علی خان عفی عنہ بر طبق اعتقاد مذہب شیعہ اثنا عشریہ جو بجواب اس تحریر کے لکھاگیا جو مولوی علی اظہر و محمّد عاصم صاحبان.

(۲۴۳۶) الهاویہ للمعاویہ ، جلد دوم : مولانا سید علی اظہر (م ۱۳۵۲ ھ)
۳۲۹ ص ، دو روپے ، ۱۳۲۷ ھ ، مطبع اصلاح کھجوا .

* نزهت اثنا عشریہ (فارسی) : میرزا محمّد کامل (م ۱۲۳۵ ھ).

(۲۴۳۷) ہدیہ اثنا عشریہ ، جلد نہم : مولانا سیّد شریف حسین بریلوی (م ۱۳۶۱ ھ)
نزهت اثنا عشریہ ردّ تحفہ اثنا عشریہ ،
۵۱۲ ص ، تین روپے ، علیمی پریس دهلی.

(۲۴۳۸) ہدیہ حسینیہ :
« تحفہ اثنا عشریہ کا ردّ ، آٹھ آنے .

(۲۴۳۹) ہدیہ اہل اسلام : نواب احمد علی خان
پانچ فصلیں :طعن و تبراً ، احادیث دربارہ ائمہ از کتب اہلسنت ، اصحاب ثلاثہ،
۸۹ ص ، ۱۳۰۸ ھ ، مطبع بستان مرتضوی لکھنو.

(۲۴۴۰) ہدیہ طیب المعروف بہ مہر سکوت : سید لقا علی نقوی اثر امروہی
مولانا قاری محمّد طیب سابق مہتمم دارالعلوم دیو بند نے محمود احمد عباسی (م ۱۹۷۴م) کی کتاب « خلافت معاویہ و یزید » کی ردّ میں ایک کتاب بنام « شہید کربلا اور یزید» لکھی جس کے آخیر میں کہا کہ عباسی صاحب نے حضرت امام حسینؑ کے بارے میں اس سے بہت کم لکھا ہے جو شیعہ حضرات ، صحابہ کرام کے بارے میں کہتے ہیں اثر صاحب نے اس بارے میں قاری صاحب سے خط و کتابت کی اور جملہ خط و کتابت کو شائع کر دیا ،
۸۴ ص ، امروهہ .

(۲۴۴۱) هفوات المسلمین فی تفضیح سید المرسلین : میرزا سلطان احمد خاور گورگانی
کتب اہلسنت خصوصا صحیح بخاری سے اُن روایات کو اکٹھا کیا گیا ہے جن سے حضور صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم اور دین اسلام کی توہین ہوتی ہے ، تین باب ،
۱۴۴ ص، ڈیرہ روپیہ ۱۳۴۲ھ/۱۹۲۳م،مطبع محمڈن پرنٹنگ ورکس دهلی.

(۲۴۴۲) ہم نے حق کو نہ چھوڑا بجواب یہ اُمت خرافات میں کھو گئی: رضی جعفر نقوی
ماھنامہ «فاران» کراچی کے اگست ۱۹۶۶م کے شمارے میں مولانا ماھر القادری کے ایک مضمون «یہ اُمت خرافات میں کھو گئی» جس میں علم غیب، مشکل کشائی اور امام ضامن کا ذکر تھا کا ردّ،
۳۲ ص، ۲۵ پیسے، ۱۳۸۶ھ، کراچی۔

(۲۴۴۳) یقین محکم: مولانا شیخ محمّد علی پٹیالوی
مولانا اپنی تحقیق سے شیعہ ہوگئے تھے مندرجہ ذیل عنوانات کے تحت اپنی تحقیق پیش کی گئی ہے: ثبوت ماتم، تقیہ، متعہ، پاؤں کا مسح، سجدہ گاہ، ارسال الیدین، تراویح، عقد ام کلثوم، بنات الرسول، حدیث قرطاس، فدك، خلافت علی منصوص ہے، قاتلان حسین کا مذھب، ایمان ابو طالب،
۲۷۲ ص، ۱۹۷۰م، افتخار بکڈپو لاھور، پاکستان ٹائمز پریس لاھور، کاتب: خوشی محمّد۔

(۲۴۴۴) یمنی ستارہ: مولانا شیخ محمّد یار
اھلسنت کے ایک رسالے «کشف الغطا عماتفوہ بہ بعض ابناء المتعہ» از مولانا سید غلام حسن شاہ پرھاروی کا ردّ، عنوانات: نماز اور ارسال لیدین، متعہ، تقیہ، تعزیہ و مجالس، بنات الرسول، عقد ام کلثوم، جنگ احد اور حضرت عمر، حدیث حوض، حدیث قرطاس، فدك،
۱۹۴ ص، دس آنے، حیدری پریس لاھور۔

(۲۴۴۵) ؟ : مولانا سید محمّد ھارون (م ۱۳۳۹ ھ)
درج ذیل چھ سوالات کے جوابات: ایمان ابو طالب از کتب اھلسنت، سابق الایمان کون تھا، تقیہ، وغیرہ،
۴۶ ص، امامیہ کتب خانہ لاھور۔

(۲۴۴۶) عیسائی محقق - مذھب کی تلاش میں: مولانا ذیشان حیدر یزدانی
یوحنا نامی ایک شخص اپنی تحقیق سے مسلمان ہوا مسلمانوں میں جب اس نے مختلف فرقے دیکھے تو خیال ہوا کہ اس کی تحقیق کی جائے کہ حق پر کون ہے انجام کار وہ شیعہ ہوگیا،
۸۰ ص، کاتب: سید عابد حسین شاہ آف راولپنڈی۔

(۲۴۴۷) ازالہ اوہام اعنی تحقیق سب و تبرا : حاجی نور حسین صابر (م ۱۹۴۵م)
۸ ص.

(۲۴۴۸) اظہار حقیقت : مولانا سید شاکر حسین نقوی امروہی (م ۱۹۴۸م)
حافظ یوسف علی خان عزیز سلیمانی نے اپنی کتاب « مثنوی صداقت » میں لکھا ہے کہ پنجتن پاک سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور خلفائے اربعہ ہیں اس کاردّ ،
۲۰ ص ، ادارہ ادبستان درگاہ روڈ جے پور تالہ ، جمال پریس دہلی .

(۲۴۴۹) روداد مقدمہ جونپور :
علمائے اہلسنت نے جونپور کی عدالت میں مولانا سید مقبول احمد کے خلاف ایک مقدمہ قائم کیا تھا مولانا مرحوم کے بری ہونے پر اس مقدمہ کی روداد ، آٹھ آنے .

(۲۴۵۰) شیعہ اور سنی علمائے اسلام اور قائدین کا موقف:مولانا شیخ محسن علی نجفی
استعمار کی طرف سے چھوڑے جانے والے اس نظریہ کا ردّ کہ شیعہ کافر ہیں ، ڈاکٹر اسلام محمود مصری کے شائع شدہ عربی مضمون جو «المختار الاسلامی» کے نومبر ۱۹۸۶ م کے شمارے میں چھپا ، کا ترجمہ ،
۶۴ ص ، پانچ روپے ، تحریک نفاذ فقہ جعفریہ پاکستان پشاور ، ۱۴۰۷ھ/ ۱۹۸۷م .

(۲۴۵۱) عاشور محرم : مولانا سید آغا مہدی (م ۱۴۰۶ ھ)
مولانا عبدالشکور لکھنوی کے رسالے « النجم » کے کربلا نمبر ۱۳۵۶ ھ میں ایک مضمون شائع ہوا تھا کہ روز عاشورہ روز غم نہیں بلکہ خوشی کا دن ہے کا ردّ ،
۳۲ ص ، دو پیسے ، ۱۳۵۶ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۲۴۵۲) گلدستہ احقاق/ مجموعہ تجاویز : علی میرزا رجعت
مدح صحابہ کی رد میں اہلسنت کے خطوط ،
۱۵۰ ص ، الواعظ صفدر پریس لکھنو .

(۲۴۵۳) فیصلہ مدح صحابہ و تبرا مارچ ۱۹۳۸م :
لکھنو میں ہونے والے تبرا ایجی ٹیشن و مدح صحابہ کا گورنمنٹ کی طرف سے فیصلہ جو شیعوں کے حق میں ہوا ،
۴۰ ص ، دو آنے ، مطبع اصلاح کھجوا.

(۲۴۵۴) رسالہ فیصلہ تبرا :
جونپور کے مشہور مقدمہ تبرا کا فیصلہ جو ٹھاکر پرشاد دوبے نے شیعوں کے حق میں دیا ،
۴۸ ص ، ۱۹۳۸م ، مطبع اصلاح کھجوا.

(۲۴۵۵) مختصر وا فی الهدایه ما حی الضلالة : شیخ امداد
مصنف « منتهی الکلام » مولانا حیدر علی کا مولانا سید رجب علی سے مناظرہ سے فرار ،
۷۲ ص ، مطبع الهدایه نور مشرقی ، رجب ۱۲۷۲ ھ.
آغاز : بسمله اما بعد حال انکار و فرار مولانا شیخ حیدر علی صاحب منتهی الکلام از مباهله بمقابله جناب مولوی سید رجب علی خان بهادر ذریت خاص جناب حیدر کرار غیر فرار نفس حضرت خیر الانام ......

(۲۴۵۶) ذریعة الفلاح در اصلاح دائرة الاصلاح : مولانا نعمت اللّه خان اختر امرتسری
۳۲ ص ، چار آنے ، کتب خانه اثنا عشری لاهور ، ۱۳۴۲ھ/ ۱۹۲۴م ، هندوستانی پریس لاهور .
آغاز : بسمله و خطبه اما بعد مسلمانان پنجاب سے به امر مخفی که عرصه تین چار سال سے لاهور دارالخلافه پنجاب میں شیعه اور سنی انجمنوں کے درمیان رساله بازی کا سلسله جاری ہے .

* ثمّ اهتدیتُ (عربی) : ڈاکٹر محمّد تیجانی سماوی.

(۲۴۵۷) تجلّی :
۲۶۰ ص ، مجمع علمی اسلامی پاکستان .

(۲۴۵۸) ذکاء الافهام بجواب جلاء الافهام / سو سنار کی ایک لوهار کی : عبدالکریم مشتاق ، مولانا دوست محمّد قریشی دیوبندی (م ۱۹۷۴م) کی کتاب «جلاء الافهام » کاردّ جس میں شیعوں پر سو سوالات کئے گئے تھے ،
۱۰۶ ص ، سات روپے ، رحمت اللّه بك ایجنسی ، کراچی ، فضـلی سنز پریس کراچی .

* الشیعه و نقض الاتهام (عربی) : علامه محمّد جوّاد شرّی لبنانی .

(۲۴۵۹) شیعیت پر ناروا تهمتیں : سید حیدر عباس رضوی
نو فصلیں : کیا شیعه مسلمان قرآن مجید میں نقص و تحریف کے قائل ہیں ، کیا شیعه اس امر کے قائل ہیں که وحی غلطی سے محمّد مصطفی پر نازل ہوگئی

مقصود الٰہی تو علی تھے ، کیا امام کا اختیار کل کائنات پر ہے ، کیا شیعوں نے اپنے عقائد و مسلمات یہودیوں سے حاصل کئے ، کیا بصرہ کوفہ اور مصر میں عثمان کے خلاف تحریک شروع کرنے والا ابن سبا تھا ، کیا شیعوں کے علاوہ دوسرے مسلمانوں نے اپنے عقائد و مسلمات یہودیوں سے لئے ہیں ، موجودہ صدی میں مسلمانوں کے یہودیوں سے تعلقات - اسلامی جمہوریہ ایران کا موقف - ممالک عربیہ کا موقف ، کیا شیعہ اصحاب پیغمبر کے متعلق منفی خیالات رکھتے ہیں ، اتحاد بین المسلمین اور مذہب اہلبیت طاہرین ،
۱۳۴ ص، پندرہ روپے ، ایران ، رمضان ۱۴۱۰ ھ.

* فاسئلوا اهل الذکر (عربی) : ڈاکٹر محمّد تیجانی سماوی .

(۲۴۶۰) اہل ذکر : نثار احمد زین پوری
۵۴۵ ص ، انصاریان قم ، ۱۳۷۱ شمسی .

(۲۴۶۱) جواب لاجواب جلد اول : مولانا سیّد غلام عباس نقوی میانوالوی
حافظ مہر محمّد میانوالوی دیوبندی کی کتاب « شیعہ حضرات پر سو سوالات » کا ردّ ، ۵۱ سوالات کے جوابات ،
۲۹۷ ص ، بھکّر .

(۲۴۶۲) ڈاکٹر موسوی اور ان کی کتاب « اصلاح شیعہ » پر ڈاکٹر محمّد تیجانی سماوی کا تاریخی پیغام : ڈاکٹر تیجانی
۱۶ ص ، رحمت اللہ بك ایجنسی کراچی.

(۲۴۶۳) شیعیان علی اور انکی شان : مولانا غلام حسین نجفی
قرآن و سنت سے شیعیان علی کی فضیلت ،
۷۳ ص ، لاہور.

* الشیعه هم اهل السنته (عربی) : ڈاکٹر محمّد تیجانی سماوی.

(۲۴۶۴) شیعہ اہلسنت ہیں : نثار احمد زین پوری
۴۳۴ ص ، انصاریان قم ، ۱۹۹۴م ، کاتب : سیّد فراز حیدر نقوی .

(۲۴۶۵) کون کافر - ؟ کون مسلمان - : سبطین جعفری
ڈاکٹر اسرار احمد کے اس قول پر « امیر یزید حق پر تھا اور بے قصور تھا » پر تبصرہ ،
۳۰۷ ص ، ادارہ المصلح پاکستان ، ۱۹۹۵م .

(۲۴۶۶) میزان محبّت : سیّد حیدر رضا
اہلسنت نے ہر اس شخص سے محبت روا رکھی جس نے مخالفت اہلبیت علیہ السلام میں حصہ لیا،
۹۴ ص، دو آنے، شیعہ مشن لکھنو، سرفراز قومی پریس لکھنو، کاتب : سید رضا حسین جونپوری۔

* النص و الاجتهاد (عربی) : سیّد شرف الدین موسوی عاملی

(۲۴۶۷) نص و اجتہاد : مولانا سیّد ذیشان حیدر جوادی
سنت رسول صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم میں حضرات خلفائے ثلاثہ،حضرت عائشہ، حضرت خالد بن ولید، امیر معاویہ اور علمائے اہلسنت کی تبدیلیاں،
۲۶۰ص۔

(۲۴۶۸) اظہار حقیقت : راجہ محسن علی
ایبٹ آباد سے شائع ہونے والے «بم کا شرعی گولہ بر سبائی ٹولہ» کا ردّ،
۴۷ ص، ساڑھے تین روپے، حسینی رابطہ کونسل ہزارہ ڈویژن۔

* ثُمّ اهتديتُ (عربی) : ڈاکٹر محمّد تیجانی سماوی۔

(۲۴۶۹) پھر میں ہدایت پا گیا : مولانا روشن علی نجفی
۲۵۶ ص، انصاریان قم، ۱۴۱۱ ھ، کاتب : جعفر سلطانی ہندی۔

(۲۴۷۰) تاریخ نواصب حصہ اول : مولانا عبدالقیوم علوی
کتاب کا پورا نام « السیوف القواضب علی اعناق النواصب » ہے مولانا نے یہ کتاب اسوقت لکھی جب آپ دیو بندی مکتب فکر کے تھے،
۲۷۲ ص، ۱۵۰روپے، پنڈ سنگریال گولڑہ شریف،۱۹۸۴م، کاتب : مصنّف۔

(۲۴۷۱) جوازالصلواۃ و التسلیم علی ذریۃ النبی الکریم و ارشاد الاوغام الی معنی الامام: مولانا عبدالقیوم علوی وغیرہ
اولاد رسول صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم پر صلاۃ و سلام استعمال کیا جاسکتا ہے،
۶۴ ص، دس روپے،مجلس تحفظ ناموس اہلبیت کامرہ ضلع اٹک، دسمبر۱۹۸۵م۔

(۲۴۷۲) اتحاد بین المسلمین کے خلاف خطرناک سازش : علامہ علی حسنین شیفتہ (م ۱۹۹۱م)
جناب ڈاکٹر ایم محی الدین قاضی کے کتابچے « اسلام کے خلاف خفیہ صیہونی سازش » کا ردّ،
۵۶ ص،مجلس علوم آل عبا سرگودھا،مئی۱۹۸۶م، پانچ روپے،الغدیر پریس سرگودھا۔

(۲۴۷۳) رهنمائے جنت از نجات دوزخ : شیخ محمّد حافظ نجفی
۱۴۴ ص ، ۱۴۱۲ ھ ، ۲۰ روپے ، کامونکی .

(۲۴۷۴) اهلبیت رسول پر صلاۃ و سلام کی شرعی حیثیت :مولانا ملك آفتاب حسین قمی
اهلبیت رسول پر صلاۃ و سلام جائز ہے ،
۴۰ ص ، مرکز مطالعات اسلامی راولپنڈی ، دسمبر ۱۹۹۵م .

(۲۴۷۵) گلستان معرفت (حصه اول) : شیخ محمّد حافظ نجفی
علمائے اهلسنت و اهل حدیث اور جماعت احمدیه سے چند مناظرے ،
۶۸ ص،۱۹۸۸م .

* کونوامع الصادقین (عربی) :ڈاکٹر محمّد تیجانی سماوی.

(۲۴۷۶) ہو جاؤ سچوں کے ساتھ : نثار احمد خان زین پوری
۳۹۵ ص ، ۴۰ روپے ، انصاریان قم ، ۱۴۱۲ ھ/ ۱۹۹۱م ، کاتب : سیّد جعفر صادق .

(۲۴۷۷) بنو امیه اور معاویه - بینڈ باجے سے خلافت تك : مولانا غلام حسین نجفی
اس کتاب میں ثابت کیا گیا ہے که امیر معاویه نے اپنے دور حکومت میں سب وشتم بر اهلبیت علیهم السلام اور غیر اسلامی طور طریقوں کو عام کیا .
عنوانات: بنی امیه کا خاندان نبوّت پر لعنت کرنا اور اس برائی کی اتبدا معاویه نے کی ، حضرت علی کا دشمن ولد الزنا ہے ، معاویه کے دربارمیں اولیاء اللّٰه پر تبرا ، معاویه کی صفائی میں اسکے وکلاء کے چند عذر - پهلا عذر که وه صحابی تها ، نواں عذر که ابن عباس کی گواهی که معاویه فقیه تها اور اس کا ٹهوس جواب .
۳۲۰ ص ، لاهور .

(۲۴۷۸) ید اللهی تپانچه یعنی ضُربَ عباسی کا دندان شکن جواب : سید فیاض حسین نقوی امروهی،محمود احمد عباسی (م ۱۹۷۴م) نے ایك کتاب بعنوان « تاریخ امروهه » لکهی جس کے متعلق شبیر احمد خان امروهی نے کها :
بهلی تاریخ امروهه کی لکهی که دشمن ہو گیا سارا زمانه
اس کتاب میں اهل امروهه کے تمام خاندانوں کے هجو کے ساتھ ساتھ واقعات کربلا کا ردّ ،
۱۴۳ ص ، چندر گپت پریس چادڑی بازار دهلی .
آغاز : محمود احمد کون ہیں اور اُنکی پوزیشن امروهه میں کیاً ہے همارے

اس رسالے کا ایک دلچسپ مقدمہ ہے .....

(۲۴۷۹) اصحابی کالنجوم : سیّد بشیر حسین بخاری
مندرجہ بالا حدیث پر نقد و جرح ،
۸۰ ص، مرکز تحقیقات اسلامیہ جناح سٹریٹ سرگودھا ، بارہ روپے ،۱۹۸۷م ، الباسط پریس سرگودھا ، کاتب : افضل شیرازی .

(۲۴۸۰) خاک پر سجدہ : سید سعید حیدر زیدی
سید رضا حسینی نسب کی کتاب کا ترجمہ ،
۸۵ ص ، دارالثقافۃ الاسلامیہ کراچی ، ۱۴۱۲ ھ/ ۱۹۹۲م ، کاتب : سیّد جعفر صادق .

(۲۴۸۱) فرقہ واریت اور اس کا سدّ باب : سید علی غضنفر کراروی
۳۷۶ ص ، مجلس عمل علماء شیعہ پاکستان ، ۱۹۹۳م .

بنات الرسول صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم

(۲۴۸۲) البتول فی وحدت بنت رسول : مولانا میرزا یوسف حسین (م ۱۹۸۸م)
۱۲۸ ص ، تین روپے ، اسلامیہ مشن پاکستان .

(۲۴۸۳) بنات الرسول - روایات کے آئینے میں :مولانا سید محمّد ابراھیم
رسالہ « شہادت عثمان کیوں اور کیسے ؟ » اور« تاجدار دو عالم کی شہزادیاں» کا ردّ،
۴۸ ص، ایک روپیہ ،مکتبہ اصلاح کراچی،۱۹۷۴م، شیخ شوکت علی پرنٹرز ، کاتب : سید مهدی رضوی .

(۲۴۸۴) قول مقبول فی اثبات وحدۃ بنت رسول : مولانا غلام حسین نجفی
درج ذیل کتابوں میں حضور صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم کی چار صاحبزادیوں کا تذکرہ کیا گیا ہے . اس تذکرہ کا ردّ :
۱- مولانا احتشام الدین مراد آبادی نصیحۃ الشیعہ .
۲- مولانا محمّد نافع رحماء بینھم (جلد سوم) .
۳- مولانا اللّٰہ یار چکڑالوی (م ۱۹۸۵م) بنات رسول ، الدین الخالص .
۴- مولانا عبدالعزیز ملتانی البرهان المعقول فی تربیع بنات رسول.
۵- مولانا محمّد صدیق اهلحدیث (م ۱۹۹۰م) کشف الاسرار .
۶- مولانا رشید احمد گنگوھی (م ۱۹۰۵م) ھدایۃ الشیعہ .
۷- مولانا مہر محمّد میانوالوی شیعہ حضرات سے ایک سو سوالات .
۸- مولانا محمّد قاسم نانوتوی ، ھدایۃ الشیعہ .
۹- مولانا کرم دین آف بھیں (م ۱۹۴۶م) آفتاب ھدایت.
۱۰- مولانا عبدالستار تونسوی مناظرہ جھوک وڑھیل.
۱۱- مولانا فیض احمد اویسی ، القول المقبول.
۱۲- مولانا غلام رسول نارو والوی ، حضور کی صاحبزادیاں - چار .
۵۶۰ ص ، جامع المنتظر لاهور ، ۱۹۸۲م.

قاتلان امام حسین علیہ السلام کا مذہب

(۲۴۸۵) اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے بجواب قاتلان حسین کون تھے ؟! منور عباس نجفی
« قاتلان حسین کون تھے ؟ » از ابو طارق منیر احمد اختر مہتمم مدرسہ محمود
العلوم جلالپور کھاکھی تحصیل شجاع آباد ضلع ملتان کا ردّ ،
۴۸ ص، تین روپے مکتبہ قمر بنی ہاشم موضع لئو ضلع جھنگ، جون۱۹۸۳م .

(۲۴۸۶) اهل کوفه اور تشیع : سید محمّد عباس زیدی جلالوی
۳۲ ص ، ۲۵ پیسے ، امامیه مشن لاهور، جنوری ۱۹۶۱م ، تعلیمی پریس
لاهور .

(۲۴۸۷) قاتلان حسین کا مذہب : علامه سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
۱۲۸ ص ، ۸ آنے ، امامیه مشن پاکستان لاهور ، انشاء پریس لاهور .

(۲۴۸۸) قاتلان حسین کی گرفتاری : مولانا سید محمّد رضی زنگی پوری (م ۱۳۷۰ھ)
مفتی محمّد خلیل سابق مفتی ریاست مالیر کوٹله پٹیاله کی کتاب « مظلومان
کربلا کی کہانی - خود ان کی زبانی » ، کا ردّ
۲۰۲ ص ، پندره آنے .

مسئله تقیّہ

(۲۴۸۹) التدقیق الدقیق:مولانا سید علی محمّد بن سید محمّد بن غفرانمآب (ذریعہ:۴).

(۲۴۹۰) تصحیح العقائد : مولانا سید حمزہ علی امروہی

۴۸ ص ، ریاض پریس امروھہ .

(۲۴۹۱) تقیہ : شہزادہ سلطان علی درانی

۲۲ ص ، دو آنے ، جعفریہ ایسوسی ایشن لاھور .

(۲۴۹۲) تقیہ : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)

کتاب و سنت اور آثار صحابہ سے تقیّہ کا جواز ،

۳۲ ص ، چار آنے ، امامیہ مشن پاکستان لاھور ، ۱۹۵۸م ، خورشید عالم پریس لاھور .

(۲۴۹۳) تقیہ : محمّد اصغر رضوی

مولانا عبدالشکور لکھنوی کے اس دعوی کا ردّ کہ تقیّہ کا مطلب« جھوٹ» بولنا ہے .

۴۷ ص ، ڈیرھ آنہ ، شیعہ مشن لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۲۴۹۴) جام جہاں نما : مولانا سید سجاد حسین

مولانا عبدالحکیم (سنی) کے رسالے « تقیہ کی کرامات » کا ردّ،

۱۶۰ ص ،۱۳۳۳ ھ، مقبول پریس دھلی .

* تقیّہ (فارسی) : علامہ میر حامد حسین لکھنوی (م ۱۳۰۶ ھ).

(۲۴۹۵) رسالہ تقیہ : مولانا سید محمّد باقر (م ۱۹۸۴م /۱۴۰۵ھ)

جواز تقیہ میں پانچ آیات قرآنی اور اھلسنت کی کتب سے ۴۵ دلائل ،

۱۳۶ص ، نو آنے ، دائرہ تحقیق کھجوا .

آغاز: بسملہ و خطبہ حمد و نعت کے بعد ناظرین کتاب پر واضح ہو کہ بعض علمای اھلسنت نے بحث تقیہ و افعال عباد و مسئلہ امامت کے بارے میں کچھ سوالات جناب افضل العلماء...مولانا سید محمد کے پاس بھیجے تھے وہ ہماری نظر سے بھی گزرے ھم کو مناسب معلوم ہوا کہ ھمارے علمای اعلام کی کتابوں اور تحقیقی ذخیروں میں ان اعتراضات کے محققانہ اور تشفی بخش جوابات

کے جو خزانے بھرے ہوئے ہیں ان کو مختصر کر کے بطور خلاصہ یہاں درج کردیں ...

(۲۴۹۶) رسالہ دافع وھم : مولانا سید سجاد حسین
مولانا عبدالحکیم (سنی - بنگالی) کے رسالے « تقیہ کی کرامات »(ضخامت ۱۶ ص) کا ردّ ،
۱۰۸ ص ، امامیہ کتب خانہ لاھور.
آغاز:بسملہ اما بعد اما بعد حقیر پر تقصیر سجاد حسین ابن سید محمّد حسین مرحوم و مغفور متوطن بھڑہ سادات واقعہ سادات باھرہ ضلع مظفر نگر عرض کرتا ہے کہ مولوی عبدالحکیم صاحب بنگالی مقیم لکھنو نے ایک رسالہ بہ تسمیہ (تقیہ کی کرامات) تحریر فرما کر مطبع فخر المطابع وکٹوریہ گنج لکھنو میں چھپوا کر شائع کیا .

(۲۴۹۷) شواھد جلیّہ بر جواز تقیّہ : مولانا سید محمّد رضی زنگی پوری(م ۱۳۷۰ھ)
مولانا حکیم فیاض حسین اعظم گڑھی کی فرمائش پر لکھا گیا ،
۴۰ ص ، سلیمانی پریس بنارس .

(۲۴۹۸) قول فیصل : مولانا میرزا رضا علی (م ۱۳۳۴ ھ)
اس قول کا رد کہ « تقیہ کرنا جھوٹ بولنے کا دوسرا نام ہے »
۱۵ ص ، ۲۳ اپریل ۱۸۹۵ م ، مطبع اثنا عشری لکھنو .

* تقیّہ (فارسی) : ناصر مکارم شیرازی .

(۲۴۹۹) اسلام کی سپر - تقیّہ : سید مختار حسین جعفری
۱۱۶ ص ، انصاریان قم ، ۱۴۱۲ ھ.

عبداللہ بن سبا

(۲۵۰۰) ابن سبا کا پتہ : سید اظہار حسنین
اہلسنت کے ایک عالم مولانا صالح حسین کے رسالے « ذریت ابن سبا » کا ردّ ،
۸ ص ، مطبع اصلاح کھجوا .
آغاز : بسملہ و خطبہ احقر العباد سید اظہار حسنین عرض کرتا ہے کہ میں نے ایک رسالہ موسوم بہ « وراثۃ انبیاء اور قرآن » لکھا تھا جس میں قرآن کے آیات و قصص سے ثابت کیا گیا جیسے والدین انتخاب استاد اپنی اولاد کے حوالے سے نہیں کرتے خداوند عالم بھی ھادی اور رھنما کو انسانی انتخاب پر نہیں چھوڑتا ....

(۲۵۰۱) احقاق الحق لا بطال الباطل : حافظ سید امیر کاظم (م ۱۳۶۳ھ/۱۹۴۴م)
تذکرہ عبداللہ بن سبا و حقیقت مذھب شیعہ ،
ایک روپیہ ، ریاض فیض پریس نگینہ .

(۲۵۰۲) حقیقت ابن سبا : قاضی سعید الرحمن (م ۱۹۸۹م)
عبداللہ بن سبا نامی شخصیت عہد علی و عثمان میں کوئی نہیں گزری ،
۱۶ ص ، ۳۵ پیسے ، ادارہ علوم الاسلام سانده کلاں لاھور ، مدینہ پرنٹنگ ہاؤس ، لاھور .

(۲۵۰۳) داستان ظلم : سید جعفر حسین
کتاب «فتنہ ابن سبا» جسے حال ہی میں ملتان سے « تاریخ مذھب شیعہ » کے نام سے شائع کیا گیا ہے کارد ، حضرت امام حسین علیہ السلام کے قاتلوں کی بی نشاندھی کی گئی ہے ،
۵۷ ص ، تین آنے ، صادق بك ایجنسی لکھنو ، ستمبر ۱۹۳۵م ، صادق پریس رکاب گنج لکھنو .

* نزھتہ اثنا عشریہ جلد اول : میرزا محمّد کامل (م ۱۲۳۵ھ).

(۲۵۰۴) ردّ تحفہ ترجمہ نزھتہ اثنا عشریہ جلد اول : مولانا سید محمّد حیدر
میرزا محمّد کامل نے شاہ عبدالعزیز دھلوی (م ۱۲۳۹ ھ) کی کتاب « تحفہ اثنا عشریہ » (فارسی) کی رد میں « نزھۃ الشیعہ » فارسی بارہ جلدوں میں

لکھی تھی اس کی پہلی جلد میں عبداللہ بن سبا کا تذکرہ ہے ،
۳۵۲ ص ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۲۵۰۵) عبداللہ بن سبا : مولانا سیّد منظور حسین بخاری (م ۱۹۸۰م)
عبداللہ بن سبا نامی کوئی شخصیت عہد علی و عثمان میں نہیں گزری،
۱۹۶ ص ، مکتبۃ الناصر لاہور ، نقوش پریس لاہور .

(۲۵۰۶) عبداللہ بن سبا - ایک افسانوی کردار : مولانا سید ضیاء الدین رضوی گلگتی
۸۴ ص ، جماران پبلی کیشنز لاہور ، ۱۹۹۳م ، شفاف پرنٹرز لاہور ،
۲۰ روپے .

مسئلہ فدک

(۲۵۰۷) اظہار فی تحقیق میراث السید المختار : حافظ عبدالباسط المعروف سید محمّد عالم عریضی از روئے کتاب اللّٰہ اولاد انبیاء انکی وارث ہوتی ہے ،

۳۸ ص ، ایک آنہ ، ۱۳۲۱ ھ ، مفید عالم سٹیم پریس لاہور ، کوثری نے تاریخ طبع کہی :

رسالہ یہ اظہار میراث ہے — عجب اس میں گفتار میراث ہے
مصنف ہے منصف بہ انصاف ہے — گواہ اس پر بازار میراث ہے
بن آئی ہے کیا ابر نیساں کی آج — کہ دربار دربار میراث ہے
رہی حق سے محروم جب فاطمہ — تو پھر کون حقدار میراث ہے
مصنف نے قرآں سے ثابت کیا — کہ زہرا ھی حقدار میراث ہے
نفاق اور غاصب کو ہے آپ کر — یہ تاریخ اظہار میراث ہے
(۱۳۲۱ ھ)

آغاز: بسملہ و خطبہ اما بعد فقیر پر تقصیر کمترین غلام غلامان حضرت امیر وادنی خادم خدام حضرت شبّر و شبیر علیہم السلام حافظ عبدالباسط .... جملہ اھل اسلام کی ....

(۲۵۰۸) انوار حق مسئلہ فدک جواب تحذیر المسلمین عن کیدا الکاذبین :مولانا سیّد محمّد عارف نقوی (م ۱۹۸۸م)

مولانا اللّٰہ یار چکڑالوی دیو بندی (م ۱۹۸۵م) نے اپنی کتاب « تحذیر المسلمین عن کید الکاذبین » میں مسئلہ فدک سے متعلق جتنے شکوک و شبہات وارد کئے ہیں اُن کا ردّ ،

۱۱۹ ص ، دس روپے ، اسلامیہ مشن لاہور ،۱۹۸۳م.

(۲۵۰۹) باغی : مولانا سید کرارؔ حسین

مولانا محمود احمد رضوی مہتمم حزب الاحناف لاہور کی کتاب « باغ فدک » کا ردّ ،

۱۱۲ ص، ڈیرھ روپیہ ، احباب پبلشرز لکھنو ، ۱۹۶۵م، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۲۵۱۰) تحقیق فدک : سید حفاظت حسین بھیکپوری (م ۱۳۸۴ ھ / ۱۹۶۴م)

۳۲ ص ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۲۵۱۱) توثیق فدک بجواب تحقیق فدک : مولانا سید منظور حسین بخاری(م۱۹۸۰م)
مولانا سید احمد شاہ چوکیروی دیو بندی (م ۱۹۶۹م) کی کتاب «تحقیق فدک»
کا ردّ، چھ باب : اثبات توریث انبیاء ، فضائل جناب زہراء ،توثیق ہبہ فدک ،
حضرت علی نے فدک کیوں واپس نہ کیا ،اوقاف اہلبیت،
۲۸۸ ص، ڈھائی روپیہ، دارالتبلیغ شیعہ گوجرہ ، ثنائی برقی پریس سرگودھا .

(۲۵۱۲) تنبیہ المناکثین و تکذیب المنکرین با ثبات حقیقت امرالمومنین : غلام رضا
مسئلہ فدک اور آیت تطہیر کا بیان،
۳۲ ص،۱۳۰۲ ھ، جعفری پریس لکھنو.

(۲۵۱۳) جاگیر فدک : مولانا غلام حسین نجفی
مسئلہ فدک کے بارے میں مشاہیر کتب اہلسنت « مسئلہ فدک ، آفتاب ہدایت
رحماء بینھم ، تحقیق فدک ، تحفہ اثنا عشریہ ، نصیحت الشیعہ» و غیرھم کا ردّ
۵۱۲ ص ، ۲۰ روپے ، جامع المنتظر لاہور .

(۲۵۱۴) حقیقت فدک : مولانا محمّد صادق حسین
۱۶ ص، دو آنے، پاکستان صادقیہ مشن سیالکوٹ ، تعلیمی پریس سیالکوٹ .

(۲۵۱۵) درة البیضاء فی اثبات حق فاطمة الزهراء : حاجی سید آل محمّد (مطلع).

(۲۵۱۶) درہ حیدریہ : مولانا سید محمّد حسین نوگانوی (ذریعہ : ۸).

(۲۵۱۷) رشید کے نام - بنت رسول کا حق وراثت : محمّد شریف ملك
۱۵۰ عنوانات ، ۱۹۲ ص ، تین روپے ، ادارہ تحفظ حقوق اہلبیت ، موضع
چھینے خانقاہ ڈوگراں ضلع شیخوپورہ ، تعلیمی پریس لاہور .

(۲۵۱۸) عین الیقین : مولانا میرزا رضا علی لکھنوی (م ۱۳۳۴ ھ).

(۲۵۱۹) قضیہ فدک : مولانا سید سجاد حسین نقوی
۶۴ ص ، قزلباش دارالتبلیغ لاہور .

(۲۵۲۰) کشف الظلمات عن الآیات البینات : مولانا محمّد حیدر
مولانا نواب مہدی علی خان (م ۱۹۰۷م) کی کتاب « آیات بینات» اور مولانا
شبلی نعمانی (م ۱۹۱۴م) کی کتاب « الفاروق » کے اس حصے کارد جس میں
مسئلہ فدک کا بیان ہے ،
۱۱۶ ص ، ۱۳۳۵ ھ ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۲۵۲۱) کشف الظلمات عن الآیات البینات حصہ دوم : مولانا سید محمّد حیدر
نذر علی پشاوری قادیانی کے رسالے «فدک » اور « آیات بینات » کے حصہ فدک

کا ردّ ،

۱۴۸ ص ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۲۵۲۲) مسئلہ فدک : مولانا سید محمّد جعفر زیدی (م ۱۴۰۰ ھ)

مولانا عبدالستار تونسوی دیو بندی کے رسالے « ازلة الشك عن مسئلة فدك » کا ردّ ،

۱۲۰ ص، مفت، ادارہ درس عمل لاہور، جون ۱۹۷۲م، تعلیمی پریس لاہور، کاتب : محمّد صادق .

* هدية الملة الى ان فدك من النحله (عربی) : سید حسین قزوینی الحائری .

(۲۵۲۳) مسئلہ فدک : مولانا سید وجیہہ الحسن پاروی

۱۵۲ ص ، چار آنے ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۵۵ ھ، یوسفی پریس لکھنو.

(۲۵۲۴) مقدمہ فدک پر ایک نظر : مولانا سید ظفر الحسن

چھ آنے .

(۲۵۲۵) نارحامیہ : مولانا سید محمّد حسین نوگانوی (۱۳۶۲ ھ)

۱۳۱۱ ھ .

(۲۵۲۶) وارث فدک : محمّد وصی خان

۸۰ ص ، چھ روپے ، محفل حیدری کراچی .

مسئلہ متعہ

(۲۵۲۷) اظہار حق : سید محمّد صغیر حسین قتیل
جواز متعہ ،
۷۸ ص ، چھ آنے ، ۱۳۲۶ھ ، فیض عام پریس لاہور ، کسی نے تاریخ تألیف کہی :

کیا جائز خدا و مصطفے نے — نکاح منقطع اور عقد مطلق
احادیث نبی سے ہے یہ ثابت — کتاب اللہ سے ہے یہ محقق
جسے تحقیق کا ہو شوق دیکھے — سن تألیف ہے اظہار حق حق(۱۳۲۲ھ)

(۲۵۲۸) ثبوت متعہ :
۴۲ ص ، اعظم پریس حیدرآباد دکن .
(۲۵۲۹) حلّت متعہ :
مطبع حیدری حیدرآباد دکن .
(۲۵۳۰) حلیة الاولیاء ، در بحث متعة النساء : حاجی آل محمّد (مطلع) .
(۲۵۳۱) دلیل المتعہ : علامہ سید علی الحائری (م ۱۳۶۰ھ)
۴۴ ص ، چار آنے ، خواجہ بک ایجنسی لاہور امرت الیکٹرک پریس لاہور .
(۲۵۳۲) رسالہ ثبوت متعہ : مہدی قلی خان
۱۴ ص ، ۱۸۸۱ م ، لکھنو (قا : ۱) .
* دلیل قوی بر حقیقت دین مرتضوی (فارسی) :
(۲۵۳۳) رسالہ حقیقت مذہب شیعہ امامیہ : مولانا سید محمّد عباس
مولانا عبدالقوی حنفی و مولانا سلامت علی حنفی نے قرآن مجید اور متعہ کے بارے میں چند سوالات کئے تھے اُن کا جواب ،
۲۸ ص ، ۱۳ رجب المرجب ۱۳۱۱ھ ، مطبع اثنا عشری لکھنو .
آغاز : بسملہ و خطبہ اما بعد عرض کرتا ہے اضعف الناس عباس بیچ خدمت سراپا افادت .
(۲۵۳۴) رسالہ متعہ : ڈاکٹر سید تہور حسین نقوی امروہی
۳۱ ص ، انجمن موید العلوم لکھنو ، سرفراز قومی پریس لکھنو .
(۲۵۳۵) روضة الرضا فی متعة النساء : مولانا سید سجاد حسین جونپوری
۱۶ ص ، ۱۳۲۳ ھ ، تصویر عالم پریس لکھنو ، مؤلف ہی نے تاریخ طبع

کہی :

بعنایات خالق یکتا		طبع گردید چوں رسالہ ما
شد مرا جستجوی تاریخش		پس خرد گفت غور و فکر چرا
مصرعہ سال طبع طور بگو		بر طریق رشاد راهنما
(۱۳۲۳ ھ)

(۲۵۳۶) ہم متعہ کیوں کرتے ہیں ؟ : عبدالکریم مشتاق
دلائل متعہ از کتب اهلسنت ،
۴۰ ص، دو روپے ۲۵ پیسے ، رحمت اللہ بك ایجنسی کراچی ، شیخ شوکت علی پرنٹرز .

(۲۵۳۷) جواز نکاح متعہ اور صحابہ کرام : مولانا غلام حسین نجفی
۳۳۶ ص ، لاهور .

ردّ نکاح ام کلثوم بنت علی با عمر بن خطّاب

(۲۵۳۸) افحام الخصوم : مولانا سید ناصر حسین لکھنوی (ذریعه : ۲).

(۲۵۳۹) افسانه عقد اُمّ کلثوم : عبدالکریم مشتاق

۹۶ ص ، چھ روپے ، رحمت اللّٰہ بك ایجنسی کراچی ، کاتب : سید محمّد یوسف .

(۲۵۴۰) اناف الخصوم فی تحقیق تزویج ام کلثوم :

۱۵ ص ، ۱۲۸۶ ھ .

(۲۵۴۱) دفع الوثوق عن القول الموثوق فی نکاح الفاروق : مولانا سید غلام حسن بلگرامی

مصنف کے ماموں میر برکات حسین مارھروی (سنی) کی کتاب « قول موثوق » کا ردّ ،

۱۶۴ ص ، ۱۳۱۵ ھ ، مطبع احمدی پٹنه .

(۲۵۴۲) رساله الهامیه : مولانا شیخ فضل علی

کسی سنی عالم نے شیعوں کے خلاف ایك کتاب «طعن السنان علی من جرح فی القرآن» لکھی جس میں نکاح ام کلثوم باعمر بن خطاب کا بھی ذکر کیا اس کتاب کا جواب مولانا شیخ فضل علی نے اپنی کتاب«لهب النیرآن لاحراق محرق القرآن » میں دیا زیر نظر رساله اسی کا متعلقه حصه ہے ،

۱۶ ص ، یکم شعبان ۱۲۹۳ ھ ، مطبع اثنا عشری لکھنو.

آغاز :بسمله و خطبه اما بعد حمد و صلواة کے مخفی نر ہے که مؤلف رساله «طعن السنان علی من جرح فی القرآن» نے که وه خود اور اس کے اکابر مطعون بجرح فی القرآن و احراق الفرقان ہیں رساله مذکوره میں ترویج بے اصل حضرت ام کلثوم بنت علی علیه السلام کے ساتھ خلیفه ثانی ....

(۲۵۴۳) رساله در بحث عقد ام کلثوم : مولانا سید ابو الحسن کشمیری .

(۲۵۴۴) رساله سر کلثوم فی عقد حضرت ام کلثوم : منشی غلام علی خان

۳۲ ص ، مطبع اصلاح ، « سیر المصنفین » از مولانا محمّد یحیی تنها کے متعلقه باب کا ردّ .

(۲۵۴۵) سهم مسموم فی جواب نکاح ام کلثوم : مولانا غلام حسین نجفی

مندرجه ذیل کتابوں کے باب نکام ام کلثوم کا ردّ :

۱- مولانا محمّد صدیق اهلحدیث (م.۱۹۹۰م) : ام کلثوم بنت علی - فاروق اعظم

کے نکاح میں .

۲- مولانا غلام رسول آف نارووال : نکاح ام کلثوم .

۳- مولانا عبدالستار تونسوی : نکاح ام کلثوم .

۴- مولانا احسان الهی ظهیر (م ۱۹۸۶م) : الشیعه و السنة (عربی).

۵- مولانا محمّد نافع آف جهنگ : رحماء بینهم .

۶- مولانا احتشام الدین مراد آبادی :نصیحة الشیعه .

۷- شاه عبدالعزیز دهلوی (م ۱۲۳۹ھ) : تحفه اثنا عشریه (فارسی).

۸- مولانا عبدالعزیز ملتانی : مجموعة الرسائل .

۹- مولانا کرم دین آف بهیں (م ۱۹۴۶م) : آفتاب هدایت .

۱۰- مولانا رشید احمد گنگوهی : هدایة الشیعه .

۴۴۰ ص ، جامع المنتظر لاهور ، تاریخ تکمیل کتاب : ۱۳ مئی ۱۹۷۹م .

(۲۵۴۶) شرح کنز مکتوم فی عقد ام کلثوم : مولانا سید سجاد حسین

مصنف نے مولانا سید علی اظهر کی کتاب « کنز مکتوم فی عقد ام کلثوم » سے فائده أتهایا ہے اسلئے اس کا نام شرح کنز مکتوم رکها ہے اس کتاب میں دعوی ایك فرضی عدالت میں پیش کیا گیا ہے اهلسنت کی طرف سے « غلام معاویه » وکیل ہیں اور شیعوں کی طرف سے «نثار پنجتن» عدالت نے فیصله شیعوں کے حق میں دیا ،

۱۷۶ ص ، ۱۳۳۱ ھ ، مقبول پریس دهلی.

آغاز:بسمله و بعد حمد خدا و نعت سید الانبیاء صلی اللّٰه علیه و آله وسلم و منقبت شیر خدا روحی له الفدا سجاد حسین ابن سید محمّد حسین مرحوم و مقبول ....بخدمت حضرات مومنین عرض پرداز ہے که شیعه کو اکثر حضرات اهلسنت چهیڑا کرتے ہیں که اگر خلفاء و حضرت امیر میں اتحاد نه ہوتا تو وه کبهی اپنی صاحبزادی حضرت ام کلثوم کا عقد حضرت عمر سے نه کرتے ....

(۲۵۴۷) شمشیر مسموم بر مفتریان عقدام کلثوم : مولانا محمّد حسنین سابقی

مولانا محمّد صدیق اهلحدیث (م۱۹۹۰م) کی کتاب « ام کلثوم بنت علی - فاروق اعظم کے نکاح میں» کا ردّ ،

۱۸۴ ص ،مبلغ اعظم اکیڈمی فیصل آباد، مئی ۱۹۷۸م ، پاکستان آرٹ پریس فیصل آباد .

(۲۵۴۸) عقد ام کلثوم : مولانا سیّد علی حیدر
۱۵۲ ص ، مکتبہ کاظمیہ شاھدرہ ٹاؤن لاہور ، اعجاز پرنٹنگ پریس لاہور۔

(۲۵۴۹) عقد ام کلثوم (تحقیق کے آئینے میں) : محمّد تقی رضا بدایونی
حضرت عمر کے حبالہ عقد میں ام کلثوم بنت عقبہ بن معیط ، ام کلثوم بنت عاصم ، ام کلثوم بنت ابوبکر ، ام کلثوم بنت جرول فزاعی آئیں مگر کسی غلط فھمی کی بنا پر ام کلثوم بنت علی کو شہرت دے دی گئی ،
۳۲ ص ، ۱۱۵۰ روپے ، کمیلی ٹرسٹ کراچی ۔

(۲۵۵۰) فصول خمسہ دافع الاتہام بنا بہ نفع عام :
۸ ص ، مطبع اعجاز محمّدی ۔

(۲۵۵۱) قول مختوم فی عقد ام کلثوم : مولانا سید کرامت علی
بنارس (ذریعہ : ۱۷) ۔

(۲۵۵۲) قول مختوم فی عقد ام کلثوم : مولانا سید کرار علی
۴۸ ص ، جمادی الاول ۱۳۱۱ ھ ، مطبع اثنا عشری لکھنو ۔

(۲۵۵۳) قول موثوق : سید غلام حسن بن سید غلام رضا بلگرامی
۱۶۴ ص۔

(۲۵۵۴) کشف البیان فی نکاح ابن الخطاب و نکاح ابن عفان : مولانا سید ذوالفقار علی شاہ ، ھفت روز « در نجف » سیالکوٹ کی اشاعت ۱۵ نومبر ۱۹۲۷م اور ما بعد چھپتا رہا ۔

(۲۵۵۵) کشف مفھوم یعنی حقیقت عقد ام کلثوم بنت فاطمہ : سید حسین رضوی
۹۶ ص ، تین روپے ، مکتبہ معراج ادب کراچی ، ذی قعدہ ۱۳۹۶ ھ/ نومبر ۱۹۷۶م ، انجمن پریس کراچی ، کاتب : سید تصویب حسین نقوی۔

(۲۵۵۶) کنز مکتوم فی حل عقد ام کلثوم : مولانا سید علی اظھر (م ۱۳۵۲ھ)
مولانا اظھر کی تحریر کردہ عقد ام کلثوم پر کتاب « ذوالفقار حیدر » کا خلاصہ،
۲۴۸ ص ، ۱۳۱۰ ھ ، مطبع بستان مرتضوی اور ۱۹۰۵م ، پنجاب پریس لاہور ۔

(۲۵۵۷) مزیل السفسطہ : مولانا سید آغا
مولانا احمد حسن(سنی) نے مولانا سید آغا سے مسائل متعہ، لف حریر و وطی فی الدبر کے متعلق پوچھے تھے اُن کے جوابات ،
۲۲ ص ، ۱۴ شوال ۱۴۰۹ھ۔

مطبع اثنا عشری لکھنو .

(۲۵۵۸) رمی الجمرات جلد سوم :

« آیات بینات » از محسن الملك نواب مهدی علی خان کے باب نکاح ام کلثوم کا ردّ ،

۲۰۸ ص ، ۱۲۹۵ ھ ، مطبع مظهر العلوم لکھنو .

آغاز :بسمله و خطبه اما بعد یه جز مجلد ثانی رمی الجمرات ہے جو ردّ کتاب آیات بینات ہے جس کے مصنف عالی منزلت و الاشان رفیع المرتبت و المکان جناب مولوی مهدی علی خان هداه الله و ایانا سبل الایمان و طرق الجنان ہیں یه خاص مبحث نکاح ام کلثوم ہے حضرات اهلسنت میں اس کی بڑی دھوم ہے ہمارے مخاطب والاخطاب نے بڑا شور و غل مچایا ہے ....

(۲۵۵۹) سیف صارم : مولانا محمّد باقر دهلوی (م ۱۸۵۷م)

سید العلماء مولانا سید حسین (م ۱۲۷۳ ھ) نے اس کتاب کو سن کر فرمایا که یه مخالفین کیلئے « سیف دودم » ہے .

ڈھائی روپے ، دهلی .

ردّ قادیانیت

(۲۵۶۰) آئینہ قادیان : خواجہ غلام الثقلین پانی پتی (م ۱۳۳۳ھ/۱۹۱۵م)
عنوانات : میرزا صاحب کی عام تعلیم کا لبّ لباب ، دلائل میرزا صاحب پر ایک نظر ،
۱۰۸ ص ، چھ آنے ، ۱۳۲۹ ھ/ ۱۹۲۱م ، رفاہ عام سٹیم پریس لاہور۔

(۲۵۶۱) آئینہ میرزائیت : مولانا سید برکت علی شاہ گوشہ نشین وزیر آبادی ،
میرزا غلام احمد قادیانی (م ۱۹۰۸م) کے حالات و دعاوی ،
۸۱ ص ، پانچ آنے ، خواجہ بک ایجنسی لاہور ،گیلانی الیکٹرک پریس لاہور۔

(۲۵۶۲) اثبات الخطاء فی کشف الغطاء : مولانا میرزا احمد علی (م ۱۹۷۰م)
علامہ سید علی الحائری نے میرزا غلام احمد قادیانی (م ۱۹۰۸م) کی کتاب «دافع البلاء» کا ردّ بنام «وسیلۃ المبتلا» لکھا اس کتاب کا ردّ نذر علی پشاوری قادیانی نے بنام «کشف الغطاء» لکھا زیر نظر رسالہ اسی کا جواب ہے ،
۴ ص، ۱۳۲۰ ھ ، شمس الهند پریس لاہور .

(۲۵۶۳) اصلاح الاعتقاد فی عصمة الانبیاء عن الاجتہاد : مولانا میرزا احمد علی امرتسری (م ۱۹۷۰م)
بانی سلسلہ احمدیہ کے اس دعوی کا ردّ کہ انبیاء سے بھی خطائے اجتہادی ہوتی ہے ، جعفریہ ایسوسی ایشن پنجاب لاہور ، ۱۳۴۱ھ / ۱۹۲۲ م ، پرکاش سٹیم پریس لاہور .

(۲۵۶۴) اظہار حقیقت : مولانا سید امیر حسین بخاری (م۱۹۷۹م)
جماعت احمدیہ ربوہ نے ایک رسالہ بنام « حضرت علی کی حضرت ابوبکر سے برضا و رغبت بیعت» شائع کیا مولانا مرحوم نے اسکا ردّ بنام «انکشاف حقیقت» لکھا جماعت احمدیہ ربوہ نے اس کا جواب بنام « کشف حقیقت » دیا زیر نظر رسالہ اسی کا جواب با صواب ہے ،
۱۶ ص ، ینگ مین شیعہ ایسوسی ایشن راولپنڈی .

(۲۵۶۵) الانصاف فی الاستخلاف : مولانا میرزا احمد علی (م ۱۹۷۰م)
قاضی ظہور الدین اکمل قادیانی کی کتاب «الاستخلاف» کا ردّ، قاضی صاحب

نے مندرجہ ذیل پانچ باتوں پر بحث کی ہے. قرآن سے خلافت ثلاثہ کا ثبوت ، قرآن سے علامات منافقین کا بیان، قرآن سے خلفائے ثلاثہ کی عصمت و مغفرت قضیہ فدک،حضرات خلفائے ثلاثہ کا حضرت علی علیہ السلام سے افضل ہونا، ۱۷۶ ص ، آٹھ آنے ۱۳۲۷ ھ ، رفاہ عام سٹیم پریس لاہور .

(۲۵۶۶) انکشاف حقیقت : مولانا سید امیر حسین بخاری (م ۱۹۷۹م)
جماعت احمدیہ ربوہ کی طرف سے شائع کردہ رسالہ « حضرت علی کی حضرت ابوبکر سے برضا و رغبت بیعت » کا ردّ ، ینگ مین شیعہ ایسوسی ایشن راولپنڈی ، ہمدرد پریس راولپنڈی .

(۲۵۶۷) بابیت و میرزائیت کا تقابل : مولانا سید شمیم الحسن،
۴۸ ص ، دس آنے ، الجواد بکڈپو بنارس ، ۱۹۶۱م .

(۲۵۶۸) باد سموم بر ضماخ الخصوم بجواب تعین قاتلان حسین :مولانا حاجی اعجاز حسن امروھی ، خادم حسین قادیانی کی کتاب « تعین قاتلان » کا ردّ ، (مطلع).

(۲۵۶۹) براھین امامیہ افتتاحیہ : پروفیسر سید تصدق حسین ،
۲۸۰ ص ، چھ روپے ، ادارہ علوم الاسلام لاھور ، ۱۹۷۳م ، سلطانہ پریس لاھور .

(۲۵۷۰) تادیب المجانین بہ حمایت ہفوات المسلمین بجواب حق الیقین ، حصہ اول :
میرزا احمد سلطان گورگانی ،
میرزا بشیر الدین محمود (م ۱۹۶۵م) کی کتاب «حق الیقین » کا ردّ ،
۱۵۲ص، ۱۹۲۸م ، دھلی .
آغاز : حمد و صلواۃ کے بعد سلطان مصطفوی ... عرض پرداز ہے کہ « ھفوات المسلمین» کی عام اشاعت سے پہلے ایک ایک جلد بلا قیمت مع درخواست بذریعہ رجسٹری ....

(۲۵۷۱) تادیب المجانین بحمایت ہفوات المسلمین ردّ حق الیقین ، حصہ دوم : میر احمد سلطان گورگانی
« ہفوات المسلمین » میں اھلسنت کی اُن احادیث کی طرف اشارہ کیا گیا تھا جن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم اور آپکی ازواج کی توھین ہوتی ہے میرزا بشیر الدین محمود (م ۱۹۶۵م)خلیفہ دوم جماعت قادیان نے اس کا ردّ بنام « حق الیقین » / « ہفوات المومنین » نامی کتاب میں دیا اس کا ردّ ،
۱۶۸ص، دو روپے ،۱۳۴۹ ھ/ ۱۹۳۰م،چندر گپتا الیکٹرک پریس دھلی .

آغاز :احقر العباد میرزا احمد سلطان مصطفوی چشتی ابن میرزا بخت بہادر ابن میرزا شاہرخ بہادر ابن ابو ظفر سراج الدین بہادر شاہ بادشاہ غازی عرض پرداز ہے کہ « ہفوات المسلمین » کےشائع کرنے کے وقت ہم سے دو جرم ہوئے ....

{ ان دونوں حصوں کو اکٹھا حکیم سید انعام علی نے ۱۳۵۴ھ کو شائع سے دھلی سے شائع کیا }.

(۲۵۷۲) تحریر حقانی بجواب کبیر قادیانی نمبر ۱ : خواجہ غلام الحسنین پانی پتی

میرزا غلام احمد قادیانی(م ۱۹۰۸م)کے دعاوی کا بطلان ،

۲۲ ص ، ستمبر ۱۹۲۱ م ، صغیر المطابع دھلی .

(۲۵۷۳) تحریر حقانی بجواب کبیر قادیانی نمبر۲ : خواجہ غلام الحسنین پانی پتی (م ۱۳۵۶ھ) ، اثبات حیات سیدنا مسیح علیہ السلام ،

۱۸ ص، ۱۹۲۱م .

(۲۵۷۴) تحفہ قادیان : سید تصدق حسین

(۳۰۲۳) تاریخ شیعان عالم : سیّد بخشش عباس رضوی

شیعہ حکمرانوں کا تذکرہ

۲۸۰ ، ۱۰۰ روپے ، راولپنڈی ، ایس ٹی پرنٹرز راولپنڈی ، ۱۴۱۵ ھ.

(۳۰۲۴) تاریخ محمدّی/ دلائل الصادقین یعنی تردید اقوال مخالفین :

ثبوت امامت ائمہ اثنا عشر از کتب قدیم

۱۲۶ ص، ۱۳۱۳ ھ/ ۱۸۹۵م ، مطبع چشمہ کوثر سہارنپور ، کاتب : احمد حسین انبالوی .

(۳۰۲۵) تاریخ معاویہ : سید حسن علی وقار

حافظ عبدالاول جونپوری نے امیر معاویہ کے فضائل پر ایک کتاب بنام «الدرۃ الغالیہ فی مناقب معاویہ » لکھی مولانا وقار نے اس کتاب کا ردّ بنام « النار

الحامیه للفئة الباغیه » المعروف تاریخ معاویه لکھی مولانا سید محمّد حیدر اور مولانا سیّد محمّد هادی کی خواهش پر اسکو طبع کرایا گیا حافظ صاحب نے امیر معاویه کے ۳۵ فضائل لکھے ہیں اُن پر سیر حاصل تبصره کیا گیا ہے ۔

۵۶۲ ص ، ۱۳۴۴ھ/ ۱۹۲۵ ، خود مصنّف نے قطعه تاریخ طبع کہا:

این کتابی است چو سیف قاطع سپر انداخت عدو با صد حیف
زد رقم کلك مؤلف تاریخ قطع شد شجره ملعونه بسیف (۱۳۴۴ھ)

مولانا سید محمّد هادی جونپوری نے بھی تاریخ طبع کہی :

سچ یہ ہے کہ لاجواب لکھی ہے کتاب حق یہ ہے کہ واقعی یہی تھا شایاں
تاریخ طبع کلك هادی نے لکھی تاریخ معاویه ہے اسرار نہاں

اس کتاب کی تکمیل ۱۳۴۲ ھ کو ہوئی تھی مصنف کے بھتیجے مولانا سیّد علی اختر صاحب اختر نے تاریخ اتمام کتاب کہی :

جناب عمّ معظم وقار عالیجاه کلام و علم ادب میں ہیں کامل و یکتا
خدا نے عقل بھی وہ مستقیم اُنھیں بخشی کہ جس سے علم کو وہ چند ہوگئی ہے جلا
کہی ہے میں نے جو ختم کتاب کی تاریخ خدا کرے کہ ہو مطبوع خاطر والا
کہا یہ ملهم غیبی نے کہدو اے اختر «لکھا صحیفه یہ کیا ہے مثال و بے همتا»

* الفوائد الرضویه فی احوال العلماء الجعفریه (عربی) :شیخ عباس قمی (م۱۳۵۹ھ)

(۳۰۲۶) تبصرة الشیعه من الفوائد الرضویه : مولانا محمّد حسنین السابقی

فوائد رضویه کے صرف اس حصے کا ترجمه جس میں شیخ احمد بن زین الدین احسائی (م ۱۲۲۳ ھ) اور ان کے شاگردوں کا ذکر ہے ۔

۱۱۶ ص ، چھ روپے ، فیصل آباد : دارالمعارف الامامیه ۔

(۳۰۲۷) تجلی طور فی مناقب اهل بیت نور : مولانا سیّد خورشید حسین شیرازی (م ۱۴۰۲ ھ/ ۱۹۸۲م)

علامه ابن حجر مکّی کی کتاب « الصواعق المحرقه» (عربی) کے کچھ حصے کا ترجمه ،

۴۰ ص ، ۵۰ پیسے ، پنجاب الیکٹرک پریس گجرات ، کاتب : حافظ محمّد شریف آف شادی وال ۔

(۳۰۲۸) تجلی عرفان : محمود سلطان طالب دهلوی

پچاس سے زیاده اُن شعراء کا تذکره جنهوں نے حضرات محمّد و آل محمّد علیهم السلام کی شان میں قصائد لکھے ، ۱۳۵۵ ھ ، مطبع اثنا عشری دهلی (ذریعه : ۲۶)۔

(۳۰۲۹) تجلیات نور : مولانا سیّد نور الدّین زیدی
تذکرہ مشاہیر جونپور (ذریعہ : ۳).

(۳۰۳۰) تحذیر المعاندین : علامہ سید علی الحائری (م ۱۳۶۰ ھ/۱۹۴۱م)
امیر معاویہ کے حالات زندگی ، ۱۳۱۶ ھ.

(۳۰۳۱) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ پاکستان اور شہید اول جناب محمّد حسین شاد شورکوٹی: سیّد اظہر حسنین کاظمی ،
۵/۴ جولائی ۱۹۸۰م کو اسلام آباد میں مفتی جعفر حسین (م ۱۹۸۰م) کی زیر قیادت شیعہ مطالبات کے سلسلے میں ایک کنونشن ہوئی جلوس کے دوران محمّد حسین شاد ابن محمّد رمضان پولیس کی شیلنگ سے شہید ہوئے.
۵۵ ص ، گجرات : انجمن حسینیہ ملکوال ، ستمبر ۱۹۸۰م.

* تحفۃ الکرام (سندھی) .

(۳۰۳۲) تحفۃ الکرام : اختر رضوی
ابتدا میں سندھ کی تاریخ از اوائل تا خاندان کلہوڑا ، بعد ازاں مشاہیر کا تذکرہ ،
۸۴۶ ص ، پندرہ روپے ، کراچی : سندھی ادبی بورڈ ، ۱۹۵۹م.

(۳۰۳۳) تحفہ جعفری : مولانا میرزا حسن لکھنوی
احوال معصومین علیہم السلام بطرز مثنوی(ذریعہ : ۳).

(۳۰۳۴) تحفہ نظم : سید ظہیر علی
شعراء کے کلام کے ساتھ ساتھ اُن کا تذکرہ ، جماعت دہم کے طلبا کیلئے لکھی گئی ، ۱۹۳ ص ، بارہ آنے ، بنارس : نند کشور اینڈ برادرز ، ۱۹۴۰م .

(۳۰۳۵) تحفہ وہابیہ / داستان معاویہ حصہ دوم : حسین بخش ہمدانی
۳۴ ص ، تین پیسے ، ملتان : انجمن صدیقیہ اثنا عشریہ ، ۱۹۳۳م ، اقبال برقی پریس ملتان .

(۳۰۳۶) تذکرہ آب بقا : مرزا جعفر علی نشتر لکھنوی
۲۶ شعراء کا تذکرہ ، فروری ۱۹۱۸م ، مطبع نولکشور لکھنو .

(۳۰۳۷) تذکرۃ الاجداد فی احوال حسین آباد : سیّد نو روز محمّد المعروف بہ سید شریف حسین زیدی حسین آباد ضلع پلامون، (بہار) کی تاریخ اور وہاں کے مشاہیر کا تذکرہ .

* الارشاد (عربی): شیخ مفید (م ۴۱۳ ھ).

(۳۰۳۸) تذکرۃ الاطہار : مولانا سید صفدر حسین نجفی (م۱۴۱۰ھ/۱۹۸۹م)
تذکرہ ائمہ اثنا عشر ،
۴۷۸ ص ، ۴۵ روپے ، لاہور : امامیہ پبلی کیشنز ، ۱۹۸۵م ، زاہد بشیر پریس لاہور .

(۳۰۳۹) تذکرہ اہل قلم و شعرائے گلگت : شیر باز علی خان برچہ
گلگت کے لکھاری و شعراء کا تذکرہ مثلاً علامہ نصیر الدین نصیر ہونزائی ، اخون مہربان علی(م ۱۹۵۷م) ، اکبر حسین اکبر ، اخونزادہ حسین اکبر ، حامد اللہ بیگ ، حشمت علی خان ، راجی الرحمت نظر ، راجہ شاہ رئیس خان (م۱۹۷۴م) ، سیّد فاضل شاہ جلالی، عبدالحمید خاور ، عبداللہ جان ایم اے ، عزیز اللہ نجیب ، غلام الدین غلام ہونزائی ، فدا علی ایثار ، منظوم علی ، محمّد امین ضیاء ، وزیر قدرت اللہ بیگ وغیرہ .
۱۵۷ ص ، تیس روپے ، گلگت ، ایس ٹی پرنٹرز رالپنڈی ، ۱۹۸۹م .

(۳۰۴۰) تذکرہ بے بہا فی تاریخ العلماء : مولانا محمّد حسین نوگانوی (م ۱۳۶۲ھ/ ۱۹۴۳م) ہند و پاک کے ۲۹۰ شیعہ علماء کا تذکرہ
۴۵۰ ص ، ڈھائی روپے ، دھلی ، کاظم بکڈپو ، جیّد برقی پریس دھلی .

(۳۰۴۱) تذکرۃ الحیوان : مولانا سیّد آغا مہدی (م ۱۴۰۶ ھ)
حیاۃ الحیوان دمیری کی طرز پر ، اُن احادیث اہلبیت علیہم السّلام کو جمع کیا گیا ہے جو حیوانات سے متعلق ہیں ، ۳۰۰ حیوانات کا تذکرہ ،۷۳۴ ص .

(۳۰۴۲) تذکرہ خواتین اسلام : خواجہ محمّد لطیف انصاری (م ۱۳۹۹ھ/۱۹۷۹م)
حضرت خدیجہ ، حضرت اُمّ سلمی ، حضرت فاطمۃ الزھرا ، حضرت زینب ، حضرت سمیّہ ، ام عمارہ انصاریہ ، اُمّ ایمن اور اسماء بنت عمیس علیھم السلام کا تذکرہ ، آپ نے یہ کتاب اسوقت لکھی جب آپ مفلوج ہو چکے تھے کتاب کے ٹائیٹل پیج پر یہ شعر مندرج ہے .

چند اوراق تحفہ مفلوج چہ کند بی نوا همیں دارد

۹۲ ص ، لاہور : مکتبہ تنظیم الاسلام .

* تذکرہ الخواص (عربی) : علامہ شمس الدین ابو المظفر یوسف بن قزغلی ابن عبداللہ بغدادی سبط حافظ ابوالفرج عبدالرحمن ابن جوزی حنبلی(م۵۸۱ھ)

(۳۰۴۳) تذکرۃ الخواص : مولانا سید صفدر حسین نجفی (م ۱۴۱۰ھ/۱۹۸۹م)
تذکرہ ائمہ اثنا عشر ،

۴۵۶ ص، آٹھ روپے، لاہور:مکتبہ تعمیر ادب ،۱۹۶۸م، نامی پریس لاہور .

(۳۰۴۴) تذکرہ خوش معرکہ زیبا : سعادت علی خان ناصر
۳۴۴ شعرائے اردو کا تذکرہ ، مشفق خواجہ نے مرتب کیا :
{۱۱۰+ ۵۷۰) ص ، بارہ روپے ، لاہور : مجلس ترقی ادب ، ۱۹۷۰م ، ظفر سنز پرنٹرز لاہور .
{ سعادت علی خان ناصر ۱۲۸۸ ھ کے لگ بھگ لکھنو میں واصل بحق ہوئے مرزا محمّد حسن مذنب کے شاگرد تھے مذنب وھی ہیں جنھوں نے حکیم ظفر علی خان کی فرمائش پر جلا العیون کو منظوم کیا ناصر قصہ اگر و گل ، مثنوی در بیان عقائد ، و اسوخت ناصر اور مثنوی فضائل کے مصنف ہیں اور روضة السیر و حیات القلوب کے مترجم }.

(۳۰۴۵) تذکرہ شہر مرحوم : خواجہ اظہر حسن
پانی پت کے علماء و فضلاء ، قاری و قاریات اور شہر کی اہم شخصیات کا تذکرہ ،
۲۷۶ ص ، لاہور ، ۴۲ روپے ، ۱۹۹۱م ، چاننہ آرٹ پریس لاہور ،کاتب : محمّد صادق حسین .

(۳۰۴۶) تذکرہ شیخ الاوحد شیخ احمد احسائی : مولانا عبدالحسن مبین سرحدی
شیخ احمد بن زین الدّین احسائی (م ۱۲۲۳ ھ) کا تذکرہ ، کتاب کو میرزا حسن الحائری الاحقاقی کے نام معنون کیا گیا ہے .
۲۲۴ ص، فیصل آباد، مبلغ اعظم اکیڈمی، اشرفی پرنٹنگ پریس فیصل آباد.

(۳۰۴۷) تذکرة الصحابیات : اُمّ الحسنین
حضور صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم کی بنات و ازواج کا تذکرہ (ذریعہ : ۴).

(۳۰۴۸) تذکرہ علمای امامیہ پاکستان : سیّد حسین عارف نقوی
۴۶۲ علما کا تذکرہ ، اس کتاب کا فارسی ترجمہ اسی نام سے ڈاکٹر محمّدھاشم نے کیا جسے آستانہ قدس مشھد ایران نے ۱۹۹۱م میں شائع کیا مترجم نے کئی اہم پیراگراف کا ترجمہ چھوڑ دیا ہے .
(۴۴+ ۶۱۹) ص ، ۸۵ روپے ، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، اسلام آباد. ۱۴۰۴ ھ/ ۱۹۸۴م ، کاتب : مولانا عبدالعزیز .

(۳۰۴۹) تذکرہ علمای امامیہ پاکستان (شمالی علاقہ جات) : سید حسین عارف نقوی
بلتستان ، گلگت اور استور کے ۳۶۷ علمائے شیعہ ،۳۶ علمائے نوربخشیہ اور

۱۲علمائے اسماعیلیہ کا تذکرہ، ان کی تصانیف کا ذکر اور شاعر ہونے کی صورت میں نمونہ کلام حواشی میں بعض دینی مدارس کا مختصر تذکرہ ، شروع میں شیعہ ، نور بخشیہ و اسماعیلیہ کے عقائد کا مختصر بیان .
۲۲۳ ص ، ۱۲۰ روپے ، امامیہ دارالتبلیغ اسلام آباد ، ۱۴۱۵ھ/۱۹۹۴م ، کاتب : مولانا عبدالعزیز .

(۳۰۵۰) تذکرہ قیصری المعروف بہ آئینہ سکندری: سیّد اولاد حیدر بلگرامی (م۱۳۶۱ھ /۱۹۴۲م) ، جارج پنجم کی سوانح ،
۱۷۴ ص ، ۱۹۱۱م ، ستارہ ھند پریس کلکتہ .

(۳۰۵۱) تذکرہ محمّد و آل محمّد (حصہ اول) : علامہ سیّد ابن حسن جارچوی (م ۱۳۹۳ ھ/۱۹۷۳م)
سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و تذکرہ سیدہ فاطمۃ الزھرا سلام اللہ علیہا ، ۱۷۵ص، دو روپے ، کراچی: مکتبہ انیس ،۱۹۵۴م ، دین محمدی پریس کراچی ،

(۳۰۵۲) تذکرہ محمّد و آل محمّد(حصہ دوم):علامہ سید ابن حسن جارچوی(م۱۳۹۳ھ /۱۹۷۳م) ، حضرت علی تا امام زین العابدین علیہم السلام ،
۲۲۴ ص ، کراچی ، مکتبہ انیس ، ۱۹۵۴م ، دین محمّدی پریس کراچی.

(۳۰۵۳) تذکرہ محمّد و آل محمّد (حصہ سوم) : علامہ سید ابن حسن جارچوی (۱۳۹۳ھ/ ۱۹۷۳م)حضرت امام محمّد باقر تا حضرت حجّت علیہم السلام
۱۷۶ ص ، ڈھائی روپے ، کراچی ، مکتبہ انیس ، ۱۹۵۴م ، دین محمّدی پریس کراچی .

(۳۰۵۴) تذکرۃ المعصومین : مولانا سید علی نقی جونپوری
تذکرہ چاردہ معصوم علیہم السلام از روئے روایات
۳۱۶ ص ، ڈیرھ روپیہ، ۱۳۳۶ھ/ ۱۹۱۸م ، مطبع یوسفی دھلی .

(۳۰۵۵) تذکرہ منتخب روزگار سہسوان : ڈاکٹر نظیر حسنین زیدی
بدایون (ھند) کے ۱۱۰ علماء ، فضلاء ، حکماء اور شعراء کا تذکرہ
۱۱۲ ص ، دس روپے ، کراچی : مکتبہ مسعود ، ۱۹۸۵م.

(۳۰۵۶) تذکرہ ناصر الملّت : مرزا احمد حسن (م ۱۳۸۴ ھ/ ۱۹۶۴م)
مولانا سیّد ناصر حسین(م ۱۳۶۱ھ) کی سوانح، ۱۹۴۳م،نظامی پریس لکھنو.

(۳۰۵۷)تراجم علماء الکاملین : مولانا سیّد ابوالحسن عرف ابّو صاحب (مطلع).

* جلاء العیون (فارسی) : محمّد باقر مجلسی (م ۱۱۱۱ ھ).

(۳۰۵۸) ترجمہ جلاء العیون جلد اول : مولانا سید عبدالحسین ، محشی : مولانا سید ظہور الحسن بھریلوی ،
تذکرہ چاردہ معصوم ،
۳۷۵ ص ، لاہور : شیعہ جنرل بك ایجنسی ، انصاف پریس لاہور .

(۳۰۵۹) ترجمہ جلاء العیون :مولانا محمّد باقر صاحب ترجمہ عین الحیات (ذریعہ:۴).

* حیاۃ القلوب (فارسی) : محمّد باقر مجلسی (م ۱۱۱۱ ھ).

(۳۰۶۰) ترجمہ حیاۃ القلوب : مولانا سید بشارت حسین کامل مرزا پوری
۹۳۶ ص ، لاہور : امامیہ کتب خانہ ، اس سے پہلے یہ ترجمہ ۱۹۳۹م میں نظامی پریس لکھنو میں چھپ چکا تھا .

(۳۰۶۱) ترجمہ حیاۃ القلوب : مولانا سیّد بشارت حسین کامل
۳۹۲ ص ، لاہور : امامیہ کتب خانہ ، ۱۹۷۲م.

(۳۰۶۲) تزك خیال : نواب سید نصیر حسین خان خیال ، ہندو ایران کے مشاہیر شعراء کا تذکرہ (ذریعہ).

(۳۰۶۳) تقویتہ الایمان فی حالات المعصومین (جلد اول) : حسن محمّد سراج
سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و تذکرہ علی علیہ السلام ، بحث دربارہ ایمان ابو طالب ، بارہ آنے ، راولپنڈی .

(۳۰۶۴) تنزیہمہ الانساب فی شیوخ الاصحاب (حصہ دوم) : مولانا سید علی حیدر (م ۱۳۸۰ھ/ ۱۹۶۱م) در بحث نسب :حضرت فاروق ، حضرت عثمان ، حضرت طلحۃ ، ابو سفیان ، معاویہ ، ابوہریرہ ۱۵۰ ص ، کھجوا ضلع سارن (ہند).

(۳۰۶۵) تنقیدی مضامین : سیّد عابد علی عابد (م ۱۹۷۱م)
تذکرہ شعراء ،
۲۱۶ ص، لاہور ، میری لائبریری ، ۱۹۶۶م ، نقوش پریس لاہور.

(۳۰۶۶) تواریخ شاہان ماضیہ در مذہب اثنا عشریہ : نور الحسن
تذکرہ خلفائے دولت فاطمیہ
۲ آنے ، ۱۳۱۴ ھ/ ۱۸۹۶م ، مطبع اثنا عشری لکھنو .
آغاز: پس از حمد و نعت خدا و نبی پس از مدحت شیر داور علی
پس از وصف پاك دہ و چار تن یہی عرض کرتا ہے نور الحسن
کہ خاطر سے احباب کے جنتری بقید نحوست سعادت لکھی

مع حال شاہان مصر و غیر رقم کی کریں ناظرین اسکی سیر
بہت مختصر اس میں تحریر کی حقیقت جو تھی فاطمی تاج کی

(۳۰۶۷) ٹیپو سلطان : مولانا امجد علی اشہری
۲۴ ص ، ۱۹۰۸م ، عالمگیر الیکٹرک پریس لاہور .

(۳۰۶۸) جارچہ : ڈاکٹر سید لئیق الحسن رضوی
تذکرہ اکابرین جارچہ: جارچہ ضلع بلند شہر (ھند)
۱۵۶ ص ، ۲۰ روپے ، ۱۹۸۱م ، نامی پریس لاہور .

(۳۰۶۹) جان وفا : سیّد مظفر حسن ظفر جونپوری
تذکرہ عباس علمدار
۳۲ ص ، ڈیرھ روپیہ ، ادارہ افکار محمّد و آل محمّد ، ۱۴۰۴ھ/۱۹۸۳م ، کتابت : سیدہ نعیم فاطمہ نقوی .

(۳۰۷۰) جانے والوں کی یاد آتی ہے : صالحہ عابد حسین
تذکرہ مولانا حالی، خواجہ سجاد حسین ، اسلم جیراجپوری ، جواھر لال نہرو، ڈاکٹر ذاکر حسین ، قدسیہ زیدی اور خواجہ غلام السیدین وغیرہ .
۳۳۲ ص، ۱۸ روپے ، نئی دھلی : مکتبہ جامعہ : ۱۹۷۴م، کوہ نور پرنٹنگ پریس دھلی.

(۳۰۷۱) جناب مسلم بن عقیل : مولانا سیّد اسد علی
۱۶ ص ، دو آنے ، لکھنو : امامیہ مشن ، ۱۳۷۶ ھ/ ۱۹۵۶ن ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۳۰۷۲) جناب ھانی بن عروہ : مولانا سید اسد علی
۱۲ ص ، ڈیرہ آنے ، لکھنو : امامیہ مشن ، سرفراز قومی پریس لکھنو ، ۱۳۷۶ھ/ ۱۹۵۶م .

(۳۰۷۳) جواب شرر : مولانا سید محمّد حیدر
عبدالحلیم شرر نے ۱۳۱۵ھ میں اپنے ماھنامہ «دلگداز» میں حضرت سکینہ بنت الحسین کے متعلق ایك دل آزار مضمون لکھا تھا اس کا ردّ
۲۹۶ ص ، چار روپے ، کھجوا : مطبع اصلاح .

(۳۰۷۴) چار یار : عبدالکریم مشتاق
حضرت علی، حضرت ابوذر، حضرت مقداد اور حضرت سلمان فارسی رضی اللّٰہ عنھم کا تذکرہ ،

۱۸۲ ص ، دس روپے ، کراچی :رحمت اللّٰہ بک ایجنسی ، کاتب : سید محمّد یوسف رضوی .

(۳۰۷۵) چہاردہ معصوم : مولانا سید حفاظت حسین (م ۱۳۸۴ ھ)
۱۷۶ ص ، ایک روپیہ ، سارن: دارالتصنیف علی نگر بھیک پور، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۳۰۷۶) چہاردہ معصوم : مولانا سیّد راحت حسین بھیکپوری (ذریعہ : ۵).

(۳۰۷۷) چودہ ستارے مع اضافہ حصہ دوم : حصہ اول : مولانا سید نجم الحسن کراروی (م ۱۹۸۲م)
" " " : حصہ دوم:علامہ سید علی نقی(م۱۹۸۸م)، مولانا سید ظفر حسن (م ۱۹۸۹م) ،مولانا مرزا یوسف حسین (م ۱۹۸۸م) ، علامہ سید طیب آغا ، مولانا سید گلاب علی شاہ (م ۱۹۹۲م، مولانا محمّد بشیر (م ۱۹۸۳م) ، اور مولانا شمس الحق رمزی.
۶۷۰ ص ، لاہور : شیعہ جنرل بک ایجنسی ، حیدر علی پریس .

(۳۰۷۸) چودہ معصوم : مولانا سیّد زوار حسین آف اٹاوہ
تین آنے ، ۱۳۵۴ ھ.

(۳۰۷۹) چودہ معصوم : مولانا اکبر مہدی جرولی
سوا روپیہ ، نظامی پریس لکھنو .

(۳۰۸۰) حالات اقوام جرائم پیشہ سرکار عالی : میر ولایت حسین
اُن اقوام جرائم پیشہ کے حالات جو حیدرآباد (دکن) سے شہر بدر کئے گئے ،
۸۰ ص ، حیدرآباد (دکن) : محکمہ صدر سرکار عالی ، ۱۳۲۷ فصلی ، دارالطبع سرکاری .

(۳۰۸۱) حالات سعدی : خان احمد حسین خان
احوال و آثار شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی ،
۱۳۲ ص ، ۱۹۲۲م ، خادم التعلیم برقی پریس لاہور .

(۳۰۸۲) حبِّ اہلبیت : مولانا مرزا احمدعلی (م ۱۳۹۰ھ/ ۱۹۷۰م)
قرآن و حدیث کی روشنی میں اہلبیت سے کون کون سی شخصیات مراد ہیں ،
۱۶ ص ، لاہور : ادارہ معارف اسلام ، کواپرینٹو پریس .

(۳۰۸۳) حرمین شریفین اور یزید : نواب سیّد محمّد عباس طالب اخباری
۱۶ ص،۱۶پیسے ، لکھنو:امامیہ مشن،۱۳۸۴ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۳۰۸۴) حضرت ابوبکر (حصہ اول): مولانا سید علی حیدر(م۱۳۸۰ھ/۱۹۶۱م)
عنوانات : جناب ممدوح کی نسبی حالت اور عرب میں آپ کے خاندان کی عزت و شرف ، حالات اجداد و والدین ، خاندانی پیشہ ، حلیہ ، نام کنیت القاب اور ان کے وجوہ و اسباب ، عہد طفولیت و تعلیم و تربیت، ذریعہ معاش، حضرت رسول خدا سے برتاؤ، حضرت عمر سے تعلقات ، زمانہ جاھلیت کے کارنامے ، زمانہ جاھلیت میں حضرت ابوبکر کا مذھب ، .
۲۴۰ ص، ۱۳۵۴ھ، مطبع اصلاح کھجوا ضلع سارن .

(۳۰۸۵) حضرت ابوبکر (حصہ دوم) :
۴۷۲ ص ، ۱۳۵۵ ھ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۳۰۸۶) حضرت امیر معاویہ - تاریخ کے آئینے میں(حصہ اول) : سیّد محمّد ذوالقرنین زیدی الھما ، ۲۲۸ ص ، ۱۳۸۹ھ / ۱۹۶۹م ، کوھستان پرنٹنگ پریس راولپنڈی .

(۳۰۸۷) حضرت امیر معاویہ - تاریخ کے آئینے میں (حصہ دوم): سید محمّد ذوالقرنین زیدی الھما .
۱۲۷ ص ، راولپنڈی : پاک کتب خانہ اردو بازار ، ۱۳۹۲ ھ /۱۹۷۳م ، پاکستان ٹائمز پریس لاھور .

(۳۰۸۸) حضرت داتا گنج بخش : ڈاکٹر ناظر حسن زیدی
۵۰ ص ، ۴ روپے ، اسلام آباد : علاقائی تعاون برائے ترقی.

(۳۰۸۹) حضرت رباب : ڈاکٹر سیّد مجتبی حسن کاموںپوری (م ۱۳۹۴ھ/ ۱۹۷۴م)
حضرت امام حسین علیہ السلام کی زوجہ اور حضرت علی اصغر کی والدہ کا تذکرہ ، ۷۲ ص ، آٹھ آنے ، راولپنڈی ، پاکستان حسینی مشن .

(۳۰۹۰) حضرت سکینہ بنت حسین: سیّد طیب جونپوری
۴۸ ص ، ۱۹۶۶م ، نامی پریس لکھنو .

(۳۰۹۱) حضرت سکینہ و حضرت عائشہ : مولانا سیّد آغا جعفر
ھنری تھامس نے اپنی کتاب « مذھبی لیڈروں کی سوانح حیات » میں اور روزنامہ « ھلال » بمبئی نے حضرت عائشہ و حضرت سکینہ کے خلاف بعض دل آزار جملے لکھے تھے اُن کا ردّ ،
۱۶ ص، ۲ آنے ،۱۹۵۴م، مطبع اصلاح کھجوا.

(۳۰۹۲) حضرت سلمان علیہ الرضوان :مولانا خواجہ محمّد لطیف انصاری (م ۱۳۹۹ھ/ ۱۹۷۹م) . عنوانات : وطن فارس ، ابتدائی زندگی اور جد و جہد ، بشارت رسالت حضرت خاتم الانبیاء ، وصایت حضرت عیسی علیہ السلام اور حضرت سلمان ، حضرت سلمان اور اسلام ، فضائل سلمان ، اسلام کی مجاھدانہ خدمات، حضرت سلمان اور علم و حکمت ، حضرت سلمان کی آل محمّد سے وابستگی ، مرویات حضرت سلمان .

۳۹۰ ص ، ڈھائی روپے ، راولپنڈی ، پاکستان حسینی مشن ، ۱۳۸۸ھ/ ۱۹۶۸م ، ھمدرد اسٹیم پریس راولپنڈی .

(۳۰۹۳) حضرت شہربانو : مولانا سیّد آغا مھدی (م ۱۴۰۶ ھ)

۶۴ ص ، چار روپے ، کراچی : جمعیت خدام عزا ، ۱۹۸۱م، مشہور آفسٹ پریس کراچی .

(۳۰۹۴) حضرت شہربانو : مولانا سیّد آغا جعفر

حضرت شہربانو ، حضرت عمر کے زمانے میں نہیں بلکہ حضرت علی علیہ السلام کے زمانے میں آئیں اور اسی زمانے میں آپ کی شادی حضرت امام حسین علیہ السلام سے ہوئی،

۱۶ ص ، ۱۹۵۴م ، مطبع اصطلاح کھجوا .

(۳۰۹۵) حضرت عباس علمدار علیہ السلام : ڈاکٹر سیّد آغا حسین

۳۲ ص ، کراچی : تنظیم گلزار حسینی اورنگی ٹاؤن .

(۳۰۹۶) حضرت عباس علمدار اور صبر : سید ظفر الحسین علوی محور حسن ابدالوی

۳۴ ص ، ۳۷ پیسے ، لاھور : ادارہ علوم الاسلام سانده کلاں .

(۳۰۹۷) حضرت فضّہ : مولانا محمّد حسنین سابقی

۱۶ ص ، ۲۵ پیسے ، لاھور : امامیہ مشن ، تعلیمی پریس لاھور .

(۳۰۹۸) حضرت فضّہ : سید محمّد یاور حسین جعفری

حضرت فضّہ جنکا اصلی نام میمونہ تھا کہ سوانح ،

۲۴ ص ، لاھور : ادارہ علوم الاسلام اصغری منزل سانده کلاں، سلطان پریس لاھور، کاتب : محمد نواز.

(۳۰۹۹) حضرت مسلم بن عقیل : رضی الدین حیدر

۲۰ ص ، لکھنو : امامیہ مشن ، ۱۳۸۷ ھ.

(۳۱۰۰) حضرت معصومہ قم : آل محمّد رزمی

حضرت فاطمہ بنت امام موسی کاظم خواہر امام علی رضا کا تذکرہ ،
۲۰۰ ص ، کراچی: ادارہ تحقیق دانش مشرق ،۱۴۱۵ ھ، کاتب : عبدالقیوم .

(۳۱۰۱) حضرت یوشع بن نون : علامہ سیّد مجتبی حسن کاموںپوری
۳۲ ص ، ۸ آنے ، لکھنو : سرفراز بکڈپو ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۳۱۰۲) حسین کاآخری ھدیہ / صغیر مجاھد : سید محمّد یوسف رواں زیدی
حضرت علی اصغر کی سوانح ،
۶۴ ص ، ۴ آنے ، ۱۳۵۳ ھ.

(۳۱۰۳) حکمائے اسلام : آغا اشرف
۵۰ فلسفیان اسلام کا تذکرہ :جابر بن حیان ، ابو نصر فارابی ، ابوالحسن احمد بن محمّد طبری ، ابن الھیثم ، البیرونی، بو علی سینا ، عمر خیام ، الغزالی ، ابن رشد ، ابن خلدون ،
۱۴۴ ص ، ۱۸روپے ، لاھور ، المعارج ، ۱۹۸۵م ، الجدہ پرنٹرز لاھور .

(۳۱۰۴) حکیم احمد شجاع : ڈاکٹر اے بی اشرف
حکیم احمد شجاع (م ۱۹۶۹م) پر لکھی جانے والی کتابیں اور مقالات
۱۹ ص ، اسلام آباد : مقتدرہ قومی زبان ، ۱۹۸۷م .

(۳۱۰۵) حیات ابد معروف بہ حیات فریاد : مولانا سید علی محمّد شاد (م ۱۳۴۵ھ / ۱۹۲۷م)
حضرت شاہ اُلفت حسین فریاد کی سوانح
مطبع معارف دارالمصنفین اعظم گڑھ
{ سیّد علی محمّد شاد بن سیّد عباس مرزا بن تفضل علی خان بارھوی ۱۹محرم الحرام ۱۲۶۲ ھ/ ۱۸۴۶م کو عظیم آباد پٹنہ میں پیدا ہوئے رئیس ابن رئیس تھے علم دین مولانا فرحت حسین ، مولانا شیخ آغا جان ، مولانا سید عبداللّٰہ کشمبری ، مولانا لطف علی اور مولانا محمّد اعظم سے حاصل کئے ، ۸۱ سال کی عمر پا کر ۸ جنوری ۱۹۲۷م کو علی گڑھ میں وفات پائی اور پٹنہ میں دفنائے گئے .
تصانیف : یومیہ (عربی) ، مردم دیدہ ، ترجمة الاسلاف و تبصرة الاخلاف (فارسی)،حیات فریاد ، نصاب فارسی ، اردو تعلیم ، نوائے وطن ، نصائح الصبیان ، صورة الخیال ، تذکرہ ادبا وغیر }.

(۳۱۰۶) حیات اشرف : محمّدی بیگم

بی بی اشرف النساء (۱۳۲۱ھ- ۱۲۵۶ ھ) زوجہ مولانا سیّد عملدار حسین (م ۱۸۷۰م) کا تذکرہ ،آپ کے مضامین «تہذیب النسوان » میں چھپتے رہے ، ۶۹ ص ، پانچ روپے ، ۱۳۹۸ ھ، مکتبہ جدید پریس لاہور .

(۳۱۰۷) حیات حضرت فضّہ : سیّد شجاعت حسین جعفری
۱۰۱ ص ، ۷ روپے ، کراچی : مکتبہ مسعود ، ۱۹۸۱م.

(۳۱۰۸) حیات حضرت معصومہ قم : ڈاکٹر سید حیدر مہدی
۹۸ ص ، نو روپے ، حیدرآباد : مکتبہ طوسی ، ۱۹۸۴م ، الائیڈ پرنٹنگ پریس حیدرآباد ، کاتب : ایم اے ھادی مسعود .

(۳۱۰۹) حیات دبیر (حصہ اول) : سیّد افضل حسین ثابت رضوی (م ۱۹۴۱م)
میرزا سلامت علی دبیر (م ۱۹۷۵م) کی سوانح ، مولانا شبلی نعمانی (م ۱۹۱۴م) کے اعتراضات کے جوابات ، لکھنو کے شاہی زمانے کی مجالس کی کیفیت ، ایشیائی شاعری کے نمونے ،
۹۰۰ ص ، ڈھائی روپے .

(۳۱۱۰) حیات دبیر حصہ دوم : سید افضل حسین ثابت رضوی (م ۱۹۴۱م)
اس کتاب کا تاریخی نام « کلام فصیح و بلیغ ۱۳۲۷ » ہے ، انتخاب کلام دبیر ،
۳۴۴ ص ، سوا روپیہ ، ۱۹۱۵م ، جارج سٹیم پریس لاہور .

(۳۱۱۱) حیات شاداں بلگرامی : سیّد اصغر علی شادانی
سید اولاد حسین شاداں بلگرامی (م ۱۹۴۸م) کی سوانح ، ان کے اساتذہ ، تلامذہ اور احباب کا تذکرہ ،
۶۴۸ ص ، ۵۵ روپے ، کراچی : ناظم آباد ، ضامن آرٹ پریس کراچی ، ۱۹۸۶م .

(۳۱۱۲) حیات عبدالمطلب : مولانا سید اسد علی
۴۰ ص ، ۳۱ پیسے ، لاہور : امامیہ مشن پاکستان ، ۱۹۶۳م ، تعلیمی پریس لاہور .

(۳۱۱۳) حیات قلندر : ڈاکٹر سیّد حیدر مہدی
سوانح حضرت لعل شہباز قلندر ،
۱۲۲ ص ، حیدرآباد : مکتبہ طوسی ،۱۹۸۳م.

(۳۱۱۴) حیات مسعودی : محمّد عباس شروانی (م ۱۳۱۵ھ/ ۱۸۹۸م)
تذکرہ حضرت سالار غازی عرف بالے میاں ، ۱۶۱ ص، ۱۹۳۵م.

(۳۱۱۵) حیات ہاشم : مولانا سیّد اسد علی لکھنوی
۱۶ ص ، لاہور : امامیہ مشن پاکستان ۔

(۳۱۱۶) حیات و تعلیمات حضرت داتا گنج بخش :ڈاکٹر ناظر حسن زیدی
اصل کتاب پروفیسر شیخ عبدالرشید کی تحریر کردہ ہے ،
۵۲ ص ، ایک روپیہ ، لاہور : علاقائی ثقافتی ادارہ مغربی پاکستان۔

(۳۱۱۷) حیدرآباد کے بڑے لوگ : مولانا سیّد غلام پنجتن شمشاد
حیدرآباد (دکن) کی ۱۶ مشاہیر شخصیات کا تذکرہ ،
۱۵۲ ص ، ۱۹۵۷ م ، اعجاز پرنٹنگ پریس حیدرآباد دکن ۔

(۳۱۱۸)خادمات خلق : سیّدہ خاتون بنت خواجہ غلام الثقلین
امریکہ کی دس نامور خواتین کا تذکرہ ،
۱۲۱ ص ، ۱۹۳۲م ، جامعہ برقی پریس دھلی۔

(۳۱۱۹)خزانہ عامرہ :
مشاہیر انبیاء و چاردہ معصوم علیہم السلام کاتذکرہ ،
۴۰۰ ص ، ڈیرھ روپے ، مراد آباد : شیعہ دائرۃ الاشاعت نوگاواں ۔

(۳۱۲۰) خصائص معاویہ : مولانا سیدظہور الحسین بارھوی (م ۱۳۵۷ ھ) (ذریعہ:۷)۔

(۳۱۲۱) خطبات معلّی : پروفیسر نعیم تقوی
خطبہ نکاح حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم از حضرت ابو طالب،خطبہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم درباره حضرت علی علیہ السلام،خطبہ امیر المومنین، خطبہ حضرت فاطمہ ، خطبہ امام حسن، خطبہ امام حسین ،خطبہ حضرت زینب اور خطبہ امام زین العابدین ۔
۶۶ ص ، کراچی : بزم قمر لیاقت آباد ۔

(۳۱۲۲) خلاصہ شمس التواریخ : حکیم نواب علی خان
حکیم صاحب کے خاندان میںجو علماء،حکماء شعراء و حفاظ گزرے ہیں اُن کا تذکرہ ۔
۳۲ ص ، مطبع گلزار ابراہیم مراد آباد۔
آغاز : بسملہ و خطبہ اما بعد مخفی و مستتر نہ ہے کہ ہر ایک کو اپنے اجداد کے حالات بیان کرنے اور سننے کا شوق ہوتا ہے اور شائقین تاریخ کو اس کے مطالعے سے انقلاب زمانہ معلوم کرکے ایک عبرت و بصیرت معلوم ہوتی ہے اور جناب والدی ماجدی مدظلہ العالی نے ان دنوں ایک تاریخ اسلام مسمی بہ

کنز المعرفت تألیف فرما کر شائع کی ہے ....
{ حکیم نواب علی خان ابن حکیم محمّد امجد علی خان ابن حکیم ابوعلی خان ۵ شوال ۱۲۸۶ ھ کو امروھہ ضلع مراد آباد میں پیدا ہوئے « شمس التواریخ» نامی کتاب دو جلدوں میں لکھی }

(۳۱۲۳) خلفائے اسلام : آغا اشرف
تذکرہ خلفائے اربعہ ،
۹۶ ص ، بارہ روپے ، لاھـور : المعارج ، ۱۹۸۴، الجدہ پریس لاھور .

* خلیل خدا (فارسی): سیدہ جیلاردی .

(۳۱۲۴) خلیل خدا : عابد عسکری
تذکرہ سیدنا ابراھیم علیہ السلام ،
۱۶ ص، اھلبیت فاؤنڈیشن پاکستان .

(۳۱۲۵) خمسہ اقبالیہ : سید اقبال علی
تذکرہ اصحاب کساء ، لکھنو : صدیق بکڈپو .

(۳۱۲۶) خواتین اسلام : مولانا سیّد ظفر حسن امروھی (م ۱۹۸۹م)
۲۹ خواتین اسلام کا تذکرہ ،
۱۶۰ ص ، بارہ آنے ، اھـل سنّت برقی پریس مراد آباد .

(۳۱۲۷) خواتین کربلا : سیدہ عندلیب زھرا کامونپوری
۲۴ ص ، ۱۹ پیسے ، لاھـور : امامیہ مشن پاکستان ، ۱۹۶۶م ، تعلیمی پریس لاھور .

(۳۱۲۸) خواجہ حسن نظامی- حیات اور ادبی خدمات :ڈاکٹر امام مرتضی نقوی
۳۹۶ ص ، بیس روپے ، لکھنو : نسیم بکڈپو ،۱۹۷۸م ، نظامی پریس لکھنو. مصنف کا پی. ایچ ڈی کا مقالہ .

(۳۱۲۹) خواجہ غلام السیّدین - حیات اور کارنامے : سید فرحت حسین
خواجہ غلام السیّدین (م ۱۹۷۱م) ابن خواجہ غلام الثقلین (م ۱۳۳۳ھ) کے حالات زندگی ، عنوانات : حیات ، شخصیت اور کردار ، تعلیمی اور فکری پس منظر ، تعلیمی خدمات ، ادبی خدمات ، اسلوب اور طرز نگارش .
۴۴۸ ص، ۴۵ روپے ، ھند : اردو اکاڈمی اترپردیش ، ۱۹۸۳م ، محبوب پریس دیو بند ، کاتب : محمّد سلیم قاسمی.

(۳۱۳۰) خورشید سخن : خواجہ قریش علی منشاء پانی پتی

سید حسین رضوی شکیب جلالی (م ۱۹۶۶م) کی سوانح
۹۶ ص ، دس روپے ، بھکر : دارالکتابت اردو بازار، ۱۹۸۰م، پاکستان ٹائمز پریس لاہور.

(۳۱۳۱) خوش نفسان :ڈاکٹر مرزا اکبر علی بیگ
چند سوانحی خاکے: سیّد ہاشمی، علی اختر، سید علی اکبر، محمّد عزیز مرزا وغیرہ ،
۱۲۸ ص، پندرہ روپے ، حیدرآباد دکن : ادارہ شعر و حکمت ، ۱۹۸۳م، ڈائرہ الیکٹرک پریس چھتہ بازار حیدرآباد دکن.

(۳۱۳۲) خیرۃ النسواں : مولانا سید ولایت حسین نقوی
شام میں حضرت سکینہ بنت الحسین کی قبرنہیں بلکہ حضرت رقیّہ بنت الحسین علیہما السلام کی قبر ہے اور جن سکینہ کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ ماہر موسیقی اور شاعرہ تھیں وہ امام حسین کی صاحبزادی نہیں‌تھیں بلکہ حسین بن علی بن عبدالرحمن عرف عامر ابن حکم کی صاحبزادی تھیں یعنی مروان بن حکم کے بھائی کی پڑپوتی ،
۸۴ ص ، مفت ، ۱۳۹۷ ھ، عظیم پریس چھتہ بازار حیدرآباد دکن.

(۳۱۳۳) داستان حرم : مولانا سیّد ضیاء الحسن موسوی (م۱۳۹۸ ھ/۱۹۷۸م)
۵۰۱ ص ، ۱۵ روپے ، کراچی: خراسان اسلامک ریسرچ سنٹر .

(۳۱۳۴) داستان عجم : نواب نصیر حسین خان خیال عظیم آبادی
مشرقی علماء و فلاسفہ اور ان کے کارناموں کا تذکرہ ،
۱۳۰ ص ، کراچی : ادارہ اسلامیات ، ۱۹۵۴م .

(۳۱۳۵) داستان معاویہ / امیر شام حصہ اول : حسین بخش ہمدانی
امیر معاویہ کی شان میں کوئی صحیح حدیث وارد نہیں ،
۲۶ ص، ملتان، انجمن صدیقیہ اثنا عشریہ ۱۹۳۳م ، اقبال برقی پریس ملتان.

(۳۱۳۶) دبستان دبیر : ڈاکٹر ذاکر حسین فاروقی
کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے پہلے حصے میں مرثیہ کی حقیقت،مرثیہ گوئی کی تاریخ ، مرثیہ پر اعتراضات حصہ دوم میں دبیر کے شاگردوں کا تذکرہ، حصہ سوم میں‌بالواسطہ شاگردوں کا تذکرہ ،
۷۳۵ ص، دس روپے، لکھنو : نسیم بکڈپو، مئی۱۹۶۶م، الواعظ صفدر پریس لکھنو ، کتاب کی تکمیل ۱۳۸۱ھ کو ہوئی سید سرفراز حسین خبیر نے تاریخ

کہی :

حبّذا فاروقی عالی وقار	تیرا خامہ بھی ہے کیا معجز نگار
کر کے گلہائے دبیری انتخاب	عطر مجموعہ بنا دی ہے کتاب
گلشن مرزا میں کتنے پھول ہیں	ہے چمن ہر پھول اتنے پھول ہیں
حضرت اوج و صفیر با کمال	شاد ، صفدر اور منیر خوش مقال
ہے دبیری باغ میں قائم بہار	روز ہوتے ہیں نئے گل آشکار
کیوں نہ ہو ذاکر کی کوشش کامیاب	زینت بزم ادب ہے یہ کتاب
مصرعہ تاریخ ھجری لکھ خبیر	رونما شـــــان « دبستان دبیر »

(۱۳۸۱ھ)

(۳۱۳۷) درس زندگی : احمد شاہ بخاری پطرس (م ۱۳۵۸م،
۱۹۸ ص ، آٹھ روپے .

(۳۱۳۸) دفع الملال بکشف فضائل الآل :مولانا سید محمّد مرتضی جونپوری(م۱۳۳۷ھ)
(ذریعہ : ۸).

* جلاء العیون (فارسی) : محمّد باقر مجلسی (م ۱۱۱۱ ھ).

(۳۱۳۹) الدمع الھتون (جلد اول) : مولانا سید عبدالحسین بارھوی
ولادت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے شہادت امام حسن علیہ السّلام تک ، بار چہارم ، ۱۹۱۹م میں مطبع شاھی لکھنو میں چھپی ،
۳۴۴ ص.

(۳۱۴۰) الدمع الھتون (جلد دوم) : مولانا سیّد عبدالحسین بارھوی
ولادت امام حسین علیہ السلام سے ولادت مھدی علیہ السلام تک ،
۳۴۰ ص.

(۳۱۴۱) دنیا کے بسنے والے : سیّد بشیر حسین زیدی
مختلف ملکوں کے باشندوں کے حالات ،
۱۷۲ ص ، محبوب المطابع برقی پریس دھلی .

(۳۱۴۲) دور استبداد (حصہ اول) : مولانا غضنفر علی زیدی
خلفائے ثلاثہ کا دور ، دور استبداد تھا ،
۱۱۲ ص، ۴ آنے ، لکھنو :امامیہ مشن، ۱۹۳۴م، سرفراز قومی پریس لکھنو.

(۳۱۴۳) دینی کہانیاں حصہ پنجم : مولانا سیّد ظفر حسن امروھی (م ۱۹۸۹م)
سو سے زیادہ شیعہ سلاطین کے حالات زندگی : شاھان اودھ کی یادگاریں ،
۴۰۰ ص ، سوا روپیہ ، مراد آباد : شمیم بکڈپو ، صفدر پریس لکھنو .

(۳۱۴۴) دینی کہانیاں حصہ ششم : سیّد ظفر حسن امروہی (م ۱۹۸۹م)
سو سے زائد شیعہ اصحاب کا تذکرہ ،
۲۸۷ ص ، بارہ آنے ،مراد آباد : شمیم بکڈپو، یونین الیکٹرک پریس مراد آباد .

(۳۱۴۵) ڈاکٹر زور : پروفیسر سیدہ جعفر
ڈاکٹر محی الدّین قادری زور (م ۱۹۶۲م) کے احوال و آثار ،
۱۷۲ ص، چار روپے ،دھلی:ساھتیہ اکادمی،۱۹۸۴م، مطبع وصل آفسٹ دھلی.

(۳۱۴۶) ڈاکٹر سید عبداللہ (کتابیات) : سید جمیل احمد رضوی
۷۵ ص ، مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد ، ۱۹۸۹م ، آغا جی پرنٹرز اسلام آباد.

(۳۱۴۷) ڈائرکٹری - ذاکرین اھل بیت پاکستان : صفدر حسین ڈوگر ایم اے
۸۸ ص ، اسلام آباد ، عالمی مجلس اھلبیت پاکستان، نومبر ۱۹۹۳م .

(۳۱۴۸) ذکر حافظ مع انتخاب کلام : سجاد ظھیر
۱۵۲ ص ، کراچی : مکتبہ دانیال ، ۱۹۸۳م .

(۳۱۴۹) ذکر حالی : پروفیسر محمّد صادق قریشی (م ۱۹۷۵م)
مولانا حالی (م ۱۹۱۴م) کی نظم و نثر کا جائزہ
عنوانات : حالات زندگی ، تصانیف ، شاعری کے چار دور ، حالی اور غزل، حالی اور تصوّف ، حالی- اصلاح قوم اور حبّ وطن کی روشنی میں، حالی کی رباعیات ، حالی اور مزاح ، حالی اور اردو نثر ،
۹۶ ص ، سوا روپیہ ، لاھور : اردو مرکز ، ۱۹۴۹م ، انشا پریس لاھور.

(۳۱۵۰) ذکر الطیّار : مولانا سید اولاد حیدر بلگرامی (م ۱۳۶۱ ھ/ ۱۹۴۲م)
حضرت جعفر طیار ابن ابیطالب علیھما السلام کی سوانح ،
۹۱ ص ، ۱۳۵۱ ھ ، نظامی پریس لکھنو .

(۳۱۵۱) رجب علی بیگ سرور : ڈاکٹر سید نیّر مسعود رضوی
ڈاکٹر صاحب کا پی ایچ ڈی کا مقالہ ، نو ابواب :سیاسی اور تھذیبی پس منظر، ادبی پس منظر، سرور سے پھلے شمالی ھند میں اردو نثر،حیات مرزا رجب علی بیگ سرور ، فسانہ عجائب اور شگوفہ محبت ، سرور ایک سیاسی اور سماجی مورخ کی حیثیت سے ، سرور کی مترجم تألیفیں ،
[رور سلطانی ترجمہ شمشیر خانی،گلزار سرور ترجمہ حدائق العشّاق ، شبستان سرور ترجمہ الف لیلۃ] ، سرور بحیثیت خطوط نویس ، اردو نثر اور سرور کا اسلوب ، سرور بحیثیت شاعر ، سرور کی اہمیت کے اسباب ، سرور کی تاریخ

وفات ، مدفن و اولاد ،

۴۳۸ ص ، بارہ روپے ، الہ آباد : شعبہ اردو الہ آباد یونیورسٹی ، ۱۹۶۷م ، اسرار کریمی پریس الہ آباد .

(۳۱۵۲) رسالہ مصنفان اسلام : مولانا محمّد عباس ایم اے

سائٹھ مسلم مصنفین کا تذکرہ ،

۲۸ ص ، تین آنے ، ۱۹۰۵م ، خادم التعلیم سٹیم پریس لاہور .

(۳۱۵۳) رسوا کی ناول نگاری : ڈاکٹر ظہیر فتح پوری

مرزا محمّد ہادی رسوا (م ۱۹۳۱م) کی سوانح اور فن ناول نگاری .

۴۱۳ ص ، سولہ روپے ، راولپنڈی ، ۱۹۷۰ م ، ایورگرین پریس لاہور .

(۳۱۵۴) الرضا (ع) : سید محسن مظفر نقوی

۱۶۸ ص ، کراچی : خراسان اسلامک ریسرچ سنٹر ، ۱۹۸۰م .

(۳۱۵۵) رعنائی/ عطر سخن :

۳۰۲ شعرائے ماضی و حال کا انتخاب کلام مع حالات زندگی ،

۶۰۰ ص، ۵ روپے ، نظامی پریس لکھنو .

(۳۱۵۶) رہنمایان اسلام : علامہ سیّد علی نقی نقوی (م ۱۹۸۸م)

تذکرہ چاردہ معصوم ،

۲۲۴ ص ، پونے چار روپے ، لاہور : امامیہ مشن پاکستان ، ۱۹۷۳م ، تعلیمی پریس لاہور ، کاتب : اصغر قریشی طاہر رقم .

(۳۱۵۷) روح لیاقت : پروفیسر سید منظور حسین کاظمی

سوانح لیاقت علی خان (م ۱۹۵۱م) ،

۱۹۲ ص ، دو روپے ، ۱۹۵۲م .

(۳۱۵۸) روداد اردو : نواب سید نصیر حسین خیال (م ۱۹۳۴م) (ذریعہ : ۱۱).

(۳۱۵۹) روشن ستارے : محشر لکھنوی

تذکرہ چاردہ معصـــــوم ،

۳۳ ص ، کراچی : شیعہ انقلابی مشن ، سپر آرٹ پریس کراچی .

(۳۱۶۰) روض الصادقین : مولانا سید ظفر مہدی جرولی

تذکرہ ائمہ اثنا عشر علیہم السلام (مطلع).

* ننہ حوا (فارسی): علامہ مصطفی زمانی.

(۳۱۶۱) روئیداد اماں حوا : مولانا سید بشارت حسین کامل

۶۳ ص ، لاہور : امامیہ کتب خانہ مغل حویلی ، ایورگرین پریس لاہور .

(۳۱۶۲) ریاض السادات (برست) : سید اصغر عباس زیدی
برست ضلع کرنال (ھند) کے ۸۹ مشاہیر علماء ، شعراء اور ادبا کا تذکرہ
۱۷۹ ص ، لاہور .

(۳۱۶۳) زاویہ ھاویہ : حاجی آل محمّد
تذکرہ مطاعن معاویہ بن ابی سفیان (مطلع) .

(۳۱۶۴) الذکر الافلح فیما افسد عمر و اصلح : قاضی فقیر علی عاقل انصاری
مولانا شبلی نعمانی (م ۱۹۱۴م) کی کتاب « الفاروق » پر ایک ناقدانہ نظر .

(۳۱۶۵) سات سال : رضیہ سجّاد ظہیر
ایک ھندوستانی کے بچپن کی کہانی ،
۳۶۶ ص ، پانچ روپے پچیس پیسے ، دھلی : مکتبہ جامعہ ، ۱۹۶۲م ، کوہ نور پرنٹنگ پریس دھلی .

(۳۱۶۶) سائیں احمد علی پشاوری : رضا ھمدانی
سائیں کا کلام مع منظوم اردو ترجمہ ،
۱۷۰ ص ، اسلام آباد : لوک ورثہ کا قومی ادارہ، ۱۹۷۷م ، احباب پرنٹرز پشاور .

(۳۱۶۷) سپہر امامت کے بارہ برج : شیخ احمد حسین پریانوی (م ۱۳۶۴ھ/۱۹۴۶م)
۸۹ ص ، نظامی پریس لکھنو .

(۳۱۶۸) سچل سرمست - شاعر ہفت زبان فخر پاکستان : زوار قاضی علی اکبر زرداری
۸۰ ص ، ۴ روپے ، ۱۹۷۷م.

(۳۱۶۹) سراج منیر : حکیم سید محمّد کمال الدین حسین ھمدانی
حکیم سید خیرات علی شاہ ھمدانی(م۱۲۲۷ ھ) اور آپ کے بزرگان و مشاہیر خاندان کے تبلیغی کارناموں کا ذکر ،
۱۱۴ ص ، پانچ روپے ، علی گڑھ : ادارہ ھمدانیہ گڑھی قصبہ جلالی ، ۱۳۹۸ھ/۱۹۷۸م ، لیتھو کلر پرنٹرس علی گڑھ.

(۳۱۷۰) سرائیکی مرثیہ گوئی کے پانچ سو سال : خلش پیر اصحابی
بھکرؔ کے ۲۸ سرائیکی مرثیہ نگاروں کا تذکرہ ،
۳۲ ص ، بھکرؔ : بزم انیس ، سید الیکٹرک پریس ملتان .

(۳۱۷۱) سر سیّد احمد خان : آغا اشرف
۷۹ ص، لاہور : تخلیق مرکز ، ۱۹۸۴م .

(۳۱۷۲) سرکار سعید الملّت : شہید صفی پوری
مولانا محمّد سعید ابن ناصر الملت(م ۱۳۸۷ ھ) کی سوانح ، لکھنو، ۱۹۶۷م.

(۳۱۷۳) سعادت امروھی : نسیم امروھی (م ۱۹۸۷م)
سعادت علی امروھی ، میر تقی میر کے اُستاد تھے ،
۱۶ ص ، کراچی : انجمن سعادت امروھہ ، ۱۹۶۴.

(۳۱۷۴) سعادت دارین ذکر حسنین : میرزا احمد علی (م ۱۹۷۰م)
بائیبل سے انبیائے ما سبق کی مشکلات کا مقابلہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور اھلبیت علیھم السلام کے مصائب سے کیا گیا ہے .
۳۲ ص، ۵۰ پیسے، لاھور : ادارہ معارف اسلام ، تعلیمی پریس لاھور.

(۳۱۷۵) سفیر سید الشھداء- حضرت مسلم بن عقیل :مولانا سید مرتضی حسین فاضل (م ۱۹۸۷م)
۳۹ ص ، لاھور: تنظیم فدائیان اکبر ، ۱۳۹۹ھ/ ۱۹۷۸م ، لائف پرنٹنگ پریس لاھور ، کاتب : سرفراز احمد .

(۳۱۷۶) سکینہ بنت الحسین : مولانا سید علی حیدر (م ۱۳۸۰ ھ / ۱۹۶۱م)
عبدالحلیم شرر(م ۱۹۲۶م) نے حضرت سکینہ بنت الحسین کے بارے میں ایک کتاب لکھی تھی جس میں بعض غلط واقعات درج کرکے آپ کی سیرت کو داغدار بنانے کی کوشش کی گئی تھی یہ کتاب اُن غلط واقعات کی نشاندھی کرتی ہے اور حقیقت حال کا اظہار حضرت سکینہ کی وفات کے سلسلے میں علامہ سید علی حیدر تحریر فرماتے ہیں : « اکثر معتبر کتب تاریخ و حدیث میں ہے کہ جناب سکینہ نے ۱۱۷ھ میں انتقال کیا (تاریخ کامل مطبوعہ مصر ج ۵ ص۷۱، مراۃ الجنان مطبوعہ حیدرآباد ج ۱، ص ۲۵۱، نور الابصارمطبوعہ مصر ، ص ۱۷۶، تاریخ دول الاسلام ذھبی ص ۶۰ وغیرہ) اور بعض حضرات نے قید خانہ شام میں انتقال کرنے کا احتمال پیدا کیا ہے مگر افسوس کہ کسی طرح اسکی تائید کتب تاریخ و حدیث سے نہیں‌ہوتی اسلئے کہ کسی ایک کتاب میں بھی جو قابل اعتنا ہو یہ واقعہ نہیں لکھا اور عقل بھی اسکو تسلیم نہیں کرتی اسلئے کہ قید شام سے آزاد ہو کر آپ کا مدینہ جانا اور وہاں رہنا یقینی ہے » رھی شام میں حضرت سکینہ کی قبر اس کے متعلق علامہ میرزا محمّد

علی مدرس تحریر فرماتے ہیں : « وفات حضرت سکینه روز پنجشنبه ربیع الاول سال یکصد و هفتدهم هجرت در مدینه منوره وقوع یافته ....و اما قبری که در مقبره باب الصغیر از دمشق بوده و بحضرت سکینه منسوب دارند قطعا بی اصل و ناشی از اشتباه اسمی است که بتصریح بعضی از اهل فن ، بحکم خط کوفی که بر سر صندوق رونی آن قبر نوشته شده همان قبر از سکینه نامی از بنات ملوك است(میرزا محمّد علی مدرس ریحانة الادب فی تراجم المعروفین بالکنیة و اللقب ج ۳ ص ۴۹ طبع ایران) .

۶۰ ص ، لاهور ، اگست ۱۹۷۲م .

(۳۱۷۷) سلاطین اسلام : آغا اشرف

۱۱۲ ص ، لاهور : المعارج ، ۱۹۸۴م .

(۳۱۷۸) سلسله روز و شب : صالحه عابد حسین

صالحه عابد حسین کی اپنی خود نوشت ،

۴۶۳ ص،۶۵ روپے ، دهلی:جامعه نگر، ۱۹۸۴م ، لبرٹی آرٹ پریس دهلی .

(۳۱۷۹) سلطان زین العابدین « بڈ شاہ » : رضیه سجاد ظهیر

بڈ شاہ ، شاہ کشمیر کا تذکرہ ،

۸۸ ص ، ساڑھے چھ روپے ، انڈیا ، نیشنل بک ٹرسٹ ، ۱۹۷۵م ، لبرٹی آرٹ پریس دهلی .

(۳۱۸۰) سلطان العالم - واجد علی شاہ : سیّد مسعود حسن رضوی ادیب

۳۳۲ ص ،تیس روپے ، لکھنو:آل انڈیا میر اکاڈمی،۱۹۷۷م،نامی پریس لکھنو.

(۳۱۸۱) سلطان محمود غزنوی : سیّد جمیل حسین

مولانا محمّد حبیب کی انگریزی کتاب کا ترجمه، چار باب ،

۱۳۸ ص، اله آباد : ہندوستانی اکیڈمی ، ۱۹۴۰م ، سٹی پریس اله آباد.

(۳۱۸۲) سلطان الهند محمّد شاہ بن تغلق : پروفیسر آغا مهدی حسین

آٹھ ابواب ،

۲۴۵ ص ، اله آباد : ہندوستانی اکیڈمی ، ۱۹۳۷م ، سٹی پریس اله آباد .

(۳۱۸۳) سلمان محمّدی : مولانا سید شوکت علی برق هلوری

حضرت سلمان فارسی کی سوانح ،

۴۸ ص،۱۹۲۷م ، صادق پریس لکھنو ، سید عترت حسین عترت نے تاریخ طبع کہی :

سلمان محمّد کی مکمل ہے سوانح ہے ذکر ورع تذکرہ علم و ہنر بھی
منظور نظر تغذیہ روح اگر ہے ہاں اہل نظر اک نظر شوق ادھر بھی
ہر صفحہ میں روحانیت اس درجہ بھری ہے گرویدہ ہوئے اسکے ملائک بھی بشر بھی
تحریر وہ دلچسپ کہ ہوں جذب نگاہیں دریائے معانی ہے کہ ہیں جس میں گہر بھی
تاریخ کی جب فکر ہوئی عترت خوش فہم اک وجد ہوا شاد ہوا قلب و جگر بھی
دو ٹکڑوں میں ہر ٹکڑے سے نکلا سن ہجری مقبول جہاں بھی ہوئی مقبول نظر بھی
(۱۳۴۵ھ) (۱۳۴۵)

(۳۱۸۴) سندھ کے جدید اردو شعراء : مشتاق علی جعفری
۴۴ شعراء کا تذکرہ مع نمونہ کلام ، مقدمہ میں سندھ میں زبان اردو کا جائزہ لیا گیا ہے ،
۲۲۸ ص ، ساڑھے پانچ روپے ، حیدرآباد: ظہیر سنز ،۱۹۶۱م ، سندھ یونیورسٹی پریس .

(۳۱۸۵) سہیل مر نہیں سکتا - زندہ ہے : سید منظر حسین کاظمی
۱۰۸ ص ، ۱۹۸۴م ، رضویہ سوسائٹی کراچی .

(۳۱۸۶) سوانح آل ہاشم : میر کاظم علی
اولاد عبد مناف کی سرگزشت یا آل ہاشم اور بنی امیہ کی خانہ جنگیوں کی یادگار اور اسلامی مدّ و جذر کی تاریخ ہے .
۷۳ ص ، ۱۹۳۲م ، نظامی پریس لکھنو .

(۳۱۸۷) سوانح جناب رباب سلام اللہ علیہا :مولانا سیّد قائم علی فانی (م۱۴۰۴ھ/ ۱۹۸۳م)
۱۶ ص ، بھکّر ، ناصر علی اینڈ سنز، ۱۹۷۱م ، پنجاب نیشنل پریس لاہور.

(۳۱۸۸) سوانح حضرت عمار بن یاسر : سیّد سبط الحسن سعید رضوی
۱۶ ص ، اسلام آباد : امامیہ دارالتبلیغ ، ۱۹۸۱م.

(۳۱۸۹) سوانح حیات جناب عمار بن یاسر : راحت حسین ناصری
۸۸ ص ، چھ روپے ، ۱۹۷۹م ، مشہور آفسٹ پریس کراچی .

(۳۱۹۰) سوانح حیات راجہ صاحب محمود آباد : سیّد اصغر علی شادانی
محمّد امیر خان (م ۱۳۴۳ھ) آف محمود آباد (ھند) کی سوانح
۲۲۳ ص ،۳۵روپے ، کراچی ، ناظم آباد ، ضامن آرٹ پریس کراچی ،۱۹۸۶م.

(۳۱۹۱) سوانح عمری حضرت مسلم بن عقیل : مولانا سید آغا مهدی (م ۱۴۰۶ھ)
۱۴۴ ص ، ۸ آنے ، لکھنو ، جمعیت خدام عزا ، ۱۹۴۴م، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۳۱۹۲) سوانحات سلاطین اودھ : سید کمال الدین حیدر
۱۹۰۷ م ، مطبع نولکشور لکھنو .

(۳۱۹۳) سوانح حیات غفران مآب : مولانا سید آغا مھدی لکھنوی (م ۱۴۰۶ھ)
مولانا سید دلدار علی بن سید محمّد معین نقوی(م ۱۲۳۵ھ/ ۱۸۲۰م) کی سوانح ،
۶۴ ص ، دو روپے ، کراچی : جمعیت خدام عزا ، ۱۹۷۶م.

(۳۱۹۴) سوانح حیدر علی خان : مولانا امجد علی اشھری
۳۹۰ ص ، ۱۹۲۰ م ، الیکٹرک پریس امرتسر .

(۳۱۹۵) سوانح عمری حضرت عمر حصہ اول : مولانا سید علی حیدر(م ۱۳۸۰ ھ/ ۱۹۶۱م) ۵۰۴ ص ، ۱۳۵۷ ھ ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۳۱۹۶) سوانح عمری حضرت عمر حصہ دوم : مولانا سید علی حیدر (م ۱۳۸۰ھ/ ۱۹۶۱م) .
۵۳۶ ص، ۱۳۵۹ ھ ، مطبع اصلاح کھجوا .

(۳۱۹۷) سوانح عمری لارڈ لارنس جلد اول / تاریخ بغاوت ھند : سیّد زوار حسین
۱۸۸۶ م ، لکھنو . (آصفیہ).

(۳۱۹۸) سوانح عمری لارڈ لارنس /تاریخ بغاوت ھند جلد ۲ : سید زوار حسین
۱۸۸۶م . (آصفیہ : ۳).

(۳۱۹۹) سیدہ شھربانو : مولانا غضنفر عباس تونسوی
۲۴ ص ، ۲۵ پیسے ، لاھور : ادارہ علوم الاسلام .

(۳۲۰۰) سیرۃ المحمود : مولانا محمّد عزیز مرزا
عماد الدّین محمود گاواں وزیر سلاطین بھمنیہ کی سوانح ،
۱۱۸ص ، سوا روپیہ ، ۱۳۴۶ ھ / ۱۹۲۷م ، نظامی پریس بدایوں .

(۳۲۰۱) سیاحوں کے حالات : سیّد شریف حسین انور
آٹھ سیاحوں کے مختصر حالات: فاھین ، ھیون سانگ، البیرونی، ابن بطوطہ، محمّد قاسم فرشتہ ، سرطامس رو، فرانسس برنیر .
۱۲۸ ص، ایك روپیہ ، لاھور : پنجاب بکڈپو ، ۱۹۵۹م ، حمایت اسلام پریس لاھور.

(۳۲۰۲) سیرۃ انساب : سیّد اصغر علی شاہ آف ھولز باغ (آزاد کشمیر).
انبیاء ، ائمہ خصوصاً سادات گردیزی کا تذکرہ ، مصنف نے نکاح ھاشمیہ لغیر

ہاشمی کی حرمت کا بھی ذکر کیا ہے ،
۲۰۸ ص، باغ ، ضیاء برقی پریس کراچی ،۱۹۷۱م .

(۳۲۰۳) سیّد شوکت حسین زیدی : سیّد صمد حسین رضوی
سیّد شوکت حسین زیدی ایم اے (آگرہ-علیگ- دہلی) سابق پرنسپل عربک کالج دہلی کی سوانح ، ۱۵۸ ص، مشہور آفسٹ پریس کراچی .

(۳۲۰۴) سیرت ابوذر غفاری : محمّد رضی کاظمی فتح پوری
دس ابواب ، ۱۰۴ ص ، ۸ آنے ، ۱۹۱۸م ، مطبع نولکشور لکھنو .

(۳۲۰۵) سیر پنجتن : حبیب حسن
لکھنو : صدیق بکڈپو .

(۳۲۰۶) شاگردان انیس : ڈاکٹر سید قمقام حسین جعفری (م ۱۹۸۴م)
میر ببر علی انیس (م ۱۸۷۴) کے شاگردوں کا تذکرہ ،
۳۰۴ ص ،۲۵روپے کراچی : مکتبہ جعفریہ ، نومبر ۱۹۷۹م ، سندھ آفسٹ پرنٹرز کراچی ، افسر صدیقی (م ۱۹۸۴م) نے تاریخ طبع کہی:

قمقام حسین جعفری صاحب نے — جو صدق دلی سے ہیں پرستار انیس
شاگرد انیس کے کئے ہیں یکجا — گویا کہ سجا دیا ہے دربار انیس
فردوسی ہند ان کو کہنا ہے بجا — لاریب یہ رتبہ ہے سزاوار انیس
تاریخ ہے انتہائے اعزاز کے ساتھ — اللہ غنی زینت گلزار انیس

(۱۹۷۹ء)

(۳۲۰۷) شجرۃ الانبیاء و الائمہ : مولانا محمّد اعجاز حسن صدیقی (م ۱۳۵۰ ھ)
(مطلع) .

(۳۲۰۸) شخصیات و مباحث :ڈاکٹر نظیر حسنین زیدی
آغا شاعر دہلوی ، سرفراز حسین تسنیم ، ابن انشاء ، اقبال عظیم ، ڈاکٹر اکبر حیدری، دوست علی خلیل، سید احمد حسن جمیل بڈولوی، میر جان اللہ شاہ اول وغیرہ ،
۲۲۴ ص ، ۲۵ روپے ، کراچی : مکتبہ مسعود ، ۱۹۸۳م ، آفسٹ پریس ناظم آباد ، کاتب : سید محمّد یوسف رضوی .

(۳۲۰۹) شروانی نامہ : محمّد عباس خان شروانی (م ۱۳۱۵ ھ)
شروانی خاندان کی تاریخ اور ان کے مشاہیر کا تذکرہ
۴۶۸ ص ، ۱۹۵۳م ، شروانی پرنٹنگ پریس دہلی .

(۳۲۱۰) شعرائے اردو اور عشق علی: سید ضمیر اختر نقوی
سات ابواب : عربی شاعری اور مدحت علی ، فارسی شاعری اور ثنائے علی ، اردو منقبت نگاری کا ارتقاء (دکنی زبان میں منقبت نگاری ، دھلوی منقبت نگار، غالب کی فارسی منقبت نگاری، لکھنو کا تمدن اور مذهب، دبستان لکھنو منقبت نگاری) ، شعرائے اردو اور عشق علی (امیر خسرو ، محمّد قلی قطب شاہ، ولی ، میر تقی میر، مرزا محمّد رفیع سودا ، نظیر اکبر آبادی ، میر سوز، قائم چاندپوری، شیخ غلام همدانی ، مصحفی ، شیخ قلندر بخش جراءت ، انشاء اللہ خان انشاء ، ممنون دهلوی ، میرزا اسداللہ خان غالب ، شیخ محمّد ابراهیم ذوق ، مومن خان مومن دهلوی ، بہادر شاہ ظفر ، ظهیر دهلوی ، شیخ امام بخش ناسخ ، خواجہ حیدر علی آتش ، واجد علی شاہ اختر ، اسیر لکھنوی، برق لکھنوی ، رشك لکھنوی ، سحر لکھنوی ، منیر شکوہ آبادی ، قلق لکھنوی، صبا لکھنوی ، امانت لکھنوی ، رند لکھنوی ، نظم طباطبائی، میر ذاکر حسین یاس لکھنوی ، ریاض خیر آبادی ، حسرت موهانی ، آرزو لکھنوی ، صفی لکھنوی ، ثاقب لکھنوی ، عزیز لکھنوی ، بیخود موهانی ، محشر لکھنوی ، اردو مرثیہ نگار شعراء اور مدحت علی(ع) .
۹۱۲ ص ، کراچی : مرکز علوم اسلامیہ ، ۱۹۹۳م.

(۳۲۱۱) شعرائے سندھ : محمّد ہدایت علی نجفی (م ۱۳۶۲ ھ)
۱۳۶۵ ھ.

(۳۲۱۲) شعور و شاعری : مولانا محمّد باقر شمس
تذکرہ میر انیس ، غالب ، داغ ، علامہ اقبال ، فانی ، جگر ، اصغر ، ماہر القادری ، فیض ، ابن انشاء ، میراجی اور احسان دانش .
۱۶۰ ص ، چھ روپے ، کراچی : دارالتصنیف.

(۳۲۱۳) شمس التواریخ جلد دوم : حکیم نواب علی خان
حکیم نواب علی خان، حضرت سماء الدین کی اولاد سے ہیں جن کا شجرہ نسب حضرت زبیر ابن عوام تك منتهی ہوتا ہے . اس کتاب میں بیسیوں شیعہ علماء ، حفاظ ، قراء اور حکماء کا ذکر ہے مثلاً حکیم نیاز علی خان بن شیخ نثار علی خان ، حکیم بندہ حسن بن شیخ عنائت علی عرف امام بخش ، حکیم امداد حسن صاحب رسالہ مقاصد حکمیہ و مطالب طبّیہ ، مولانا محسن علی بن حاجی قاسم علی محدث اخباری ، مولانا محمّد مرشد ابن

اعظم الدین خان ، مولانا حکیم فیروز علی خان ابن حکیم رضی الدین خان، مولانا حکیم احمد رضا عرف حکیم رمضان علی خان ابن امام الدین خان ، مولانا حکیم مشتاق علی خان ، مولانا ابو علی خان ، حافظ امام الدین خان بن حکیم قوام الدین خان ، حافظ سیّد محمّد اسماعیل ، حافظ سیّد محمّد اسرائیل ، حافظ سیّد منظور حسین ، حافظ سیّد بشیر علی ، حافظ محمود خان ، حافظ سید زمرد حسین .

اُن کتابوں کا تذکرہ بھی آگیا ہے جو اس وقت ہماری دسترس سے باہر ہیں مثلاً معراج المعرفت ، کنز المعرفت ، ناصر الایمان ، جواہر زواہر ، رسالہ منتخب چند رسالہ ، منتخب رسالہ جواہر زواہر ، فرائد الفوائد ، سیف المومنین المقلب بہ کشف الرین فی اثبات العزاءِ الحسین ، جامع المفردات وغیرہ.

اس کتاب میں خاندان کے وقف اور منشائے واقف کا ذکر بھی موجود ہے۔

۱۳۳ ص، ۱۸۹۹م ، مطبع رائے منشی گلاب سنگھ.

(۳۲۱۴) شہید محمّد علی رجائی - حالات زندگی پر ایک نظر :

۳۱ ص ، ایران : وزارت ارشاد اسلامی ، ۱۴۰۲ ھ

(۳۲۱۵) الشیخ احمد :

شیخ احمد احسائی (م ۱۲۲۳ھ) بانی فرقہ شیخیہ کے متعلق سید محمّد باقر موسوی نے اپنی کتاب « روضات الجنات فی احوال العلماءِ و السادات » میں جو کچھ لکھا ہے اس کا ترجمہ

۲۷ ص.

(۳۲۱۶) شیخ احمد احسائی - ایک استعماری ایجنٹ : سید علی اصغر نقوی

صدر اسلامی جمهوری ایران حجة الاسلام آقای علی اکبر هاشمی رفسنجانی کی کتاب«امیر کبیر یا قهرمان مبارزه با استعمار» سے اقتسابات پیش کئے گئے ہیں

۱۲ ص ، ملتان : مرکز ردّ شیخیت ، کاتب : اظہر حسن شاکری .

(۳۲۱۷) شیخ احمد احسائی کے متعلق ہمارا موقف : مولانا سیّد ابن حسن شیرازی

شیخ احمد احسائی و مرزا حسن الحائری کی مختصر سوانح ،

۱۶ص ، فیصل آباد ، درس آل عمران .

(۳۲۱۸) شیعہ ڈائرکٹری : محمّد وصی خان

۲۵ روپے ، کراچی : محفل حیدری ناظم آباد ، شیخ شوکت علی پرنٹرزکراچی.

(۳۲۱۹) شیعیان لبنان : شیخ علی ادیب
۵۴ ص ، اسلام آباد : جامعہ اہلبیت ۔

* الشیخ المضیرہ (عربی): محمدّ ابوریہ مصری۔

(۳۲۲۰) شیخ المضیرہ : مولانا سید محمدّ موسی رضوی
تذکرہ حضرت ابوہریرہ ،
۳۳۳ ص ، ۲۰ روپے ، کراچی :ادارہ عظمت انسانیت، ۱۳۹۸ ھ/ ۱۹۷۷م،
الشہید پرنٹنگ ایجنسی کراچی ۔

(۳۲۲۱) ضادید عجم : مہدی حسین ناصری
۱۹۴۱ م ، الہ آباد۔

(۳۲۲۲) ضیائے لطیف- سوانح حیات برّی امام :طالب حسین طالب و آغا ناشر(م۱۹۹۳م)
سیدّ عبداللطیف موسوی المعروف بہ بری امام (م ۹۶۴ھ) کی سوانح ، اس کتاب میں احقر کا بھی ایک مضمون بعنوان « حضرت بری امام کے سن وصال کا تاریخی تجزیہ » ،
۹۶ ص ، چھ روپے ، نورپور شاہاں اسلام آباد،۱۳۹۵ھ/۱۹۷۵م، تعمیر پرنٹنگ پریس راولپنڈی ۔

* حیاۃ القلوب (فارسی) : محمدّ باقر مجلسی (م ۱۱۱۱ ھ)۔

(۳۲۲۳) ضیاء النفوس ترجمہ حیاۃ القلوب جلد سوم : مولانا حشمت علی
۴۱۴ ص ، لاہور : شیعہ جنرل بك ایجنسی ، ۱۹۶۲م ، انصاف پریس لاہور ۔

(۳۲۲۴) طعن النصول : حاجی آل محمدّ
اسباب قتل حضرت عثمان بن عفّان (مطلع)۔

(۳۲۲۵) طلب صادق : سیدّ مصطفی حسن رضوی
مسٹر الیگزینڈر کی بیٹی للّی کا تذکرہ جس نے نجف اشرف کے ایک عالم شیخ تقی سے علم دین حاصل کیا مسلمان ہوئی اور کربلا میں دفن ہوئی۔
۴۰ ص ، ۸ آنے ، لکھنو : سرفراز قومی بکڈپو ، سرفراز قومی پریس لکھنو ۔

(۳۲۲۶) عارفین اسلام: آغا اشرف
۲۹ صوفیائے کرام کا تذکرہ،
۱۳۹ ص ، پندرہ روپے، لاہور: المعارج ، ۱۹۸۴م، الجدہّ پرنٹرز لاہور ۔

(۳۲۲۷) عبدالحمید عدم - شخصیت اور فن : اسرار زیدی
عنوانات : عدم کا آخری انٹرویو ، شاعری میں عدم کی موجودگی ، عدم اور

فقیری ، عدم کی شاعری ، عدم کا شعری المیہ ، عدم کے شعری مجموعے ، بے لاگ تبصروں کا شاعر ،ملک آشفتگی کا شہزادہ ، عدم اور اس کی شاعری، اردو شاعری کا معصوم آدمی ، شاعر حیات - عدم ، شراب و شعور کا شاعر، عبدالحمید عدم ، اختر شیرانی کا ہمزاد ، اردو شاعری کا معصوم آدمی ،
۳۶۶ ص ، چالیس روپے ، لاہور : شیخ غلام علی اینڈ سنز ، ۱۹۸۲م ، علمی پرنٹنگ پریس لاہور.

(۳۲۲۸) عبداللہ بن عباس : علامہ سید علی نقی نقوی (م ۱۹۸۸م)
۱۶ ص، لاہور : امامیہ مشن ، ۱۹۶۳م ، الھلال پریس لاہور .

(۳۲۲۹) عبرۃ الناظرین : سید تقی حسین جانسی
« الفتوح » سے حضرت عثمان سے متعلق حصّے کا ترجمہ ، ۴۱ ص ، دو آنے ، ۱۳۲۳ ھ ، مطبع یوسفی دھلی .

* عبقریۃ الشیخ الاوحد شیخ احمد بن زین الدین احسائی (عربی) : مولانا محمّد حسنین سابقی .

(۳۲۳۰) عبقریۃ الشیخ الاوحد شیخ احمد بن زین الدین احسائی : مولانا آغا عبدالحسن سرحدی و مولانا ناصر حسین نجفی
۳۱ ص ، فیصل آباد : درس آل محمّد .

(۳۲۳۱) علمبردار وحدانیت : نواب رضا علی خان
حضرت عباس علمدار کی سوانح ،
۱۶ ص ، مفت ، انصاف پریس لاہور .

* مناقب آل ابیطالب (عربی) : محمّد بن علی شہر آشوب .

(۳۲۳۲) عمدۃ المطالب جلد سوم : مولانا محمّد شریف
حضرت امام جعفر صادق سے حضرت حجّت تک کے حالات ،
۳۵۲ ص ، ملتان : مکتبۃ الساجد ، حافظ پرنٹنگ پریس ملتان .

(۳۲۳۳) عناصر الایمان فی تراجم الصحابۃ الاربعۃ الاعیان : مولانا سیّد محمّد مجتبی نوگانوی، حضرات ابوذر، مقداد، عمار و سلمان فارسی رضی اللہ عنھم کا تذکرہ ،
۳ آنے ، ۱۳۵۵م ، نوگانواں ضلع مراد آباد (الذریعہ ۱۵:).

(۳۲۳۴) غضب البتول : حاجی سیّد آل محمّد (مطلع).

(۳۲۳۵) الغفاری : مولانا سیّد نجم الحسن کراروی (م ۱۹۸۲م)
حضرت ابوذر غفاری کی سوانح، اس کتاب میں مجالس المومنین کے حوالے سے تحریر کیا ہے کہ جبل عامل(لبنان)میں حضرت خضرو حضرت الیاس کی قبریں ہیں ،
۴۶۰ ص، ساڑھے پانچ روپے ، لاھور، مکتبہ امامیہ ، ۱۹۶۳م ، نامی پریس لاھور .

(۳۲۳۶) فارسی بلگرام : سیّد علی اصغر بلگرامی
تذکرہ شعرائے بلگرام (ھند) ،
۵۶ ص ، ۱۳۴۶ ھ، حیدرآباد دکن.

(۳۲۳۷) فاطمہ بنت اسد : سیّد حشمت حسین جعفری
۷۹ ص ، ۷ روپے ، کراچی : مکتبہ مسعود ، ۱۹۸۱م .

(۳۲۳۸) فاطمہ جناح - حیات اور خدمات : ڈاکٹر آغا حسین ھمدانی
عنوانات : ابتدائی زندگی ، فاطمہ - بھائی کے ساتھ ، سیاسی خدمات ، سماجی و دینی خدمات ، فاطمہ جناح کی وفات ، فاطمہ جناح کی شخصیت ،
۱۹۲ ص ، بائیس روپے ،اسلام آباد : قومی کمیشن برائے تحقیق تاریخ و ثقافت، ۱۹۷۸م ، فیض الاسلام پریس راولپنڈی .

(۳۲۳۹) فتنہ صحابیت : شیعوں کا عقیدہ دربارہ صحابہ و تذکرہ صحابہ ،
۸۰ ص ، فیصل آباد : مبلغ اعظم اکیڈمی، اسود آفسٹ پریس فیصل آباد ، کاتب : خلیل الرحمن مرزا .

(۳۲۴۰) فردوسی ھند : ڈاکٹر صفدر آہ
میر انیس کے شاگرد رشید سید محمّد افضل فارغ بن حکیم سید طاھر علی کے « رزمیہ مراثی کا جائزہ - ڈرامے اور اداکاری کے فن کی روشنی میں » لیا گیا ہے ،
۱۹۲ ص ، پونے چار روپے ، بمبئی : کتاب کدہ ، قادری پریس بمبئی.
{ سیّد محمّد افضل فارغ ۲۷ جنوری ۱۸۴۳م کو سیتاپور میں پیدا ہوئے انیس کی شاگردی اختیار کی ۱۷ جون ۱۹۰۰م کو سرسام دماغی کی وجہ سے واصل بحق ہوئے }

(۳۲۴۱) الفرق (حصہ اول) : مولانا مرزا عابد علی بیگ قزلباش
مولانا شبلی نعمانی (م ۱۹۱۴م) کی کتاب « الفاروق » کا ردّ

عنوانات : الفاروق کے لئے تاریخی مواد ، حضرت عمر کے نام و نسب اور اعزاز خاندانی کی بحثیں ، حضرت عمر کا واقعہ قبول اسلام، غزوہ احد اور حضرت عمر ، سقیفہ بنی ساعدہ کے متعلق بحثوں کی حقیقت ، فردوسی پر غلط اور متعصبانہ الزام ،

۲۹۶ ص ، سوا روپیہ ، ۱۹۰۵م ، برلاس پریس مراد آباد.

آغاز : یہ سچ ہے کہ اس الفاروق کے وجود میں آنے کی بہت نگاہیں مشتاق تھیں ذی علم مصنف کی طرف سے صرف « المامون» میں اس کے وجود میں لانے کا ذکر ....

(۳۲۴۲) الفرق حصہ دوم : مرزا عابد علی بیگ قزلباش

« الفاروق » حصہ دوم کا ردّ

عنوانات : چنگیز ، بخت نصر ، تیمور، نادر شاہ بڑے بڑے فاتحوں کی سلطنوں کا دیرپا ہونا، مفتوح قوموں سے حضرت عمر کے سلوک کی حقیقت ، بحث نظام حکومت حضرت عمر ، سیاست و تدبیر عدل و انصاف ،

۶۷۲ ص .

(۳۲۴۳) فروع ایمان / خصائص ابوذر :

۶۰ ص. (ذریعہ : ۱۶).

(۳۲۴۴) فسانۂ عبرت : مرزا رجب علی بیگ سرور (م ۱۸۶۷م)

سید مسعود حسن رضوی ادیب نے مرتب کی ، اودھ کے آخری چار بادشاہوں نصیر الدین حیدر ، محمدؐ علی شاہ ، امجد علی شاہ اور واجد علی شاہ اختر کے حالات زندگی ،

۱۲۸ ص ، ڈیرھ روپے ، لکھنو : کتاب نگر ، ۱۹۵۷م،تنظیم پریس لکھنو .

(۳۲۴۵) فضائل اہلبیت : محمدؐ عسکری

لکھنو : نسیم بکڈپو لاٹوش روڈ .

(۳۲۴۶) فضائل الشہداء : میرزا کلب حسین نادر

خمسہ نجباء و شہدائے کربلا کا تذکرہ ، ۱۲۷۱ھ، مطبع سعد الاخبار اکبرآباد.

(۳۲۴۷) فضل حق آزاد - بحیثیت نظم نگار : پروفیسر علی حیدر نیّر

۱۹۶۴م ، پٹنہ .

(۳۲۴۸) قصہ - جاریہ جناب سیدہ النساء العالمین : راحت حسین ناصری

۶۴ ص ، ڈہائی روپے ، کراچی ، باب الاسلام پریس کراچی .

(۳۲۴۹) فکر بلیغ : علی محمّد شاد عظیم آبادی (م ۱۳۴۵ھ/۱۹۲۷م)
چھ شعراء کا تذکرہ ،
۳۷۶ ص، گیارہ روپے ، لکھنو : نسیم بکڈپو ، ۱۹۷۴م، نامی پریس لکھنو .

(۳۲۵۰) فکر فرنگ : آغا افتخار حسین
یورپ کے آٹھ مفکرین کا تذکرہ ،
۱۹۷ص،۱۹۴۶م،رزاقی مشین پریس حیدرآباد دکن .

(۳۲۵۱) قدیم ہنر و ہنرمندان اودھ : سیّد اسرار حسین خان
اودھ میں علمی ، عملی ، تجارتی اور تفریحی فنون سے متعلق جو شخصیات گزری ہیں اُن کا تذکرہ ،
۲۲۴ ص ، ۱۹۳۶م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۳۲۵۲) قرآن - سلمان - ایران : علامہ محمّد بشیر انصاری (م ۱۹۸۳م)
۴۸ ص ، ۱۹۶۶م ، عباسی لیتھو آرٹ پریس کراچی .

(۳۲۵۳) قصص ہند : مولانا محمّد حسین آزاد (م ۱۹۱۰م)
بار اول ۱۸۷۲م در سرکاری مطبع لاہور ، زیر نظر
۱۸۷ ص ، دو روپے ، لاہور:مجلس ترقی ادب ، ۱۹۶۱م ، اپل پریس لاہور .

(۳۲۵۴) قصیدہ نگاران اترپردیش : سید علی جواد زیدی
۴۲۴ قصیدہ نگاران کا تذکرہ ،
۲۹۲ ص ، اٹھارہ روپے ، لکھنو : اتر پردیس اردو اکاڈمی ، ۱۹۷۸م ، اسرار کریمی پریس الہ آباد .

(۳۲۵۵) قطب الاقطاب سیّد ابوالفضل جمال الدین محمّد شاہ یوسف گردیز: حسن رضا گردیزی ،
۱۶۰ ص ، ملتان : کاروان ادب ، ۱۹۸۳م.

(۳۲۵۶) قوم کی آواز : ڈاکٹر عابد حسین
مہاتما گاندھی(م ۱۹۴۸م)کی خود نوشت جو انگریزی زبان میں تھی،کا ترجمہ،
۳۹۴ ص ، دھلی : جامعہ ملیہ ، ۱۹۳۳م .

* The Story of Nations: T.W.Race

(۳۲۵۷) قوموں کی کہانیاں : ڈاکٹر سید سجاد
۱۹۲۲م ، حیدرآباد دکن .

(۳۲۵۸) کارنامہ تبلیغ : مولانا سید محمّد الیاس رضوی جارچوی

تبلیغات حضرات انبیاء و ائمہ علیهم السلام ،
۲۴ص، دهلی:امیر بك ایجنسی، ۱۳۴۸ ھ ، جامعه ملیه پریس دهلی .
(۳۲۵۹) کاسات از آب حیات : آغا محمّد باقر
مولانامحمّد حسین آزاد (م ۱۹۱۰م)کی کتاب «آب حیات» کا خلاصه ،
۹۱ص ،۱۲ آنے ، لاهور: شیخ مبارك علی تاجر کتب،۱۹۴۴م ، علمی پرنٹنگ پریس لاهور .
(۳۲۶۰) کتاب الاحیاء و الاموات : مولانا سید محمّد لطیف زنگی پوری
اُن اهل علم کا تذکرہ جو زنگی پور (هند) میں پیدا ہوئے ،
۸ آنے .
(۳۲۶۱) کتاب الصحابه : مولانا سید ولی حیدر نقوی (م ۱۹۷۴)
حضرت مقداد و حضرت جابر بن عبداللّٰه انصاری کی سوانح ،
۱۹۲ ص، سات روپے ، لاهور: گلستان زهرا ، منظور پرنٹنگ پریس لاهور .
(۳۲۶۲) کردار یزید : سید فضل عباس نقوی
۱۶ ص ، ایك روپیه ، ملتان : وفاق علماءِ شیعه .
* کشتی نجات (فارسی) : مصطفی زمانی .
(۳۲۶۳) کشتی نجات : فضل حق
تذکرہ نوح علیه السلام ،
۶۰ ص ، کراچی : جامعه تعلیمات اسلامی،۱۴۰۱ھ/۱۹۸۱م ، کانٹینینٹل آفسٹ پرنٹرز کراچی ، کاتب : سید جعفر صادق .
(۳۲۶۴) کشف الداهیة فی تحقیق اول قتیل و توثیق زیارة الناحیه /تصحیح زیارہ ناحیه بضمن اول قتیل : مولانا سید سبط الحسن ہنسوی .
حضرت علی اکبر کربلا میں پہلے شهید ہیں ،
۳۸ ص،بنارس:ادارہ علمیه جامعه جوادیه، علمی الیکٹرک مشین پریس بنارس.
(۳۲۶۵) کشف الداهیة شرح زیارة الناحیه جلد سوم : مولانا سید محمّد رضا
۳۲ ص ، ۱۳۱۰ ھ، مطبع امامیه لکهنو .
(۳۲۶۶) کربل نگری : خلش پیر اصحابی
پنجابی ، سندهی اور سرائیکی مرثیے کی مختصر تاریخ ،
۳۲ ص ، دو روپے ، بهکّر ، بزم انیس ، ۱۴۰۳ ھ.
(۳۲۶۷) کلام فرقانی : سید محمّد کرار حسین روحانی

سید احمد حسن فرقانی (م ۱۹۰۵م) کی سوانح ، ۱۱۸ ص ، ۱۳۲۳ھ/ ۱۹۰۵م ، مطبع نامی کانپور .

(۳۲۶۸) کنز الانساب : ملک شاہ ابن جماعت علی
سوانح ائمہ اہلبیت اور اُن سادات کا تذکرہ جو اسوقت ھند میں تھے ،۱۳۵۵ھ.

(۳۲۶۹) کورش اعظم - ذوالقرنین : سید وزیر الحسن عابدی (م ۱۹۷۹م)
اصل کتاب انگریزی میں ہے جو ولیم ہیرلڈ کی تحریر کردہ ہے ،۱۹۶۸م ،لاھور: مقبول اکیڈمی .

(۳۲۷۰) کیا خوب آدمی تھا : ڈاکٹر عابد حسین
اُن شخصیات کا تذکرہ جنھوں نے اس دنیا میں جد و جہد کی ،
سوا روپیہ ، دھلی : جامعہ ملیہ .

(۳۲۷۱) کیا یزید قتل حسین سے بری ہے ؟ : سید محمّد قیصر جعفری
۳۲ ص ، مفت ، کراچی : مکتبہ اصلاح .

(۳۲۷۲) گاندھی بابا کی کہانی : قدسیہ بیگم زیدی
۸۴ ص ، چار روپے ، نئی دھلی : مکتبہ جامعہ .

(۳۲۷۳) گلبدن بیگم : سید ابن حسن شارق
شہنشاہ بابر کی بیٹی گلبدن بیگم کا تذکرہ ،
۱۰۰ روپے ، خواجہ برقی پریس دھلی .

(۳۲۷۴) گلزار وفا : غلام حسین خان خلش پیر اصحابی
مرثیہ نگاروں کا تذکرہ ،
۳۲ ص ، پونے دو روپے ، بھکّر : مکتبہ خلش ، ۱۹۷۶م ، کمرشل سٹیم پریس ڈیرہ اسماعیل خان : کاتب : فخر سلیمانی .

(۳۲۷۵) گلشن ابیطالب : سید اختر حسین
چند خطبات : خطبہ نکاح جو حضرت ابوطالب نے پڑھا ، خطبہ غدیر ، خطبہ حضرت علی ، خطبہ حضرت فاطمہ ، خطبہ امام حسین ،
۶۰ ص ، پشاور : یکہ توت .

(۳۲۷۶) گلشن جعفری : نواب میر نثار حسین خان
جعفر نیشاپوری ، میر زین العابدین اور میر کاظم یزدی کے خاندانوں کا تذکرہ
۲۰۴ ص ، ۱۳۱۴ ھ ، مطبع عزیز دکن حیدرآباد دکن.

(۳۲۷۷) گلشن ھند : سید حیدر بخش حیدری دھلوی

۲۸۹ شعرائے اردو کا تذکرہ ،
۱۰۲ ص، ۱۹۶۶ م ، تاریخ تکمیل : ۱۲۱۵ھ، خود مصنف نے تاریخ کہی :

مرتب کر چکا جب تذکرہ میں — ز روی حق یہ بولے شیخ اور رند
کہی تاریخ اسکی حیدری خوب — اسے کہتا ہے ہر اک گلشن ہند(۱۲۱۵ھ)

(۳۲۷۸) لارڈ کلائیو : ابن حسن
کرنل جی بی ایسن کی کتاب کا ترجمہ ، پندرہ ابواب ،
۱۴۰ ص ، ۱۹۲۶م، مطبع جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن.
{ لارڈ ابرٹ کلائیو ۱۷۲۵م کو پیدا ہوئے ۱۷۴۳م کو ایسٹ انڈیا کمپنی میں ایک معمولی کلرک کی حیثیت سے بھرتی ہو کر مدراس آئے ۱۷۴۴م سے کمپنی کی فوج میں ملازمت کی ۱۷۴۸م کو فرانسیسی فوجوں سے مقابلے میں نام پیدا کیا ۱۷۵۱م کو کرناٹک پر قبضہ کیا کمپنی نے اُنہیں مدراس کا گورنر بنا دیا ۱۷۵۷م کو جنگ پلاسی میں نواب سراج الدولہ اپنوں کی غداری کیوجہ سے ہار گئے اور یوں کلائیو نے ۱۷۶۰م تک بنگال پر حکومت کی اسی سال انگلستان واپس بلالئے گئے اور ۱۷۶۵م کو دوبارہ بنگال کے گورنر کی حیثیت سے واپس آئے اور اب بہار اور اڑیسہ کو بھی سلطنت انگریزی میں شامل کرلیا ۱۷۶۷ م کو سبکدوش ہوئے اور ۱۷۷۴ کو خودکشی کی }

(۳۲۷۹) لال شہباز قلندر : مولانا سید آغا مہدی (م ۱۴۰۶ھ)
۶۴ ص ، ڈیرھ روپیہ ، جمعیت خدام عزا کراچی ، ضیاء برقی پریس کراچی .

(۳۲۸۰) لقمانی حکیم مثالی باپ : آغا علی موسوی
داؤد الہامی کی کتاب کا ترجمہ ،
۳۲ ص ، لاہور : امامیہ پبلی کیشنز امامیہ قراءت کالج .

(۳۲۸۱) لکھنو کے چند نامور شعراء، جلد اول : ڈاکٹر سیّد سلیمان حسین
نو شعراء کا تذکرہ : مرزا محمّد تقی خان ہوس ، دیوان نواب آصف الدولہ ، میر مستحسن خلیق ، مرزا محمّد رضا برق ، میر علی اوسط رشک ، نواب سید محمّد خان رند ، سیّد مظفر علی اسیر ، سید ضامن علی جلال ، منشی امیر اللہ تسلیم ،
۳۲۸ ص ، بارہ روپے ، لکھنو : اتر پردیش اردو اکادمی ، ۱۹۷۳م ، سرفراز قومی پریس لکھنو ، کاتب : قیصر مرزا لکھنوی .

(۳۲۸۲) لکھنو کی پانچ رنگین راتیں اور دوسری باتیں : سردار جعفری

آپ بیتی ،
۲۰۵ ص ، ساڑھے تین روپے ، دھلی : میر اینڈ کمپنی پبلیشرزاینڈ بک سیلر ، ۱۹۶۴م ، انڈیا لیتھو پریس دھلی ۔

(۳۲۸۳) لمعات تطہیر : عذرا عزمی
حضرات مریم ، آمنہ ، خدیجۃ الکبری ، ام سلمی ، فاطمہ بنت اسد ، فاطمۃ الزھرا ، زینب بنت علی، ام کلثوم ، ام البنین مــادر حضرت عباس علمدار ، شہربانو ، ام رباب ، ام لیلی ، نرجس خاتون اور فضّہ سلام اللّٰہ علیھنّ کا تذکرہ
۱۴۴ ص، ۵۰ روپے ، اسلام آباد ، ۱۴۱۴ھ /۱۹۹۴ م ، ایس ٹی پرنٹرز راولپنڈی ۔

(۳۲۸۴) ماسٹر رام چندر : ڈاکٹر سیدہ جعفری
پی ایچ ڈی کا مقالہ : ۱۹۶۰م ، حیدرآباد (دکن) ۔

(۳۲۸۵) ماھیتہ معاویہ : مولانا مرزا احمد علی (م ۱۹۷۰م)
۶۴ ص، لاھور :جعفریہ ایسوسی ایشن ، ۱۳۴۰ ھ/ ۱۹۲۱م ، پرکاش سٹیم پریس لاھور ۔

(۳۲۸۶) محققین اسلام : آغا اشرف
۷۵ اُن محققین اسلام کا تذکرہ جنھوں نے سائنس اور ریاضی میں اپنا نام پیدا کیا ،
۱۱۲ ص، پندرہ روپے ، لاھور: المعارج ، ۱۹۸۵م ، الجدّہ پرنٹرز لاھور۔

(۳۲۸۷) محمّد علی : خواجہ محمّد عباس
مولانا محمّد علی جوھر (م ۱۹۳۱م) کا تذکرہ ،
۶۴ ص ، ۱۹۳۶م ، دھلی: جامعہ پریس ۔

(۳۲۸۸) مجاھد اسلام شھید نواب صفوی : سید مظھر عباس ایڈووکیٹ کراروی فارسی سے ترجمہ ،
۱۹۳ ص ، ایران : سازمان تبلیغات اسلامی تھران ، ۱۴۰۶ھ۔

(۳۲۸۹) مجھے کہنا ہے کچھ اپنی زباں میں : صالحہ عابد حسین
خواجہ غلام السیدین (م ۱۹۷۱م) کی خود نوشت جسے صالحہ عابد حسین نے مرتب کیا ، نئی دھلی : سیدین میموریل ٹرسٹ ، ۱۹۷۴م ۔

(۳۲۹۰) مختصر حالات ابن رشد : سید ھمایوں مرزا
۴۴ ص ، ۱۹۲۳م ، مطبع شمسی آگرہ ۔

(۳۲۹۱) مختصر سوانح حیات شہزادی زیب النساء : مولانا سیّد آغا مہدی(م ۱۴۰۶ھ)
اورنگزیب عالمگیر کی صاحبزادی زیب النساء کا تذکرہ ،
۳۳ ص ، ایک روپیہ ، کراچی : جمعیت خدام عزا.

* کودک نیل (فارسی) : مصطفی زمانی.

(۳۲۹۲) مرد انقلاب : ڈاکٹر سید سہیل بخاری
تذکرہ حضرت موسی علیہ السلام ،
۲۲۷ ص،۱۴۰۱ھ /۱۹۸۱م، قادر پرنٹرز کراچی : کاتب : سید جعفر صادق .

(۳۲۹۳) مرثیہ نگاران اردو (جلد اول) : مرزا امیر علی جونپوری
۵۴۵ مرثیہ نگار شعراء کا تذکرہ مع نمونہ کلام،
۵۵۶ ص ،۱۲۰ روپے ، لکھنو: اردو پبلیشرز ، ۱۹۸۵م ، سرفراز پریس لکھنو ،
کاتب : نقی حسین لکھنوی.

(۳۲۹۴) مرثیہ نگاران امروھہ : عظیم امروھی
گیارھویں صدی ھجری سے چودھویں صدی ھجری کے نصف آخر تک کے مرثیہ گو شعراء کا تذکرہ مع نمونہ کلام .
۶۶۴ ص ، پچاس روپے ، کراچی : الاتحاد کمیٹی کورنگی ، ۱۹۸۴م ، مہران پروسس کراچی ، کاتب : کفیل امروھی و امان امروھی ، نسیم امروھی (م ۱۹۸۷م) نے تاریخ کہی :

مرحبا کیا خوب ہے تحقیق و تاریخ ادب یہ تیرے ذھن رسا کا کارنامہ ہے عظیم
لکھدو اس مصرعہ میں سال طبع و موضوع کتاب یہ مکمل «مرثیہ گویان امروھہ» نسیم
(۱۴۰۴ھ)

(۳۲۹۵) مرقع عبرت : مولانا مھدی حسن
اصل کتاب انگریزی میں ہے جو سید حسین بلگرامی(م ۱۹۲۵م) کی تحریر کردہ ہے ، تذکرہ نواب میر تراب علی خان بہادر ،
۱۹۱ ص ، مطبع کنز العلوم حیدرآباد دکن.

(۳۲۹۶) مرگ شباب : آغا علی ناشر (م ۱۹۹۳م)
سفیر حسین (م ۱۹۷۹م) ابن سائیس محمّد رفیق آف نور پور شاہاں جن کا اوائل عمر میں انتقال ہوگیا تھا ، کی سوانح ،
۴۸ ص ، دو روپے .

(۳۲۹۷) مرزا سلامت علی دبیر : اکبر حیدری
۲۲۸ ص ، بیس روپے ، لکھنو : اردو پبلیشرز .

(۳۲۹۸) مشارق الانوار :
پندرہ حصے ، چودہ حصوں میں فضائل چاردہ معصوم اور آخری حصے میں مطاعن دشمنان اہلبیت ، ۸ آنے ، مطبع اثنا عشری دہلی ۔

(۳۲۹۹) مصائب پنجتن : مولانا غلام علی بہاونگری (م ۱۹۴۴م) (ذریعہ : ۲۱).

(۳۳۰۰) مصنفین اردو : سیّد زوار حسین زیدی
صرف نثر نگاروں کے حالات زندگی ، ۲۳۲ ص ، ڈھائی روپے ، لاہور : مکتبہ اشاعت ادب ، اس سے پہلے ۱۹۳۹م کو یہ کتاب حالی پرنٹنگ ہاؤس دہلی نے شائع کی تھی ۔

(۳۳۰۱) مطالعہ داغ : ڈاکٹر سید محمّد علی زیدی
سات ابواب : ہندوستان خصوصاً دہلی کی سماجی اور تمدنی حالت(انیسویں صدی میں)، سوانح حیات اور ادبی زندگی، غزلیات داغ ، دیگر اصناف سخن، مکتوبات داغ ، زبان داغ ، داغ کا اثر ،
۳۸۰ ص ، چالیس روپے ، لکھنو :کتاب نگر، ۱۹۷۴م ، نظامی پریس لکھنو: کاتب: محمّد ناظم علی خان پالوی.

(۳۳۰۲) مطلع انوار : مولانا سید خیرات احمد
میر انیس کی شاعری پر تبصرہ ،
۵۶ ص ، ۱۹۲۵م ، گیا (بہار).

(۳۳۰۳) مظلوم باپ کی مظلوم بیٹی : مولانا سید محمّد باقر نقوی
ماھنامہ « سیپ» میں ڈاکٹر میمونہ انصاری کا ایک مضمون حضرت سکینہ بنت الحسین کے بارے میں شائع ہُوا تھا اس کا ردّ ،
۲۰ ص ، لاھور : مکتبة الھمدانی ، ۱۹۷۲م ، ثنائی برقی پریس لاھور
[ماھنامہ سیپ کراچی فروری مارچ ۱۹۷۲م ، میر انیس نمبر ، ڈاکٹر میمونہ انصاری کا مضمون بعنوان «انیس کے مرثیوں میں زنانہ کردار » قابل اعتراض جملوں کیلئے دیکھئے صفحہ۲۵۶]

(۳۳۰۴) مظلوم کربلا کا سفیر : مولانا سیّد مظفر حسین
مائل ملیح آبادی کی کتاب « شھیداں کربلا » میں حضرت مسلم بن عقیل سے ایک داستان عشق منسوب کی گئی ہے اس کا ردّ ،
۲۴ ص، انیس پیسے ، لاھور:امامیہ مشن پاکستان ، ۱۹۶۲م، تعلیمی پریس لاھور ۔

(۳۳۰۵) مظلومہ شہزادی : مولانا سیّد نجم الحسن کراروی (م ۱۹۸۲م)
حضرت سکینہ بنت الحسین کی سوانح ،
۲۴ ص ، لاہور : افتخار بکڈپو اسلام پورہ ، نامی پریس لاہور .

(۳۳۰۶) معتبر حالات انبیاء (جلد اول) :مظفر علی خان
حضرت آدم تا حضرت موسی علیہم السلام کے حالات ،
۵۴۴ ص ۲۵، روپے ، کراچی:انجمن ایمانیہ، ۱۹۷۹م، شوکت علی پریس کراچی، مشتاق علی الہ آبادی.

(۳۳۰۷) معراج المضامین : مولانا اسماعیل حسین منیر شکوہ آبادی
ائمہ اہلبیت کی سوانح (ذریعہ : ۲۱).

(۳۳۰۸) معصوم شہزادی : مولانا سیّد اسد علی
حضرت سکینہ بنت الحسین کی سوانح ،
۲۴ ص ، تین آنے ، لاہور : امامیہ مشن ۱۹۵۶م ، تعلیمی پریس لاہور .

(۳۳۰۹) معصومین سے ملاقات :
سید مہدی آیۃ اللہی کی کتاب کا ترجمہ ، حضرت امام زین العابدین ، امام محمّد باقر اور امام جعفر صادق علیہم السلام کا تذکرہ ،
۵۴ ص ، کراچی : دانشگاہ امامیہ ، الاطہر پرنٹرز کراچی .

(۳۳۱۰) معصومین کے مختصر حال :
ایک روپیہ بارہ آنے ، مطبع یوسفی دہلی (فہرست).

(۳۳۱۱) معلومات جعفریہ : آغا نذیر مرزا کاوش
تیرہ ابواب ،
۵۹۲ ص،۱۸، روپے ، کراچی:مکتبہ جعفریہ ، ۱۹۷۶م ،آغاز پرنٹرز کراچی .

(۳۳۱۲) مقدمہ فلسفہ آل محمّد : علامہ سید ابن حسن جارچوی (م ۱۹۷۳م)
۲۱۳ ص ، لکھنو : امیریہ دارالتصنیف و التألیف محمود آباد ہاؤس قیصرباغ، ابراھیمیہ پرنٹنگ پریس لکھنو .

(۳۳۱۳) مقصرین کا غلط پروپیگنڈا اور اسکا جواب :مولانا محمّد اسماعیل (م۱۹۷۶م)
شیخ احمد بن زین الدین احسائی(م ۱۲۲۳ ھ) کی حمایت ،
۱۲ص ،۱۹۷۵م ، لائلپور نفیس پرنٹنگ پریس لائلپور، کاتب : فضل حسین .

(۳۳۱۴) ملک ادب کے شہزادے : ڈاکٹر اعجاز حسین
۴۴ شعراء کا تذکرہ ،

۱۷۴ ص ، ایک روپیہ چار آنے ، الہ آباد ، کاروان پبلیشرز ، ۱۹۵۴م ، اسرار کریمی پریس الہ آباد .

(۳۳۱۵) ملکوتی معاشرہ : سیّد عابد عباس رضوی

مصنف کی بہشت زہرا تہران میں ارواح شہداء سے گفتگو ، روح آیت اللہ بہشتی سے سوالات و جوابات نیز تذکرہ انقلاب ایران ،

۲۱۶ ص ، ۱۵ روپے لاہور : دارالادب علی باغ .

* منتخب التواریخ (فارسی) : محمّد ہاشم بن محمّد علی مشہدی .

(۳۳۱۶) منتخب التواریخ : مولانا محمّد شریف

صرف حضرات خمسہ نجباء کے حالات کا ترجمہ ،

۴۵۵ ص ، ملتان : مکتبہ الساجد شمس آباد ، ۱۳۹۹ھ/ ۱۹۷۹م .

(۳۳۱۷) منتخب سوانح اور خاکے : سیّد نجم الدین نقوی

دس شعراء کا تذکرہ ،

۱۷۶ ص ، تین روپے ، لکھنو : انوار بکڈپو ،۱۹۶۳م، سرفراز پریس لکھنو .

(۳۳۱۸) منظر الکرام : سید منظر علی اشہر

حیدرآباد دکن کے شعراء ، وزراء اور اعلی افسروں کا تذکرہ

۲۶۵ ص ، ۱۳۴۵ ھ، عماد پریس حیدر آباد دکن .

(۳۳۱۹) مہران کے پھول : نعیم تقوی

سندھی شعراء کا تذکرہ ،

۱۳۶ ص، چار روپے ، حیدرآباد : مکتبہ ضیاء نقوی لاج .

* مجالس المومنین(فارسی) : سید نور اللہ شوستری المعروف بہ شہید ثالث .

(۳۳۲۰) مواقف المومنین : مولانا سید محمّد بشیر امروہی

۷۴۴ ص ، ۱۳۴۲ ھ ، مطبع شمسی حیدر آباد .

(۳۳۲۱) مودۃ الاسلام : مولانا سید محمّد مرتضی بن حسن علی جونپوری

تذکرہ چاردہ معصوم (ذریعہ : ۲۳) .

(۳۳۲۲) مودۃ ذوی القربی و محبت آل عبا : مولانا سیّد ظفر حسن نقوی (م ۱۹۸۹م)

۳۲ ص ، کراچی : شمیم بکڈپو ناظم آباد ، ۱۹۶۳م.

(۳۳۲۳) مولانا ظفر علی خان - بحیثیت شاعر : پروفیسر ڈاکٹر نظیر حسنین زیدی

۲۴۷ ص ، ۲۵ روپے ، کراچی : انجمن ترقی اردو ، ۱۹۷۹م ، انجمن پریس نشتر روڈ ، کراچی .

(۳۳۲۴) مولئیر : پروفیسر ثریا حسین
مولئیر - تین سو برس قبل کا ایک فرانسیسی ڈرامہ نگار، اس کے دو ڈرامے ، بیویوں کا مدرسہ اور « تار توف » شامل کتاب ہیں ،
۱۸۴ ص. پندرہ روپے ، نئی دھلی : اردو بیورو ، ۱۹۸۴م ، جے کے آفسٹ پرنٹرز دھلی .

(۳۳۲۵) مولوی محمّد اسماعیل میرٹھی - ایک مطالعه : ڈاکٹر سید خاور رضوی
مولوی محمّد اسماعیل میرٹھی (م ۱۹۱۸م) کی سوانح اور منتخب کلام ،
۱۵۹ص تیس روپے ، لاھور : میری لائبریری ، ۱۹۸۳م ، الجدّہ پریس لاھور .

(۳۳۲۶) میرزا حسن الحائری :
سربراہ فرقه شیخیه کویتی کے حالات ،
۱۶ ص ، فیصل آباد : درس آل محمّد.

(۳۳۲۷) میرزا غازی بیگ : سیّد اختر رضوی
میرزا غازی بیگ ترخان سندھ کے مشھور ترخان خاندان کے آخری بادشاہ میرزا جانی بیگ ترخان کے بیٹے تھے اس خاندان کا دارالحکومت ٹھٹھ تھا کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے پہلے حصّے میں خاندانی حالات جبکه دوسرےحصّے میں دربار سے منسلک شعراء کا تذکرہ ،
۲۱۸ ص ، ۱۹۶۹م ، شاھین برقی پریس پیشاور.

(۳۳۲۸) میری دنیا : ڈاکٹر اعجاز حسین
خود نوشت :
۵۱۰ ص ،۲۵ روپے ، اله آباد : کاروان پبلیشرز، ۱۹۶۵م ، اسرار کریمی پریس اله آباد .

(۳۳۲۹) میری سرگزشت : مولانا سیّد ظفر حسن امروھی (م۱۹۸۹م)
اپنی زندگی کا نچوڑ اور امروھه کے علماء شعراء اور ادبا کا تذکرہ ،
۲۸۷ ص، کراچی، شمیم بکڈپو ، ۱۹۷۰م ، مسلم پرنٹنگ پریس کراچی .

(۳۳۳۰) میری کھانی میری زبانی : سیّد همایوں مرزا
۲۳۸ ص ، ۱۹۳۹م ، شمس المطابع حیدرآباد دکن .

(۳۳۳۱) المیزان : نظیر الحسن فوق
مولانا شبلی نعمانی (م ۱۹۱۴م) کی کتاب « موازنه انیس و دبیر » کا ردّ (مطلع)

(۳۳۳۲) میلاد معصومین : سید فرزند احمد صفیر بلگرامی
۲۸۶ ص ، کراچی : صفیر بلگرامی ، ۱۹۸۴م.

(۳۳۳۳) نادرات مرزا دبیر : ڈاکٹر سید صفدر حسین (م ۱۹۸۰م)
مرزا دبیر کی سوانح اور پانچ غیر مطبوعہ مرثیے ،
۱۳۶ ص، دس روپے ، لاہور : سنگ میل پبلی کیشنز .

(۳۳۳۴) ناشاد کانپوری : ڈاکٹر سیّد لطیف حسین ادیب
سری دھر پرشاد ناشاد کانپوری(م ۱۹۷۰م) کی سوانح ، نادشاد کی دو کتابیں «کیف سرمدی» اور« سرور سرمدی» معروف ہیں،
۱۳۱ ص، ساڑھے چار روپے، لکھنو : نسیم بکڈپو .

(۳۳۳۵) نادر شاہ : حسن عابد جعفری
نادر قلی شاہ (م ۱۷۴۷م) شہنشاہ ایران کی سوانح عمری،
۱۴۰ص ، دو روپے ، کراچی : کراچی کتب خانہ ، ۱۹۵۱م ، عثمانی پریس کراچی .

(۳۳۳۶) نرجس خاتون : مولانا سیّد سعید اختر رضوی
سوانح والدہ ماجدہ امام مهدی علیہ السلام ،
۳۲ ص ، چار آنے ، لکھنو : امامیہ مشن ، ۱۳۷۵ھ/ ۱۹۵۶م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۳۳۳۷) نذیر احمد : نور الحسن نقوی
حافظ نذیر احمد دھلوی ،
۸۰ ص ، چار روپے ،۱۹۸۴م ، روپک پرنٹرز دھلی.

(۳۳۳۸) نظم جدید کی کروٹیں : ڈاکٹر وزیر آغا
گیارہ شعراء کا تذکرہ ،
۲۱۶ ص ، لاهور : میری لائبریری ، ۱۹۷۴م ، فیڈرل پریس راولپنڈی .

(۳۳۳۹) نقش حالی حصّہ اول : احتشام حسین رضوی وغیرہ
عنوانات : حالی کا عهد ، حالی کی شاعری ، حالی - نثر نگار
۴۰۸ ص ، پانچ روپے ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۳۳۴۰) نوادر : مرزا محمّد عسکری (م ۱۹۵۱)
حکماء کے مختصر اور مفید اقوال اور شعراء کے ظریفانہ اشعار پیش کئے گئے ہیں . ایک روپیہ . لکھنو : صدیق بکڈپو .

(۳۳۴۱) نور الاخبار فی تاریخ النبی و آله الاطهار:مولانا سید علی نقی حائری ابن میرزا محمّد علی رضوی خوشنویس، سوانح چاردہ معصوم علیھم السّلام ،
۷۱ ص ، ۱۳۰۹ ھ، بمبئی.

(۳۳۴۲) نور الایمان : مولانا فیاض بن منوّر علی (م ۱۳۶۰ ھ)
تذکرہ ائمہ معصومین علیھم السلام (ذریعہ : ۲۴).

(۳۳۴۳) نور جہاں بادشاہ بیگم کی سوانح عمری : سیّد امجد علی اشہر
۱۲۸ ص ، مطبع آگرہ اخبار آگرہ .

(۳۳۴۴) نوید پنجتن : مشرّف علی مشرّف
۳۳ ص ، ۱۲۱۳ ھ ، نولکشور لکھنو .

(۳۳۴۵) نئے ادب کے معمار - مخدوم محی الدین : سردار جعفری
مخدوم محی الدین کے حالات زندگی اور ان کے کلام سے انتخاب ،
۶۴ ص ، پندرہ آنے ، ۱۹۴۸م ، بمبئی : کتاب پبلیشرز، قادری پریس بمبئی.

(۳۳۴۶) نیّر غم : سیّد محمّد کرار حسین روحانی
یہ کتاب مصنف کےوالد سید احمد حسن فرقانی ، شاکی ، باکی (م ۱۳۰۰ھ/ ۱۸۸۳م)ولد سید کفایت علی(م ۱۸۶۹م) کی سوانح پر مشتمل ہے ،
۴۴ ص، حدیقۃ العلوم میرٹھ .

(۳۳۴۷) نیرّین - شھید ثالث و ناصر الملّت : حافظ علی صابر
قاضی نور اللّٰہ شوستری (م ۱۰۱۹ھ) اور مولانا سیّد ناصر حسین (م ۱۳۶۱ھ) کی سوانح لکھنو .

(۳۳۴۸) ھادیان دین : مولانا سیّد فرمان حسین ممتاز الافاضل
تیس انبیاء اور چاردہ معصوم علیھم السّلام کا تذکرہ ، ابتدائیہ از مولانا سید مجتبی حسن کامونپوری ،
۲۲۲ ص ، ساڑھے پانچ روپے ، علی گڑھ :ایجوکیشنل بک ہاؤس،۱۹۷۵م کوہ نور پریس دھلی .

(۳۳۴۹) ھندوستان میں شیعیت کی تاریخ اور شیعی عقائد کی تفصیل حصہ اول : ضیاء سحاب پوش
ھند میں شیعیت کی تاریخ کے ساتھ ساتھ مولانا سید دلدار علی(م ۱۲۳۵) کی سوانح ،
۵۶ ص ، کراچی : دارالتصنیف رضویہ کالونی ، رئیس پریس کراچی.

(۳۳۵۰) ہنرمندان اودھ : سیّد اسرار حسین خان
۱۹۳۶م ۔

(۳۳۵۱) ہماری شہزادیاں : محمودہ نسرین
تذکرہ عورات بنی ہاشم ،
۲۰۲ ص، دو روپے ، لاہور : کتب خانہ اثنا عشری، ۱۹۵۵م ۔

(۳۳۵۲) واقعات عجیبہ و غریبیہ معروف بہ غریب نامہ : سیّد تقی حسن
انگریزوں کی حکومت سے قبل ہندوستانی رہزنوں کے قصے،
۱۲۶ص، ۱۳۰۹ھ، نولکشور لکھنو ۔

(۳۳۵۳) و انا صراہ : مولانا سیّد قائم رضا نسیم امروھی(م ۱۹۸۷م)
مولانا سید ناصر حسین لکھنوی (م ۱۳۶۱ھ) کی وفات پر لکھا گیا مرثیہ ، مقدمہ خواجہ اسد نے لکھا جبکہ حواشی مولانا سید منیر حسن نے ،
۶۳ ص، بریلی:انجمن جعفریہ قصبہ سیتھل ،۱۳۶۲ ھ/۱۹۴۳م، ادبی پریس لکھنو۔

آغاز: شمع حریم معرفت کبریا ہے علم — روحانیت کا ولولہ ارتقا ہے علم
دنیا و دیں میں راز حیات و بقا ہے علم — ذرہ ہے خلق عالم ہے انتہا ہے علم
یہ کیوں کہوں خدا کا شریک صفات ہے — اللہ سے جدا ہی نہیں عین ذات ہے

(۳۳۵۴) وفات عثمان : مولانا مرزا یوسف حسین (م ۱۹۸۸م)
زندگانی حضرت عثمان ان کے دور حکومت اور وفات کے مالہ اور ماعلیہ سے بحث کی گئی ہے ،
۴۷ ص، لاہور : مکتبہ رضویہ شاہ عالم مارکیٹ ۔

(۳۳۵۵) یاد فاروق : مولانا خادم حسین خان
حضرت عمر کو سب سے پہلے فاروق کسنے کہا ۔
۳۲ ص ، گوجرہ : مکتبہ شیعہ ، ڈیلی بزنس پریس لائلپور ۔

(۳۳۵۶) یادگار حالی : صالحہ عابد حسین
سوانح خواجہ الطاف حسین حالی(م ۱۹۱۴م)، شروع میں مولانا ابوالکلام کا مقدمہ ہے ،
۳۲۸ ص ، آٹھ روپے ، لاہور : آئینہ ادب ، ۱۹۶۶م ، اشرف پریس لاہور، یہی کتاب انجمن ترقی اردو (ھند) نے فروری ۱۹۷۵م کو کوہ نور پرنٹنگ پریس دھلی نے شائع کی ۔

(۳۳۵۷) یادگار ولی : سید محمدؐ ایم اے
فروری ۱۹۳۷م میں ولی دکنی (م ۱۷۴۲م) کی یادگار حیدرآباد دکن میں منائی گئی جن جن علماء و شعراء نے اس میں حصہ لیا ان کی تخلیقات کو اکٹھا کیا گیا ہے ،
۲۷۲ ص، ڈھائی روپے، ۱۹۳۷م، مطبع برقی مکتبہ ابراھیمیہ حیدرآباد دکن .

(۳۳۵۸) یار رسول اور غار ثور : عبدالکریم مشتاق
۱۰۶ ص ، سات روپے ، کراچی: رحمت اللہ بك ایجنسی ، المناظر پریس کراچی، کاتب : اختر علی اختر .

(۳۳۵۹) یزید بن معاویہ : مولانا سیّد سبط الحسن ہنسوی (م ۱۳۹۸ ھ/۱۹۷۸م) ۔
۲۰ ص ، لکھنو : ادارہ تحفظ حسینیت ، نظامی پریس لکھنو .

(۳۳۶۰) یزید کا کردار : جعفر شمسی
۲۰ ص ، مفت ، تعلیمی پریس لاہور ، کاتب : حکیم محمدؐ مشتاق احمد کربلائی

* بررسی عقائد و ادیان (فارسی) : آیت اللہ مصطفی نورانی.

(۳۳۶۱) یزیدی فرقہ : مولانا سیّد صفدر حسین (م ۱۴۱۰ھ/۱۹۸۹م)
صرف اُس باب کا خلاصہ جس میں یزیدی فرقے کا ذکر ہے جو شیطان کو خدا مانتا ہے اور یزید کو پیشوا ،
۳۲ ص ، لاہور : امامیہ سٹوڈنس آرگنائزیشن.

(۳۳۶۲) آغا شاعر : مجتبی حسین
آغا ظفر علی خان قزلباش(م ۱۹۴۰م) کی سوانح ، پاك و ھند کے مشاھیر شخصیات کے لکھے ہوئے اکیاون مضامین : سید وقار عظیم (م ۱۹۷۶م) ، نیاز فتح پوری (م ۱۹۶۳م) ، رضا علی وحشت (م ۱۹۵۶م) ، مولانا نذیر احمد دھلوی ، گاندھی جی(م ۱۹۴۸م) ، ڈاکٹر فرمان فتح پوری ، قاری عباس حسین دھلوی (م ۱۹۲۶م) ، خواجہ حسن نظامی (م ۱۹۵۷م) ، مولانا شبلی نعمانی (م ۱۹۱۴م) وغیرہ ،
۳۲۸ ص ، کراچی : مکتبہ دانیال - وکٹوریہ روڈ ، ۱۹۷۰م، انٹرنیشنل پریس کراچی .

(۳۳۶۳) آیت اللہ العظمی منتظری - افکار و کردار : سید حسن عباس فطرت ھلّوری
مصطفی ایزدی کی فارسی کتاب کا ترجمہ

۳۵۱ ص ، ۳۵ روپے ، لاہور : مکتبة الرضا دیو سماج روڈ .

(۳۳۶۴) ابن فهد حلی : مولانا صفدر عباس طاہری
سید محمّد حسینی شیرازی کی تحریرکردہ دربارہ شیخ جمال الدین احمد ابن فہد حلی (م ۸۴۱ ھ) رسالہ کا ترجمہ
۱۸ ص ، تین روپے ، سرگودھا : ادارہ پاسبان اسلام باب حیدر، اکتوبر ۱۹۸۴م ثنائی پریس سرگودھا ، کاتب : محمّد خان .

(۳۳۶۵) ابوالفضل علامی کی سوانح عمری : مولانا غلام الثقلین (م ۱۳۳۳ھ/۱۹۱۵م)
اس رسالے کی اشاعت پر مولانا مرحوم کو ایک اشرفی انعام ملا تھا .
۳۶ ص ، تین آنے ، لاہور : تاجر کتب قومی ، نولکشور گیس پرنٹنگ پریس لاہور .

(۳۳۶۶) اردو ادب میں سکھوں کا حصہ : امام مرتضی نقوی
۳۷ شعراء اور ۱۶ نثر نگار سکھوں کا تذکرہ و نمونہ کلام
۴۰۰ ص ، پندرہ روپے ، مراد آباد : بک کارنر امروهه ، اپریل ۱۹۷۰م ، کوہ نور پریس دهلی ، کاتب : عبدالمنّان .

* مرآة مسعودی (فارسی) :عبدالرحمن چشتی.

(۳۳۶۷) اعجاز مسعودی : سید عبدالعلی
سالار مسعود غازی کے حالات ، پانچ « داستان» (باب)
۶۲ ص ، ۱۲۸۷ ھ ، لکھنو : مطبع حسینی اثنا عشری ، شیخ امداد علی عشیر (م ۱۳۲۶ھ / ۱۹۰۹م) نے تاریخ طبع کہی :

کبھی کسی نے نہ چھاپا یہ قصہ مطبوع عشیر سید عابد علی کا حصہ ہے
مدار فکر پکارا اُٹھا کے سر ہے سال تمام قصوں کا سالار بس یہ قصہ ہے
(۱۲۸۷ ھ)

(۳۳۶۸) اعمال نامه : سر سید رضا علی (م ۱۹۴۹م)
سید صاحب کندر کی ضلع مراد آباد (هند) میں پیدا ہوئے اور کراچی میں وفات پائی ، خود نوشت، چودہ باب ، عنوانات : انیسویں صدی کے آخری دور میں مسلمانوں کی پالیسی، وقار الملک کے حالات ، چالیس برس پہلے کا علی گڑھ، ہمارے ملک میں انگریزی اقبال کا اوج کمال ، ۱۹۰۴ م تا ۱۹۰۷م کی سماجی اور سیاسی حالت ، لارڈ کرزن کی سیاست اور لارڈ منٹو اور مسٹر مارلے کا تدبّر، اردو شاعری اور ادب ،
۵۲۶ ص ، آٹھ روپے ، دهلی : هندوستانی پبلیشرز ، دسمبر ۱۹۴۳م ، دیال

پرنٹنگ پریس دھلی .

(۳۳۶۹) اکابرین اسلام کا سائنسی شعور :مولانا مشتاق حسین شاھدی
حضرات اھلبیت علیھم السلام سے وابستہ افراد کا سائنسی میدان میں کارھائے نمایاں ،
۸۸ ص ، دو روپے ، کراچی ، ڈیسنٹ پریس کراچی ، کاتب : سید مھدی رضوی لکھنوی .

(۳۳۷۰) الوداع اے زینت محراب و منبر الوداع : سجاد علی مرزا
مولانا سید کلب حسین لکھنوی(م ۱۹۶۳م) کی سوانح ، لکھنو : انجمن رضا کاروان حسینی .

(۳۳۷۱) ایک فرد - ایک ادارہ : عندلیب زھرا کامونپوری
مولانا سید مجتبی حسن کامونپوری (م ۱۹۷۴م) کی سوانح
۳۶۰ ص ، علیگڑھ : علامہ کامونپوری اکاڈمی حسین منزل زھرہ باغ ، جون ۱۹۸۲م ، جمال پرنٹنگ پریس دھلی ، کاتب : سید نبی احمد سیوانی .

(۳۳۷۲) بشیر الملة : مولانا سید شفیق حسن ایلیاہ (م ۱۳۸۰ ھ)
مولانا محمّد بشیر انصاری(م۱۹۸۳م) کے اجازت جو آپ کو علمائے عراق و لکھنو نے دئے تھے ،
۲۴ ص ، دھلی ، ۱۳۶۱ ھ ، دھلی اردو پریس دھلی .

(۳۳۷۳) بلبلان فارس : آغا ظفر علی خان قزلباش شاعر (م ۱۹۴۰م)
ایرانی شعراء کا تذکرہ ، لاھور : فیروز سنز.

(۳۳۷۴) بلتستان کی شاعری : سید عطا حسین کلیم
بلتستان کے قدیم و جدید شعراء کا تذکرہ اور وہاں کی شاعری
۱۹۳ ص ، ڈیرھ روپیہ ، لاھور : مکتبہ کاروان .

(۳۳۷۵) بیسویں صدی کے بعض لکھنوی ادیب - اپنے تھذیبی پس منظر میں : مرزا جعفر حسین ھادی رسوا ، چکبست ، محشر ، ثاقب ، یگانہ چنگیزی ، صفی لکھنوی ، عزیز لکھنوی ، شرر، مرزا محمّد عسکری ادیب ، مولانا ظفر الملك، پرشاد کول ، سراج ، علی عباس حسینی ، اثر کا تذکرہ ،
۳۲۰ ص، تیرہ روپے ، لکھنو : اترپردیش اردو اکادمی ، ۱۹۷۸م ، آفسٹ ورکس دھلی .

(۳۳۷۶) پشتو شاعری : فارغ بخاری - رضا ھمدانی

پشتو شاعری کے چار دور، دو اول کے پہلے شاعر امیر کروڑ جبکہ چہارم کے آخری شاعر ملا نعمت اللہ،

۲۵۶ ص ، پانچ روپے ، کراچی : انجمن ترقی اردو ، ۱۹۶۶م ، انجمن پریس کراچی ۔

(۳۳۷۷) پیمبران سخن : سید علی محمد شاد عظیم آبادی (م ۱۳۴۵ ھ/۱۹۲۷م)
اردو مرثیہ نگاروں کا تذکرہ، مصنف کے پوتے سید نقی احمد ارشاد کاظمی اور ڈاکٹر سید صفدر حسین نے مرتب کی ،۳۴۰ ص ، بیس روپے ، لاہور : بارگاہ ادب اسلام پورہ ، ۱۹۷۴م ، اردو ڈائجسٹ پرنٹرز لاہور ، کاتب : سید کلب عباس شیرازی ۔

(۳۳۷۸) تاریخ ریختی مع دیوان جان صاحب : سید محمد مبین نقوی
اردو شعراء کا تذکرہ ، ۳۲۰ ص ، ڈیرھ روپے، مطبع انوار احمد الہ آباد.

(۳۳۷۹) تاریخ الشیعہ : حکیم سید محمد کمال الدین حسین ہمدانی
سید علی ہمدانی ، سید محمد ہمدانی ، سید شمس الدین محمد نور بخشی ، میر کمال الدین حسین ہمدانی، اور سید شاہ خیرات علی ہمدانی کا تذکرہ ، ضمناً جلالی ضلع علی گڑھ میں شیعیت کی تاریخ ،
۵۲ ص ، دو روپے ،علیگڑھ :ادارہ ہمدانیہ حسینیہ جلالی، ۱۳۸۷ھ/۱۹۶۷م لیتھو کلر پرنٹرنس اچل تال علیگڑھ ۔

(۳۳۸۰) تاریخ شیعہ کا خونچکاں ورق المعروف بہ شیعوں پر کیا گزری : مولانا سید آغا مہدی (م ۱۴۰۷ھ)
مخالفین شیعہ نے شیعوں پر جو ظلم کئے اُن کا صدی بہ صدی تذکرہ
۱۷۶ ص ، دس روپے ، کراچی : رحمت اللہ بک ایجنسی ۔

(۳۳۸۱) تجلیات تاریخ / تاریخ عباس : مولانا مرزا محمد ہادی رسوا (م ۱۳۵۰ھ/ ۱۹۳۱م)میر مفتی محمد عباس (م ۱۳۰۶ ھ) کے حالات زندگی ، توابواب ، (۳۲۷+ ۴۲۴) ص ، نظامی پریس لکھنو ۔

(۳۳۸۲) تحفة الاعیان فی ذکر فضلاء ہندوستان :مولانا محمد ہدایت حسین (ذریعہ:۳)

(۳۳۸۳) تذکرہ چمن اردو حصہ دوم : ساحل بلگرامی
سرسید ، ذکاء اللہ ، مولانا محمد حسین آزاد ، نذیر احمد ، حالی ، شبلی نعمانی ، سرشار ، شرر اور سجاد حسین کا تذکرہ ۔
۲۲۰ ص ، دارالاشاعت پنجاب ، ۱۹۳۰م ، گیلانی پریس لاہور ۔

(۳۳۸۴) تذکرہ حفاظ شیعہ حصہ اول : علامہ سید علی نقی نقوی (م ۱۹۸۸م)
پہلی صدی ھجری کے ۳۵ شیعہ حفاظ کا تذکرہ ،
۱۹۶ ص ، چھ آنے ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۳۳۸۵) تذکرہ حفاظ شیعہ حصہ دوم : علامہ سید علی نقی نقوی (م ۱۹۸۸م)
دوسری صدی ھجری سے چودھویں صدی ھجری تک کے ۱۲۰ حفاظ کا تذکرہ
۱۷۶ ص ، لکھنو : امامیہ مشن ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۳۳۸۶) تذکرہ خدمات مبلغ اعظم : مولانا ضیاء حسین ضیا
تذکرہ مولانا محمّد اسماعیل (م ۱۹۷۶م) ، مولانا محمّد حسنین سابقی کے عربی رسالے کا ترجمہ ،
۳۲ ص ، فیصل آباد : مکتبہ افکار مبلغ اعظم درس آل محمّد ، کاتب : فضل حسین .

(۳۳۸۷) تذکرۃ الذاکرین : سید آغا اشہر ایم اے
پاک و ھند کے مشہور ذاکرین کا تذکرہ
۱۲۶ ص ، ایک روپیہ ، شمسی پریس جھانسی .

(۳۳۸۸) تذکرہ ذاکرین : محمّد علی خان ابن مولوی یاور خان
حیدرآباد (دکن) کے مرثیہ خوانوں کا تذکرہ ، آٹھ ابواب
۲۳۲ ص ، پونے دو روپے ، ۱۳۶۰ ھ ، مشیر عالم پریس حیدرآباد (دکن).
مرزا حشمت علی افسر نے تاریخ کہی :
مرثیہ خوانان دکن کا کوئی تذکرہ نیک مرتب نہ تھا
اس کو محمّد علی صاحب نے اب جمع کیا اور چھپا بھی دیا
چشم کرم اور عنایت رہے پنجتن پاک کی ان پر سدا
طبع کا افسر نے کہا خوب سال آج چھپا تذکرہ بے بہا (۱۳۶۰ھ)

(۳۳۸۹) تذکرہ ریختی : مولانا سید تمکین کاظمی
۳۴ شعراء کا تذکرہ مع نمونہ کلام
(۳۹+ ۹۳) ص ، حیدرآباد (دکن) : مکتبہ ابراھیمیہ ، ۱۳۴۸ ھ/ ۱۹۳۰م ، شمس الاسلام پریس چھتہ بازار حیدرآباد دکن ، کاتب : محمّد شفیع الدین .

(۳۳۹۰) تذکرۃ السادات باھرہ : سید غلام محمّد شاہ منصورپوری
سادات باھرہ کا تذکرہ ، چھ باب ،
۱۰۴ ص ، میانوالی :اسلامی کتب خانہ مین بازار ، انصار آرٹ پریس سرگودھا ،

کاتب : سید اختر حسین رنگین ۔

(۳۳۹۱) تذکرۃ السلف : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
مولانا سید دلدار علی (م ۱۲۳۵ ھ) کے حالات زندگی (ذریعہ : ۴)۔

(۳۳۹۲) تذکرہ شاہ ہمدان : سید آغا حسین شاہ ہمدانی
امیر کبیر سید علی ہمدانی (م ۷۸۶ ھ) کے حالات زندگی
۴۸ ص ، راولپنڈی : مکتبہ تنقید و تخلیق ، مطبع المعیار راولپنڈی۔

(۳۳۹۳) تذکرہ شعرائے امروھہ : سید مظاھر حسین امروھی (ذریعہ : ۴)۔

(۳۳۹۴) تذکرہ شمع اردو (حصہ اول): ساحل بلگرامی
شعرائے اردو کا تذکرہ مع نمونہ کلام
۲۱۴ ص، لاھور: دارالاشاعت پنجاب، ۱۹۳۰م،گیلانی الیکٹرک پریس لاھور۔

(۳۳۹۵) تذکرہ شمع اردو (حصہ دوم) : ساحل بلگرامی
۲۱۰ ص، لاھور:دارالاشاعت پنجاب ، ۱۹۳۰م ، گیلانی الیکٹرک پریس لاھور۔

(۳۳۹۶) تذکرہ علماء : مولانا محمّد حسین آزاد (م ۱۳۲۸ھ/ ۱۹۱۰م)
چالیس علماء کا تذکرہ
۷۱ ص ، پانچ آنے ، کریمی پریس لکھنو ۔

(۳۳۹۷) تذکرۃ العلماء : مولانا سید مھدی علی بن نجف علی رضوی
ایک مقدمہ اور دو حصے :جمع القرآن، اصحاب النبی، اصحاب ائمہ (ذریعہ:۴)۔

(۳۳۹۸) تذکرہ گلشن سخن : مردان علی خان مبتلا لکھنوی (م ۱۱۷۶ ھ)
سید مسعود رضوی ادیب نے مرتب کی، ۳۱۷ شعراء کا تذکرہ ،
۲۸۴ ص ، چھ روپے ، علی گڑھ : انجمن ترقی اردو ، ۱۹۶۵م ، نظامی پریس لکھنو ۔

(۳۳۹۹) تذکرۃ المتعلمین و تبصرۃ المتادبین : مولانا سید علی حسین بن سید خیرات علی زنگی پوری ،
مولانا سید علی حسین (م ۱۳۱۰ ھ) کے حالات زندگی(ذریعہ : ۴)۔

(۳۴۰۰) تذکرۃ المتقین :
مولانا سید محمّد تقی (م ۱۳۵۱ ھ) لکھنوی کے حالات زندگی
۲۳ ص ، دو آنے ، جمعیت خدام عزا لکھنو ، الواعظ صفدر پریس لکھنو ۔

(۳۴۰۱) تذکرہ مدائح الشعراء : نواب عنایت حسین خان مھجور بنارسی
اُن ۷۱ شعراء کا تذکرہ جو یا تو بنارس کے رہنے والے تھے یا بنارس میں آکر

آباد ہو گئے تھے . نواب عنائت حسین خان ، نواب علی ابراہیم خان صاحب « تذکرہ گلزار ابراہیم » کے پوتے تھے ، یہ کتاب افسر امروہی (م ۱۹۸۴) نے مرتب کی ،

۶۰ ص ، پانچ روپے ، کراچی: انجمن ترقی اردو پاکستان ، ۱۹۷۶م ، انجمن پریس کراچی .

(۳۴۰۲) تذکرہ ملاً مجلسی : مولانا محمّد باقر (م ۱۳۳۲ ھ)

علاّمہ محمّد باقر مجلسی کی سوانح

۱۷۶ ص ، ایک روپیہ ، ۱۳۲۹ ھ ، مطبع ہندوستان لاہور .

(۳۴۰۳) تذکرہ مولانا باقر العلوم : مولانا حیدر حسین نکہت (م ۱۳۹۰ ھ)

مولانا سید محمّد باقر (م ۱۳۴۶ ھ) بن مولانا سیّد ابوالحسن المعروف بہ ابّو صاحب ، کے حالات زندگی ،

۶۴ ص ، آٹھ روپے ، نوید پرنٹنگ پریس ناظم آباد کراچی ، کاتب: خاور بٹ.

(۳۴۰۴) تذکرہ نادر : میرزا کلب حسین خان نادر (م ۱۲۹۵ ھ)

اُن شعرا، کا تذکرہ جن کا ذکر دوسری کتابوں میں بہت کم ہے ، سید مسعود حسن رضوی ادیب نے مرتب کیا ،

۱۹۸ ص، ڈہائی روپے ، لکھنو : کتاب نگر ، ۱۹۵۷م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۳۴۰۵) تراجم العلماء : حکیم سید علی اکبر (م ۱۳۲۷ ھ) (ذریعہ : ۴).

(۳۴۰۶) ترجمہ امام ابن تیمیہ : سید نائب حسین نقوی

پروفیسر ابوزھرہ مصری کی کتاب کا ترجمہ ،

۷۵۲ ص ، لاہور : شیخ غلام علی اینڈ سنز ، ستمبر ۱۹۶۸م ، علمی پرنٹنگ پریس لاہور .

* قصص العلماء (فارسی) : میرزا محمّد بن سلیمان تنکابنی.

(۳۴۰۷) ترجمہ قصص العلماء : میر نادر علی رعد

شیخ بہائی کے حالات تك کا ترجمہ

۲۳۲ ص ، سوا روپیہ ، محمّد حسین برادران ، مطبع حیدری حیدرآباد (دکن) ، نوازش علی لمعہ نے تاریخ کہی :

خوش ترجمہ قصص العلماء کردی ای رعد زار شاد نادر شہ بہبود علی مرزا
بہر تاریخش مصرعی نیکو لمعہ نوشت مطبوع ھمہ این ترجمہ قصص العلماء
(۱۳۳۸ھ)

* مجالس المومنین (فارسی) : سید نور اللہ شوستری (م ۱۰۱۹ھ/ ۱۶۱۰م)

(۳۴۰۸) ترجمہ مجالس المومنین : سید وزارت علی انجم
مجلس دوم کا ترجمہ ، ۲۰۳ ص ، آگرہ .

(۳۴۰۹) تعارف : اخوانزادہ انور علی رضا
مولانا سید عارف حسین الحسینی (م ۱۹۸۸م) کی سوانح
۸ ص ، پشاور .

(۳۴۱۰) ثقۃ الاسلام کلینی اور کافی : مولانا حکیم سید ذوالفقار حسنین (م ۱۳۸۵ھ/ ۱۹۶۶م
سوانح محمّد بن یعقوب کلینی (م ۳۲۹ ھ)
۲۴ ص ، لکھنو : دارالنشر ، نظامی پریس لکھنو .

(۳۴۱۱) جدید مرثیے کے تین معمار : ہلال نقوی
جوش ملیح آبادی (م ۱۹۸۲م)، نسیم امروھی (م ۱۹۸۷م) اور سید آل رضا (م ۱۹۷۸م) ،
۴۸ ص ، پانچ روپے ، کراچی : پاکستان ریڈرز گلڈ.

(۳۴۱۲) جناب رضوان مآب : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
سلطان العلما مولانا سیّد محمّد (م ۱۲۸۴ ھ) ابن مولانا سیّد دلدار علی (م ۱۲۳۵ھ) کے حالات
۲۴ ص، ۲۰پیسے ، لکھنو:امامیہ مشن،۱۹۵۹م، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۳۴۱۳) جناب غفرانمآب : علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م)
مولانا سید دلدار علی (م ۱۲۳۵ ھ) کے حالات
۲۴ ص، ۲۵ پیسے ، لکھنو : امامیہ مشن ، ۱۳۷۸ ھ ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۳۴۱۴) چند ممتاز شعراء : سیّد صفی مرتضی
انیس شعراء کے حالات زندگی
۱۱۲ ص ، چار روپے ، لکھنو : نسیم بکڈپو ، ستمبر ۱۹۸۰م ، نامی پریس لکھنو .

(۳۴۱۵) حالات میر تقی میر : سردار جعفری
۵۹ ص ، بمبئی : ہندوستانی بک ٹرسٹ .

(۳۴۱۶) حسن بن صباح : جون ایلیاہ
پروفیسر جواد المسقطی کی کتاب کا ترجمہ
۱۶۰ ص، کراچی:شیعہ امامی اسماعیلیہ ایسوسی ایشن گارڈن ایسٹ کراچی،
۱۴۰۱ ھ/ ۱۹۸۰م ، عباسی لیتھو آرٹ پریس کراچی .

(۳۴۱۷) حضرت رشید : سید آغا اشہر لکھنوی
سید مصطفی میرزا رشید ابن احمد میرزا صابر کے حالات زندگی
۲۱۵ ص ، ایک روپیہ ، ۱۹۲۲م ، اصح المطابع لکھنو .
{ حضرت رشید ۱۲۶۳ ھ میں لکھنو میں پیدا ہوئے صرف و نحو کی کتابیں مولانا سید اصغر شاہ سے پڑھیں فقہ میرزا اخباری (م ۱۲۸۹ ھ) سے فلسفہ و منطق مولانا انور علی حنفی سے ۱۳۳۶ھ / ۱۹۱۸م کو واصل بحق ہوئے}

(۳۴۱۸) حضرت مبلغ اعظم اور انکی مذہبی خدمات : مولانا خادم حسین خان
سوانح مولانا محمّد اسماعیل (م ۱۹۷۶م)
۸ ص ، فیصل آباد : درس آل محمّد .

(۳۴۱۹) حیات جاودانی : امجد علی اشہری
نواب محسن الملک سید مہدی علی خان (م ۱۹۰۷م) صاحب « آیات بینات»
کے حالات .
۹۶ ص ، ۱۹۰۸م ، خادم التعلیم سٹیم پریس لاہور .

(۳۴۲۰) حیات جمال الدین افغانی: رضا ھمدانی
سید جمال الدین اسد آبادی (م ۱۸۹۷م) کے حالات
۱۱۹ ص ، ۱۹۵۱م ، انشاء پریس لاہور .

(۳۴۲۱) حیات حکیم : مولانا سید مرتضی حسین (م ۱۹۸۷م)
آیت اللہ سید محسن الحکیم (م ۱۳۹۱ھ) کے حالات زندگی
۱۸۴ ص ، ۱۳۸۹ ھ / ۱۹۶۹م ، ظفر سنز پرنٹرز لاہور .

(۳۴۲۲) حیات رضوان مکان: مولانا سید احمد علامہ ھندی (م ۱۳۶۶ھ)
مولانا سید ابوالحسن (م ۱۳۰۹ھ) معروف بہ بچھّن صاحب کے حالات
۱۶ ص ، تصویر عالم پریس لکھنو .

(۳۴۲۳) حیات فردوس مکان : مولانا سیّد احمد علامہ ھندی(م ۱۳۶۶ ھ/ ۱۹۴۷م)
مولانا سید محمّد ابراھیم (م ۱۳۰۷ ھ) بن ممتاز العلماء، سید محمّد تقی کی سوانح مولانا سید سبط حسن (م ۱۳۵۴ ھ) نے تاریخ طبع کہی :

این کتابی هست یا سلک در شهوار علم | با سوادش طلعت خورشید را توام به بین
نقش می دارد ز پاتی رفتگان در دامنش | چشم عبرت بیں بیا و کیف جام جم به بین
می کند احیای اهل قبر از ذکر جمیل | جان من کار لب خاموش عیسی دم به بین
از پئی تاریخ طبعش کلك من این نقش بست | کعبه توصیف ابراهیم را سلم به بین

(۳۴۲۴) حیات مولانا کرامت حسین : حامد علی خان
مولانا سید کرامت حسین (م ۱۹۱۷م) بیرسٹرایٹ لا کی سوانح ، دس ابواب
۳۱۴ ص ، ۱۳۳۶ ھ/ ۱۹۱۷م ، نور المطابع لکھنو .

(۳۴۲۵) خالصی نامہ :
یہ رسالہ اُن چار مضامین کے ترجمے پر مشتمل ہے جو شیخ محمّد خالصی (م ۱۹۶۳م) کے خلاف شیخیت نواز علماء نے لکھے :

۱- محمّد علی نجار — الخالصی مسلیمة القرن
۲- سید محمّد کاظمی — الخالصی و امیر المومنین علیه السلام
۳- عبدالحسین — هذا هو الخالصی
۴- محمود علی الحلّی — الخالصی و زیارة الاربعین

اس کتاب میں ذاتی حملے زیادہ اور تحقیقی مواد نہ ہونے کے برابر ہے .
۶۴ ص ، کراچی : کتابخانہ ابراهیمیہ کرمان شاخ پاکستان .

(۳۴۲۶) خطیب آل محمّد :
شمس العلماء مولانا سید سبط حسن (م ۱۳۵۴ ھ) کی سوانح
۱۲۸ ص ۴۰ آنے ، لکھنو : امامیہ مشن ، یوسفی پریس لکھنو .

(۳۴۲۷) خطیب اعظم مولانا سید محمّد دهلوی : سید احمد جوهر - سید محمّد رضا
۱۴۴ ص ، ستمبر ۱۹۷۱م، جاوید پریس کراچی .

(۳۴۲۸) خورشید ملّت : صفدر حسین ڈوگر
مولانا سیّد خورشید حسین(م۱۹۸۲م)آف شادیوال کے حالات زندگی اور مولانا کی مندرجہ ذیل عنوانات پر بعض تحاریر :

۱- العرفان فی دلائل ایمان محسن اسلام حضرت عمران ابو طالب علیه السلام .
۲- تجلّی طور فی مناقب اهل بیت نور .
۳- القول الجلی فی حل اختلاف اهلسنت و الشیعه علی .
۴- الموعظه والتنبیهه من لایحضره الفقیهه.
۵- الموعظه و التنبیهه الانتخاب من کتاب اصول الکافی و من لایحضره الفقیهه

۶- ازهار الجنان من سبل الایمان والایقان .
۲۸۵ ص .

(۳۴۲۹) داستان آرزو : ڈاکٹر ذاکر حسین فاروقی
سید انور حسین آرزو لکھنوی (م ۱۹۵۱م) کی سوانح
۱۸۴ ص.

(۳۴۳۰) دربار حسین جلد اول : مولانا سید افضل حسین ثابت (م ۱۹۴۱م)
مرثیہ گو حضرات کا تذکرہ ، حضرت اوج کا وہ مرثیہ جس میں اثبات توحید بدلائل عقلی مندرج ہیں اس میں موجود ہے ،
۴۶۴ ص ، تین روپے ، مطبع اثنا عشری دھلی .

(۳۴۳۱) دشمنان اهلبیت : علی جواد........
بنی امیہ و بنی عباس کے اُن خلفاء کا تذکرہ جو دشمنی اهلبیت میں مشہور ہیں .
۹۴ ص ، الہ آباد .

(۳۴۳۲) ذخیرہ تحقیقات یعنی رسالہ جناب شیخ جیلانی: مولانا سید اظہار الحسنین
سوانح شیخ عبدالقادر جیلانی
۹۶ ص ، ۱۳۵۴ ھ ، مطبع اصلاح کھجوا.

(۳۴۳۳) رزم نگاران کربلا : ڈاکٹر سید صفدر حسین (م ۱۹۸۰م)
بائیس مرثیہ نگاروں کا تذکرہ
۴۵۶ ص ، تیس روپے ، لاھور : سنگ میل پبلی کیشنز ، ۱۹۷۷م ، نذیر حسین ندرت پرنٹرز لاھور .

(۳۴۳۴) روح انیس : مسعود حسن رضوی ادیب
۱۹۳۱م ، الہ آباد.

(۳۴۳۵) زید الشهید : سید ظفر حسین ظفر زیدی
تذکرہ حضرت زید بن امام زین العابدین علیهما السلام
۱۳۷ ص ، دو روپے ، لاھور : ادارہ علوم الاسلام سانده کلان ، ۱۹۶۸م ، لاھور آرٹ پریس .

(۳۴۳۶) سچل سرمست : نسیم امروھی (م ۱۹۸۷م)
۱۸ ص ، دفتر اطلاعات حکومت مغربی پاکستان ، گورنمنٹ پریس خیرپور .

(۳۴۳۷) سراپا سخن : سیّد محسن علی محسن لکھنوی
شعراء کا تذکرہ ، چار اڈیشن ، ۱۲۷۷ ھ، ۱۲۹۲ھ، ۱۳۱۵ھ، ۱۳۸۹ھ
۳۹۶ ص ، ۱۲۷۷ ھ ، مطبع نولکشور لکھنو .
لالہ رام سہائی رونق نے تاریخ کہی :
میر محسن علی سراپا خلق شاعر افصح و بلیغ و فرید
ساخت تألیف تذکرہ عجبی کہ کسی مثل وی ندید و شنید
شد سراپا سخن ازاں نامش کہ سراپا ازوست حسن پدید
گفت هاتف کہ کن رقم تاریخ صور حسن و عشق آں بکشید(۱۲۷۷)
(۳۴۳۸) سربراہ شیعہ اسلامی جماعت : مولانا محمّد حسنین سابقی
علامہ محمّد بشیر انصاری (م ۱۹۸۳م) کے اجازات
۳۶ ص .
(۳۴۳۹) سرکار ثقة الاسلام کی محبت اهلبیت آبائی میراث ہے :مولانا محمّد بشیر انصاری
مولانا مرحوم کے حالات زندگی
۱۹ ص ، ظفر آرٹ پریس راولپنڈی .
(۳۴۴۰) سرگزشت : مولانا محمّد لقاء علی حیدری (م ۱۳۸۴ ھ/ ۱۹۶۴م)
۴۸۰ ص ، دس روپے ، ۱۹۶۲م .
(۳۴۴۱) سندھ کے تارے : پروفیسر سید منظر حسین کاظمی
سندھ کی تاریخ اور وہاں کی قابل قدر ہستیوں کا تذکرہ .
(۳۴۴۲) سنہری حروف : امیر مختار فائزی
مفتی جعفر حسین (م ۱۹۸۳م) کی سوانح
۱۲۸ ص ، لاهور : وفاق العلماء شیعہ پاکستان .
(۳۴۴۳) سوانح بہلول دانا : مولانا غلام علی بهاؤنگری (ذریعہ : ۱۲).
(۳۴۴۴) سوانح عمری مولانا حکیم سید غلام حسنین کنتوری (م ۱۳۳۷ ھ).
(۳۴۴۵) سوانح عمری حضرت زید شهید : ایس ذاکر حسین جعفر رمزی ،
حضرت زید شهید بن امام زین العابدین علیهما السلام
۶۸ ص ، ۱۲ آنے ، سیّد منیر حسن زیدی(م ۱۳۸۳ھ) ، ۱۳۳۷ھ/ ۱۹۲۱م،
مطبع یوسفی دھلی .
(۳۴۴۶) سوانح عمری نواب تفضل حسین خان : نواب سید محمّد علی خان
۵۲ ص ، ۱۳۳۹ ھ ، مطبع فیض الکریم حیدرآباد دکن .

*
سوانح قاسمی (فارسی) : علامہ سید علی حائری (م ۱۳۶۰ ھ)

(۳۴۴۷) سوانح قاسمی : سید حرمت علی
مولانا سید ابوالقاسم حائری (م ۱۳۲۴ھ) کی سوانح
۲۸ ص ، ۱۳۲۴ھ ، رفاہ عام سٹیم پریس لاہور.

(۳۴۴۸) سیرۃ النعمان پر ایک قزلباش کا ریویو :
مولانا شبلی نعمانی(م ۱۹۱۴م) کی کتاب « سیرۃ النعمان» پر ایک ناقدانہ نظر
مولانا شبلی نعمانی کی اسی کتاب کا ردّ مولانا عبدالعزیز رحیم آبادی بہاری اہلحدیث نے بھی بنام «حسن البیان» لکھا تھا دیکھئے مولانا ابو علی اثری - چندرجال اہلحدیث ،
ص ۸۶ ، گوجرانوالہ ، ۳۲ ص ، چارآنے ، طوطی ہند پریس میرٹھ.

(۳۴۴۹) شاد کی کہانی - شاد کی زبانی: مولانا سیّد علی محمّد شاد عظیم آبادی (م ۱۹۲۷م) ، پروفیسر محمّد مسلم عظیم آبادی نے مرتب کی ،
۲۸۱ ص ، پانچ روپے ، علی گڑھ : انجمن ترقی اردو (ہند) ، ۱۹۶۱م ، معارف پریس اعظم گڑھ .

(۳۴۵۰) شاہ گردیز : سیّد رضا گردیزی
تذکرہ حضرت شاہ یوسف گردیز(م ۵۳۱ ھ) مدفون ملتان ، ضمناً حضرت زید شہید اور حضرت شاہ علی قسور کا ذکر بھی آگیا ہے .
۱۶۰ ص ، ملتان : کاروان ادب ، ۱۹۸۳م ، نقوش پریس ملتان ، کاتب : خلیل الرحمن چشتی.

(۳۴۵۱) شہدائے خمسہ کے حالات زندگی کا مختصر مگر جامع مرقع : علامہ محمّد حسین نجفی
شہید اول(م ۷۸۶ ھ)، شہید ثانی(م ۹۶۶ ھ)، شہید ثالث (م۱۰۱۹ھ)، شہید رابع مرزا محمّد دهلوی کامل(م ۱۲۳۵ ھ) اور شہید خامس آیت اللہ باقر الصدر (م ۱۴۰۰ ھ) کا تذکرہ .
۸ ص ، اسلام آباد : ادارہ تبلیغ شیعہ ، ایس ٹی پرنٹرز اسلام آباد .

(۳۴۵۲) شہید بنت الہدی کا جہاد :
سیدہ آمنہ بنت الہدی (م ۱۴۰۰ ھ) خواہر آیت اللہ سیّد محمّد باقر الصدر (م ۱۴۰۰ ھ)کی سوانح ،
۱۵ ص ، امامیہ آرگنائزیشن پاکستان (شیعہ خواتین).

(۳۴۵۳) شہید ڈاکٹر بہشتی :
ڈاکٹر محمّد حسین بہشتی شہید کی سوانح
۴۶ ص ، لاہور:لوح و قلم ، ۱۴۰۳ ھ/ ۱۹۸۳م ، مکتبہ جدید پریس لاہور.

(۳۴۵۴) شہید رابع فیلسوف شرق :
احوال و آثار سید محمّد باقر الصدر (م ۱۴۰۰ھ)
۴۴ ص ، کراچی : موسسہ شہید سید محمّد باقر الصدر ناظم آباد.

(۳۴۵۵) شہید راہ حق : مولانا سید رضی جعفر نقوی
آیت اللہ سید محمّد باقر الصدر شہید (م ۱۴۰۰ ھ) کی سوانح ،
۱۹ ص ، کراچی ، ابن حسن آفسٹ پریس باکی سٹیڈیم کراچی.

(۳۴۵۶) شیعہ حفاظ قرآن : محمّد وصی خان
شیعہ حفاظ کا تذکرہ
۱۶۰ ص ، ۱۹۸۰م ، مشہور آفسٹ پریس کراچی .

(۳۴۵۷) صحیفہ : سید زائر حسین کاظمی
مولانا سید علی نقی صفی(م ۱۹۵۰م) پر لکھے گئے چند مضامین کا مجموعہ
عنوانات:مولانا صفی– صحیفة الغزل کے آئینے میں ، صفی اور جدید شاعری،
صفی لکھنوی – بحیثیت مثنوی نگار، صفی – چند نقادوں کی نظر میں ،
صفی لکھنوی کی نظم نگاری ، تصانیف صفی ،
۱۶۸ ص ، پانچ روپے چالیس پیسے ، لکھنو : صفی اکادمی ، دسمبر
۱۹۷۴م ، سرفراز پریس لکھنو . کاتب : سید علی احمد زیدی .

(۳۴۵۸) صدائے حقانی در حقیقت شیخ جیلانی المعروف خروس جیلانی : مولانا مرزا
احمد علی (م ۱۹۷۰)
سوانح حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی
۸۶ ص ، چھ آنے ، لاہور : امامیہ کتب خانہ .

(۳۴۵۹) عراق میں اسلام دشمن سرگرمیوں کے تازہ ترین حالات : مولانا سیّد زوار
الحسین ہمدانی، آیت اللہ سیّد محسن الحکیم کی مختصر سوانح اور اُن پر
ڈھائے جانے والے مظالم کا تذکرہ،
۲۰ ص ، لاہور : امامیہ مشن پاکستان ، اگست ۱۹۶۹ م .

(۳۴۶۰) عرفان لطیف : غلام شبیر عباسی
تذکرہ شاہ عبداللطیف المعروف بہ «امام بری» .

۸۸ ص ، پانچ روپے ، راولپنڈی ، حریر پرنٹنگ پریس راولپنڈی .

(۳۴۶۱) عرفان نسیم :
نسیم امروھی (م ۱۹۸۷م) پر مقالات کا مجموعہ
۴۳۲ ص ، کراچی : انجمن سادات امروھہ .

(۳۴۶۲) فضائل مرتضوی / مظہر الغرائب : حکیم محمّد حسین حاذق میرٹھی
نظم و نثر میں فضائل امیر المومنین علیہ السلام
۱۶۰ ص ، سات آنے ، ۱۳۲۶ ھ ، مطبع یوسفی دھلی .
آغاز :

کروں پہلے حمد و ثنائے خدا — نہیں کوئی معبود جس کے سوا
کیا خلق اُسنے یہ سارا جہاں — جو پنہاں تھا اسکو کیا پھر عیاں
محمّد کو اس نے پیمبر کیا — نبیوں پہ افضل اسے کر دیا
وصی اُس کا بر حق ہے شیر الہ — کہ ہے لحمک لحمی اسپر گواہ

(۳۴۶۳) قرآن ناطق : مولانا سید علی حیدر (م ۱۳۸۰ ھ/ ۱۹۶۰م)
سوانح حضرت علی علیہ السلام
۴۰۰ ص ، لاھور : کتب خانہ شاہ نجف

(۳۴۶۴) قول دشمن : حکیم سید ذاکر حسین اختر (م ۱۹۵۲م)
ابن حجر مکی کی کتاب « الصواعق المحرقہ » فارسی ترجمے کے باب ہفتم کا ترجمہ جس میں ائمہ اثنا عشر کا ذکر ہے ،
۲۲۸ ص ، ایک روپیہ ، مقبول پریس دھلی .

(۳۴۶۵) لائف سی سالہ : آغا مرزا محمّد حسن لکھنوی
مولانا وحید الزمان کی سوانح
۶۳ ص ، ۱۲۹۸ ھ ، حیدرآباد دکن .

(۳۴۶۶) مثیل ہارون : سید زوار حیدر نقوی
سوانح حضرت علی علیہ السلام
۲۲۳ ص ، کراچی ، ۱۹۸۳م .

(۳۴۶۷) مختصر سوانح شھدائے آل حکیم :
خاندان آیت اللہ حکیم کے چھ جیّد شھید علماء کا تذکرہ
۱۶ ص ، عراقی مسلم طلبا اتحاد پاکستان

(۳۴۶۸) مخدرات اسلام : ڈاکٹر زاهد حیدری
۲۳ ممتاز خواتین اسلام کے تذکرے
۱۶۰ ص ، پونے دو روپے ، لاهور : کتب خانه اثنا عشری ، علمی پرنٹنگ پریس لاهور .

(۳۴۶۹) مخزن کرامات : مولانا ملك محمّد شریف
امام علی نقی علیه السّلام کے صاحبزادے ابو جعفر محمّد کے حالات زندگی
۸۸ ص ، پانچ روپے ، ملتان : مکتبة الساجد .

* عین الحیاة (فارسی) : علامه محمّد باقر مجلسی (۱۱۱۱ ھ).

(۳۴۷۰) مرقع عبرت : مولانا محمّد باقر (م ۱۳۳۲ ھ)
صرف اُس باب کا ترجمه جس میں حضرت یوز آسف مدفون سرینگر کا ذکر ہے شروع میں احقر سید حسین عارف نقوی کا مقدمه ہے جس میں جماعت احمدیه کے اس دعوی کا که یه قبر حضرت عیسی علیه السلام کی ہے، کا تجزیه کیا گیا ہے ،
۹۶ ص ، چار روپے ، اسلام آباد: اداره تبلیغ شیعه ، ۱۳۹۹ ھ ، ایس ٹی پرنٹرز راولپنڈی.

(۳۴۷۱) مرگ با شرف : ڈاکٹر عسکری بن احمد
مولانا میرزا احمدعلی امرتسری (م ۱۳۹۰ ھ / ۱۹۷۰م) کی سوانح
اس کتاب میں اسبات کا ذکر کیاگیا ہے که نجدیوں کا ایك خونخوار قافله محمّد بن عبدالوهاب کی سرکردگی میں حرم پاك کے طواف کو آیا تھا ایك دن مولانا احمدعلی مرحوم شیخ نجد کے سامنے بیٹھ گئے اور کہا یاشیخ ایك مسئله ہے. لیکن یه بات بالبداهت غلط ہے علامه میرزا احمد علی کی ولادت ۱۸۸۴ کو ہوئی جبکه محمّد بن عبدالوهاب نجدی کا انتقال انهارویں صدی عیسویں میں ہوا .
۱۶۰ ص، لاهور: ضغیم اسلام میموریل اکیڈمی لاهور، تعلیمی پریس لاهور.

(۳۴۷۲) مشاهیر نسواں : مولانا محمّد عباس ایم اے
هر قوم کی مشہور عورتوں کے حالات
۲۹۲ ص ، تین روپے ، لاهور ، خادم التعلیم پریس لاهور .

(۳۴۷۳) مصائب الشیعه جلد اول : مولانا سعادت حسین خان
مولانا مرحوم نے یه کتاب واقعه ٹهیری خیرپور سے متاثر ہو کر لکھی جس میں

عاشور کے دن درجنوں شیعہ بلاجرم و خطا شہید کر دئے گئے اس جلد میں ۱۱ھ سے ۴۰ ھ تک ظلم و ستم کا نشانہ بننے والے شیعوں کا تذکرہ ہے اس کتاب کے ص ۱۸ پر علامہ سید علی نقی (م ۱۹۸۸م) کو « سنت نواز گمراہ شیعہ عالم » لکھا گیا ہے .

۲۲۴ ص ، ڈہائی روپے ، لکھنو : ادارہ ناصر العلوم ، ۱۳۸۵ ھ ، الواعظ صفدر پریس لکھنو .

(۳۴۷۴) مصائب الشیعہ حصہ دوم : مولانا سعادت حسین خان

عہد معاویہ بن ابی سفیان میں شیعیان حیدر کرار کو جن جن مصائب کا سامنا کرنا پڑا اس کا ذکر ،

۲۱۶ ص ، ڈہائی روپے ، سرفراز قومی پریس لکھنو ، ۱۳۸۷ ھ.

(۳۴۷۵) مصائب الشیعہ حصہ سوم : مولانا سعادت حسین خان

اُن رجال شیعہ کا تذکرہ جنہوں نے ۶۰ ھ سے ۷۳ ھ تک محض محبت اہلبیت اطہار علیہم السلام کی وجہ سے مصائب برداشت کئے .

۲۲۸ ص ، ڈہائی روپے ، لکھنو : ادارہ ناصر العلوم ، ۱۳۸۶ھ/ ۱۹۶۶م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۳۴۷۶) مصائب الشیعہ حصہ چہارم : مولانا سعادت حسین خان

۷۳ ھ سے ۱۳۲ھ تک شہید ہونے والے بعض مومنین کا تذکرہ

۲۲۴ ص ، ڈہائی روپے ، لکھنو : ادارہ ناصر العلوم ، ۱۳۸۷ ھ/ ۱۹۶۷م ، سرفراز قومی پریس لکھنو .

(۳۴۷۷) مفتی جعفر حسین : غضنفر کاظمی

مفتی جعفر حسین (م ۱۹۸۳م) کی سوانح

۸۳ ص ، پندرہ روپے ، المصوّر پریس لاہور .

(۳۴۷۸) ملتانی مرثیہ : خلش پیر اصحابی

۲۷ شعرائے متقدمین ،۳۷شعرائے متوسطین اور۴۶ شعرائے متاخرین کا تعارف اور ان کے سرائیکی میں کہے گئے مرثیوں کا انتخاب ،

۳۲۰ ص ، تیس روپے ، لاہور : پنجابی اکیڈمی بورڈ.

(۳۴۷۹) منبر کا دوسرا نام جلد اول : امیر حسین

علامہ رضا حسین خان رشید ترابی (م ۱۹۷۳م) کی سوانح

۴۰۰ ص ، کراچی : ابوتراب انٹرپرائزرز ، ۱۹۷۵م ، مشرق پریس کراچی .

(۳۴۸۰) من کیستم ؟ : مرزا محمّد عسکری
خود نوشت
۱۳۶ ص ، ۱۹۴۲م ، نامی پریس لکھنو ۔
* مجالس المومنین (فارسی) : سید نور اللہ شوستری ۔
(۳۴۸۱) موقف المومنین : مولانا سید محمّد بشیر
۷۴۴ ص ، ۱۳۴۲ھ، شمسی پریس آگرہ ۔
(۳۴۸۲) مہدی آخر الزمان : سید محمّد ابوالحسن موسوی
۱۵۸ ص ، اسلام آباد : دارالتبلیغ الجعفریہ ، نومبر ۱۹۹۴م۔
(۳۴۸۳) میر انیس : سفارش حسین رضوی
۱۵۸ ص ، نئی دھلی : مکتبہ جامعہ، اعلی پرنٹنگ پریس دھلی ۔
(۳۴۸۴) میرا مذھب : محمّد علی رودلوی
دس ابواب ، خود نوشت ، زندگی میں جو مذھبی واقعات پیش آئے اُن کا ذکر
۱۷۱ ص ، یونائٹیڈ انڈیا پریس لکھنو ۔
(۳۴۸۵) نالہ جانکاہ : فدا علی عیش عرف اچھے صاحب
مولانا سید ابوالحسن لکھنوی(م ۱۳۱۳ ھ)عرف ابوّ صاحب کی وفات کے موقع پر کہی گئی مثنوی :
۲۴ ص ، ۱۳۱۴ ھ ، علوی پریس لکھنو ۔
خود مصنف نے تاریخ کہی :

چھپی عیش یہ مثنوی کیا نفیس — رقم اس میں ہے ابو صاحب کا حال
عجب مجتہد تھے وہ عالیجناب — ملائک خصال اور یوسف جمال
در تابناک بحور علوم — مہ روشن آسمان کمال
گئے کربلائے معلی کو جب — بحکم خداوں کیا انتقال
ہوئے دفن اس روضہ پاک میں — بصد شان و شوکت بعزّ و جلال
وہاں سے خبر آئی جسدم یہاں — ہوئیں مجلیس سینکڑوں ماہ و سال
قلم نے لکھا سال یوں طبع کا — گل شمع ماتم سرائے ملال
(۱۳۱۳ھ)

آغاز:
اے قلم کر رقم صفات خدا — ہے سزاوار حمد ذات خدا
رازق و مالک و کریم و رحیم — قادر و منعم و سمیع و علیم

(۳۴۸۶) نجف اشرف : مولانا محمد حسنین سابقی
تاریخ نجف اشرف اور حوزہ علمیہ کے موسس اول سے آیت اللہ خوئی (م۱۹۹۲م) تک کا تذکرہ
۱۸۶ ص ، اسلام آباد ، ۱۹۷۴م ، گلزار عالم پریس لاہور .

(۳۴۸۷) نسب نامہ عباسیہ : سیّد فیاض حسین نقوی
محمود احمد عباسی (م ۱۹۷۴م) کے اس بیان کے ردّ میں کہ حضرت عباس حضرت عبدالمطلب کے بیٹے تھے .

(۳۴۸۸) ھشام ابن الحکم : مولانا محمّد باقر نقوی
ابو محمّد ھشام بن حکم، حضرت امام جعفر صادق کے شاگرد تھے ھشام سولہ کے قریب کتابوں کے مصنف ہیں یہ کتاب انھی کے حالات پر مشتمل ہے .
۸۰ ص، ایک روپیہ، لکھنو: احباب پبلیشرز، جنوری ۱۹۶۷م ، الواعظ صفدر پریس لکھنو. کاتب : سید مختار حسین لکھنوی .

(۳۴۸۹) واقعات انیس : میر مھدی حسن احسن لکھنوی
میر ببر علی انیس (م ۱۸۷۴م) کے حالات زندگی
۲۱۶ ص ، ۱۵ روپے ، لاھور: سنگ میل پبلی کیشنز ، منظور پریس لاھور ،

(۳۴۹۰) ورثۃ الانبیاء : مولانا سید احمد علامہ ھندی (م ۱۹۴۷م)
مولانا سید دلدار علی (م ۱۲۳۵ ھ) اور انکے اھل علم اخلاف کے حالات ،
۱۶۲ ص ، لکھنو ، ۱۳۳۷ ھ.

(۳۴۹۱) ہمارے نثر نگار : سید صفی مرتضی
اردو کے ۲۵ نامور ادیبوں کاتذکرہ
۹۶ ص ، تین روپے ، لکھنو : نسیم بکڈپو ، ۱۹۷۸.

اخلاق

(۳۴۹۲) آب و نمک : سید ولایت علی غازی پوری

۱۳۰۰ ھ ، لکھنو . (ذریعہ :۱)

(۳۴۹۳) آثار باقیہ : سیّد اولاد حیدر فوق بلگرامی (م ۱۳۶۱ ھ)

۳۰ ص ، امامیہ مشن لکھنو ، ۱۳۵۸ ھ، سرفراز قومی پریس لکھنو.

* آداب المتعلمین :خواجہ نصیر الدین محقق طوسی (م ۶۷۲ ھ).

(۳۴۹۴) آداب الطلاّب : سیّد احمد حسن فرقانی (م ۱۸۸۳م)

۱۸۷۳م، مطبع منشی جمیل الدّین میرٹھ

{ سید احمد حسن بن سیّد کفایت علی ۱۲۴۱ھ/ ۱۸۳۶م کو میرٹھ میں پیدا ہوئے عربی و فارسی کی تعلیم گھر پر پائی مولانا سید شریف حسن خان (م۱۳۲۹ ھ) ابن مولانا سید رجب علی جگرانوی (م ۱۲۸۶ ھ) آپ کے دوستوں میں سے تھے سید احمد حسن صارم ، فرقانی ، شاکی اور باکی کے تخلّص سے مشہور ہیں ۱۱ ذی قعدہ ۱۳۰۰ ھ / ۱۴ ستمبر ۱۸۸۳م کو واصل بحق ہوئے اور میرٹھ ہی سے اپنے آبائی قبرستان میں دفن ہوئے تہذیب النساء ، انشائے میور اور عطر مثلث آپ کی معروف کتابیں ہیں « قصیدہ غرّا » نواب صاحب رامپور کی مدحت میں ۱۸۷۳م میں لکھا تھا}.

(۳۴۹۵) آئینہ اسلام : مولانا سید ظفر حسن عاصی امروھی (م ۱۹۸۹م)

اسلامی تعلیمات کا خلاصہ ،

۱۸۴ ص ،۱۹۳۲م ، خادم التعلیم الیکٹرک پریس .

(۳۴۹۶) آویزہ گوش : آغا شاعر قزلباش (م ۱۹۴۰م)

« دی فری ٹیلز » کا ترجمہ ، اخلاقی کہانیاں ، مطبع اثنا عشری دھلی .

(۳۴۹۷) اپنوں سے اپنی باتیں : غضنفر حسین قاسم پوری

۳۱ ص ، ۵۰ پیسے ، ستمبر ۱۹۶۵م ، سپر آرٹ پریس کراچی ، کاتب : عبدالجلیل .

* مفرحُ القلوب (فارسی) : تاج الدین .

(۳۴۹۸) اخلاق ھندی : میر بہادر علی حسینی

۱۲۸۵ ھ / ۱۸۶۸م کو لندن میں اور ۱۲۱۸ ھ / ۱۸۰۳م کو کلکتہ میں

چھپی ۱۹۶ ص ، مجلس ترقی ادب لاہور، ۱۹۶۳م ، زرین آرٹ پریس .
* مجمع المعارف : حجة الاسلام شیخ ابوالحسن شعرانی .
(۳۴۹۹) مجمع المعارف : ڈاکٹر رضا حسین
۶۴ ص ، بارہ باب .
* معراج السعادة (فارسی) : شیخ احمد نراقی .
(۳۵۰۰) معراج السعادہ حصہ اول : ڈاکٹر سید رضا حسین
شیخ احمد نراقی کے والد ملاّ محمّد مہدی نراقی نے اخلاقیات کے موضوع پر « جامع السعادة » عربی میں لکھی شیخ نے اس کا فارسی ترجمہ معراج السعادة کے نام سے کیا زیر نظر ترجمہ اسی فارسی ترجمے سے ہے ، چار باب ،
۱۵۲ ص ، ڈیلی بزنس پریس فیصل آباد .
(۳۵۰۱) اسلام اور والدین : مولانا سید امیر حسین نجفی
پانچ باب ،
۴۷ ص، ہیئتہ علمیہ علویہ لاہور،مدینہ پرنٹنگ پریس ہاؤس لاہور .
(۳۵۰۲) اسلام امن و صلح کا مذہب ہے :
۱۲ ص ، انجمن اتحاد المسلمین مصری شاہ لاہور .
(۳۵۰۳) اسلامی اخوت : مولانا سید نصیر حسین نقوی (م۱۹۸۹م)
۱۶ ص، تحریک تحفظ تعلیمات آل محمّد پاکستان سرگودھا .
(۳۵۰۴) اصول و اخلاق اسلام : خواجہ غلام الثقلین (م ۱۳۳۳ ھ)
عنوانات : دین اسلام ، قرآن شریف ، اسلام کی نشانیاں ، اصول اسلام ، اسلام کے تین خالص حکم ، اسلام کا اخلاق .
۵۸ ص ، دو آنہ ، بلالی سٹیم پریس ساڈھورہ .
(۳۵۰۵) اقلیم توبہ / قصہ گامن سچار : سید علی اصغر شاہ ترمذی
سلطان غازیخان اور اس کے وزیر گامن خان قرائی کا قصہ اور اخلاقی پہلو ،
۵۴ ص ، ۱۹۵۳م ، بہاولپور ، پہلا ایڈیشن : ۱۹۱۳م .
(۳۵۰۶) اهل محلہ اور نااهل پڑوس : میر باقر علی داستان گو
۴۰ ص ، ۱۹۲۳م ، الماس پریس دهلی .
(۳۵۰۷) ایقاظ العباد : مولانا سید یوسف صفوی کشمیری
قوم کو بیدار کرنے کیلئے لکھی گئی ،

۶۶ ص ، انجمن شرعی شیعیان کشمیر شریعت آباد بڈگام ، ۱۹۵۲م .

* گلستان سعدی (فارسی) : شیخ مصلح الدین شیرازی .

(۳۵۰۸) باغ اردو : میر شیر علی افسوس (م ۱۸۰۹م)

۲۸۳ ص، پانچ روپے ، مجلس ترقی ادب لاہور ، دسمبر ۱۹۶۳م ، زرین آرٹ پریس لاہور .

(۳۵۰۹) بوستان : مولانا محمّد میرزا بیگ خان بیدل دہلوی

ترجمہ بوستان سعدی از باب چہارم تا باب دہم ،

۱۹۵ ص، بارہ آنے ، ۱۸۸۱م، یوسفی پریس دہلی .

(۳۵۱۰) بیتال پچیسی : مظہر علی خان ولا (مترجم)

برج بھاشا سے ترجمہ ، پہلی مرتبہ ۱۸۲۷م کو کلکتہ میں چھپا ، دوسرا ایڈیشن اردو اور دیو ناگری میں۱۸۵۵م کو ہندوستان پریس کلکتہ میں ، ۱۹۱ ص، چار روپے ، مجلس ترقی ادب لاہور ، مارچ ۱۹۶۵م، انفائن پریس لاہور .

(۳۵۱۱) پہلی کتاب : مولانا حسن رضا غدیری

سولہ اسباق ، وفاق علماء شیعہ پاکستان

(۳۵۱۲) دوسری کتاب : مولانا حسن رضا غدیری

۳۶ ص ، وفاق علماء شیعہ پاکستان .

(۳۵۱۳) تیسری کتاب : مولانا حسن رضا غدیری

۶۰ ص ، وفاق علماء شیعہ پاکستان .

(۳۵۱۴) پیام عزا : مولانا محمّد حسن

عنوانات :عزاداری کا احیاء ، لمحہ فکریہ ، آداب مجالس ، اہل منبر کا جلیل منصب ، کربلا والوں کے زندہ اصول .

۳۲ ص، انجمن اثنا عشری چک لالہ راولپنڈی، شاداب پرنٹنگ پریس راولپنڈی.

(۳۵۱۵) پیش کش

عنوانات : تفرقہ کی رسوا کن صورتیں ، تعلیم یافتہ نوجوان اور ہم ، اعمال و اخلاق ، اعمال حسنہ ،

۱۴۸ ص ، ڈیرھ روپیہ ، آل جموں اینڈ کشمیر نیشنل فیڈریشن شیعیان سری نگر کشمیر ، ۱۹۵۰م.

(۳۵۱۶) تأثیر الاعمال : مولانا سید ابوالحسن رضوی لکھنوی

منظوم ، ۵۰ ص ، مطبع رحمانی لاہور .
آغاز :

حمد بیحد اُس سبب ساز جہانکو جو کہ ہے ہے نظیر اُسکے نہیں مثل و منشا کوئی شے

* اخلاق ناصری : محمّد بن حسن طوسی .

(۳۵۱۷) تحفہ جعفری : مولانا میرزا محمد جعفر خان جعفری
۱۰۹ ص ، ایک روپیہ ، ۱۹۳۱م ، رفاہ عام سٹیم پریس لاہور .

(۳۵۱۸) تحفہ جعفریہ : میرزا حسن علی جعفری
منظوم ،
۱۳۲ ص ، اسی پیسے ، ۱۳۴۲ ھ / ۱۹۲۳م ، مطبع یوسفی دھلی.
آغاز :

دلا کر تو حمد خدائے ودود کہ ہے جسم و جان کا اسی سے وجود
وہی کل عالم کا معبود ہے وہی جن و انسان کا مسجود ہے

(۳۵۱۹) تحفہ زوجین : مولانا میرزا احمد علی (م ۱۹۷۰م)
۱۷۶ ص، آٹھ روپے ، ادارہ معارف اسلام لاہور ، ۱۹۷۲م ، کاتب : محمّد صدیق .

* فیض میر (فارسی) : میر تقی میر .

(۳۵۲۰) ترجمہ فیض میر : سید مسعود حسن رضوی ادیب
پانچ اخلاقی حکایات ،
۳۲ ص ، انجمن اردو لکھنو ، نومبر ۱۹۲۹م ، نظامی پریس لکھنو .

* کیمیائے سعادت (فارسی) : امام غزالی .

(۳۵۲۱) ترجمہ کیمیائے سعادت : سید نائب حسین نقوی
۷۸۰ ص ، شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور، علمی پرنٹنگ پریس لاہور.کاتب: غلام مرتضی .

* منیتہ المرید (عربی) : شیخ شہید ثانی (م ۹۷۵ ھ)

(۳۵۲۲) ترجمہ منیتہ المرید: مولانا شیخ خادم حسین نجفی لاہور .
۴۳۱ ص ، اگست ۱۹۶۶م ، تعلیمی پریس لاہور ، کاتب : محمّد عنایت اللہ.

(۳۵۲۳) تزکیہ ممدوح / توبتہ النصوح : سید محمّد وصی رضوی لکھنوی
۲۰۸ ص ، ۱۳۸۴ھ/ ۱۹۶۴م ، ہمدرد سٹیم پریس راولپنڈی.

(۳۵۲۴) تزکیہ نفس و اصلاح نفس حصہ ۱۰ :

۳۲ ص ، حمایت حق مین کراچی ، دسمبر ۱۹۸۷م .

* اوصاف الاشراف (عربی) : شیخ نصیر الدین طوسی (م ۶۷۲ ھ)

(۳۵۲۵) تشریف الاوصاف : مولانا حکیم سید ذاکر حسن (م ۱۹۵۲م)
چھ ابواب :مبدء حرکت کا بیان اور اُن چیزوں کا ذکر جنکے بغیر چارہ ہی نہیں ہے تا کہ حرکت میسر آسکے اس میں چھ فصلیں ہیں (ایمان کا بیان ، ثبات کا بیان ، نیت کا بیان ، صدق اور راستی کا بیان ، انابت کا بیان ، اخلاص کا بیان، اُن موانع کے زائل کرنے کا بیان جو سیر و سلوک میں بارج ہوتے ہیں اس میں چھ فصلیں ہیں (توبہ کا بیان ،زھد کا بیان، فقر کا بیان ، ریاضت کا بیان ، حجاب و مراقبہ کا بیان ، تقوی کا بیان) ، طلب کمال میں سیر و سلوک اور حالات سالک کابیان ، اُن حالات کا ذکر جو راہ سلوک میں تا بمنزل مقصود پہچنے تک حادث ہوتے ہیں اس میں چھ فصلیں ہیں (ارادت کا بیان ،شوق کا بیان ، محبت کا بیان ، معرفت کا بیان، یقین کا بیان ، سکون کا بیان) ، اُن حالات کا بیان جو اھل وصول کیلئے آشکار ہوتے ہیں اس میں چھ فصلیں ہیں (توکلؔ کا بیان ، رضا کا بیان ، تسلیم کا بیان ، توحید کا بیان ، اتحاد کا بیان ، وحدت کا بیان) فنا کا بیان ، ۷۹ ص ، ۱۳۳۸ ھ / ۱۹۲۰م ، مطبع اثنا عشری دھلی.

(۳۵۲۶) تشریح الکبائر : مولانا سید محمدؐ مجتبی نوگانوی (م ۱۳۷۷ ھ)
۱۳۵۴ ھ.

(۳۵۲۷) تعلیمات اسلامی حصہ اول :
پانچویں جماعت کے شیعہ طلبا کیلئے ،
۷۱ ص ، چھ روپے ، جامعہ تعلیمات اسلامی کراچی ، کاتب : عبدالسلام .

(۳۵۲۸) تعلیمات اسلامی حصہ دوم :
چھٹی جماعت کے شیعہ طلبا کیلئے ،
۸۰ ص ، چھ روپے ، جامعہ تعلیمات اسلامی کراچی ، ۱۹۷۹م.

(۳۵۲۹) تعلیمات اسلامی حصہ سوم :
ساتویں جماعت کے طلبا کیلئے ،
۹۶ ص ، چھ روپے ، جامعہ تعلیمات اسلامی کراچی .

(۳۵۳۰) تعلیمات اسلامی حصہ چہارم :
۱۳۹ ص ، چھ روپے ، جامعہ تعلیمات اسلامی کراچی.

(۳۵۳۱) تعلیم الاخلاق : مولانا سیّد محمّد ہارون (م ۱۳۳۹ ھ)
منظوم ،
۱۶ ص ، ۱۳۲۷ ھ ، ایجنسی پریس لکھنو .
آغاز : حمد کر پہلے خدا کی اے زباں جس نے بخشا ہے تجھے نطق و بیاں
نطق کو جسنے کیا جادو اثر جس سے ہو جائے جہاں زیر و زبر
بارور فرمایا شاخ نظم کو سر بلندی بخشی کاخ نظم کو
(۳۵۳۲) تقوی : مولانا حبیب حسن نقوی
